# DIRECTORATE OF EDUCATION
**Govt. of NCT, Delhi**

**SUPPORT MATERIAL**
**(2023-2024)**

**Class : XII**

# POLITICAL SCIENCE
**(URDU MEDIUM)**

Under the Guidance of

**Shri Ashok Kumar**
Secretary (Education)

**Shri Himanshu Gupta**
Director (Education)

**Dr. Rita Sharma**
Addl. DE (School & Exam.)

***Coordinators***

**Mr. Sanjay Subhas Kumar**
DDE (Exam)

**Mrs. Ritu Singhal**
OSD (Exam)

**Mr. Raj Kumar**
OSD (Exam)

**Mr. Krishan Kumar**
OSD (Exam)

**Production Team**

Anil Kumar Sharma

Published at Delhi Bureau of Text Books, 25/2, Institutional Area, Pankha Road, New Delhi-58 by **Rajesh Kumar**, Secretary, Delhi Bureau of Text Books and Printed at: Arihant Offset, Plot No. 229, Nangli Sakrawati Industrial Area, Najafgarh Road, New Delhi

अशोक कुमार, भा.प्र.से
सचिव ( शिक्षा )
**ASHOK KUMAR, IAS**
**Secretary (Education)**

सत्यमेव जयते

राष्ट्रीय राजधानी क्षेत्र, दिल्ली सरकार
पुराना सचिवालय, दिल्ली-110054
दूरभाष : 23890187 टेलीफैक्स: 23890119
**Government of National Capital Territory of Delhi**
**Old Secretariat, Delhi-110054**
**Phone : 23890187, Telefax : 23890119**
**e-mail : secyedu@nic.in**

**D.O. NO. :** DE.5/228/Exam/Message/SM/2018/1095
**Dated :** 24.11.2023

## Message

**"Children are like wet cement, whatever falls on them makes an impression."**

**Haim Ginott**

Embracing the essence of this quote, the Directorate of Education, GNCT of Delhi is unwavering in its commitment to its core mission of delivering high-quality education to all its students. With this objective in mind, DoE annually develops support materials meticulously tailored to suit the learning needs of students from classes IX to XII.

Every year, our expert faculty members shoulder the responsibility of consistently reviewing and updating the Support Material to synchronize it with the latest changes introduced by CBSE. This continuous effort is aimed at empowering students with innovative approaches and techniques, fostering their problem-solving skills and critical thinking abilities. I am confident that this year will be no exception, and the Support Material will greatly contribute to our students' academic success.

The support material is the result of unwavering dedication of our team of subject experts. The Support Material has been specially curated for our students, with the belief that its thoughtful and intelligent utilization will undoubtedly elevate the standards of learning and will continue to empower our students to excel in their examinations.

I wish to congratulate the entire team for their invaluable contribution in creating a highly beneficial and practical Support Material for our students.

I extend my best wishes to all our students for a promising and bright future.

24.11.23

**(Ashok Kumar)**

**HIMANSHU GUPTA, IAS**
Director, Education & Sports

No. PS/DE/2023/349
Dated: 29/11/2023

सत्यमेव जयते

Directorate of Education
Govt. of NCT of Delhi
Room No. 12, Civil Lines
Near Vidhan Sabha,
Delhi-110054
Ph.: 011-23890172
E-mail : diredu@nic.in

## MESSAGE

It brings me immense pleasure to present the support material for students of classes IX to XII, meticulously crafted by our dedicated subject experts. Directorate of Education is committed to empower educators and students alike by providing these resources free of cost for students of all government and government aided schools of Delhi.

The support material is an appreciable effort to align the content with the latest CBSE patterns. It has been carefully designed as a resource to facilitate the understanding, acquisition and practice of essential skills and competencies outlined in the curriculum.

The core of this support material lies in providing a framework for adopting an analysis-based approach to learning and problem-solving. It aims to prompt educators to reflect on their teaching methodologies and create an interactive pathway between the child and the text.

In the profound words of Dr A.P.J. Abdul Kalam, **"Educationists should build the capacities of the spirit of inquiry, creativity, entrepreneurial and moral leadership among students and become their role model."**

The journey of education is ongoing; it's the process, not just the outcome, which shapes us. This support material endeavours to be that catalyst of change for each student of Directorate of Education.

Let us embark on this transformative journey together, ensuring that every student feels equipped not only with the knowledge but also, with the skills and mindset to thrive in the 21st century.

I wish you all the best for all your future endeavours.

29/11

**(HIMANSHU GUPTA)**

**Dr. RITA SHARMA**
**Additional Director of Education**
**(School/Exam)**

सत्यमेव जयते

Govt. of NCT of Delhi
Directorate of Education
Old Secretariat, Delhi-110054
Ph.: 23890185

D.O. No. DE.5/228/Exam/Message/SM/2018/1096

Dated: 24.11.2023

## MESSAGE

The persistent efforts of the Directorate in making the course material more accessible and student-friendly are evident in the conscientious preparation of the Support Material. Our team consistently adapts to the evolving educational landscape, ensuring that the Support Material for the various subjects of classes 9 to 12 align with the latest CBSE guidelines and syllabi prescribed for the annual examinations.

The Support Material encapsulates crucial subject-specific points and facts, tailored to suit the students, all presented in a lucid language. It is our firm belief that these resources will significantly augment the academic prowess of our students, empowering them to excel in their upcoming examinations.

I extend my heartfelt congratulations to the diligent officials and teachers whose dedication and expertise have played a pivotal role in crafting this invaluable content/resource.

I convey my best wishes to all our students for a future brimming with success. Remember, every page you read is a step towards an enlightened tomorrow.

Rita Sharma

**(Dr Rita Sharma)**

**DIRECTORATE OF EDUCATION**
**Govt. of NCT, Delhi**

**SUPPORT MATERIAL**

**(2023-2024)**

# POLITICAL SCIENCE

**(URDU MEDIUM)**

## Class : XII

## NOT FOR SALE

**PUBLISHED BY : DELHI BUREAU OF TEXTBOOKS**

# भारत का संविधान

*भाग 4क*

# नागरिकों के मूल कर्तव्य

## अनुच्छेद 51 क

**मूल कर्तव्य** - भारत के प्रत्येक नागरिक का यह कर्तव्य होगा कि वह -

(क) संविधान का पालन करे और उसके आदर्शों, संस्थाओं, राष्ट्रध्वज और राष्ट्रगान का आदर करे;

(ख) स्वतंत्रता के लिए हमारे राष्ट्रीय आंदोलन को प्रेरित करने वाले उच्च आदर्शों को हृदय में संजोए रखे और उनका पालन करे;

(ग) भारत की संप्रभुता, एकता और अखंडता की रक्षा करे और उसे अक्षुण्ण बनाए रखे;

(घ) देश की रक्षा करे और आह्वान किए जाने पर राष्ट्र की सेवा करे;

(ङ) भारत के सभी लोगों में समरसता और समान भ्रातृत्व की भावना का निर्माण करे जो धर्म, भाषा और प्रदेश या वर्ग पर आधारित सभी भेदभावों से परे हो, ऐसी प्रथाओं का त्याग करे जो महिलाओं के सम्मान के विरुद्ध हों;

(च) हमारी सामासिक संस्कृति की गौरवशाली परंपरा का महत्त्व समझे और उसका परिरक्षण करे;

(छ) प्राकृतिक पर्यावरण की, जिसके अंतर्गत वन, झील, नदी और वन्य जीव हैं, रक्षा करे और उसका संवर्धन करे तथा प्राणिमात्र के प्रति दयाभाव रखे;

(ज) वैज्ञानिक दृष्टिकोण, मानववाद और ज्ञानार्जन तथा सुधार की भावना का विकास करे;

(झ) सार्वजनिक संपत्ति को सुरक्षित रखे और हिंसा से दूर रहे;

(ञ) व्यक्तिगत और सामूहिक गतिविधियों के सभी क्षेत्रों में उत्कर्ष की ओर बढ़ने का सतत् प्रयास करे, जिससे राष्ट्र निरंतर बढ़ते हुए प्रयत्न और उपलब्धि की नई ऊँचाइयों को छू सके; और

(ट) यदि माता-पिता या संरक्षक है, छह वर्ष से चौदह वर्ष तक की आयु वाले अपने, यथास्थिति, बालक या प्रतिपाल्य को शिक्षा के अवसर प्रदान करे।

# Constitution of India

**Part IV A (Article 51 A)**

# Fundamental Duties

It shall be the duty of every citizen of India —

(a) to abide by the Constitution and respect its ideals and institutions, the National Flag and the National Anthem;

(b) to cherish and follow the noble ideals which inspired our national struggle for freedom;

(c) to uphold and protect the sovereignty, unity and integrity of India;

(d) to defend the country and render national service when called upon to do so;

(e) to promote harmony and the spirit of common brotherhood amongst all the people of India transcending religious, linguistic and regional or sectional diversities; to renounce practices derogatory to the dignity of women;

(f) to value and preserve the rich heritage of our composite culture;

(g) to protect and improve the natural environment including forests, lakes, rivers, wildlife and to have compassion for living creatures;

(h) to develop the scientific temper, humanism and the spirit of inquiry and reform;

(i) to safeguard public property and to abjure violence;

(j) to strive towards excellence in all spheres of individual and collective activity so that the nation constantly rises to higher levels of endeavour and achievement;

*(k) who is a parent or guardian, to provide opportunities for education to his child or, as the case may be, ward between the age of six and fourteen years.

---

**Note:** The Article 51A containing Fundamental Duties was inserted by the Constitution (42nd Amendment) Act, 1976 (with effect from 3 January 1977).

*(k) was inserted by the Constitution (86th Amendment) Act, 2002 (with effect from 1 April 2010).

# भारत का संविधान

## उद्देशिका

हम, भारत के लोग, भारत को एक [1][**संपूर्ण प्रभुत्व-संपन्न समाजवादी पंथनिरपेक्ष लोकतंत्रात्मक गणराज्य**] बनाने के लिए, तथा उसके समस्त नागरिकों को :

सामाजिक, आर्थिक और राजनैतिक **न्याय,**

विचार, अभिव्यक्ति, विश्वास, धर्म

और उपासना की **स्वतंत्रता,**

प्रतिष्ठा और अवसर की **समता**

प्राप्त कराने के लिए,

तथा उन **सब में**

व्यक्ति की गरिमा और [2][**राष्ट्र की एकता**

**और अखंडता**] सुनिश्चित करने वाली **बंधुता**

बढ़ाने के लिए

दृढ़संकल्प होकर **अपनी इस संविधान सभा में** आज तारीख 26 नवंबर, 1949 ई. को **एतद्द्वारा इस संविधान को अंगीकृत, अधिनियमित और आत्मार्पित करते हैं।**

---

1. संविधान (बयालीसवां संशोधन) अधिनियम, 1976 की धारा 2 द्वारा (3.1.1977 से) ''प्रभुत्व-संपन्न लोकतंत्रात्मक गणराज्य'' के स्थान पर प्रतिस्थापित।
2. संविधान (बयालीसवां संशोधन) अधिनियम, 1976 की धारा 2 द्वारा (3.1.1977 से) ''राष्ट्र की एकता'' के स्थान पर प्रतिस्थापित।

# THE CONSTITUTION OF INDIA

## PREAMBLE

**WE, THE PEOPLE OF INDIA,** having solemnly resolved to constitute India into a [1]**[SOVEREIGN SOCIALIST SECULAR DEMOCRATIC REPUBLIC]** and to secure to all its citizens :

**JUSTICE,** social, economic and political;

**LIBERTY** of thought, expression, belief, faith and worship;

**EQUALITY** of status and of opportunity; and to promote among them all

**FRATERNITY** assuring the dignity of the individual and the [2][unity and integrity of the Nation];

**IN OUR CONSTITUENT ASSEMBLY** this twenty-sixth day of November, 1949 do **HEREBY ADOPT, ENACT AND GIVE TO OURSELVES THIS CONSTITUTION.**

---

1. Subs. by the Constitution (Forty-second Amendment) Act, 1976, Sec.2, for "Sovereign Democratic Republic" (w.e.f. 3.1.1977)
2. Subs. by the Constitution (Forty-second Amendment) Act, 1976, Sec.2, for "Unity of the Nation" (w.e.f. 3.1.1977)

# ہندوستان کا آئین

## تمہید

ہم بھارت کے عوام متانت وسنجیدگی سے عزم کرتے ہیں کہ بھارت کو ایک مقتدر، سماجوادی غیر مذہبی عوامی جمہوریہ بنائیں۔ اوراس کے تمام شہریوں کے لیے حاصل کریں۔

**انصاف:** سماجی معاشی اور سیاسی

**آزادی:** خیال۔ اظہار۔ عقیدہ۔ دین اور عبادت۔

**مساوات:** بہ اعتبار حیثیت اور موقع اور ان سب میں۔

اخوت کو ترقی دیں جس سے فرد کی عظمت اور قوم کے اتحاد اور سالمیت کا تعین ہو۔

اپنی آئین ساز اسمبلی میں آج 26 نومبر 1949 کو یہ آئین ذریعہ ہذا اختیار کرتے ہیں۔ وضع کرتے ہیں اور اپنے آپ پر نافذ کرتے ہیں۔

# ہندوستان کا آئین

## حصہ 14اے

دفعہ 51۔اے۔

**بنیادی فرائض:۔** ہندوستان کے ہر ایک شہری کا فرض ہوگا کہ وہ۔

1۔ آئین کی پابندی اور اس کے اصولوں، اداروں۔قومی جھنڈے اور قومی ترانے کا احترام کرے۔

2۔ آزادی کے لیے ہماری قومی تحریک کو آمادہ کرنے والے اعلیٰ اصولوں کو دل میں بسائے رکھیں اور ان کو اپنائیں۔

3۔ ہندوستان کی خودمختاری۔ یک جہتی اور سالمیت کا تحفظ کریں اور اسے بچائے رکھیں۔

4۔ ملک کی حفاظت کریں۔

5۔ ہندوستان کے سبھی لوگوں میں مساوات اور بھائی چارہ کے جذبے کو قائم رکھیں۔

6۔ ہماری سماجی ثقافت کی فخریہ رسموں کی اہمیت کو سمجھیں اور ان کو قائم رکھیں۔

7۔ قدرتی ماحول کی حفاظت اور اس کو فروغ دیں۔

8۔ سائنٹفک نظریہ اور علم حاصل کرنے کے جذبے کو فروغ دیں۔

9۔ قومی ملکیت کا تحفظ کریں۔

10۔ انفرادی اور مشترکہ سرگرمیوں کے سبھی علاقوں میں ترقی کی طرف بڑھنے کی مسلسل کوشش کریں۔

11۔ ماں باپ یا سرپرست کے ذریعے 6 سے 14 سال کے بچوں کے لیے بنیادی تعلیم مہیا کریں (86ویں ترمیم)

# Support Material 2023-2024

## Class-XII

## Subject: Political Science

## Team Members of Review Committee

| S. No. | Name | Designation | School | ID |
|---|---|---|---|---|
| 1 | Ms. Ajnu Kumari (Team Leader) | Vice Principal | SKV B-3, Paschim Vihar, Delhi- 110063 | 1617011 |
| Subjec Experts | | | | |
| 2 | Dr. Shaifali Gupta (Core Acadmic Unit), DoE, Old Sectt., Delhi | Lect. (Pol.Se) | SKV Mandoli, Delhi- 110093 | 1106019 |
| 3 | Ms. Madhu Bahuguna | Lect. (Pol.Se) | SKV Anand Vihar, Delhi- 110063 | 1001009 |
| 4 | Ms. Nidhi Aggarwal | Lect. (Pol.Se) | SKV RPVVB-1 Vasant Kunj, Delhi- 110070 | 1720031 |
| 5 | Sh. Pradeep Kumar | Lect. (Pol.Se) | SKV-27 Trilokpuri, Delhi- 110091 | 1002177 |
| 6. | Ms. Shanina Faiz | Lect. (Pol.Se) | SKV Bulbuli Khana, Delhi- 110006 | 2127021 |

**مترجم**

**شاھینہ فیض**

ایس۔کے وی بلبلی خانہ
آصف علی روڈ
آئی۔ڈی۔2127021

# حصہ-A ہم عصر عالمی سیاست

| باب نمبر۔ | سلیبس |
|---|---|
| 1۔ | دوقطبیت کا خاتمہ |
| | سوویت نظام۔ گوربا چیف اور انتشار۔ سوویت یونین کے انتشار کی وجہ اور نتائج شاک تھیریپی اور اس کے نتائج عالمی سیاسب میں نئے ادارے روس۔ بلقان ریاستیں۔ وسط ایشیائی ریاستیں۔ ہندوستان کے روس اور سماج واد کے بعد دوسری ریاستوں کے ساتھ تعلقات۔ |
| 2۔ | دورِ حاضر میں طاقت کے مرکز |
| | یوروپین یونین۔ آسیان۔ ایک معاشی طاقت کی شکل میں چین کا ظہور۔ اُبھرتی طاقتوں کی شکل میں جاپان اور جنوبی کوریا۔ |
| 3۔ | دورِ حاضر کا جنوبی ایشیا |
| | پاکستان اور بنگلہ دیش میں فوج اور جمہوریت۔ نیپال میں بادشاہت اور جمہوریت۔ سری لنکا میں نسلی تنازعہ اور جمہوریت۔ ہندوستان اور پاکستان تنازعہ۔ ہندوستانی اور اس کے پڑوسی ممالک۔ ملک اور تعاون۔ |
| 4۔ | بین الاقوامی تنظیمیں |
| | بین الاقوامی تنظیموں کے معنی اور اہمیت انجمن اقوام متحدہ کا ارتقا۔ بین الاقوامی تنظیموں کی ساخت اور کام۔ انجمن اقوام متحدہ کے اہم اجزا۔ سرد جنگ کے بعد انجمن اقوام متحدہ میں سدھار انجمن اقوام متحدہ کی ساختوں کاموں اور اختیارات میں سدھار۔ ہندوستان اور انجمن اقوام متحدہ۔ اہم ایجنسیاں۔ بین الاقوامی مالیاتی فنڈ۔ عالمی بینک۔ عالمی تجارتی تنظیم بین الاقوامی مزدور تنظیم بین الاقوامی جوہری توانائی ایجنسی۔ غیر سرکاری تنظیمیں۔ ایمنسٹی انٹرنیشنل۔ انسانی حقوق کے نگراں۔ بین الاقوامی تنظیموں کا مضمرات اور مستقبل۔ |
| 5۔ | دورِ حاضر میں سلامتی |
| | سلامتی کے معنی۔ سلامتی کا روایتی تصور۔ سلامتی کا غیر روایتی تصور۔ خطرے کے نئے ذرائع۔ باہمی تعاون کی سلامتی۔ |
| 6۔ | ماحولیات اور قدرتی وسائل |
| | ماحولیات سں متعلق اِفکار۔ عالمی مشترکات الگ لیکن مشترکہ ذمے داری۔ ہندوستان کا ماحولیات کے معاملات پر رجحان ماحولیاتی تحریکیں۔ زمینی وسائل کی سیاست اصل باشندوں کے حقوق۔ |

| | |
|---|---|
| 7۔ | **عالمگیریت** |
| | عالمگیریت کا تصور۔ عالمگیریت کی وجوہات اور نتائج ہندوستان اور عالمگیریت۔ عالمگیریت کی مخالفت۔ ہندوستان اور عالمگیریت کی مزاحمت۔ |
| **حصہ-B آزاد ہندوستان میں سیاست** | |
| 1۔ | **قومی تعمیر کے چیلنج** |
| | نئی قوم کے لیے چیلنج۔ تین چیلنج۔ تقسیم۔ نقل مکانی اور باز آبادکاری۔ تقسیم کے نتائج۔ ریاستوں کا ادغام۔ مسئلہ۔ حکومت کا نظریہ۔ حیدرآباد۔ منی پور۔ ریاستوں کی تشکیل نو۔ |
| 2۔ | **ایک پارٹی کی بالادستی کا زمانہ** |
| | جمہوریت کی تعمیر کا چیلنج۔ پہلے تین عام انتخاب میں کانگریس کی بالادستی۔ کانگریس کی بالادستی کی نوعیت۔ سماجی اور نظریاتی اتحاد کی شکل میں کانگریس۔ دھڑوں کی برداشت اور ان کا بندوبست۔<br>• سلیبس سے قابلیت پر مبنی کثیر متبادل/کیس اسٹڈی پر مبنی کارٹونوں اور نقشے پر مبنی کام کرانا۔<br>• 15 ستمبر 2023 تک Mid term کا سلیبس پورا کیا جانا۔<br>• (Revision) دہرانا<br>• (Mid term) سوالنامہ پر تبصرہ |
| 3۔ | **منصوبہ بند ترقی کی سیاست** |
| | سیاسی مقابلہ آرائی۔ ترقی کے تصورات۔ منصوبہ۔ منصوبہ کمیشن۔ ابتدائی پیش قدمیاں۔ پہلا پنچ سالہ منصوبہ۔ تیز رفتار صنعتکاری۔ |
| 4۔ | **ہندوستان کے خارجی تعلقات** |
| | بین الاقوامی تناظر۔ ناوابستگی کی پالیسی۔ نہرو کا کردار دونوں گٹوں سے دوری۔ افریقی۔ ایشیائی اتحاد چین کے ساتھ امن اور تنازعہ (کشاکشی) 1962 میں چین کا حملہ۔ پاکستان کے ساتھ امن اور جنگیں۔ بنگلہ دیش سے جنگ (1971) ہندوستان کی نیوکلیائی پالیسی۔ |

| | |
|---|---|
| 5۔ | کانگریسِ نظام: چیلنج اوراس کی بحالی |
| | سیاسی جانشینی کا چیلنج۔نہرو سے شاستری تک۔شاستری سے اندرا گاندھی تک۔ 1967 کا چوتھا عام انتخاب۔انتخاب کا پس منظر۔غیر کانگریسیت الیکشن کا نتیجہ۔گٹھ بندھن۔دل بدل۔کانگرس میں تقسیم۔ اندرا بنام سنڈیکیٹ 1969 کا صدارتی الیکشن۔1971 کا انتخاب اور کانگرس کی بحالی بحالی کے بعد کے نتائج۔ |
| 6۔ | جمہوری نظام کا بحران |
| | ایمرجنسی کا پس منظر۔معاشی پس منظر۔گجرات اور بہار کی تحریکیں۔عدلیہ کے ساتھ تنازعہ۔ایمرجنسی کا اعلان۔بحران اور ردِّعمل نتائج۔ایمرجنسی کے سبق۔ ایمرجنسی کے بعد کی سیاست۔ 1977 کے لوک سبھا الیکشن۔جنتا حکومت۔وراثت۔ |
| 7۔ | علاقائی اُمنگیں |
| | علاقہ اور قوم۔ ہندوستانی اندازِ فکر۔تناؤ کے مقامات۔ جموں اور کشمیر مسئلہ کی جڑیں۔ باہری اور اندرونی تنازعات۔ 1948 سے سیاست انتہا پسند 2022 کے بعد۔پنجاب سیاسی پس منظر تشدد کی گردش۔امن کا راستہ شمال مشرقی خودمختاری کے مطالبات علیحدگی پسند تحریکیں باہری لوگوں کے خلاف تحریک آسام۔ |
| 8۔ | ہندوستانی سیاست: نئے بدلاؤ |
| | 1990 کا پس منظر۔گٹھ بندھن کا دور۔گٹھ بندھن کی سیاست پچھڑے طبقے کا سیاسی عروج۔منڈل کمیشن کو لاگو کیا جانا۔ سیاسی نتائج۔فرقہ واریت۔سیکولرازم اور جمہوریت۔ایودھیا تنازعہ بابری مسجد کا انہدام اور اس کے بعد نئے اتفاقِ رائے کا ظہور 2004 کا لوک سبھا الیکشن۔<br><br>• سلیبس سے قابلیت پر مبنی کثیر متبادل/کیس اسٹڈی پر مبنی کارٹونوں اور نقشہ پر مبنی کام کرانا۔<br>• 15 ستمبر 2023 تک سالانہ امتحان کا سلیبس پورا کیا جانا چاہیے۔<br>• (Revision) دہرانا<br>• Project Work : کی جانچ کے لیے پروجیکٹ پر کام اور Viva کی تیاری<br>• Pre Board کی تیاری<br>• Pre Board پر Discussion<br>• سالانہ امتحان کی تیاری۔ |

## Project Wrok-20 Marks

# Details of Project Work

1. Project work will be implemented in class XII from the session 2022-23.
2. Out of 20 marks, 10 marks are to be allotted to viva voce and 10 marks for project work.
3. For class XII, the evaluation for 20 marks project work should be done jointly by the internal as well as the external examiner.
4. The project can be individual/pair/group of 4-5 each. The Project can be made on any of the topics given in the syllabus of a particular class.
5. The suggestive list of activities for project work is as follows:.
   **Role play, Skit, Presentation, Model, Field Survey, Mock Drills/Mock Events etc.**
6. The teacher should give enough time for preparation of the project work. The topics for Project work taken by the student must be discussed by the teacher in classroom.

# سلیبس کی ساخت

## پولیٹیکل سائنس (028)

| نمبر | حصہ-A ہم عصر عالمی سیاست | باب نمبر 1۔ |
|---|---|---|
| 6 | دوقطبیت کا خاتمہ | 1۔ |
| 6 | دورِ حاضر کے طاقت کے مرکز | 2۔ |
| 6 | دورِ حاضر میں جنوبی ایشیا | 3۔ |
| 6 | بین الاقوامی تنظیمیں | 4۔ |
| 6 | دورِ حاضر میں سلامتی | 5۔ |
| 6 | ماحولیات اور قدرتی وسائل | 6۔ |
| 4 | عالمگیریت | 7۔ |
| **40** | **کُل** | |

### حصہ-B ہم عصر عالمی سیاست

| | | |
|---|---|---|
| 6 | قومی تعمیر کے چیلنج | 1۔ |
| 4 | ایک پارٹی کی بالادستی کا زمانہ | 2۔ |
| 2 | منصوبہ بند ترقی سیاست | 3۔ |
| 4 | ہندوستان کے خارجی تعلقات | 4۔ |
| 4 | کانگریس نظام چیلنج اور بحالی | 5۔ |

| | | |
|---|---|---|
| 6۔ | جمہوری نظام کا بحران | 4 |
| 7۔ | علاقائی آرزوئیں | 6 |
| 8۔ | ہندوستانی سیاست! نئے بدلاؤ۔ | 8 |
| | | 40 |
| | کُل | 80 نمبر |
| | پروجیکٹ ورک = | 20 نمبر |

# باب۔ 1

# دوقطبیت کا خاتمہ

## سوویت یونین کا دوسری ایک محوری دنیا۔ وسطی مشرقی بحران افغانستان ۔خلیجی جنگ۔ جمہوری سیاست اور جمہوریت CIS اور 21 ویں صدی (عرب اسپرنگ):

- سرد جنگ کی علامت 1961 میں بنی برلن کی دیوار کو 9/ نومبر 1989 میں عوام کے ذریعے گرادیا گیا۔
- 25/ دسمبر 1991 کو سوویت یونین کا انتشار 15 جمہوری ریاستوں کی شکل میں ہو گیا۔

### سوویت یونین کی ابتدا اور نظام

- 1917 کے روسی بالشویک انقلاب کے بعد سماجوادی سوویت یونین کا وجود عمل میں آیا۔

### سوویت نظام کی خصوصیات

- سوویت یونین میں مساوی سماج کی تشکیل کے لیے مرکزی منصوبہ۔ ریاست کے کنٹرول پر مبنی اور کمیونسٹ پارٹی کے زریعے بنایا گیا نظام سوویت نظام کہلایا۔
- ایک منصوبہ بند معاشی نظام تھا جو سرمایہ دارانہ نظام کا مخالف تھا اور سماج واد کے اصولوں میں یقین رکھتا تھا۔
- کمیونسٹ پارٹی کا دبدبہ تھا۔
- کم از کم معیار زندگی کی سہولیت، بے روزگاری کا نہ ہونا، ترقی یافتہ مواصلاتی نظام کے تمام ذرائع پر حکومت کا کنٹرول تھا۔ پیداوار کے تمام ذرائع بھی ریاست کی ملکیت میں تھے۔

### دوسری دنیا

- مغربی یوروپی ممالک کو سماج وادی نظام کے طرز پر ڈھالا گیا تھا۔ ان ہی کو سماج وادی خیمے کے ملک ادوسری دنیا کہا گیا۔

## میخائل گورباچیف

- 1980 کی دہائی میں میخائل گورباچیف نے سیاسی اصلاحات کی شروعات کی۔ گورباچیف کے ذریعے پیرستورائکا (منظّم کرنا) اور گلاس نوست (کھلے پن) کی پالیسیاں اختیار کی گئیں تاکہ معاشی طور پر بہتر اقدامات کیے جاسکیں۔

## سوویت یونین کے ختم ہونے کا اعلان

- 1991 میں بورس یلتسین کی قیادت میں مشرقی یوروپین ممالک اور روس، یوکرین اور بیلا روس نے سوویت یونین کے ختم ہونے کا اعلان کیا۔
- **آزاد ریاستوں کی دولتِ مشترکہ (CIS)**

سوویت یونین کے انتشار کے بعد 15 نئی ریاستوں کا ظہور ہوا اور ان سبھی ریاستوں نے بالآخر ایک تنظیم بنائی جس کی ممبر شپ اپنی مرضی پر تھی۔ اسے ہی آزاد ریاستوں کی دولتِ مشترکہ (CIS) کہا گیا۔ یہ ایک ایسی تنظیم ہے جو اپنے ممبر ممالک کے بیچ تجارت اور چیزوں کے لانے پیمانے کو بنائے رکھتی ہے۔

- **ایک تجارتی محوری دنیا**

1991 میں سوویت یونین کے انتشار کے بعد دنیا میں صرف ایک عظیم طاقت کی شکل میں امریکہ ہی بچا رہا اور سبھی طاقتوں کا مرکز امریکہ ہی رہا اور اس طرح دنیا ایک محوری دنیا میں تبدیل ہوگئی۔ ایک محوری دنیا کے بننے کے بعد کئی سارے نتائج سامنے آئے جیسے بین الاقوامی طاقت کے تعلقات میں بدلاؤ سرمایہ داری نظام کا پھیلنا، سماجوادی نظام کا کمزور ہونا لبرل جمہوری نظام کا مضبوط ہونا وغیرہ

## سوویت یونین کے زوال کے اسباب

- سوویت یونین کے سیاسی اور معاشی ادارے اندرونی کمزوریوں کے سبب عوام کی خواہشات اور امنگوں کو پورا نہ کر سکے
- سوویت نظام پر نوکرشاہی کا شکنجہ
- کمیونسٹ پارٹی کا کنٹرول
- عوامی مفاد کے بجائے ایٹمی ہتھیاروں اور فوجی ساز و سامان کا زیادہ استعمال
- مغربی ممالک کے مقابلے میں سوویت یونین کا پیچھے رہنا
- روس کی اہمیت

- گورباچیف کے ذریعے کے گئے اقدامات کی مخالفت
- معیشت کی رفتار دھیمی اور صارفین کی چیزوں کی کمی۔
- ریاستی ملکیت کی بالادستی، آمریت اور نوکرشاہی کا دخل
- قومی جذبات اور اقتداری خواہش کی کمی
- سوویت نظام کا اقتدار پسند ہونا۔
- پارٹی کا عوام کے تئیں جواب دہ نہ ہونا۔

## سوویت یونین کے زوال کے نتائج

- سرد جنگ کا خاتمہ ہوگیا۔
- ایک محوری طاقت کی شکل میں امریکہ کا ظہور عمل میں آیا۔
- ہتھیاروں کی دوڑ ختم ہوگئی۔
- سوویت یونین کا خاتمہ ہوا۔15 نئی ریاستوں کو ملاکر روس کا وجود ہوا۔
- روس سوویت یونین کا جانشین بنا۔
- دنیا کی سیاست میں طاقت کے رشتے بدل گئے۔
- سماج وادی نظریہ پر سوالیہ نشان لگ گیا اور سرمایہ داری یا حریت پسند نظام کا دبدبہ ہوا۔

## شاک تھیریپی

- لفظی معنی تکلیف پہنچا کر علاج کرنا۔
کمیونزم کے زوال کے بعد سوویت یونین کی ریاستوں کو عالمی بینک اور بین الاقوامی مالیاتی فنڈ کے ذریعے تیار کئے گئے ماڈل ( کمیونزم سے سرمایاداری کی طرف ) کو اپنانے کو کہا گیا اسے ہی شاک تھیریپی کہتے ہیں۔

## شاک تھریپی کی خصوصیات

- ملکیت کی اہم شکل ذاتی ملکیت
- ریاست کی ملکیت کی نجی کاری

- اجتماعی فارم کی جگہ ذاتی فارم
- آزادانہ تجارت کے نظام کو اپنانا
- مغربی ممالک کو معاشی نظام سے جوڑنا
- مالی کھلاپن، کرنسی کا لین دین اور آزاد تجارت کی پالیسی کو اہم سمجھا گیا
- سرمایہ دارانہ نظام کے طریقوں سے کھیتی کا کام شروع کیا گیا

## شاک تھیریپی کے نتائج

- شاک تھیریپی مکمل طور پر سے ناکام رہی۔ روس کا صنعتی ڈھانچہ چرمرا گیا۔

روسی کرنسی روبل میں گراوٹ آ گئی

سماجی فلاح و بہبودگی کا نظام پوری طرح تباہ ہوگیا۔

90% صنعتوں کو نجی ہاتھوں یا کمپنیوں کو کم داموں میں بیچا گیا جسے تاریخ کی سب سے بڑی گیراج سیل کہا جاتا ہے۔

معاشی گراوٹ میں اضافہ ہوا۔

غذائی بحران پیدا ہو گیا

مافیہ طبقہ کا عروج ہوا۔

کمزور پارلیمنٹ اور صدر کو زیادہ اختیارات دینے کی وجہ سے صدر حکومت قائم ہوگئی۔

## تناؤ اور کشیدگی کے علاقے

- سابق سوویت یونین کی زیادہ تر ریاستیں تنازعہ میں الجھنے کی جانب مائل ہیں۔ ان ریاستوں میں باہری طاقتوں کی دخل اندازی بھی بڑھی ہے۔ روس کی دو ریاستوں چیچنیا اور داغستان میں علاحدگی پسند تحریکوں کا میدان رہی ہیں۔ چیکوسلوا کیہ دو حصّوں چیک اور سلوا کیہ میں بٹ گیا۔

## بلقان ریاست

- بلقان ریاست یوگوسلاویہ خانہ جنگی کے سبب کئی صوبوں میں بٹ گیا۔اس میں شامل بوسینیا، ہرزگونیا،سلووینیا اور کروشیا نے اپنی آزاد ریاستوں کا اعلان کردیا۔بالٹک حصّے میں لیتھوینیا نے مارچ 1990 میں خودکو آزاد ریاست ہونے کا اعلان کردیا۔ایسٹوینا،لیسٹویا اور لیتھوینیا 1991 میں اقوام متحدہ کے ممبر بنی اور 2004 میں ناٹو میں شامل ہوئیں۔

## وسطی ایشیا

- وسطی ایشیا کے تاجکستان میں دس سالوں تک (2001 تک) خانہ جنگی چلتی رہی۔آذربائیجان،آرمینا،یوکرین،کرغستان اور جارجیا میں بھی خانہ جنگی جیسی صورت حال ہے۔وسط ایشیائی ریاستوں کے پاس پیٹرول کے ذخائر ہیں جس کی وجہ سے یہ علاقہ باہری طاقتوں اور تیل کمپنیوں کے لیے مقابلہ کا میدان بن گیا ہے۔

## روس اور سابقہ کمیونسٹ ممالک کے ساتھ ہندوستان کے تعلقات

- کمیونزم کے بعد وجود میں آئے ملکوں کے ساتھ بھارت کے تعلقات اچھے ہیں۔خاص طور سے روس کے ساتھ بھارت کے تعلقات کافی خوشگوار ہیں۔
- روس اور بھارت دونوں کے سامنے ایک کثیر قطبی عالمی نظام کا تصور ہے۔
- دونوں ممالک اجتماعی سلامتی،علاقائی اقتدار،آزادانہ خارجہ پالیسی، بین الاقوامی تنازعات کو بات چیت کے ذریعے حل کرنے اور اقوام متحدہ پر یقین رکھتے ہیں۔
- 2001 میں بھارت اور روس کے ذریعے 80 سے زیادہ دوطرفہ معاہدوں پر دستخط ہوئے ہیں۔
- بھارت روس کے ہتھیار کا خریدار ہے۔
- بھارت روس سے تیل درآمد کرتا ہے۔
- روس اور بھارت نے کئی سائنسی منصوبوں پر ایک دوسرے کے ساتھ تعاون کیا ہے۔
- نیوکلیائی توانائی خلائی منصوبوں میں ہندوستان کو روس سے مدد ملتی ہے۔
- کزخستان اور ترکمانستان کے ساتھ توانائی کی درآمد کر بڑھانے کی کوشش ہوئی۔
- ازبکستان میں ہندوستان کے فنکاروں کو خصوصاً پسند کیا جاتا ہے۔

1991 میں سوویت یونین کے زوال کے ساتھ ہی سرد جنگ ختم ہوگئی اور امریکی دبدبے کے قیام کے ساتھ عالمی سیاست کی شکل ایک محوری ہوگئی۔

## ایک نمبر والے سوالات

1۔ سوویت نظام سے متعلق ان میں سے کون سا بیان صحیح ہے

i۔ بہترین مواصلاتی نظام

ii۔ بے روزگاری نہ ہونا

iii۔ سرمایہ داری نظام

iv۔ کم سے کم معیارِ زندگی کی سہولت

متبادل

(A) (i) (ii) (iii)

(B) (i) (iii) (iv)

(C) (i) (Iii) (iv)

(D) (ii) (iii) (iv)

2۔ مندرجہ ذیل کو تاریخی اعتبار سے ترتیب دیجیے۔

i۔ سوویت یونین کا انتشار　　ii۔ برلن کی دیوار کا گرنا

iii۔ روس کا انقلاب　　iv۔ افغانستان کا بحران

(A) (i) (ii) (iv)اور(iii)　　(B) (iii) (ii) (iv)اور(i)

(C) (ii) (i) (iv)اور(iii)　　(D) (iii) (iv) (ii)اور(i)

3۔ مندرجہ ذیل کو ملائیں۔

i۔ سوویت یونین کا انتشار　　(A) بورس بلیشن

ii۔ اصلاحات کی شروعات　　(B) وارسا پیکٹ

iii۔ روس کے صدر　　(C) شاک تھیریپی

iv۔ معاشی نمونہ　　(A) میخائل گورباچیف

متبادل

(A) A،(iv)،C،(iii)،D،(ii)،B،(i) (B) A،(iv)،D،(iii)،C،(ii)،B،(i)

(C) C،(iv)،A،(iii)،D،(ii)،B،(i) (D) B،(iv)،A،(iii)،D،(ii)،C،(i)

4۔ وسطی ایشیا کا کون سا ملک 10 سال تک یعنی 2001 تک خانہ جنگی کا شکار رہا؟

(a) ترکمانستان (b) آزربائجان (c) آرمینیا (d) تاجکستان

5۔ شاک تھیریپی کا نمونہ ان میں سے کن اداروں کے ذریعے بنایا گیا؟

(a) عالمی بینک (b) انٹرنیشنل مانیٹری فنڈ (c) عالمی تجارتی تنظیم (d) عالمی بینک اورانٹرنیشنل مانیٹری فنڈ

6۔ مندرجہ ذیل میں سے کون سی ایک سوویت یونین کے انتشار کی وجہ نہیں ہے؟

(a) معاشی نظام کا کمزور ہونا (b) عوام کی اُمنگوں کا پورا نہ ہونا (c) کمیونسٹ پارٹی کا شکنجہ

(d) سماجی بہبودی کا نظام

## سوال نمبر 7 اور 8 کے لیے ہدایت

(a) دعویٰ (a) اور وجہ (r) دونوں صحیح ہیں اور وجہ (r) دعویٰ (a) کی صحیح وضاحت ہے

(b) دعویٰ (a) اور وجہ (r) دونوں صحیح ہیں اور وجہ (دعویٰ) (a) کی صحیح وضاحت ہے۔

(c) دعویٰ (a) صحیح ہے لیکن وجہ (r) غلط ہے

(d) دعویٰ (a) غلط ہے لیکن وجہ (r) صحیح ہے۔

7۔ دعویٰ (A): سوویت یونین کا انتشار دسمبر 1991 میں 15 جمہوری ریاستوں کی شکل میں ہو گیا۔

وجہ (R): سوویت یونین کے انتشار کے بعد عالمی سطح پر طاقت کے توازن میں تبدیلی آئی۔

8۔ دعویٰ (A) شاک تھیریپی کے نمونہ کے ذریعے سماجوادی ممالک کو جمہوری سرمایہ داری نظام میں تبدیل کرنے کی کوشش کی گئی۔

وجہ (R) شاک تھیریپی کی وجہ سے معاشی حالات چرامرا گئے اور صنفی ڈھانچہ بھی تباہ ہو گیا

## دو نمبر کے سوالات

1۔ سوویت نظام سے آپ کیا سمجھتے ہیں:

2۔ شاک تھیریپی کی دو خامیاں لکھیے

3۔ (CIS) آزاد ریاستوں کی دولت مشترکہ سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟

4۔ افغانستان کے بحران آپ کیا سمجھتے ہیں؟

5۔ دوسری دنیا سے آپ کی کیا مراد ہے؟

6۔ ہندوستان اور روس کے بیچ خوشگوار تعلقات کو ظاہر کرنے والے نکات کی وضاحت کیجیے۔

7۔ برلن کی دیوار کس بات کی علامت تھی۔

8۔ وسط ایشیائی ریاستیں باہری طاقتوں کے لیے کس طرح ایک اکھاڑے کی شکل میں تبدیل ہوگئیں۔

## چار نمبر کے سوالات

1۔ سوویت نظام کی چار خصوصیات لکھیے۔

2۔ شاک تھیریپی اپنے مقاصد میں کامیاب نہیں ہوسکی اس بیان کے حق میں دلیل دیجیے۔

3۔ سوویت یونین کے انتشار کے بعد ساری دنیا ایک محوری دنیا میں تبدیل ہوگئی وضاحت کیجیے۔

4۔ سابقہ سوویت یونین کی ریاستوں میں تناؤ کے حالات بنے ہیں کیا آپ اس بیان سے متفق ہیں اگر تو اپنے جواب کے حق میں دلیل دیجیے۔

5۔ سابقہ کمیونسٹ مما لک کے ساتھ ہندوستان کے تعلقات کا تجزیہ کیجیے۔

## اقتباس ۔I

زیادہ تر سابقہ سوویت ریاستیں تنازعے میں الجھنے کی جانب مائل ہیں اس میں سے کچھ خانہ جنگی اور بغاوتوں کا شکار بھی ہوئیں ہیں۔ خارجی طاقتوں کے ملوث ہونے سے معاملات اور پیچیدہ ہوگئے ہیں۔ روس میں داغستان اور چیچینیا کی دو ریاستیں بہت تشدد اور علیحدگی پسند تحریکوں کا میدان رہی ہیں۔

(i) CIS کی وسیع شکل کیا ہے؟

(A) آزاد مما لک کی دولت مشترکہ (B) آزاد ریاستوں کی دولت مشترکہ

(C) آزاد ریاستوں کی تنظیم (D) آزاد ریاستوں کا معاہدہ

(ii) ان میں سے کون سا ملک CIS کا ممبر نہیں ہے۔

(A) ترکمانستان (B) ازبکستان

(C) آزربائیجان (D) اوپر کے سبھی

(iii) سابقہ سوویت یونین کے کس ملک میں دس سال تک خانہ جنگی رہی۔

(A) یوگوسلاویہ (B) تاجکستان

(C) ازبکستان (D) چیچنیا

(iv) سابقہ سوویت یونین کے کن ملکوں میں تشدد علیحدگی پسند تحریکیں چلتی رہیں۔

(i) بیلا روس۔روس (ii) یوکرین۔روس

(iii) جارجیا۔آرمینیا (iv) چیچنیا۔داغستان

## اقتباس ۔2

آخر یہ نظام اتنا کمزور کیسے ہو گیا؟ اور معیشت منجمد کیوں ہو گئی؟ جواب کچھ کچھ واضح ہے سوویت یونین نے اپنے زیادہ تر وسائل نیوکلیائی اور فوجی ذخیرہ اندوزی اور مشرقی یوروپ میں اپنے کاسہ بردار ریاستوں کی بہبودی اور سوویت ریاستوں خصوصاً پانچ وسطی ایشیائی ریاستوں میں جھونک دیے تاکہ وہ سوویت کنٹرول میں رہیں۔

(i) سوویت یونین میں کس طرح کا نظام قائم تھا؟

(a) کمیونسٹ (b) سرمایہ داری

(c) مخلوط (d) اوپر میں سے کوئی نہیں

(ii) سوویت نظام کی ایک خاص کمی کیا تھی؟

(a) کمیونسٹ پارٹی کی تاناشاہی (b) محدود آزدای

(c) روس کو زیادہ اہمیت (d) سبھی

(iii) سوویت نظام کی ایک خاص خوبی ان میں سے کون سی نہیں ہے؟

(a) کمیونسٹ نظام (b) سرمایہ داری کی مخالفت

(c) بہتر مواصلاتی نظام (d) پیداوار کے وسائل پر بازار کا کنٹرول

(iv) سوویت یونین کے انتشار کے بعد اس کا جانشین کون بنا؟

(a) یوکرین (b) بیلاروس (c) روس (d) جارجیا

## تصویر پر مبنی سوالات



(1) اوپر دی گئی تصویر میں دکھائی گئی تصویر کس ملک سے متعلق ہے؟

(2) یہ دیوار کس بات کی علامت تھی؟

(3) سرد جنگ سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟

## چھ نمبر کے سوالات

(1) سوویت یونین کے کوئی چھ نتائج کی وضاحت کیجیے۔

(2) سوویت یونین کے انتشار کے لیے ذمہ دار عوامل کی وضاحت کیجیے۔

(3) شاک تھیرپی کی خاص خصوصیات کی وضاحت کیجیے۔

(4) دوسری جنگ عظیم کے بعد سوویت یونین کے عالمی طاقت بننے کے لیے ذمہ دار چھ وجوہات کی وضاحت کیجیے۔

**ایک نمبر کے سوالات کے جوابات**

(i) (C) (ii) (iii) (iv)اور (i)

(ii) (D) (iii) (iv) (ii)اور (i)

(iii) (i)C (iii)B (iv)D (i)A

(iv) (D) تاجکستان

(v) (D) عالمی بینک اور انٹرنیشنل مانیٹری فنڈ

(vi) (D) سماجی بہبودی کا نظام

(vii) (B) A اور R دونوں صحیح ہیں اور R، A کی صحیح وضاحت نہیں ہے۔

(viii) (B) A اور R دونوں صحیح ہیں اور R، A کی صحیح وضاحت ہے۔

**دو نمبر کے سوالات کے جوابات**

(1) سوویت نظام میں مساوات پر مبنی سماج کو بنانے کے لیے اور منصوبہ بند معیشت اور ریاست کے ذریعے کنٹرول نظام کو اپنایا گیا جس میں سیاسی نظام کا محور کمیونسٹ پارٹی تھی اس نظام کو ہی سوویت نظام کہا گیا۔

(2) سوویت نظام کی دو خامیاں اس طرح ہیں۔

(i) سوویت نظام میں کمیونسٹ پارٹی کا دبدبہ تھا۔

(ii) سوویت نظام میں 15 ریاستوں میں روس میں سب سے زیادہ طاقتور تھا۔

(3) کمیونسٹ سوویت یونین کے انتشار کے بعد نئے آزاد ممالک نے ایک تنظیم بنائی جسے آزاد ریاستوں کی دولت مشترکہ (CIS) کہا گیا۔

(4) سال 1979 میں سوویت یونین نے افغانستان میں اپنی فوج بھیج کر وہاں دخل اندازی کی جس کی مغربی ممالک کے ذریعے مخالفت کی گئی اور امریکہ نے سوویت یونین کو افغانستان میں دخل اندازی کے لیے روکا، اس واقعہ کو افغانستان بحران کے نام سے جانا جاتا ہے۔

(5) مشرقی یوروپ کے کمیونسٹ ممالک کے گٹ کو سماجوادی خیمہ یا دوسری دنیا کے نام جانا ہے۔

(6) ہندوستان اور روس کے بیچ بہت ہی خوشگوار تعلقات ہیں ان تعلقات کو ہم مندرجہ ذیل نکات سے سمجھ سکتے ہیں۔

i۔ ہندوستان نے روس کے ساتھ 2001 میں 80 سے زیادہ دطرفہ معاہدوں پر دستخط کیے تھے۔

ii۔ ہندوستان روس سے ہتھیار خریدتا ہے اور روس نے ہندوستان کو نیوکلیائی توانائی اور خلائی اسکیموں میں بھی کافی تعاون دیا ہے۔

(7) سال 1961 میں برلن کی دیوار کو بنایا گیا اور اس دیوار نے برلن کو دو حصوں میں بانٹ دیا۔ برلن کی دیوار سرد جنگ کی علامت مانی جاتی ہے۔

(8) i۔ یہ علاقہ پیٹرول کے بڑے ذخائر سے بھرا ہے۔

ii۔ اس علاقے میں امریکہ اور چین دونوں ہی اپنا قبضہ بنانا چاہتے ہیں۔

**چار نمبر کے سوالات کے جوابات**

(1) سوویت نظام کی چار خصوصیات اس طرح ہیں۔

i۔ سوویت نظام میں بہتر مواصلاتی نظام تھا۔

ii۔ بے روزگاری نہیں تھی۔

iii۔ کمیونسٹ پارٹی کا دبدبہ تھا۔

iv۔ کم سے کم معیار زندگی کی سہولت تھی۔

(2) شاک تھریپی مکمل طور سے ناکام رہی تھی جس کے لیے مندرجہ ذیل دلیلیں دی جاسکتی ہیں۔

i۔ روس کا صنعتی ڈھانچہ پوری طرح سے چرمرا گیا۔

ii۔ بڑی بڑی صنعتوں کو اونے پونے داموں میں بیچا گیا۔

iii۔ سماج کے پرانے بہبودی نظام کا خاتمہ۔

iv۔ مافیہ طبقہ کا ظہور ہوا۔

v۔ روسی کرنسی ''روبل'' میں گراوٹ۔

(3) i۔ دنیا میں صرف ایک ہی عظیم طاقت باقی رہی۔

ii۔ بین الاقوامی سطح پر ایک قطبی نظام وجود میں آیا جس میں کسی بھی اور طاقت کا غلبہ نہیں رہا۔

iii۔ بین الاقوامی سطح پر وہ سبھی تعلقات جو طاقت پر قائم تھے بدل گئے۔

iv۔ امریکہ کو ٹکر دینے والی طاقت کی کمی۔

(4) سابقہ سوویت یونین کی ریاستوں میں تناؤ اور کشیدگی کے حالات میں اس طرح سمجھ سکتے ہیں۔

i۔ تاجکستان میں 10 سال تک خانہ جنگی کے حالات بنے رہے۔

ii۔ روس کی دو ریاستیں چیچینیا اور داغستان میں تشددی علیٰحدگی پسند تحریکیں چلیں۔

iii۔ آزربائیجان اورآرمینیا میں تشدی اورتناؤ کے حالات ہیں۔

iv۔ یوکرین کرغستان اور جارجیا موجودہ حکومت کو اُکھاڑنے کے لیے تحریکیں ہورہی ہیں۔

v۔ ان ریاستوں میں ندی پانی کے مسئلے پر بھی آپس میں کافی جدوجہد رہے۔

(5) سابقہ کمیونسٹ ممالک کے ساتھ ہندوستان کے تعلقات

i۔ ہندوستان اور روس کے بیچ 2001 میں 80 سے زیادہ دوطرفہ معاہدوں پر دستخط۔

ii۔ ازبکستان میں ہندوستانی سینما کو بہت پسند کیا جاتا ہے۔

iii۔ ہندوستان روس سے ہتھیار خریدتا ہے اور تیل بھی درآمد کرتا ہے۔

iv۔ سوویت یونین نے کشمیر مسئلہ پر ہندوستان کی حمایت کی تھی۔

## اقتباس پر مبنی سوالات کے جوابات

### اقتباس۔1

(i)۔ A آزاد ریاستوں کی دولت مشترکہ

(ii)۔ D پاکستان

(iii)۔ B تاجکستان

(iv)۔ D چیچنیا، داغستان

### اقتباس ۔2

(i)۔A کمیونسٹ (ii)۔B اوپر کے سبھی (iii)۔D پیداوار کے وسائل پر بازار کا کنٹرول (iv)۔C روس

## تصویر پر مبنی

i۔ جرمنی۔

ii۔ برلن کی دیوار سرد جنگ کی علامت تھی۔

iii۔ سوویت یونین اور امریکہ کے بیچ خیالات اور نظریات کی لڑائی کو سرد جنگ کا نام دیا جاتا ہے۔دوسری جنگ عظیم کے بعد 1991 تک یہ ماحول بنا رہا۔

چھ نمبر کے سوالات کے جوابات

1۔ i۔ سرد جنگ کا خاتمہ۔
ii۔ ہتھیاروں کی دوڑ ختم۔
iii۔ سوویت یونین کا انتشار 15 ریاستوں میں ہوگیا۔
iv۔ آزاد ریاستوں کی دولت مشترکہ کا ظہور۔
v۔ بین الاقوامی طاقت کے تعلقات میں تبدیلی۔
vi۔ لبرل جمہوری سرمایہ داری نظام مضبوط ہوا۔
vii۔ روس سوویت یونین کا جانشین بنا۔

2۔ i۔ لوگوں کی اُمنگوں کا پورا نہ ہونا۔
ii۔ سوویت نظام پر نوکر شاہی کا شکنجہ۔
iii۔ وسائل کا استعمال ہتھیاروں کے بنانے میں۔
iv۔ گورباچیف کے سدھاروں کی مخالفت۔
v۔ روس کا دبدبہ ہونا۔
vi۔ معیشت کا کمزور ہونا۔
vii۔ قوم پرستی اور اقتدار کے جذبہ کی کمی۔
viii۔ کمیونسٹ پارٹی کا عوام کے سامنے جوابدہ نہ ہونا۔

3۔ i۔ ملکیت کی خاص شکل نجی ملکیت۔
ii۔ ریاست کی ملکیت کی نجی کاری۔
iii۔ آزاد تجارت کا نظام۔
iv۔ اجتماعی کھیتی کی جگہ نجی کھیتی ہونا۔
v۔ کرنسی کا آپسی لین دین۔

vi۔ سرمایہ نظام کو اولیت۔

vii۔ مغربی ممالک سے جڑاؤ ہونا۔

4۔ i۔ نیوکلیائی طاقت سے بھرپور۔

ii۔ ترقی یافتہ معیشت۔

iii۔ بہتر مواصلاتی نظام۔

iv۔ پیداوار میں خود انحصاری۔

v۔ وارسا پیکٹ پر کنٹرول۔

vi۔ توانائی کے بڑے ذخائر۔

vii۔ منظّم آمدورفت کی سہولیات۔

# باب۔ دو

# دوِرِ حاضر کے طاقت کے مراکز

- سرد جنگ کے بعد دنیا میں عالمی سطح پر کچھ ایسی تنظیموں اور ممالک نے بین الاقوامی سیاست میں اہم کردار نبھانا شروع کیا جس سے یہ واضح ہونے لگا کہ یہ تنظیمیں یا ممالک امریکہ کے متبادل کی شکل میں دیکھے جاسکتے ہیں۔ دنیا کی سیاست میں دومحوری نظام کے ٹوٹنے کے بعد واضح ہوگیا کہ دورِ حاضر کے سیاسی اور معاشی طاقت کے مراکز کچھ حد تک امریکہ کے غلبے کو محدود کریں گے۔

1۔ یوروپین یونین (European Union)

امریکہ نے یوروپ کی معیشت کی تشکیل نو میں بہت مدد کی تھی اسے مارشل پلان کے نام سے جانتے ہیں۔

1948 میں مارشل پلان کے تحت ہی تنظیم برائے یوروپی معاشی تعاون قائم کا قیام عمل میں آیا۔

1949 میں یوروپین کاؤنسل کا قیام سیاسی تعاون کے معاملے میں اگلا قدم ثابت ہوا۔

1957 میں یوروپی معاشی کمیونٹی (EEC) کا قیام ہوا۔

7 فروری 1992 میں ماسٹریٹ معاہدے کے ذریعے سے یوروپی یونین کا قیام ہوا۔

- حال میں یوروپین یونین کے ممبر ممالک کی تعداد 27 ہے
- **یوروپین یونین کے ممبر ممالک:**

**یوروپین یونین کے پرانے ممبر ممالک:۔** آسٹریلیا، بیلجیم، ڈنمارک، فن لینڈ، فرانس، جرمنی، گریس، آئرلینڈ، اٹلی، لکسمبرگ، مالٹا، نیدرلینڈ، پرتگال، سویڈن، اسپین، برٹین نے یوروپین یونین سے جون 2016 میں ایک رائے عامہ شماری کے ذریعے الگ ہونے کا فیصلہ کیا جسے Brexit کہا جاتا ہے۔ اب یہ یوروپین یونین کا ممبر نہیں ہے۔ جنوری 2020 میں یہ یوروپین یونین سے الگ ہوگیا۔ یہ پرانے ممبروں میں سے ایک تھا۔

**یوروپین یونین کے نئے ممبر ممالک:** ایستونیا، لتاویہ، لیتھونیا، پولینڈ، چیک جمہوریہ، رومانیہ، سلوواکیہ، ہنگری، کروشیا، بلغاریہ، سائپرس، سلوانیہ۔

- ## یوروپین یونین کے مقاصد

1۔ ایک جیسی خارجہ و دفاعی پالیسی

2۔ اندرونی معاملات اور انصاف سے جڑے معاملات پر ایک دوسرے کی مدد

3۔ ایک جیسی کرنسی کا استعمال

4۔ بغیر ویزا کے ایک دوسرے ملک میں آنا جانا

- ## یوروپین یونین کی خصوصیات

1۔ یوروپین یونین نے معاشی تنظیم سے بدل کر سیاسی تنظیم کی شکل اختیار کر لی ہے

2۔ یوروپین یونین ایک ملکی ریاست کی حیثیت سے کام کر رہی ہے

3۔ یوروپین یونین کا اپنا جھنڈا، اپنا ترانہ، یوم تاسیس اور کرنسی ہے

4۔ دوسرے ممالک سے تعلقات کے معاملہ میں اس نے کافی حد تک مساوی خارجہ پالیسی اور دفاعی پالیسی اختیار کی ہے۔

5۔ یوروپین یونین کا جھنڈا 12 سونے کے ستاروں کے گھیرے کی شکل میں روایتی طور سے تکمیل اور اتحاد و اتفاق کی نشانی ہے۔

6۔ 2023 میں یوروپین یونین نے مشترکہ آئین بنانے کی کوشش کی جو ناکام رہی۔

- ## یوروپین یونین کو طاقتور بنانے والے اثرات

### یوروپین یونین کے معاشی اثرات:

1 2016 میں یہ دنیا کی سب سے بڑی معاشی نظام کی شکل تھی اور اس کی گھریلو پیداوار امریکہ سے بھی زیادہ تھی۔

2 اس کی کرنسی یورو، امریکی ڈالر کی قیادت کے لیے خطرہ بن گئی ہے۔

3 دنیاوی تجارت میں اس کی حصّہ داری امریکہ سے تین گنا زیادہ ہے۔

4 یہ عالمی تجارتی تنظیم کے اندر ایک اہم گروپ کی شکل میں کام کرتی ہے۔

5 اس کی معاشی طاقت کا اثر ایشیا اور افریقہ کے ممالک پر ہے۔

- **یوروپین یونین کے سیاسی اثرات:**

1 اس کا ممبر ایک ممبر ملک فرانس سلامتی کاؤنسل کا مستقل ممبر ہے۔

2 یوروپین یونین کے کئی اور ملک سلامتی کاؤنسل میں غیر مستقل ممبر ہیں۔

3 یوروپین یونین امریکہ سمیت سبھی ملکوں کی پالیسیوں کو متاثر کرتی ہے۔

- **یوروپین یونین کے فوجی اثرات:**

1 فوجی طاقت میں یوروپین یونین کے پاس دنیا کی سب سے بڑی فوج ہے۔اس کا کل دفاعی بجٹ امریکہ کے بعد سب سے زیادہ ہے۔

2 یوروپین یونین کے ممبر ملک فرانس کے پاس نیوکلیائی ہتھیار ہیں۔

3 فلائی سائنس اور مواصلاتی تکنیک کے معاملے میں بھی یوروپین یونین کا دنیا میں دوسرا مقام ہے۔

- **یوروپین یونین کی کمزوریاں یا حدود**

1۔ اس کے ممبران ممالک کی اپنی خارجہ اور دفاعی پالیسی ہے جو کئی بار ایک دوسرے کے خلاف بھی ہوتی ہے جیسے عراق پر حملے کے معاملے میں

2۔ یوروپ کے کچھ حصّوں میں یوروکرنسی کو لاگو کرنے کو لے کر ناراضگی بھی ہے۔

3۔ ڈنمارک اور سویڈن نے ماسٹریٹ معاہدہ اور یوروکرنسی کو اختیار کرنے کی مزاحمت کی۔

4۔ یوروپین یونین کے کئی ممبر ممالک امریکی گٹھ بندھن میں تھے۔

5۔ برطانیہ کی سابقہ وزیراعظم مارگریٹ تھیچر نے برطانیہ کو یوروپین بازار سے الگ رکھا۔

6۔ برطانیہ یوروپین یونین سے جون 2016 میں رائے شماری کے ذریعے الگ ہوگیا ہے۔ جسے Brexit کہا جاتا ہے۔

## 2۔ جنوبی مشرقی ایشیائی قوموں کی تنظیم (ASEAN)

1۔ اگست 1967 میں اس علاقے کے پانچ ملکوں انڈونیشیا، فلیپینس، سنگاپور اور تھائی لینڈ نے بنکاک قرارداد پر دستخط کر کے ASEAN کے قیام کا اعلان کیا۔

2۔ بعد میں برونائی۔ دارالسلام۔ ویت نام۔ لاؤس۔ میانمار اور کمبوڈیا کو شامل کیا گیا۔ اور ان کی تعداد 10 ہوگئی۔

### ● آسیان ASEAN کی تشکیل کے مقاصد

- ■ ممبر ممالک کی معاشی ترقی کو فروغ دینا
- ■ اس کے ذریعے سماجی اور ثقافتی ترقی حاصل کرنا
- ■ قانون کی حکومت اور اقوام متحدہ کے اصولوں کو اختیار کر کے علاقائی امن وامان واقتدار کو بڑھاوا دینا۔

### ● آسیان انداز یا طریقہ کار (ASEAN WAY)

ایسیان ممالک کا اپنا غیر رسمی، غیر تنازعاتی اور باہمی تعاون کے ساتھ کام کرنے کا انداز ہے جس ''کو ایسیان انداز یا طریقہ کار'' (ASEAN WAY) کہا جاتا ہے۔

آسیان برادری کے اہم ستون

آسیان حفاظتی برادری — آسیان معاشی برادری — آسیان ثقافتی برادری

- ■ آسیان حفاظتی برادری علاقائی جھگڑوں کو فوجی کارروائی تک نہ لے جانے کی صلاح پر قائم ہے۔
- ■ آسیان معاشی برادری کا مقصد آسیان ممبر ممالک کا مشترکہ بازار، صنعتی مرکز کا قیام اور علاقے کی سماجی اور معاشی ترقی میں تعاون شامل ہے۔

- آسیان ثقافتی برادری کا مقصد ہے کہ ایسیان مما لک کے درمیان ٹکراؤ کی جگہ بات چیت اور تعاون کو بڑھاوا دیا جائے۔

## آسیان کی اہمیت یا حقیقت

- آسیان کی موجودہ معاشی طاقت خاص طور سے بھارت اور چین جیسے تیزی سے ترقی کرنے والے ایشیائی ملکوں میں تجارت کو ظاہر کرتی ہے۔
- آسیان نے ایک آزاد تجارتی علاقہ (FTA) بنانے پر زور دیا ہے جو سرمایہ کاری، خدمات اور مزدوروں کے لیے واقف ہو۔
- امریکہ اور چین نے FTA کے معاملے میں ایسیان سے گفتگو کرنے میں دلچسپی ظاہر کی ہے۔
- 1991 کے بعد بھارت نے ''مشرق کی جانب'' کی پالیسی اختیار کی اور 2014 سے Look East کی پالیسی اپنائی۔
- بھارت آسیان کے ساتھ بھی FTA کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔ ہندوستان نے آسیان کے مما لک سنگاپور اور ملیشیا اور تھائی لینڈ کے ساتھ آزاد تجارت کا سمجھوتہ کیا ہے۔
- یہ ایشیا کی واحد ایسی تنظیم ہے جو ایشیائی ملکوں اور عالمی طاقتوں کو سیاسی اور دفاعی معاملات پر بات چیت کے لیے اسٹیج فراہم کرتی ہے۔
- آسیان کی اپنی اصل طاقت اپنے ممبر مما لک معاون ممبروں اور غیر علاقائی تنظیموں کے بیچ بات چیت اور صلاح کرنے کی پالیسی سے ہے۔
- آسیان نے کمبوڈیا کے ٹکراؤ کو ختم کیا۔
- آسیان نے مشرقی تیمور کے بحران کو سنبھالا۔

- BIMSTEC

(Bay of Bengal Initiative for Multi-Sectoral Technical and Economic Cooperation)

- اس میں 7 ممبر مما لک ہیں۔ ہندوستان۔ بھوٹان۔ نیپال۔ بنگلہ دیش۔ سری لنکا۔ میانمار اور تھائی لینڈ۔ پاکستان اس میں شامل نہیں ہے۔

- اس تنظیم کا مقصد تیز معاشی سماجی ترقی کو بڑھاوا دینے اور مشترکہ مفاد کے مدّوں پر تال میں قائم کرنے کے لیے ممبر ممالک کے بیچ مثبت ماحول بنانا ہے۔
- بنکاک اعلانیہ کے تحت 1997 میں اس علاقائی تنظیم کو قائم کیا گیا تھا۔

موجودہ وقت میں ہندوستان BIMSTEC پر زیادہ زور دے رہا ہے۔ سال 2018 میں اس کی چھوٹی کانفرنس کاٹھمنڈو (نیپال) میں منعقد کی گئی اس بیٹھک میں سرمایہ کاری۔ توانائی۔ تکنیکی۔ مچھلی پالن۔ آب وہوا کی تبدیلی۔ تہذیب و تمدن لوگوں کے نجی تعلقات وغیرہ کے بارے میں بحث کی گئی۔

5 ویں کانفرنس ستمبر 2020 میں کولمبو سری لنکا میں کی گئی اس کانفرنس کی پہلی 17 ویں وزراء کی سطحی بیٹھک کے ساتھ ہوگی۔ اور 21 سینئر افسروں کی بیٹھک کے ساتھ ختم ہوئی۔

1۔ روس:

سوویت یونین کے زوال سے پہلے روس سوویت یونین کا سب سے بڑا حصہ تھا رقبہ کے اعتبار سے بھی یہ دنیا کا سب سے بڑا ملک ہے۔ 1991 میں سوویت یونین کے زوال کے بعد روس سوویت یونین کا جانشین بنا۔

- عالمی سطح پر یہ ایک طاقتور ریاست ہے اس کے پاس معدنیات۔ قدرتی وسائل اور گیسوں کا بے پناہ ذخیرہ ہے۔ نیوکلیائی ہتھیاروں کا بڑا ذخیرہ ہے۔
- روس نیوکلیائی ہتھیاروں سے لیس ملک ہے۔
- یہ انجمن اقوام متحدہ کی سلامتی کاؤنسل جسے P-5 بھی کہا جاتا ہے کا ایک مستقل ممبر ہے۔ روس ہندوستان کے خاص دوستوں میں سے ایک ہے دونوں ممالک کے درمیان اچھے تجارتی تعلقات بھی ہیں۔

2۔ چین:

1949 میں ماؤ کی رہنمائی میں کمیونسٹ انقلاب کے بعد چین میں عوامی جمہوریہ کی تشکیل ہوئی۔ شروع میں یہاں معیشت سوویت نظام پر مبنی تھی۔

- **ماؤ کی قیادت میں چین کی ترقی**

1۔ چین میں سماج وادی ماڈل کھڑا کرنے کے لیے ایک عظیم صنعتی معاشی نظام کا مقصد سامنے رکھا۔ اس مقصد کو

حاصل کرنے کے لیے سبھی اداروں کو صنعتوں میں لگادیا گیا۔

2۔ چین اپنے شہریوں کو روزگار، صحت سے متعلق سہولیات اور سماجی فلاحی منصوبوں میں فائدے پہنچانے میں ترقی یافتہ ممالک سے بھی آگے نکل گیا لیکن چین کی بڑھتی ہوئی آبادی ترقی میں رکاوٹ پیدا کر رہی تھی۔

3۔ کھیتی باڑی پرانے طریقوں پر قائم ہونے کی وجہ سے وہاں صنعتوں کی ضرورتوں کو پورا نہیں کر پا رہی تھی۔

## • چین میں اصلاحات کی شروعات

1 چین نے 1972 میں امریکہ سے تعلقات قائم کر کے اپنی سیاسی اور معاشی خاموشی کو ختم کیا۔

2 1973 میں وزیراعظم ژواین لال نے زراعت، صنعت، فوج اور سائنسی ٹکنالوجی کے میدان میں جدیدت کا اعلان کیا۔

3 1978 میں اس وقت کے چینی رہنما ڈینگ زیاپنگ نے معاشی اصلاحات اور کھلے دروازے کی پالیسی کا اعلان کیا۔

4 1982 میں زراعت کو غیر ریاستی بنایا گیا۔

5 1998 میں صنعت بھی حکومت کے اثر سے آزاد ہوگئی۔ اس کے ساتھ ہی خصوصی معاشی علاقوں (SEZ) سے پابندیاں ہٹالی گئیں۔

6 چین 2001 میں عالمی تجارتی تنظیم میں شامل ہو گیا۔ اس طرح دوسرے ممالک کے لیے اپنا معاشی نظام کھولنے کی جانب چین نے ایک قدم اور بڑھایا۔

7 چین 2001 کے پاس غیر ملکی کرنسی کا عظیم ذخیرہ ہے۔

### • چین کی معیشت کا منفی پہلو

1 چین کی معاشی ترقی کا فائدہ سماج کے سبھی لوگوں کو حاصل نہیں ہوا۔

2 سرمایہ داری طریقوں کو اختیار کیے جانے سے وہاں بے روزگاری بڑھی ہے۔

3 وہاں خواتین کے روزگار اور کام کرنے کے حالات تسلی بخش نہیں ہیں۔

4 گاؤں اور شہر، ساحلی علاقوں اور اہم زمینی مقامات پر رہنے والے لوگوں کے درمیان آمدنی میں فرق بڑھ رہا ہے۔

5 ترقی کے اہم طریقوں نے ماحولیات کو کافی نقصان پہنچایا ہے۔

6 چین میں انتظامیہ اور سماجی زندگی کے درمیان بدعنوانی میں اضافہ ہوا ہے۔

## • چین دنیا میں نئی ابھرتی طاقت کی شکل میں

1 رقبہ کا اعتبار سے سب سے بڑا سائز۔

2 2001 میں عالمی تجارتی تنظیم کا ممبر بنا۔

3 دنیا کے لیے ایک بڑی معیشت ہے۔

4 جاپان امریکہ آسیان اور روس سبھی تجارت کے آگے چین کے بقیہ معاملات کو بھول چکے ہیں۔

5 1997 کے معاشی بحران کے بعد آسیان ممالک کی معیشت کو بنائے رکھنے میں چین کی معاشی ترقی میں کافی مدد کی ہے۔

6 چین نیوکلیائی طاقت سے بھرپور ملک ہے۔

7 چین سلامتی کونسل کا مستقل ممبر ہے۔

8 چین کے ذریعے لاطینی امریکہ اور افریقہ میں سرمایہ کاری پالیسیاں ظاہر کرتی ہیں کہ چین دنیا میں ایک نئی طاقت کی شکل میں ابھرا ہے۔

## • چین کے ساتھ ہندوستان کے تعلقات

### تنازعات کے میدان

1۔ 1950 میں تبت کو ہڑپنے اور ہندوستان چین سرحد پر چین کے ذریعے بستیاں بنانے سے دونوں کے تعلقات فوراً بگڑ گئے۔

2۔ اروناچل پردیش کے کچھ علاقوں اور لداخ کے اکسائی چین علاقہ پر مقابلتی دعووں کی وجہ سے 1962 میں ہندوستان ۔ چین جنگ ہوئی۔

3۔ 1962 کی جنگ میں ہندوستان کی ہار ہوئی اور ہندوستان چین تعلقات پر اس کا دیر تک اثر ہوا۔

4۔ 1976 تک دونوں ممالک کے ڈپلومیٹک تعلقات ختم ہی رہے۔

5۔ دونوں ممالک کے بیچ حالیہ وقت میں ہونے والے سرحدی تنازعے سے بھی تعلقات میں گراوٹ آئی۔

6۔ پاکستان کے نیوکلیائی ہتھیار پروگرام میں چین مددگار رہے۔

7۔ بنگلہ دیش میانمار سے چین کے فوجی تعلقات کو جنوبی ایشیا میں ہندوستان کے مفاد کے خلاف مانا جاتا ہے۔

8۔ انجمن اقوام متحدہ (UNO) میں ہندوستان دہشت گرد تجویز کے خلاف چین ویٹو کے حق کا استعمال کر کے پاکستان کو اپنی حمایت دیتا ہے۔

9۔ چین پاکستان معاشی گلیارا چین اور ہندوستان کے تعلقات میں گراوٹ لاتا ہے۔

## تعاون کے میدان

1۔ 1970 کی دہائی کے بیچ میں چین کی سیاسی رہنمائی بدلنے سے چین کی پالیسی میں تبدیلی ہوئی۔ چین نے نظریاتی مدعے کی جگہ پر عملیاتی مدعے مخصوص کیے اس لیے چین ہندوستان کے ساتھ تنازعات کے معاملات کو چھوڑ کر تعلقات کو سدھارنے پر آمادہ ہے۔

2۔ دونوں ممالک کے تعلقات کا سیاسی ہی نہیں بلکہ معاشی پہلو بھی ہے۔

3۔ دونوں ممالک ایشیا کی سیاست میں اور معیشت میں اہم کردار ادا کرنا چاہتے ہیں۔

4۔ دسمبر 1988 میں راجیو گاندھی کے ذریعے چین کا دورہ تعلقات کو سدھارنے کی کوشش۔

5۔ دونوں ممالک میں ثقافتی لین دین سائنس اور تکنیکی کے شعبے میں آپسی تعاون اور تجارت کے لیے سرحد پر پوسٹ کھولنے کے سمجھوتے کئے۔

6۔ 1995 سے ہندوستان چین تجارت تقریباً 30 فی صد سالانہ کی شرح سے بڑھ رہی ہے۔

7۔ 1992 میں ہندوستان چین کے بیچ 33 کروڑ 80 لاکھ ڈالر کی دوطرفہ تجارت ہوئی۔

8۔ غیر ممالک میں توانائی کا سودا حاصل کرنے کے معاملے میں بھی دونوں ممالک تعاون کے لیے تیار ہیں۔

9۔ آمدورفت اور مواصلاتی راستوں میں بڑھوتری، یکساں معاشی مفاد کی وجہ سے تعلقات مثبت ہوئے ہیں۔

10۔ چین اور ہندوستان کے لیڈ اور افسران اکثر دہلی اور بیجنگ کا دورہ کرتے ہیں۔

5۔ جاپان

ایشیا براعظم کے مشرق میں واقع ایک جزیرہ نما ملک۔

نیوکلیائی بم کی تباہی جھیلنے والا ایک واحد ملک۔

جاپان کے آئین کی دفعہ 9 کے مطابق بین الاقوامی تنازعات کو حل کرنے میں طاقت کے استعمال کو ہمیشہ کے لئے چھوڑنا۔

## • جاپان دورِ حاضر میں طاقت کے مرکز کی شکل میں

- جاپان کے پاس قدرتی وسائل کم ہیں۔ یہ کچے مال کی درآمد کرتا ہے۔اس کے باوجود تکنیکی چیز بنانے میں مشہور ہے۔Suzuki, Pansonic Hondai, Sony جاپانی برانڈ ہیں۔
- 1964 میں جاپان Organisation for Economic co-operation and Development (OECD) کا ممبر بنا۔ یہ 35 ممبر ممالک کی ایک معاشی تنظیم ہے جو معاشی ترقی اور عالمی تجارت کو بڑھاوا دینے کے لیے بنائی گئی ہے۔
- ایشیا کے ممالک میں جاپان بھی گروپ 7 کا ممبر ہے۔
- 2017 میں جاپان آبادی کے لحاظ سے دنیا میں 11واں مقام ہے۔
- UNO کے بجٹ میں Fund دینے والا جاپان دوسرا سب سے بڑا ملک ہے۔
- فوجی اخراجات کے لحاظ سے دنیا میں جاپان کا ساتواں مقام ہے۔

## • جنوبی کوریا

- کوریائی جزیزہ کو دوسری جنگ عظیم کے آخر میں میں جنوبی کوریا اور شمالی کوریا میں تقسیم کر دیا گیا تھا۔
- یہ ایشیا براعظم میں واقع ہے۔
- جنوبی کوریا کی راجدھانی Seoul ہے۔ جہاں سے Han ندی ہوکر گزرتی ہے۔

## • دورِ حاضر میں جنوبی کوریا طاقت کے مرکز کی شکل میں

1۔ 1960 کی دہائی سے 1980 کی دہائی کے بیچ جنوبی کوریا میں تیزی سے معاشی طاقت میں ترقی ہوئی۔ جسے ہان ندی پر کرشمہ کہا جاتا ہے۔

2۔ 1996 میں جنوبی کوریا OECD کا ممبر بنا

3۔ 2017 میں جنوبی کوریا کی معیشت دنیا کی 11 ویں سب سے بڑی معیشت ہے۔

4۔ فوجی اخراجات کے لحاظ سے دنیا میں جنوبی کوریا کا دسواں نمبر ہے۔

5۔ انسانی ترقیاتی رپورٹ کے مطابق دنیا میں جنوبی کوریا کا HDI، 18 ویں نمبر پر ہے۔

6۔ جنوبی کوریا کی اعلیٰ انسانی ترقی کے لیے ذمہ دار عوامل میں کامیاب زمینی اصلاح دیہی ترقی۔ وسیع انسانی وسائل کی ترقی تیز معاشی اضافہ شامل ہیں۔

7۔ جنوبی کوریا اعلیٰ ٹیکنالوجی کے لیے مشہور ہے Samsung۔LG۔Hundai ہندوستان میں مشہور جنوبی کوریا کے برانڈ ہیں۔

**ایک نمبر کے سوالات**

1۔ تیزی سے ہوئی معاشی طاقت کی ترقی ''ہان ندی پر کرشمہ'' مندرجہ ذیل میں کس ملک سے متعلق ہے؟

(A) شمالی کوریا (B) جنوبی کوریا (C) چین (D) جاپان

2۔ مندرجہ ذیل کو ترتیب سے منظّم کیجیے۔

(i) چین کے ذریعے تبت پر قبضہ (ii) یوروپین یونین کا قیام

(iii) آسیان کا قیام (iv) چین میں کھیتی کا نجی کاری

**صحیح متبادل کو چنئے۔**

(A) (i) (ii) (iii)اور(iv) (B) (i) (iv) (ii)اور(iii)

(C) (i) (iii) (iv)اور(ii) (D) (ii) (iii) (i)اور(iv)

**مندرجہ ذیل سوال نمبر 3 اور 4 کے لیے ہدایت**

(A) دعویٰ A اور وجہ R دونوں صحیح ہیں اور وجہ R دعویٰ A کی صحیح وضاحت ہے۔

(B) دعویٰ Aاور وجہ R دونوں صحیح ہیں اور وجہ R دعویٰ A کی صحیح وضاحت نہیں ہے۔

(C) دعویٰ A صحیح ہے لیکن وجہ R غلط ہے۔

(D) دعویٰ A غلط ہے لیکن وجہ R صحیح ہے۔

3۔ دعویٰ (A): یوروپین یونین کے جھنڈے پر سونے کے رنگ کے 12 ستاروں کا دائرہ ہے۔

وجہ (R) 12 عدد وہاں رسمی طور سے تکمیل ۔اتحاد و اتفاق کی نشانی مانا جاتا ہے۔

4۔ دعویٰ 1767 میں جنوبی مشرقی ایشیا کے 10 ممالک نے بنکاک اعلانیہ پر دستخط کر کے آسیان کی تشکیل کی۔

وجہ (R) آسیان کی تشکیل کا خاص مقصد معاشی ترقی کو تیز کرنا تھا۔

5۔ مندرجہ ذیل خالی جگہ کو دیئے گئے کسی ایک متبادل سے بھریے

آسیان نے آسیان شیلی کے ذریعے................. کے ٹکراؤ کو ختم کیا۔

(A) کمبوڈیا (B) جاپان (C) جنوبی کوریا (D) چین

6۔ یوروپین یونین کی کرنسی کا نام کیا ہے؟

(A) ڈالر (B) پونڈ (C) روبل (D) یورو

7۔ مندرجہ ذیل میں سے کون سا بیان غلط ہے؟

(A) آسیان کی تشکیل 5 ممالک نے مل کر کی ہے۔ (B) حال میں اس کے ممبروں کی تعداد 10 ہے۔

(C) آسیان کے کام کاج میں اقتدار اعلیٰ کا احترام کرنا اہم ہے۔ (D) 1992 میں آسیان علاقائی منچ کا قیام ہوا۔

8۔ تاریخی اعتبار سے ان سب کو ترتیب دیجیے۔

(i) چین کی عالمی تجارتی تنظیم میں شمولیت (ii) چین میں کھیتی کی نجی کاری۔

(iii) چین نے کُھلے دروازے کی پالیسی اپنائی (iv) چین نے سیاسی اور معاشی اکیلے پن کا خاتمہ کیا۔

صحیح متبادل کو چنئے۔

(A) (iv) (iii) (ii) اور (i) (B) (iii) (ii) (i) اور (iv)

(C) (i) (ii) (iv) اور (iii) (D) (iii) (iv) (i) اور (ii)

9۔ میلان کیجیے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| (i) | امریکہ کے ذریعے یوروپ کی تشکیل نو میں معاشی امداد | (A) | ڈنمارک اور سویڈن |
| (ii) | بنکاک اعلانیہ کے ذریعے قیام | (A) | فرانس |
| (iii) | کرنسی یورو کو ماننے سے انکار | (A) | مارشل منصوبہ |
| (iv) | انجمن اقوام متحدہ کی سلامتی کاؤنسل کا مستقل ممبر | (A) | آسیان |

صحیح متبادل کو چنئے۔

A C۔i، D۔ii، A۔iii، B۔iv

B D۔i، C۔ii، A۔iii، B۔iv

C A۔i، D۔ii، B۔iii، C۔iv

D B۔i، D۔ii، A۔iii، C۔iv

## دونمبر کے سوالات

1۔ علاقائی تنظیم کے معنی بتائیے۔

2۔ علاقائی تنظیموں کے اُبھرنے کی وجہ بتائیے۔

3۔ چین کی نئی معاشی پالیسی نے کن دو طریقوں سے چین کی معیشت کو فائدہ پہنچایا۔

4۔ مارشل پلان سے آپ کیا سمجھتے ہیں۔

5۔ آسیان کے بانی ممالک کون سے تھے؟

## چار نمبر کے سوالات

1۔ علاقائی تنظیموں کے بنانے کے خاص مقاصد کیا ہیں؟

2۔ یوروپین یونین کی کیا چیزیں اسے ایک کمزور علاقائی تنظیم بناتی ہیں؟

3۔ چین کی نئی معاشی پالیسی نے کن چار طریقوں سے چین کی معیشت کو فائدہ پہنچایا؟

4۔ دور حاضر کے طاقت کے مراکز کے ذریعے مختلف ممالک میں خوش حال معیشتوں کے لیے اپنائے گئے کردار کی وضاحت کیجیے۔

5۔ آسیان وژن 2020 کی اہم خصوصیات کیا ہیں؟

- اقتباس 1

نیچے دیئے گئے اقتباس کو دھیان سے پڑھئے اور دیے گئے سوالوں کے جواب دیجیے۔

Sony, Panasonic, Canan, Suzuki, Hunda جیسے مشہور جاپانی برانڈوں کے نام آپ نے ضرور سنے ہوں گے اعلیٰ تکنیکی کی چیزیں بنانے کے لیے ان کے نام مشہور ہیں۔ جاپان کے پاس قدرتی وسائل کم ہیں۔ اور وہ زیادہ تر کچے مال کو درآمد کرتا ہے۔ اس کے باوجود دوسری جنگ عظیم کے بعد جاپان نے بڑی تیزی سے ترقی کی جاپان کی معیشت دنیا کی دوسری سب سے بڑی معیشت ہے۔ آبادی کے لحاظ سے دنیا میں جاپان کا دسواں نمبر ہے۔ یہ نیوکلیائی بم کی تباہی جھیلنے والا ایک واحد ملک ہے۔ جاپان UNO کے بجٹ میں 20 فیصد کا تعاون دیتا ہے۔ 1951 سے جاپان کا امریکہ کے ساتھ دفاعی گٹھ بندھن ہے۔

1۔ نیوکلیائی بم کی تباہی جھیلنے والا دنیا کا ایک واحد ملک .................. ہے۔

(a) امریکہ (b) جرمنی

(c) جاپان (d) روس

2۔ کس ملک کے معیشت دنیا کی سب سے بڑی معیشت ہے؟

(a) فرانس (b) جرمنی

(c) اٹلی (d) جاپان

3۔ جاپان کا کس ملک کے ساتھ دفاعی گٹھ بندھن ہے؟

(a) آسٹریلیا (b) چین

(c) روس (d) امریکا

4۔ آبادی کے لحاظ سے جاپان کو دنیا میں کونسا مقام حاصل ہے؟

(a) 10واں (b) 11واں

(c) 12واں (d) 13واں

5۔ نیچے دیئے گئے نقشے میں چار جگہوں کو (A)(B)(C)(D) کے ذریعے دکھایا گیا ہے۔ نیچے دی گئی معلومات کی بنا کر ان کو پہچانیے اور ان کے صحیح نام ترتیب وار اور اس سے متعلق حروف بھی لکھیں۔

A۔ یوروپین یونین کا ایک پرانا ممبر ملک۔

B۔ یوروپین یونین کا ایک نیا ممبر ملک۔

C۔ یوروپین یونین کا وہ ملک جو سلامتی کا ؤنسل کا مستقل ممبر ہے۔

D۔ وہ ملک جو 2016 میں ہوئی رائے شماری کے بعد یوروپین یونین سے الگ ہو گیا۔




4۔ نیچے دیے گئے کارٹون کا مطالعہ کریں اور سوالات کا جواب دیں۔




(i) دیئے گئے کارٹون میں سائیکل کی علامت کس ملک کی معیشت کو دکھاتا ہے؟

(ii) سائیکل کے آگے کے پہیے میں دیا گیا علامتی نشان کس نظریہ کو دکھا رہا ہے۔

(iii) سائیکل کے پیچھے کے پہیے میں دی گئی علامت کس ملک کی کرنسی کو دکھاتی ہے۔

(iv) 1972 میں چین نے کس ملک کے ساتھ تعلقات بنا کر اپنے سیاسی اور معاشی اکیلے پن کو ختم کیا۔

## چھ نمبر والے سوالات

1۔ آسیان برداری کے تین اہم ستونوں کی ان کے مقاصد کے ساتھ وضاحت کیجیے۔

2۔ چین کے ذریعے اپنی معیشت کے عروج کے لیے اٹھائے گئے کوئی تین قدم کی وضاحت کیجیے۔

3۔ یوروپین یونین کی ایک معاشی تنظیم سے پروان چڑھتی ہوئی سیاسی تنظیم کی وضاحت کیجیے۔

4۔ 21ویں صدی کا جاپان دور حاضر کے طاقت کے مرکز کی شکل میں ابھر رہا ہے اس بیان کے حق میں دلیل دیجیے۔

## ایک نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ B جنوبی کوریا

2۔ (C) (i) (iii) (iv) اور (ii)

3۔ (A) دعویٰ (A) اور وجہ (R) دونوں صحیح ہے اور وجہ (R) دعویٰ کی صحیح وضاحت ہے۔

4۔ (D) دعویٰ A غلط ہے اور وجہ R صحیح ہے۔

5۔ (A) کمبوڈیا

6۔ (D) یورو

7۔ (D) 1992 میں آسیان علاقائی منچ کی تشکیل کی گئی۔

8۔ (A) (iv) (iii) (ii) اور (i)

9۔ (A) C-i، D-ii، A-iii، B-iv

## دونمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ علاقائی تنظیم اقتدار والے ممالک کی رضا کارانہ کمیونٹی کی ایک تنظیم ہے۔ جو ایک مقررہ رقبہ کے اندر رہو اور ان میں تمام شامل ممالک کا مفاد ہو اور اس رقبہ میں شامل ممالک میں کسی کے ساتھ بھی حملے کی کارروائی نہ ہو۔

2۔ سوویت یونین کے زوال کے بعد دنیا میں امریکہ کا دبدبہ قائم ہو گیا ہے۔ کچھ ملکوں کی تنظیموں کی ابتدا طاقت کے نئے مراکز کی شکل میں ہوئی ہے۔ یہ تنظیمیں امریکہ کی قیادت کو محدود کریں گی کیوں کہ یہ تنظیمیں سیاسی اور معاشی نقطہ نظر سے کافی طاقتور یا بااثر ہو رہی ہیں۔

3۔ 1945 کے یوروپی ملکوں میں میل ملاپ اور امریکہ کے ذریعے سرد جنگ کے دوران معاشی نظام کی تشکیل نو کے لیے مدد

4۔ انڈونیشیا، ملیشیا، فلپنس، سنگاپور، تھائی لینڈ

5۔ (i) 1972 میں امریکہ سے سیاسی و معاشی تعلقات قائم کیے۔

(ii) 1978 میں کھلے دروازے کی پالیسی کا اعلان کیا۔

(iii) زراعت، صنعت، فوج اور سائنس ٹکنالوجی کے میدان میں۔

## چار نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ (i) ممبران ممالک میں یکجہتی کے جذبے کا مضبوط ہونا۔

(ii) علاقائی امداد کو فروغ دینا۔

(iii) ممبران ممالک کے درمیان تجارت کو بڑھانا۔

(iv) اپنے رقبے میں امن وامان قائم رکھنا اور دوستی کو بڑھانا۔

(v) مسائل کو آپسی بات چیت کے ذریعے حل کرنا

2۔ (i) کبھی کبھی ممبران ملکوں کے ذریعے غیر ملکی اور سیاسی پالیسیوں کا ایک دوسرے کے خلاف استعمال

(ii) ایک آئین بنانے کی کوشش ناکام

(iii) ڈنمارک اور سویڈن کے ذریعے ماسٹریٹ معاہدے اور یوروکرنسی کی مخالفت

(iv) کئی ممبران ممالک امریکہ کے گٹ میں شامل ہیں

3۔ (i) کھلے دروازے کی پالیسی

(ii) زراعت کو نجی ملکیت میں لے کر

(iii) تجارت کے نئے اصول اور معاشی میدانوں میں اصلاحات

(iv) دیہی معیشت میں نجی بچت کو فروغ حاصل ہوا

4۔ ■ یک محوری دنیا میں امریکی دبدبہ کو ختم کرنے کے لیے طاقت کے نئے مراکز کا ہونا ضروری ہے

■ یوروپین یونین، ایسیان، ناوابستہ تحریک اور سارک جیسے طاقت کے نئے مراکز نے علاقائی سطح پر زیادہ پرامن اور خوش گوار معاشی نظام کو شکل دینے میں اہم رول ادا کیا۔

5۔ (i) بین الاقوامی برادری میں ایک وسیع النظر کردار کو اوّلیت دینی ہے۔

(ii) ٹکراؤ کی جگہ بات چیت کو بڑھاوا دینے کی پالیسی اپنائی جاتی ہے۔

(iii) دنیا تیزی سے بدل رہی ہے اس لئے آسیان ممالک کو اپنی معیشت میں اور زیادہ نرم کاری لانی ہوگی۔

(iv) 2020 تک نہ صرف تجارت بلکہ سرمایہ کاری اور خدمات کے میدان میں بھی آسیان ممالک پوری طرح سے ایک بازار بن جائیں گے۔

5۔ **چین کے تناظر میں :**

- عالمی سطح پر چین ایک بڑی معاشی طاقت بن چکا ہے۔ جاپان، امریکہ، روس کے ساتھ اپنے اختلافات کو کچھ حد تک سدھار لیا ہے۔
- لاطینی امریکہ اور افریقی ممالک میں اپنا سرمایہ لگا رہا ہے
- عالمی تجارتی تنظیم کا ممبر بھی ہے

**ہندوستان کے تناظر میں :**

- ہندوستان نیوکلیائی طاقت سے بھرپور ملک ہے
- بین الاقوامی سیاست میں بھی ہندوستان کا اہم کردار ہے
- ہندوستان برکس کا ممبر ملک ہے
- ہندوستان نے COVID میں بنگلہ دیش، بھوٹان وغیرہ ملکوں کو ویکسین بھیج کر مدد کی۔ اور بین الاقوامی سطح پر اس امراض کے لیے مدد کی

## اقتباس پر مبنی سوالوں کے جواب

1۔ (i) c (ii) d (iii) a (iv) a

## اقتباس 2 جواب

(i) 1972 (ii) زراعت صنعت، سائنس وٹیکنالوجی

(iii) 1978 میں (iv) Deng Xioling

## نقشہ پر مبنی سوال کے جواب

2۔ 1 — C — آئرلینڈ

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 2 | — | A | — | پولینڈ |
| 3 | — | B | — | فرانس |
| 4 | — | D | — | برٹین |

## کارٹون پر مبنی سوال کے جواب

2۔ (i) چین کی معیشت

(ii) کمیونزم

(iii) امریکہ

(iv) امریکہ

## چھ نمبر کے سوالات کے جوابات

1۔ آسیان نے تین ستونوں کی بنا پر آسیان برادری بنانے کی سمت میں قدم اُٹھائے 2003 میں آسیان نے آسیان تحفظی برادری۔ آسیان معاشی برادری۔ آسیان سماجی اور ثقافتی برادری نامی تین ستون بنائے آسیان تحفظی برادری کا مقصد علاقائی جھگڑوں کو فوجی ٹکراؤ تک نہ لے جایا جائے۔ آسیان معاشی برادری کا مقصد آسیان ممالک کا مشترکہ بازار اور آسیان ممالک کے درمیان صنعتی مرکز کا قیام اور علاقے کی سماجی اور معاشی ترقی میں تعاون دینا۔ آسیان سماجی ثقافتی برادری کا مقصد اس علاقے میں ٹکراؤ کی جگہ بات چیت اور تعاون کو بڑھاوا دینا

2۔ چین میں اصلاحات میں سے جواب لکھیں۔

3۔ یوروپین یونین کی خصوصیات معاشی اور سیاسی اثرات میں سے جواب لکھیں

4۔ جاپان طاقت کے دورِ حاضر مرکز کی شکل میں جواب لکھیں۔

# باب۔ تین

# دورِ حاضر میں جنوبی ایشیا

## یاد رکھنے لائق نکات

- جنوبی ایشیا دنیا کا اہم علاقہ ہے۔اس میں شامل سات ممالک ہندوستان، پاکستان، نیپال، بھوٹان، بنگلہ دیش، سری لنکا، مالدیپ کو جنوبی ایشیا کا نام دیا گیا ہے۔اب اس میں میانمار اور افغانستان کو بھی شامل کیا جاتا ہے۔جنوبی ایشیا کے ممالک میں آپس میں تعاون اور تنازعات کا دور چلتا رہتا ہے۔
- چین کو جنوبی ایشیا کے ممالک میں شمار نہیں کیا گیا ہے۔
- شمال میں ہمالیہ پہاڑ جنوب میں بحرِ ہند۔مغرب میں بحرِ عرب اور مشرق میں موجود خلیج بنگال جنوبی ایشیا کو جغرافیائی خصوصیات عطا کرتے ہیں۔

## جنوبی ایشیا کے ممالک کے سیاسی نظام۔

- بھارت اور سری لنکا میں آزادی کے بعد سے ہی جمہوری نظام پایا جاتا ہے۔
- پاکستان اور بنگلہ دیش میں کبھی جمہوری اور کبھی فوجی نظام حکومت رہا ہے۔
- نیپال میں 2006 تک آئینی بادشاہت تھی اور بعد میں جمہوری نظام بحال ہوا ہے۔
- بھوٹان میں 2008 میں آئینی بادشاہت قائم ہوئی۔
- جنوبی ایشیا کے لوگ جمہوریت کو اچھا سمجھتے ہیں اور نمائندہ جمہوری اداروں کی حمایت کرتے ہیں۔
- جنوبی ایشیا کی جمہوریت کے تجربوں سے جمہوریت کے بارے میں قائم یہ یقین ٹوٹ گیا ہے کہ جمہوری نظام صرف دنیا کے امیر ممالک میں ہی پھل پھول سکتا ہے۔

## پاکستان

- پاکستان کا پہلا آئین بننے کے بعد جنرل ایوب خان نے حکومت اپنے ہاتھ میں لے لی اور جلد ہی خود کو انتخاب میں کامیاب کرا لیا۔
- اُن کی حکومت کے خلاف عوام کا غصہ بھڑکا اور جنرل یحییٰ خان نے حکومت کی باگ ڈور سنبھالی اور فوجی حکومت قائم کی۔
- یحییٰ خان کی فوجی حکومت کے دوران پاکستان کو بنگلہ دیش بحران کا سامنا کرنا پڑا اور 1971 کی ہندوستان پاکستان جنگ ہوئی۔
- مشرقی پاکستان۔ پاکستان سے الگ ہو گیا اور بنگلہ دیش کے نام سے ایک آزاد ملک بنا۔
- 1971 سے 1977 تک ذوالفقار علی بھٹو کی رہنمائی میں ایک منتخب حکومت بنی۔
- جنرل ضیاء الحق نے 1977 میں اس حکومت کو ہٹا دیا اور فوجی حکومت قائم کی۔
- 1982 کے بعد جنرل ضیاء الحق کو مستقل طور سے جمہوری پسند تحریکوں کا سامنا کرنا پڑا۔
- 1988 میں بے نظیر علی بھٹو کی رہنمائی میں جمہوری حکومت بنی۔
- منتخب جمہوریت کا یہ نظام 1999 تک قائم رہا۔
- 1999 میں جنرل پرویز مشرف نے وزیر اعظم نواز شریف کو ہٹا دیا اور 2001 میں پرویز مشرف نے اپنا انتخاب صدر کی شکل میں کیا۔
- 2008 سے پاکستان میں جمہوری طریقے سے چنے گئے لیڈر حکومت کر رہے ہیں۔

## پاکستان میں جمہوریت کے مستحکم نہ ہونے کی وجوہات

1۔ یہاں فوج، مذہبی رہنما اور زمینداروں کا سماجی دبدبہ ہے۔ جس کی وجہ سے نامزد حکومتوں کو گرا کر فوجی حکومت قائم ہوئی

2۔ پاکستان کا ہندوستان کے ساتھ تناؤ رہتا ہے جسکی وجہ سے فوجی حمایتی گروہ زیادہ مظبوط ہے۔

3۔ بین الاقوامی حمایت کی بھی کمی ہے۔

4۔ امریکہ اور مغربی ممالک میں اپنے لالچ سے بھرے وقت میں پاکستان میں فوجی حکومت کو بڑھاوا دیا۔

پاکستان میں جمہوریت کا جذبہ مضبوطی سے قائم رہنے کی وجہ

1۔ پاکستان مضبوط اور باہمت پریس موجود ہے۔

2۔ پاکستان میں انسانی حقوق کی تحریکیں بھی کافی مظبوط ہیں۔

## بنگلہ دیش

- 1947 سے 1971 تک بنگلہ دیش پاکستان کا حصہ تھا۔
- 1947 سے 1971 تک اسے مشرقی پاکستان کے نام سے جانا جاتا ہے۔
- برطانوی حکومت کے وقت کے بنگال اور آسام کے تقسیمی حصوں سے مشرقی پاکستان کا یہ علاقہ بنا تھا۔
- اس علاقے کے لوگ مغربی پاکستان کے دبدبے اور اپنے اوپر اردو زبان کو لادے جانے کے خلاف تھے۔
- اس علاقے کے لوگوں نے بنگالی تہذیب اور زبان کے ساتھ کئے جانے والے برے سلوک کے خلاف مخالفت کرنی شروع کریں۔
- اس علاقے کی عوام نے سیاسی اقتدار میں مکمل شرکت کی مانگ کی۔
- اس علاقے کی عوام نے انتظامیہ میں بھی اپنی منصفانہ نمائندگی کی مانگ کی۔
- مغربی پاکستان کے اقتدار کے خلاف عوامی جدوجہد کی رہنمائی شیخ مجیب الرحمٰن نے کی۔
- 1970 کے چناؤ میں شیخ مجیب الرحمٰن کے رہنمائی والی عوامی لیگ کو مشرقی پاکستان کی ساری سیٹوں پر جیت حاصل ہوئی۔
- عوامی لیگ کو پورے پاکستان کے لیے آئین ساز اسمبلی میں اکثریت حاصل ہوگئی۔
- لیکن حکومت پر مغربی پاکستان کے رہنماؤں کا دبدبہ تھا۔ اور حکومت نے اس کی اسمبلی کی اپنانے سے منع کر دیا۔
- شیخ مجیب الرحمٰن کو گرفتار کر لیا گیا۔
- جنرل یحیٰی خان کی فوجی حکومت میں پاکستانی فوج نے بنگالی عوام کی تحریک کو کچلنے کی کوشش کی۔
- ہزاروں لوگوں پاکستانی فوج کے ہاتھوں مارے گئے۔
- مشرقی پاکستان سے بڑی تعداد میں لوگ ہندوستان آ گئے۔
- ہندوستان کے سامنے (شنارتھیوں) مہاجرین کو سنبھالنے کا مسئلہ پیدا ہوا۔

- ہندوستان کی حکومت نے مشرقی پاکستان کے لوگوں کی آزادی کی مانگ کی حمایت کی اور انہوں نے مالی اور فوجی مدد دی۔
- نتیجتاً 1971 میں ہندوستان اور پاکستان کے بیچ جنگ شروع ہوگئی۔
- جنگ کا اختتام مشرقی پاکستان میں پاکستان کی فوج کے ہتھیار ڈالنے اور ایک آزاد ملک بنگلہ دیش کی تشکیل کے ساتھ ہوا۔
- بنگلہ دیش نے اپنا آئین بنا کر ملک کو ایک سیکولر جمہوری اور سماجوادی بنا دیا۔
- شیخ مجیب الرحمٰن میں آئین میں ترمیم کرائی اور پارلیامانی نظام کی جگہ پر صدارتی نظام کو منظوری دی۔ انہوں نے اپنی پارٹی عوامی لیگ کو چھوڑ کر باقی سبھی پارٹیوں کو ختم کر دیا۔

  1975 میں فوج نے شیخ کے خلاف بغاوت کی ان کو قتل کر دیا۔
- نئے فوجی حکمراں ضیاء الرحمٰن نے اپنی نیشنل پارٹی بنائی اور 1979 کے چناؤ میں کامیاب ہوئے۔
- ضیاء الرحمٰن کو قتل کر دیا گیا اور جنرل ایچ۔ ایم۔ ارشاد کی قیادت میں فوجی حکومت قائم ہوئی۔
- بنگلہ دیش میں عوام کے جمہوریت کے مطالبے پر چناؤ کرائے گئے اور جنرل ارشاد پانچ سال کے صدر منتخب ہوئے۔
- 1990 میں عوام کی وسیع مخالفت کی وجہ سے جنرل ارشاد کو صدر کا عہدہ چھوڑنا پڑا۔
- 1991 میں چناؤ ہوئے اس کے بعد سے بنگلہ دیش میں کثیر جماعتی نظام کے تحت جمہوریت قائم ہوئی۔

## <u>نیپال میں بادشاہت اور جمہوریت</u>

- نیپال میں ایک طویل مدت تک راجا اور جمہوری نظام کی حمایت کرنے والوں میں جدوجہد چلتی رہی۔ نیپال کی سیاست میں آج ماؤوادی کافی اثر انداز ہو رہے ہیں۔
- نیپال میں راجا کی فوج، جمہوریت کے حامی اور ماؤوادیوں کے درمیان طویل جدوجہد رہی۔ 2008 میں نیپال میں تانا شاہی کو ختم کرنے کے بعد جمہوریت قائم ہوئی۔ 2015 میں نیا آئین بنا۔
- مضبوط جمہوریت حامی تحریک کے دباؤ میں راجا نے 1990 میں نئے جمہوری آئین کی مانگ کو مان لینا اور اس طرح 2008 میں نیپال میں بادشاہت کو ختم کرنے کے بعد جمہوریت قائم ہوگئی۔

## سری لنکا

- 1987 میں ہندوستانی حکومت سری لنکا کے تمل مسئلے میں براہ راست شامل ہوئی ہندوستان کی حکومت نے سری لنکا سے سمجھوتا کیا اور دونوں کے بیچ تعلقات اچھے بنانے کے لیے فوج کو بھیجا۔
- ہندوستان کی فوج کی حاضری کو سری لنکا کی عوام نے پسند نہیں کیا۔
- 1989 میں ہندوستان نے اپنی امن فوج بغیر مقصد حاصل کئے واپس بلائی۔
- ناروے اور آئس لینڈ ممالک نے بین الاقوامی ثالث کا کردار ادا کیا۔
- آخر کار 2009 میں لٹھے کو ختم کرنے سے سالوں سے چلی آرہی جدوجہد بھی ختم ہو گئی۔اس وقت سری لنکا شدید معاشی بحران میں ہے۔

## مالدیپ میں سلطنت اور جمہوریت

- یہ 1968 تک سلطنت ہوتی تھی۔
- 1968 میں ایک جمہوریہ بنا اور حکومت کا صدارتی نظام اپنایا گیا۔
- 2005 کے جون میں مالدیپ کی پارلیمنٹ نے کثیر پارٹی نظام کو اپنانے کے حق میں ایک ووٹ سے انتخاب کیا۔
- (MDP) مالایوین ڈیموکریٹک پارٹی کا ملک کے سیاسی معاملات میں غلبہ ہے۔
- 2005 کے چناؤ کے بعد مالدیپ میں جمہوریت مضبوط ہوئی ہے کیونکہ اس چناؤ میں اپوزیشن پارٹی کو قانونی منظوری دے دی گئی۔

## ہندوستان اور پاکستان

1۔ تقسیم کے بعد کشمیر تناؤ کے باوجود ہندوستان اور پاکستان کی حکومتوں نے مل کر بہت کوشش کی ہے کہ بٹوارے کے وقت جن خواتین کا اغوا ہوا تھا انہیں ان کے خاندان کے پاس واپس لوٹایا جا سکے۔

2۔ 1960 میں عالمی بینک کی مدد سے ہندوستان اور پاکستان نے سندھ آبی معاہدے پر دستخط کئے ہیں۔

3۔ کرتارگلیارے سے دونوں ممالک کے تعلقات میں سدھار کی امید ہے۔

دونوں کے بیچ کچھ تناؤ کے مدّے بھی ہیں:

- Sir Creek لائن سیاچین گلیشیئر اور کشمیر دونوں کے بیچ تناؤ کا علاقہ ہے۔
- پاکستان پر الزام ہے کہ وہ کشمیری دہشت گردوں کو ہتھیار۔ تربیت اور پیسہ دیتا ہے۔
- پاکستان کی خفیہ ایجنسی (ISI) بنگلہ دیش کے خفیہ ٹھکانوں سے شمال مشرقی ہندوستان میں ہندوستان مخالف سرگرمیوں میں ملوث ہے۔
- ہندوستان پر دہشت گردانہ حملے کے لیے پاکستان دہشت گردوں کو تحفظ دیتا ہے۔

## ہندوستان اور بنگلہ دیش

1971 میں بنگلہ دیش کے بننے میں ہندوستان نے مثبت کردار ادا کیا تھا۔ اور مغربی پاکستان کی فوجوں کو ہرا کر مشرقی پاکستان کے لوگوں کو آزادی دلائی۔ لیکن کچھ سالوں بعد بنگلہ دیش کے ساتھ کئی معاملات پر تنازعے پیدا ہوئے۔ جو مختصراً ہیں:

- ہندوستان اور بنگلہ دیش کے بیچ ایک تنازعہ توبرہم پتر ندی اور گنگا ندی کے پانی سے متعلق ہے۔
- بنگلہ دیش سے لاکھوں لوگ غیر قانونی طور پر ہندوستان میں آتے رہتے ہیں۔ ہندوستان کے تحفظ اور معیشت پر اس کا برا اثر پڑتا ہے۔ بنگلہ دیش انہیں روکنے کی کوشش نہیں کرتا۔
- بنگلہ دیش ہندوستان مخالف اسلامی کٹر فرقوں اور دہشت گروں کو پناہ دیتا ہے۔ ان کے خلاف کوئی کارروائی نہیں کرتا۔
- بنگلہ دیش کی سرحد پر تعینات فوجی ہندوستانی سرحد پر تعینات فوجیوں سے جھگڑتے رہتے ہیں۔ اور دونوں کے آپسی تعلقات کو ناخوشگوار بنانے میں اہم کردار نبھاتے ہیں۔

ان سبھی تنازعات کے باوجود دونوں ممالک کئی مقامات میں تعاون بھی کرتے ہیں۔

- ہندوستان نے ''مشرق کی طرف دیکھو'' پالیسی میں بنگلہ دیش کو اپنے ساتھ شریک کیا ہے۔
- قدرتی آفات، ماحولیات، معاشی تعاون اور مشترکہ حقہ داری کے ذریعے دونوں ممالک ایک دوسرے کے قریب آئے ہیں۔

- تعلیم اور ثقافت کے شعبہ میں لین دین بڑھا ہے۔ رسل اور رسائل اور آمد و رفت کے شعبے میں بھی آپسی تعاون پر زور دیا گیا ہے۔

## ہندوستان اور بھوٹان

- ہندوستان اور بھوٹان کے بیچ تعلقات خوشگوار ہیں شمال مشرقی ہندوسان کے انتہاء پسندوں اور گوریلا بھوٹان نے اپنے علاقے سے بھگایا۔
- ہندوستان اور بھوٹان پن بجلی کے بڑے منصوبے میں ساتھ دے رہا ہے ہندوستان بھوٹان کو ترقیاتی کاموں کے لیے فنڈس بھی دیتا ہے۔

## ہندوستان اور نیپال

- ہندوستان اور نیپال کے بیچ تعلقات اچھے ہیں۔ معاہدے کے مطابق دونوں مما لک کے شہری ایک دوسرے کے ملکوں میں بنا پاسپورٹ اور ویزا کے آجا سکتے ہیں۔ اور کام کر سکتے ہیں۔ نیپال اپنی معاشی ترقی کے لیے ہندوستان کی مدد پر منحصر ہے۔
- دونوں مما لک نے تجارت، سائنسی تعاون، مشترکہ قدرتی وسائل، بجلی کی پیداوار اور پانی کے انتظام وغیرہ پر ایک دوسرے کے ساتھ تعاون کیا ہے۔
- غیر ملکی تجارت کی سہولیات اور ہندوستان کے ذریعے اسپتال بنانے کی سہولیات۔
- ہندوستان نے نیپال میں سڑکوں کی تعمیر کی ہے۔ نیپال کا پہلا ہوائی اڈا بھی ہندوستان نے ہی بنا کر دیا ہے۔

**دونوں مما لک کے بیچ تناؤ کے مدّے بھی ہیں۔**

- نیپال کی کمیونسٹ پارٹی کا جھکاؤ چین کی طرف ہے۔ جس سے دونوں کے بیچ شک کے حالات پیدا ہو جاتے ہیں۔
- نیپال کی چین کے ساتھ دوستی کو لے کر ہندوستان کی حکومت نے ناخوشی ظاہر کی ہے۔
- نیپال کے ذریعے ہندوستانی کی حکومت پر اندرونی معاملات میں دخل دینے کا الزام۔

- چاروں طرف زمین سے گھرے نیپال کو لگتا ہے کہ ہندوستان اس کو اپنے زمینی علاقے سے ہو کر سمندر تک جانے سے روکتا ہے۔

## ہندوستان اور سری لنکا

ہندوستان اور سری لنکا کے بیچ تناؤ کی صرف ایک ہی وجہ ہے۔تمل مسئلہ۔سری لنکا میں نسلی تنازعہ ہے۔جس میں اقلیتی تمل اکثریتی سنہالیوں کے ساتھ جھگڑا کرتے رہے ہیں۔ 1987 کی فوجی مداخلت (جب ہندوستان نے سری لنکا کے کہنے پر ہندوستان سے امن فوج بھیجی اور سنہالی لوگوں نے اسے سری لنکا کے اندرونی معاملات میں دخل اندازی مانا) کے بعد ہندوستان نے علیحدگی کی پالیسی کو اپنایا ہے۔اس کے باوجود دونوں ممالک نے (Free Trade) آزاد تجارت پر سمجھوتے بھی کیے ہیں۔سنامی کے قہر کے بعد ہندوستان کے سری لنکا کی تعمیر نو میں اسے معاشی مدد بھی دی ہے۔جس سے دونوں کے تعلقات میں کافی سدھار آئے ہیں۔

## ہندوستان اور مالدیپ

- مالدیپ کے ساتھ ہندوستان کے تعلقات خوشگوار اور گرم جوشی کے ہیں۔
- 1988 میں مالدیپ میں کرائے کے فوجیوں کے ذریعے کی گئی چال کو ناکام کرنے کے لیے ہندوستان نے وہاں فوج بھیجی۔
- ہندوستان نے مالدیپ کی معاشی ترقی، سیاست اور مچھلی صنعت میں بھی مدد کی ہے۔
- ہندوستان اور مالدیپ نے 2020 میں چار سمجھوتے پر دستخط کئے ہیں۔
- کھیل اور نوجوان معاملات کے تعاون پر مالدیپ اور ہندوستان کے بیچ سمجھوتہ ہوئے ہیں۔
- Greater Male Connectivity Project (GMCP) کے لیے ہندوستان کے 500 ملین ڈالر کے پیکیج کے ایک حصہ کی شکل میں 100 ملین امریکی ڈالر کے فنڈ کے لیے ایک معاہدے پر دستخط کیے گئے ہیں۔

## ہندوستان اور جنوبی ایشیا

1۔ جنوبی ایشیا کے بیچ میں ہندوستان ستان واقع ہے۔اور باقی ممالک ہندوستان کی سرحد کے اردگرد ہیں۔

2۔ کچھ چھوٹے ممالک کا ماننا ہے کہ SAFTA کا سہارا لے کر ہندوستان ان کے بازار میں سینگ مارنا چاہتا ہے۔

3۔ چھوٹے مما لک کوڈر ہے کہ ہندوستانی نظام ان کے سماج اور سیاست پر اثر ڈالنا چاہتا ہے۔

4۔ ہندوستان کا ماننا ہے کہ SAFTA سے اس علاقے کے ہر ملک کو فائدہ ہوگا۔

5۔ ہندوستان کا ماننا ہے کہ اس علاقے میں آزاد تجارت بڑھنے سے سیاسی مسائل پر آپسی تعاون زیادہ بڑھے گا۔

6۔ ہندوستان نہیں چاہتا کہ کہ جنوبی ایشیا کے مما لک میں استحکام ختم ہو کیوں کہ ایسے حالات میں باہری طاقتوں کو اپنا اثر جمانے میں مدد ملے گی۔

## جنوبی ایشیا کی سیاست میں چین اور امریکہ کا کردار۔

1۔ چین اور امریکہ کا جنوبی ایشیا کی سیاست میں اہم کردار ہے۔

2۔ پچھلے کچھ سالوں میں ہندوستان اور چین کے تعلقات بہتر ہوئے ہیں۔

3۔ چین کی ساجھے داری پاکستان کے ساتھ ہے یہ ہندوستان اور چین کے تعلقات کے لئے بڑا مسئلہ ہے۔

4۔ امریکہ نے سرد جنگ کے بعد ہندوستان اور پاکستان دونوں کے ساتھ تعلقات بہتر کئے ہیں۔

5۔ ہندوستان اور پاکستان میں معاشی سدھار ہوئے ہیں۔ اور نرم معاشی پالیسیاں اپنائی گئی ہیں۔ اس سے جنوبی ایشیا میں امریکہ کی حصہ داری بڑھی ہے۔

6۔ اس علاقے کی آبادی اور بازار دونوں کا سائز بڑھا ہے۔ اس لئے اس علاقے کی امن وسلامتی مستقبل میں امریکہ کے مفاد سے جڑی ہے۔

## سارک (SAARC)

- سارک کا پورا نام ہے South Asian Association for Regional Cooperation یعنی جنوبی ایشیائی علاقائی تعاون کی تنظیم
- 8 دسمبر 1985 کو ڈھاکہ میں جنوبی ایشیا کے 7 مما لک کے سربراہوں کی کانفرنس ہوئی اور سارک کی تشکیل ہوئی۔

سارک کے سات ممبر مما لک میں ہندوستان۔ پاکستان۔ بنگلہ دیش۔ نیپال۔ بھوٹان۔ سری لنکا اور مالدیپ۔ 2005 میں سارک کی تیرہویں کانفرنس نے ذریعے ڈھاکہ میں افغانستان کو سارک میں شامل کرنے پر رضامندی دی۔ اور اس طرح افغانستان اس کا آٹھواں ممبر بن گیا ہے۔

## سارک کے مقاصد:

1۔ جنوب ایشیائی علاقے کی عوام کی فلاح و بہبودگی اور ان کے معیار زندگی میں سدھار کرنا۔

2۔ جنوب ایشیائی ممالک کی اجتماعی خود انحصاریت میں اضافہ کرنا۔

3۔ آپسی یقین سوجھ۔ بوجھ اور ایک دوسرے کے مسائل کا تجزیہ کرنا۔

4۔ معاشی۔ سماجی۔ ثقافتی۔ تکنیکی اور سائنسی میدان میں مثبت تعاون اور آپسی تعاون میں اضافہ کرنا۔

جنوری 2004 میں منعقد 12 ویں چوٹی کانفرنس میں سارک ممالک نے جنوبی ایشیائی آزاد تجارت سمجھوتہ (SAFTA) پر دستخط کئے جو 1 جنوری 2006 میں عمل میں آیا۔ اس سمجھوتے کے دو خاص مقصد ہیں۔

1۔ جنوبی ایشیائی علاقے میں آزاد تجارت سے متعلق پابندیوں کو ہٹانا۔

2۔ تجارت اور ٹیکس سے متعلق سبھی پابندیوں کو ختم کرنے کی کوشش کرتے ہوئے زیادہ سے زیادہ آزاد نظام قائم کرنا۔

عالم کاری سارک کے کانفرنس میں آب و ہوا میں تبدیلی قدرتی آفات سے نمٹنے۔ دہشت گردی کو ختم کرنے کے لیے بھی بہت سے معاہدے کئے گئے۔

سارک کی 18 ویں کانفرنس نیپال کی راجدھانی کٹھمنڈو میں 2014 میں ہوئی جس میں امن وامان وخوشحالی کے لیے مل جل کر ایک ساتھ آگے بڑھنے کی بات ہوئی۔ سارک کی 19 ویں کانفرنس 2016 میں اسلام آباد میں ہوئی لیکن اری میں دہشت گرد حملہ کی وجہ سے ہندوستان نے اس کانفرنس کا بائیکاٹ کیا۔ بعد میں بنگلہ دیش۔ بھوٹان۔ سری لنکا اور مالدیپ نے بھی اس کانفرنس کا بائیکاٹ کیا۔

ہندوستان کے اپنے پڑوسی ممالک کے ساتھ جن میں پاکستان۔ نیپال۔ بنگلہ دیش اور سری لنکا اہم ہیں ان میں سے پاکستان کو چھوڑ کر باقی ممالک کے ساتھ ہندوستان کے خوش گوار تعلقات رہے ہیں۔

## سارک کی افادیت:

1۔ ہندوستان اور پاکستان کے ساتھ تناؤ بھرے تعلقات کے باوجود دوسطح پر سمجھ اور تعاون کو بڑھاوا دینے کے لیے چھوٹے ممالک کے لیے یہ ابھی بھی مفید تنظیم ہے۔

2۔ سارک میں سافٹا کو بنا کر تجارت کی سمت میں اہم قدم اٹھایا گیا ہے۔

3۔ ماحولیات۔معاشی ترقی اور توانائی کے شعبوں میں آپسی تعاون کو بڑھاوا ملا ہے۔

## ایک نمبر کے سوالات

1۔ ہندوستان اور نیپال کے تعلقات کے بارے میں مندرجہ ذیل میں سے کون سی بات صحیح نہیں ہے؟

(A) ہندوستان اور نیپال کے بیچ ایک دوسرے کے ملک میں بنا ویزا کے سفر اور کام کرنے کے سلسلے میں ایک خاص معاہدہ ہے۔

(B) ہندوستان نیپال سے آنے والی ندیوں کے پانی کو مشترک کرتا ہے۔

(C) دونوں ممالک میں جمہوری نظام ہے۔

(D) نیپال ہمیشہ ہندوستان کی پالیسیوں کو اپناتا ہے۔

2۔ جنوبی ایشیا کا وہ کون سا ملک ہے جس کی آزادی میں ہندوستان کا اہم کردار رہا ہے۔

(A) سری لنکا (B) نیپال (C) بھوٹان (D) بنگلہ دیش

3۔ نیچے دیے گئے سوال نمبر 3 اور 4 میں دو بیان دیے گئے ہیں دیے گئے متبادل میں سے صحیح کا انتخاب کریں۔

(A) دعویٰ A اور وجہ R دونوں صحیح ہیں اور وجہ R دعویٰ A کی صحیح وضاحت ہے۔

(B) دعویٰ A اور وجہ R دونوں صحیح ہیں اور وجہ R دعویٰ A کی صحیح وضاحت نہیں ہے۔

(C) دعویٰ A صحیح ہے لیکن وجہ R غلط ہے۔

(D) دعویٰ A غلط ہے لیکن وجہ R صحیح ہے۔

دعویٰ (A): 1990 کی دہائی کی آئینی بادشاہت کے دوران نیپال کی سیاسی پارٹیاں اور عوام زیادہ کھلی اور ذمے دار حکومت چاہتی تھیں۔

وجہ (R) راجا کا فوج کی مدد سے حکومت پر پورا کنٹرول تھا اور اُس نے نیپال میں جمہوریت کے فروغ پر پابندی لگائی۔

4۔ دعویٰ (A) جنوبی ایشیا ہر معنی میں اختلافات کی علامت ہے پھر بھی جنوبی ایشیا کے مختلف ملکوں میں ایک جیسا سیاسی نظام ہے۔

وجہ (R) کئی مسائل اور حدود کے باوجود سبھی جنوبی ایشیائی ممالک کی عوام جمہوریت کے مطالبات میں شریک ہیں۔

5۔ مندرجہ ذیل کو تاریخی اعتبار سے ترتیب دیجیے۔

(i) سارک کا قیام (ii) آزاد ملک بنگلہ دیش کی تشکیل

(iii) بھوٹان میں آئینی بادشاہت کا قیام (iv) ہندوستان کے ذریعے سری لنکا میں امن فوج بھیجا

صحیح متبادل چنئے۔

(A) (ii) (i) (v) اور (iii) (B) (iii) (iv) (i) اور (ii)

(C) (ii) (iv) (i) اور (iii) (D) (ii) (iv) (iii) اور (i)

6۔ مندرجہ ذیل خالی جگہ کو نیچے دیئے گئے متبادل میں سے بھریئے۔

دیہی علاقے میں کم بچت اور معاون قرض کے نظام کی وجہ سے غریبی کو کم کرنے میں مدد ملتی ہے۔

(A) بنگلہ دیش (B) مالدیپ (C) بھوٹان (D) نیپال

7۔ اس ملک کو پہچانیے جس نے جنوبی ایشیا میں سب سے پہلے اپنی معیشت کی نرم کاری کی۔

(A) ہندوستان (B) پاکستان (C) سری لنکا (D) نیپال

8۔ اس ملک کو پہچانیے جہاں آئینی بادشاہت ہے؟

(A) نیپال (B) افغانستان (C) میانمار (D) بھوٹان

9۔ بنگلہ دیش کے ساتھ ہندوستان کے تعلقات کے بارے میں غلط بیان کو چنئے۔

(i) بنگلہ دیش کے ساتھ ہندوستان کے بیچ گنگا اور برہمپتر ندی کے پانی پر حصہ داری میں اختلاف ہے۔

(ii) بنگلہ دیش نے ہندوستان کی فوج کو شمال مشرقی ہندوستان میں جانے کے لیے اپنے علاقے سے راستہ دینے میں تعاون کیا۔

(iii) بنگلہ دیش ہندستان کے lookeast اور 2014 سے Act-East پالیسی کا حصہ ہے۔

(iv) بنگلہ دیش ہندوستان مخالف اسلامیت کٹر جماعتوں کی مخالفت کرتا ہے۔

(A) صرف (i) اور (iv) (B) صرف (iii) اور (iv)

(C) صرف (i) اور (ii) (D) صرف (i) اور (iii)

10۔ مندرجہ ذیل میں سے کس ملک کو جنوبی ایشیا کا حصہ نہیں مانا جاتا ہے؟

(A) مالدیپ (B) چین (C) بھوٹان (D) بنگلہ دیش

11۔ ملایئے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| (i) | نسلی جدوجہد جھیلنے والا ملک | (A) | امریکہ |
| (ii) | جنوبی ایشیا کی سیاست میں اہم کردار ادا کرنے والا ملک | (B) | مالدیپ |
| (iii) | وہ ملک جو 1968 تک ایک سلطنت تھا۔ | (C) | پاکستان |
| (iv) | سندھ ندی معاہدے سے تعلق ملک۔ | (D) | سری لنکا |

صحیح متبادل چنئے

(A) D (i)، A (ii)، B (iii)، C (iv)

(B) C (i)، A (ii)، D (iii)، B (iv)

(C) D (i)، C (ii)، A (iii)، B (iv)

(D) B (i)، C (ii)، D (iii)، A (iv)

## دو نمبر کے سوالات

1۔ ہندوستان اور پاکستان کے تعلقات کو سدھارنے کے لیے کوئی دو طریقے بتایئے۔

2۔ جنوبی ایشیا کے جمہوریت کے تجربات سے جمہوریت کے عالمی رجحان کا دائرہ وسیع ہوا ہے اس بیان کی تصدیق کیجیے۔

3۔ سارک کی کامیابی میں آنے والی کوئی چنوتیوں کی وضاحت کیجیے۔

4۔ جنوبی ایشیا کے علاقے میں امن وتعاون کو بڑھانے کے کوئی دو طریقے لکھیے۔

## چار نمبر کے سوالات

1۔ جنوبی ایشیا کے چھوٹے ممالک اور ہندوستان کے اپسی تعلقات کا جائزہ لیجیے۔

2۔ پاکستان میں جمہوریت کو کمزور کرنے والی وجوہات لکھیے۔

3۔ نیپال میں بادشاہت سے جمہوریت کی طرف جانے کی وضاحت کیجیے۔

4۔ جنوبی ایشیا کے سامنے آنے والی اہم چنوتیوں کی وضاحت کیجیے۔ان چنوتیوں کو دور کرنے کے طریقے بھی بتایئے۔

## اقتباس پر مبنی سوالات

## اقتباس

کوئی بھی علاقہ خلا میں نہیں بستا وہ باہرتی طاقتوں اور واقعات سے متاثر ہوتا ہے۔خواہ وہ ان سے علاحدہ رہنے کی کوشش کرے۔جنوبی ایشیا میں چین اور امریکہ دو اہم کھلاڑی ہیں پچھلے دس سال میں ہند۔چین تعلقات بہتر ہوئے ہیں لیکن چین کے ساتھ پاکستان کے فوجی اہمیت کے تعلقات الجھن میں ڈال دیتے ہیں ترقی اور عالمگیریت کے مطالبے نے جنوبی ایشیا کے دونوں ملکوں کو ایک دوسرے کے قریب کر دیا ہے اور ان کے معاشی گٹھ جوڑ 1991 سے بہت تیزی کے ساتھ بڑھ رہے ہیں۔

(i) اس اقتباس میں کس علاقے کا ذکر کیا گیا ہے۔

(A) مشرقی ایشیا (B) جنوبی مشرقی ایشیا (C) جنوبی ایشیا (D) جنوبی افریقہ

(ii) کن دو ممالک کو باہری طاقتوں سے ملوث کیا گیا ہے؟

(A) چین اور امریکہ (B) چین اور پاکستان

(C) امریکہ اور پاکستان (D) ہندوستان اور چین

(iii) ایشیا برا‏عظم کے دو بڑے ملک کون سے ہیں؟

(A) ہندوستان اور پاکستان (B) ہندوستان اور چین

(C) چین اور روس (D) امریکہ اور روس

چین کی پاکستان کے ساتھ سیاسی حصہ داری کس ملک کے لیے ایک بڑی رکاوٹ ہے۔

(A) ہندوستان (B) بنگلہ دیش (C) سری لنکا (D) میانمار

## نقشے پر مبنی سوالات

3۔ دیئے گئے نقشے میں چار ممالک تک A,B,C,D اور کو دکھایا گیا ہے۔ نیچے دی گئی معلومات کی بنا پر ان ممالک کی پہچان کریں۔ اور ان کے صحیح نام۔ استعمال کی گئی معلومات کے سیریل نمبر اور متعلق حروف جدول کی شکل میں اپنی جوابی کاپی میں لکھیں۔




1۔ چاروں طرف خشکی سے بھرا ہوا ملک۔

2۔ وہ ملک جہاں نسلی جدوجہد ہوئی۔

3۔ وہ ملک جہاں آزادی کے بعد زیادہ وقت تک فوجی حکومت رہی۔

4۔ وہ ملک جس کی تشکیل 1971 میں ہوئی۔

| معلومات سے متعلق سیریل نمبر | متعلق حروف | ملک |
|---|---|---|
| 1۔ | | |
| 2۔ | | |
| 3۔ | | |
| 4۔ | | |

3۔ مندرجہ ذیل کارٹون کو دھیان سے دیکھیں اور مندرجہ ذیل سوالات کے جواب دیں۔




کارٹون سے متعلق سوالات

(i) یہ کارٹون کس ملک سے تعلق رکھتا ہے؟

(ii) دی گئی تصویر میں چیتا کس فرقہ کی نمائندگی کر رہا ہے؟ اور شیر کس ملک کی نمائندگی کر رہا ہے؟

(iii) تصویر میں دکھایا گیا شخص کون ہے؟

(iv) کس تنظیم نے سری لنکا فوج کے ساتھ جدوجہد کی

## چھ نمبر کے سوالات

1۔ ہندوستان اور سری لنکا میں امن فوج بھیجنے کی وجوہات کی وضاحت کیجیے۔امن فوج کو بنا مقصد حاصل کیے واپس کیوں بلایا گیا واضح لکھیے۔

2۔ بنگلہ دیش کے ساتھ ہندوستان کے مثبت اور منفی پہلوؤں کا تجزیہ کیجیے۔

3۔ ہندوستان کے لیے سارک کی اہمیت کا تجزیہ کیجیے۔

4۔ جنوبی ایشیا کی سیاست میں چین اور امریکہ کے کردار کا جائزہ کیجیے۔

یا

جنوبی ایشیا میں دوطرفہ تعلقات کو متاثر کرنے والی باہری طاقتوں کا دو مثالوں کے ساتھ تجزیہ کیجیے۔

5۔ ایشیا میں امن وتعاون کو بڑھاوا دینے والے سارک کے کردار کا تجزیہ کیجیے۔

## ایک نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ D

2۔ D

3۔ B

4۔ D

5۔ A

6۔ A

7۔ C

8۔ D

9۔ B

10۔ B

11۔ A

## دو نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ (i) دونوں ممالک کے جنگ کے خطرے کوکم کرنے کے لیےاعتماد سازی کے طریقے کواپنائیں۔

(ii) مقررہ طور پر چوٹی کانفرنس کی جائیں اس کے ذریعے مختلف مسائل کاحل نکالا جائے۔

2۔ (i) جنوبی ایشیا کی عوام جمہوریت کے مطالبات میں شریک ہے۔

(ii) جنوبی ایشیا میں کئے گئے سروے سے معلوم ہوا کہ یہاں کی جمہوریت کوعوام کی حمایت حاصل ہے۔

3۔ (i) ممبر ممالک کے بیچ سیاسی اختلافات

(ii) کچھ چھوٹے ممالک کا کہنا ہے کہ ہندوستان سافٹا کی آڑ میں ان کی منڈیوں پر قبضہ ان کی معیشت اور سیاست پر اثر ڈالنا چاہتا ہے۔

4۔ (i) مقررہ طور پر چوٹی کانفرنس ہوں تا کہ سبھی لیڈر مسائل کاحل بات چیت کے ذریعے کرسکیں۔

(ii) اس علاقے میں ممبر ممالک کے بیچ اعتماد سازی۔

## چار نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ ہندوستان کی جغرافیائی کیفیت جنوبی ایشیا کے بیچ میں ہے۔ ہندوستان کی سرحدیں زیادہ تر جنوبی ایشیائی ممالک سے ملتی ہیں۔ ہندوستان کا سائز اور رقبہ بڑا ہے۔ وہ طاقت میں بھی زیادہ ہے اس طرح کمزور چھوٹے ممالک اس کوشک کی نظر سے دیکھتے ہیں۔ دوسری طرف ہندوستان کولگتا ہے کہ اس کے پڑوسی اس کا ناجائز فائدہ اٹھارہے ہیں۔ ہندوستان ان ممالک کی سیاسی صورت حال کوبھی ناپسند کرتا ہے۔ چھوٹے ممالک کوخطرہ ہے کہ ہندوستان جنوبی ایشیا میں اپنا دبدبہ قائم کرنا چاہتا ہے۔

2۔ یادرکھنے لائق نکات سے دیکھیں۔

3۔ یادرکھنے لائق نکات سے دیکھیں۔

4۔ (i) جنوبی ایشیائی علاقے میں سلامتی

(ii) ہندوستان اور پاکستان کے تعلقات

(iii) جنوب ایشیائی ممالک کے بیچ ندی، پانی کے بٹوارے پر تنازعہ

(iv) چھوٹے ممالک کو ہندوستان کے غلبے کا ڈر

دور کرنے کے طریقے

سارک کی سالانہ چوٹی کانفرنس جہاں سبھی ممالک کے لیڈر آپس میں غور کریں۔ ندی، پانی بٹوارے۔ سرحدی تنازعہ اور دہشت گردی کے مسائل کو حل کریں۔

## اقتباس پر مبنی سوالات کے جوابات

(i) C۔ جنوبی ایشیا

(ii) A۔ چین اور امریکہ

(iii) B۔ ہندوستان اور چین

(iv) A۔ ہندوستان

## نقشے پر مبنی سوالات کے جواب

1۔

| سیریل نمبر | حروف | ملک |
|---|---|---|
| 1 | B | ہندوستان |
| 2 | C | سری لنکا |
| 3 | D | پاکستان |
| 4 | A | بنگلہ دیش |

## کارٹون پر مبنی سوال کے جواب

4۔ (i) (d) سری لنکا

(ii) (b) تمل۔سنہال

(iii) مہیندر راج پکشے

(iv) (b) لٹھے

## چھ نمبر کے سوالات کے جوابات

1۔ سری لنکا کے مسائل ہندوستان نسب کے لوگوں کے جڑے ہیں۔ ہندوستان کی تمل عوام کا ہندوستان کی حکومت پر دباؤ تھا کہ وہ تملوں کے مفاد کی حفاظت کریں۔ ہندوستان کی حکومت نے وقت وقت پر سری لنکا کی حکومت سے بات چیت کی۔لیکن 1987 میں ہندوستان کی حکومت تمل مسئلے پر براہ راست شامل ہوئی۔ ہندوستان کی حکومت نے سری لنکا کی حکومت اور تملوں کے بیچ تعلقات بحال کرنے کے لیے ایک سمجھوتے کے تحت ہندوستانی امن فوج(IPKF) کو سری لنکا بھیجا۔ ہندوستانی فوج کی حاضری کو سری لنکا کی عوام نے کچھ خاص پسند نہیں کیا اور یہ سمجھا کہ ہندوستان سری لنکا کے اندرونی معاملات میں دخل اندازی کر رہا ہے۔1989 میں ہندوستان نے اپنی امن فوج بنا مقصد حاصل کیے واپس بلائی۔

2۔ ہندوستان اور بنگلہ دیش کے تعلقات موضوع سے خود جواب لکھیں۔

3۔ (i) ہندوستان سارک کے ممبر ممالک کے بیچ میں واقع ہے اور اس کی سرحدیں زیادہ تر ممبر ممالک سے ملتی ہیں۔

(ii) سارک اس علاقے میں اعتماد سازی اور امن قائم کرنے میں فیصلہ کن کردار ادا کر سکتا ہے۔

(iii) اگر اس علاقے کے سبھی ممالک آزاد تجارت کریں تو سبھی کو حقیقت میں معاشی فائدہ حاصل ہوں گے۔

4۔ کوئی بھی ملک خلا میں نہیں ہوتا۔کوئی علاقہ خود کو کتنا بھی غیر علاقائی طاقتوں سے الگ رکھنے کی کوشش کرے اس پر باہری طاقتوں اور واقعات کا اثر ضرور پڑتا ہے۔چین اور امریکہ جنوبی ایشیا کی سیاست میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ترقی کی ضرورت اور عالمگیریت کی وجہ سے ایشیا کے دونوں ممالک چین اور ہندوستان نزدیک آئے ہیں۔

(i) امریکہ نے ہندوستان اور پاکستان دونوں سے اپنے تعلقات سرد جنگ کے بعد بہتر کیے ہیں۔

(ii) دونوں ممالک میں معاشی سدھار ہوئے۔نرم کاری کی پالیسیاں اپنائی گئیں۔اس سے جنوبی ایشیا میں امریکہ کی حصہ داری اور گہری ہوئی۔

(iii) امریکہ میں جنوبی ایشیا کے لوگوں کی تعداد زیادہ ہے۔جنوبی ایشیا کے علاقے میں آبادی زیادہ ہے اور بازار کا سائز بھی بڑا ہے۔اس وجہ سے اس علاقے کی امن وسلامتی کے مستقبل سے امریکہ کے مفاد جڑے ہوئے ہیں۔

5۔ (i) سارک جنوبی ایشیائی ممالک کی جانب سے ایک دوسرے کی جانب تعاون کے عمل میں ایک اہم پیش قدمی ہے۔

(ii) ممبر ممالک کے بیچ سافٹا سمجھوتے پر دستخط جس کا مقصد تجارتی محصول کو کم کرنا اور ممبر ممالک کے بیچ آزاد تجارت کو بڑھاوا دینا ہے۔

(iii) ہندوستان پاکستان تعلقات کے تناؤ میں سارک کی افادیت کو متاثر کیا۔

(iv) ایشیا کے چھوٹے ممالک اپنے بازار پر قبضہ کرنے کے لیے ہندوستان کو شک کی نظر سے دیکھتے ہیں۔

(v) بدقسمتی سے سیاسی اختلافات کی وجہ سے یہ زیادہ کامیابی حاصل نہیں کرسکا۔

# باب۔ چار

# بین اقوامی تنظیمیں

## یاد رکھنے لائق نکات

- جس طرح کسی علاقہ کی مشکلات یا مسائل کو حل کرنے کے لیے علاقائی تنظیمیں ہوتی ہیں اسی طرح مختلف ممالک کے درمیان مختلف مسائل اوران کا حل تلاش کرنے کے لیے بین الاقوامی تنظیموں کی ضرورت ہوتی ہے۔

- بین الاقوامی تنظیموں کی ضرورت

  - بین الاقوامی مسائل کا پرامن طریقے سے حل تلاش کرنا
  - جنگوں کے روک تھام میں مددگار
  - دنیا کی معاشی ترقی میں معاون
  - قدرتی آفات، حادثات سے نمٹنا
  - بین الاقوامی امداد کو فروغ دینا
  - عالمی درجۂ حرارت سے نمٹنا

### انجمن اقوام متحدہ اور اس کا ارتقا

- پہلی جنگ عظیم کے بعد لیگ آف نیشنز کا قیام عمل میں آیا تاکہ مستقبل میں جنگ کے خطروں کو روکا جاسکے لیکن یہ اپنے مقاصد کو پورا کرنے میں ناکام رہی۔ 1939 سے 1945 کے دوران دوسری جنگ عظیم کے بعد بین الاقوامی امن وامان کو قائم رکھنے اور دنیا کو تیسری جنگ عظیم کے خطرے سے بچانے کے لیے 24/اکتوبر 1945 کو اقوام متحدہ کا قیام عمل میں آیا۔

اقوام متحدہ میں ابتدا میں 51 مما لک شامل تھے جس میں بھارت بھی ایک اہم ممبر تھا۔ آج اقوام متحدہ کے ممبران کی تعداد 193 ہوگئی ہے۔

- **اقوام متحدہ کے مقاصد و اصول**

  - بین الاقوامی امن وامان کو قائم رکھنا
  - ملکوں کے درمیان دوستانہ تعلقات کو قائم رکھنا
  - آپسی تعاون کے ذریعے معاشی، سماجی، ثقافتی اور انسانی ڈھنگ کی بین الاقوامی مشکلات کو حل کرنا
  - بین الاقوامی معاہدوں، بین الاقوامی قوانین کو مساوی شکل میں لاگو کرنا
  - ملکوں کی علاقائی سالمیت اور سیاسی آزادی کی عزت کرنا

- **اقوام متحدہ کی سلامتی کاؤنسل اور اس میں توسیع کی ضرورت:**

سلامتی کاؤنسل کی تشکیل 1945 میں کی گئی تھی۔ اقوام متحدہ کے چارٹر کے تحت سلامتی کاؤنسل کی بنیادذ مہ داری بین الاقوامی امن وسلامتی کو فروغ دینا ہے۔ اس میں کل 15 ممبر ہیں جن میں 5 مستقل اور 10 غیر مستقل ہیں۔ ہندوستان نے جنوری 2021 سے سلامتی کاؤنسل کے غیر مستقل ممبر کی حیثیت سے آٹھویں دفعہ اپنی مدت شروع کی ہے۔ موجودہ مستقل ممبروں میں ہر ایک کو ویٹو کا حق حاصل ہے۔

1992 میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں ایک قرارداد پیش ہوئی۔ اس میں تین خاص شکایتوں کا ذکر تھا۔

1۔ سلامتی کاؤنسل اب سیاسی حقیقتوں کی نمائندگی نہیں کرتی۔

2۔ اس کے فیصلوں پر مغربی قدروں اور مفادات کا اثر ہے اور ان فیصلوں پر چند مما لک کا غلبہ ہوتا ہے۔

3۔ سلامتی کاؤنسل میں برابر کی نمائندگی نہیں ہے۔

ان شکایتوں کے نتیجے میں ایک جنوری 1997 کو اقوام متحدہ کے جنرل سیکریٹری کوفی عنان نے سدھار کے لیے جانچ شروع کی اور سلامتی کاؤنسل کے مستقل اور غیر مستقل ممبروں کے لیے مندرجہ ذیل سجھاؤ بھی دیئے۔

1۔ آبادی کے لحاظ سے بڑا ملک ہو۔

2۔ بڑی اقتصادی اور فوجی طاقت ہو۔

3۔ اقوام متحدہ کے بجٹ میں اس ملک کا تعاون زیادہ ہو۔

4۔ یہ ملک ایسا ہو جو اپنے جغرافیہ۔ معیشت اور ثقافت کی رنگارنگی کے اعتبار سے دنیا کی زیادہ سے زیادہ نمائندگی کرتا ہو۔

مختصراً سبھی ترقی یافتہ اور ترقی پذیر ممالک سلامتی کاؤنسل میں سدھار کے حامی ہیں۔ اس لیے مستقل اور غیر مستقل ممبروں کی تعداد میں اضافہ کرنا چاہتے ہیں۔ لیکن مستقل ممبروں کو ویٹو کا حق دینے پر سبھی متفق نہیں ہیں۔

## انجمن اقوام متحدہ کی ساخت



## انجمن اقوام متحدہ کے اجزا اور ان کے کام

| اعضا کے نام | ممبران کی تعداد | مرکزی دفتر | مقاصد |
|---|---|---|---|
| جنرل اسمبلی | 193 | نیویارک | ممبران ممالک کی شمولیت وبرخاستگی، بجٹ پیش کرنا |
| سلامتی کونسل | 5 مستقل + 10 غیر مستقل | نیویارک | امن و سلامتی قائم رکھنا، جھگڑے، امن اور جنگ پر بحث، فوجی کارروائی کرنا |
| ٹرسٹی شپ کونسل | 14 | نیویارک | خصوصی علاقوں کی سماجی ومعاشی ترقی کرنا، 1994 سے پلاؤ کی آزادی کے بعد اس کو معطل کر دیا گیا ہے |
| سماجی اور معاشی کونسل | 57 | نیویارک | معاشی، سماجی، تعلیم اور صحت پر غور کر کے جنرل اسمبلی کو اپنی رپورٹ پیش کرنا |
| بین الاقوامی عدالت | 15 جج | ہیگ | مختلف ممالک کے آپسی مسائل/ جھگڑوں پر غور کرنا |
| سکریٹریٹ | سکریٹری جنرل + دیگر ملازمین | نیویارک | اقوام متحدہ کے ذریعے کیے جا رہے کاموں کو انجام دینا اقوام متحدہ کا مکمّل ریکارڈ رکھنا۔ جنرل اسمبلی کی نمائندگی کرنا۔ موجودہ سکریٹری جنرل پُرتگال کے Antonio Guteress ہیں۔ |

- انجمن اقوام متحدہ کی مختلف ایجنسیاں

United Nations Educational, Scientific and Cultural Organization

- یونیسکو (UNESCO)

اقوام متحدہ کی تعلیمی، سائنسی وثقافتی تنظیم 4 نومبر 1946 کو قائم کی گئی تھی فرانس کی راجدھانی پیرس میں اس کا آفس ہے۔ اس کے ممبر ممالک کی تعداد 193 ہے۔ اس تنظیم کے موجودہ ڈائریکٹر جنرل Audrey Azoulay ہیں۔

- یونیسکو کے مقاصد:۔

1۔ تعلیمی سائنسی وثقافتی میدانوں میں تعاون دیگر عالمی امن وتحفظ کو بڑھاوا دینا۔

2۔ ثقافتی وراثت کی حفاظت کرنا۔ اور ثقافتی رنگارنگی کو فروغ دینا۔

3۔ آزادانہ تعلیم، سائنسی کھوج بین کے نتائج سے فائدہ اٹھا کر آزادانہ ترسیلی بہاؤ کو فروغ دینا۔

4۔ پائیدار ترقی کے لیے سائنسی علوم اور پالیسیوں کو متحرک کرنا۔

5۔ بنیادی تعلیم پر زور دینا۔ اسے جمہوری بنانا۔ نئی ٹیکنالوجی سے فائدہ اٹھانا۔

- یونیسیف United Nations International Children's Emergency Fund (UNICEF)

اقوام متحدہ کی بین الاقوامی بچوں کا ہنگامی فنڈ تنظیم کی تشکیل UNO کی جنرل اسمبلی کے ذریعے 1946 میں امریکہ کے نیو یارک میں ہوئی اس کے ممبر ممالک کی تعداد 193 ہے۔ اس تنظیم کے ڈائریکٹر جنرل Henrietta Fore ہیں۔ یہ تنظیم ترقی اور آفات سے متاثرہ علاقوں میں جذباتی اور جسمانی تندرستی کو فروغ دینے کے لیے کوشاں ہے۔

- یونیسیف کے مقاصد:

1۔ بچوں کے لیے ایمرجنسی فنڈ اکٹھا کرنا اور پوری دنیا میں بچوں کی ترقی کے کاموں میں مدد کرنا۔

2۔ دنیا کے سبھی حصوں میں بچوں کی صحت اور اعلیٰ زندگی کا یقین کرنے والے کاموں کو بڑھاوا دینا۔

3۔ بیماریوں کی روک تھام کے لیے حفاظتی ٹیکے لگوانا۔ انہیں بہتر غذائیت فراہم کرنا۔

4۔ تشدد۔ بدسلوکی بچہ مزدوری اور جنسی استحصال کے لیے بچوں کو اسمگلنگ سے بچانے کی کوشش کرنا۔

3۔ World Heath Organization

- ورلڈ ہیلتھ آرگنائزیشن (WHO)

اقوام متحدہ کی عالمی صحت تنظیم 1948 میں سوئزرلینڈ کی راجدھانی جنیوا میں قائم کی گئی۔ اس کے ممبر ممالک کی تعداد 193 ہے۔ اس کے ڈائریکٹر جنرل Roberto Azebedo ہیں۔ یہ دنیائے ممالک کے صحت سے متعلق مسائل پر آپسی تعاون اور معیار کو فروغ دینے والی تنظیم ہے۔

- **ورلڈ ہیلتھ آرگنائزیشن کے مقاصد:**

1۔ بین الاقوامی صحت سے متعلق کام کو انجام دینے والے ادارے کی شکل میں کام کرنا۔

2۔ صحت اور طبی خدمات سے متعلق کاروبار کے لیے اعلیٰ تعلیم کو فروغ دینا۔

3۔ حکومتوں کے کہنے پر صحت سے متعلق خدمات کو فروغ دینا۔

4۔ وبائی امراض کی روک تھام ان کے علاج کی سہولت مہیا کرنا۔ حال کے نظریہ سے کوڈ-19 پر قابو پانے کی کوشش اس کے لیے ٹیکہ مہم کو فروغ دینا۔

4۔ **انٹرنیشنل لیبر آرگنائزیشن** International Labour Orgnization (ILO)

بین الاقوامی مزدور تنظیم اقوام متحدہ کی ایک تنظیم ہے۔ اس کی تشکیل سوئزرلینڈ کے جنیوا میں 1919 میں کی گئی۔ مزدوروں کی خدمات انجام دینے کا اعتراف کرتے ہوئے اس ایجنسی کو 1963 میں نوبل انعام سے نوازا گیا۔ اس تنظیم کی خاص بات یہ ہے کہ اس کی پالیسی بنانے کے معاملے میں مزدوروں اور تاجروں کے نمائندے حکومت کے نمائندوں کے ساتھ مل کر کام کرتے ہیں۔

- **انٹرنیشنل لیبر آرگنائزیشن کے مقاصد:**

1۔ سماجی انصاف کو بڑھاوا دینا۔ اور امن وامان قائم کرنا۔

2۔ سماجی انصاف بہتر حالات کو فروغ دینا اور عالمی سطح پر مزدورں کے لیے کام کرنا۔

3۔ خواتین اور مرد مزدورں کو پیداواری کاموں میں لگنے کے لیے بڑھاوا دینا۔

4۔ مزدوروں کی کام کی جگہ پر تحفظ اور ان کی عظمت و وقار کے حالات کو بنانا۔

5۔ مزدوروں کے لیے روزگار کے بہترین مواقع فراہم کرنا۔

- **بین الاقوامی ادارے اور غیر سرکاری تنظیمیں**

اقوام متحدہ کے علاوہ کئی بین الاقوامی ادارے اور غیر سرکاری تنظیمیں ہیں جو لگاتار اپنے مقاصد کو پورا کر رہی ہیں جیسے:

1۔ **بین الاقوامی مالیاتی ادارہ** (International Monetary Fund)

یہ ان مالیاتی اداروں اور اصولوں کی نگرانی کرتا ہے جو بین الاقوامی سطح پر کام کرتے ہیں۔ IMF میں یوں تو 184 ممبر ہیں لیکن ہر ممبر مساوی حیثیت نہیں رکھتا۔ چوٹی کے دس ممبر 55 فی صد ووٹ کا حق رکھتے ہیں۔

### 2۔ عالمی بینک (World Bank)

دوسری جنگ عظیم کے بعد 1945 میں قائم کیا گیا ۔اس کی سرگرمیوں کا محور ترقی پذیر مما لک ہیں۔ یہ ممبر ملکوں کو قرضے اور مدد فراہم کرتا ہے۔

### 3۔ عالمی تجارتی تنظیم (World Trade Organisation)

یہ ایک بین الاقوامی تنظیم ہے جو عالمگیر تجارت کے لیے قانون اور اصول وضع کرتی ہے۔ یہ تنظیم 1945 میں قائم ہوئی ۔اس کے ممبران کی تعداد 150 ہے۔سارے فیصلے مجموعی اتفاق رائے سے طے پاتے ہیں۔

### 4۔ بین الاقوامی جوہری توانائی ایجنسی (International Atomic Energy Agency)

اس تنظیم کا قیام 1957 میں عمل میں آیا۔اس کا مقصد امریکی صدر ڈیوٹ آئزن ہاور کی پیش کش ''ایٹم امن کے لیے'' کی تکمیل تھا جس کے مطابق نیوکلیائی طاقت کا استعمال پرامن مقاصد کے لیے ہوگا اور اس کے فوجی استعمال پر روک لگائی جائے۔

### 5۔ ایمنسٹی اٹرنیشنل (Amnesty International)

یہ ایک غیر سرکاری تنظیم ہے جو دنیا بھر میں حقوق انسانی کے تحفظ کے لیے کام کرتی ہے۔اقوام متحدہ کے انسانی حقوق اور ان کے احترام کو فروغ دیتی ہے۔

### 6۔ انسانی حقوق کے نگراں (Human Rights Watch)

یہ ایک بین الاقوامی غیر سرکاری تنظیم (NGO) ہے۔ جو انسانی حقوق کے بارے میں تحقیق وتفتیش اور اس کی وکالت میں مصروف ہے۔ یہ امریکہ میں حقوق انسانی کی سب سے بڑی تنظیم ہے۔ یہ عالمی میڈیا کی توجہ حقوق انسانی کی پامالی کی جانب مبذول کراتی ہے۔

### 7۔ بین الاقوامی ریڈ کراس سوسائٹی

یہ سوسائٹی جنگ اور اندورنی تشدد کے سبھی متاثرہ کو مدد اور ہتھیاروں کے ساتھ تشدد پر روک لگانے والے قانون کو لاگو کرنے کی کوشش کرتی ہے۔

## 8. گرین پیس

1971 کے قائم گرین پیس فاؤنڈیشن عالمی برادری کو ماحولیات کے تئیں بیدار کرنے اور ماحولیاتی تحفظ کے لئے قانون بنانے کے لئے دباؤ ڈالنے کا کام کرتے ہیں۔

- حالانکہ اقوام متحدہ میں کچھ کمیاں ضرور ہیں لیکن اس کے بغیر دنیا بدحال ہو جائے گی۔ اقوام متحدہ اور اوپر دی گئیں تمام بین الاقوامی تنظیمیں اور غیر سرکاری تنظیمیں ایک دوسرے پر منحصر ہیں جن سے ان کی اہمیت دن بدن بڑھتی جا رہی ہے۔ اس لیے آنے والی حکومتوں کو اقوام متحدہ اور ان بین الاقوامی اداروں اور تنظیموں کو حمایت دینے اور استعمال کے طریقے تلاش کرنے ہوں گے۔

## • سرد جنگ کے بعد انجمن اقوام متحدہ میں سُدھار

- اقوام متحدہ کا سب سے طاقت ور اعضاء سلامتی کونسل ہے۔ اس میں کل 15 ممبران ہیں۔ جن میں 5 ممبران (امریکہ، روس، برطانیہ، فرانس اور چین) اس کے علاوہ 10 غیر مستقل ممبران ہیں۔ جو 2 سال کی مدت کے لئے چنے جاتے ہیں مستقل ممبران کو ویٹو کے اختیارات حاصل ہیں۔

- سرد جنگ کے بعد سے ہی اقوام متحدہ اور اس کے ڈھانچے میں کام کرنے کے عمل سے متعلق سدھار کرنے کی مانگ زور پکڑنے لگی ہے۔ سلامتی کونسل میں مستقل اور غیر مستقل ممبران کی تعداد کو بڑھانے پر بھی زور دیا جا رہا ہے۔ اس کے علاوہ غریبی، بھوک مری، بیماریاں، دہشت گردی، ماحولیات اور انسانی حقوق وغیرہ جیسے مدعوں پر اقوام متحدہ کے رول کو اور بھی زیادہ با اثر بنانے پر بھی زور دیا جا رہا ہے۔

## • ہندوستان اور انجمن اقوام متحدہ

- بھارت نے ہمیشہ ہی اقوام متحدہ کے کاموں میں مدد کی ہے۔ چاہے وہ عالمی امن کا معاملہ ہو، تخفیف اسلحہ، جنوبی کوریا کا بحران، سوئز نہر کا مسئلہ، عراق کا کویت پر حملہ ہو یا انسانی حقوق کی حفاظت، نوآبادیات کی مخالفت وغیرہ میں بھارت نے بڑھ چڑھ کر حصّہ لیا ہے اور اقوام متحدہ کی مدد کی ہے۔

- **انجمن اقوام متحدہ کی سلامتی کاؤنسل میں ہندوستان کی دعوے داری کی اہم بنیاد:**

  - سب سے زیادہ آبادی والا ملک

- جمہوریت کا مستحکم ہونا اور انسانی حقوق کی عزت کرنا
- تیزی سے اُبھرتی ہوئی معیشت
- انجمن اقوام متحدہ کے بجٹ میں لگاتار تعاون
- امن قائم کرنے میں ہندوستان کا تعاون

● **اقوام متحدہ کو یک محوری دنیا میں زیادہ با اثر بنانے کے لیے تدابیر**

- امن قائم کرنے والے کمیشن کی تشکیل کی جائے
- انسانی حقوق کمیشن کو قائم کیا جائے
- ایک جمہوری فنڈ کی تشکیل کی جائے
- دہشت گردی کی تمام شکلوں کو ختم کیا جائے
- ٹرسٹی شپ کونسل کا خاتمہ

## ایک نمبر والے سوالات

سوال نمبر 1 سے 4 تک دو بیان دعویٰ اور وجہ کی شکل میں دیے گئے ہیں انھیں دھیان سے پڑھیے اور دیے گئے متبادل میں سے کسی ایک کو چنئے۔

(A) دعویٰ A اور وجہ R دونوں صحیح ہیں اور وجہ R دعویٰ A کی صحیح وضاحت ہے۔

(B) دعویٰ A اور وجہ R دونوں صحیح ہیں اور وجہ R دعویٰ A کی صحیح وضاحت نہیں ہے۔

(C) دعویٰ A صحیح ہے لیکن وجہ R غلط ہے۔

(D) دعویٰ A غلط ہے لیکن وجہ R صحیح ہے۔

1۔ دعویٰ (A) دوسری جنگ عظیم کے بعد 1945 میں انجمن اقوام متحدہ کا قیام ہوا۔

وجہ (R) سرد جنگ کے بعد حقیقتیں بدل گئی ہیں اس لیے انجمن اقوام متحدہ میں سدھار ضروری ہے۔

2۔ دعویٰ (A) انجمن اقوام متحدہ میں 5 مستقل اور 10 غیر مستقل ممبر ہیں۔

وجہ(R)دو سال کی مدت تک غیر مستقل ممبر رہنے کے بعد لگاتار کسی ملک کو اس جگہ کے لیے دوبارہ نہیں چُنا جا سکتا۔

3۔ دعویٰ(A)ویٹو کا حق ایک منفی طاقت ہے۔

وجہ(R)سلامتی کاؤنسل کے غیر مطمئن ہونے پر جنرل سیکریٹری اس کا استعمال کر سکتا ہے۔

4۔ دعویٰ(A)بین الاقوامی جواہری توانائی کی ایجنسی کا قیام انجمن اقوام متحدہ کی ہدایت کے مطابق 1957 میں ہوا۔

وجہ(R)اس تنظیم کے ملازمین دُنیا کی نیوکلیائی سہولیات کی جانچ کرتے ہیں۔

5۔ مندرجہ ذیل میں انجمن اقوام متحدہ کا اہم اجزا نہیں ہے۔

(A) جنرل اسمبلی (B) سیکریٹریٹ (C) عالمی بینک (D) بین الاقوامی عدالت

6۔ ہندوستان کی سلامتی کاؤنسل کے مستقل ممبر کے موزوں میں غلط دلیلوں کے چُنئے

(i) انجمن اقوام متحدہ کے بجٹ میں اپنا تعاون دینے میں ہندوستان ہمیشہ لڑکھڑایا ہے۔

(ii) عالمی منچ پر ہندوستان ایک معاشی طاقت کی شکل میں ابھرا ہے۔

(iii) ہندوستان اپنے نیوکلیائی ہتھیاروں کے ذخیرے میں لگاتار اضافہ کر رہا ہے۔

(iv) انجمن اقوام متحدہ کی امن فوج میں ہندوستان نے شروع سے ہی اہم تعاون دیا ہے۔

(A) i اور ii (B) i اور v (C) ii اور iii (D) صرف i

6۔ انجمن اقوام متحدہ کا متحدہ خاص مقصد ہے

(A) طاقتور ممالک کے ذریعے کمزور ممالک کے استعمال کو روکنا

(B) بین الاقوامی جھگڑوں کو روکنا

(C) آبادی میں اضافہ کو کنٹرول کرنا

(D) عالمی تجارت کے قانونوں کو بنانا

8۔ مندرجہ ذیل میں سے غلط ملان کو چنیئے۔

| تنظیم | آفس |
|---|---|
| UNO | نیویارک |
| WTO | جینوا |
| IMF | پیرس |
| IAEA | وٹنا |

9۔ مندرجہ ذیل ایجنسی کو ان کے کاموں سے ملایئے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| (i) | ریڈ کراس سوسائٹی | (A) | عالمی تجارت کو طے کرنا |
| (ii) | ایمنیٹی انٹرنیشنل | (B) | جنگ میں ملوث لوگوں کی مدد کرنا |
| (iii) | عالمی تجارتی تنظیم | (C) | ترقیاتی کاموں کے لیے قرض دینا |
| (iv) | عالمی بینک | (D) | انسانی حقوق کی حفاظت کرنا |

(A) d۔i، c۔ii، b۔iii، a۔iv (B) b۔i، d۔ii، a۔iii، c۔iv

(C) b۔i، c۔ii، d۔iii، a۔iv (B) b۔i، d۔ii، c۔iii، a۔iv

10۔ بین الاقوامی مزدور تنظیم کے بارے میں غلط بیان کو چنیئے۔

(A) ILO قیام 1919 میں ہوا (B) اس کا آفس نیو پارک میں ہے۔

(C) مزدوروں کی بہبودی کے لیے قانون بنانا (D) 1969 میں اسے نوبل شانتی پُرسکار ملا۔

## دو نمبر والے سوالات

1۔ عالمی بینک کے کوئی دو کام بتایئے۔

2۔ سلامتی کونسل کے مستقل ممبران کے نام لکھیں۔

3۔ انسانی حقوق کی سلامتی سے متعلق دو تنظیموں کے نام بتائیے۔

4۔ عالمی تجارتی تنظیم کے دو کام بتائیے۔

5۔ ویٹو کا حق کیا ہے؟ ویٹو کے حق میں بدلاؤ کی تجویز ابھی تک کامیاب کیوں نہیں ہوئی ہے؟

6۔ ایسے کوئی دو بین الاقوامی مدّعوں کو پہچانیے جنھیں سلجھانا کسی ایک ملک کے لیے ممکن نہیں ہے۔

7۔ آپسی انحصار کسے کہتے ہیں؟

8۔ دنیا میں بین الاقوامی تنظیمیں ہونے کے کوئی دو فائدے بیان کیجیے۔

## چار نمبر والے سوالات

1۔ بدلتے ہوئے حالات میں بااثر اور مناسب ڈھنگ سے کام کرنے کے لیے اقوام متحدہ کی عمل اور ڈھانچے میں سدھار کے کون کون سے تجویز ہیں؟ بیان کیجیے۔ (Imp)

2۔ ''اقوام متحدہ امریکی دبدبہ کا سامنا کرنے میں ناکام ثابت ہوا ہے''۔ اس بات سے آپ کہاں تک متفق ہیں۔

3۔ سلامتی کونسل کے کام بیان کیجیے۔

4۔ بھارت کے شہری کی شکل میں سلامتی کونسل میں بھارت کی مستقل ممبر شپ کی دعویداری کے حق میں آپ کیا دلائل دیں گے۔ بیان کیجیے۔ (Imp)

5۔ ایمنسٹی انٹرنیشنل کیا ہے؟ اس کے کوئی دو کام بیان کیجیے۔

6۔ اقوام متحدہ کے اہم اصول بیان کیجیے۔

## اقتباس پر مبنی سوالات

### اقتباس

انجمن اقوام متحدہ میں کچھ کمیاں ہیں لیکن اس کو بغیر دُنیا اور بدحال ہوگی آج مختلف سماجوں اور مسئلوں کے بیچ آپسی تار جڑتے جا رہے ہیں۔ اسے آپسی انحصار کا نام دیا جاتا ہے۔ اسے دیکھتے ہوئے یہ تصور کرنا مشکل ہے کہ انجمن اقوام متحدہ جیسی تنظیم کے بغیر دنیا کے سات ارب سے بھی زیادہ لوگ کیسے رہیں گے۔

(i) انجمن اقوام متحدہ کی کمیاں ہیں

(A) فیصلہ لینے کی طاقت مستقل ممبروں کے پاس ہے۔

(B) یہ متاثر کن اور جمہوری کاموں کی کمی میں مبتلا ہے۔

(C) یہ اپنے بجٹ کے لیے اپنے ممبر ممالک کے تعاون پر منحصر ہے۔

(D) اوپر کے سبھی

(ii) اس اقتباس میں آپسی انحصار سے کیا مراد ہے؟

(A) زمین پر سبھی حیوانات کا آپسی انحصار

(B) دنیا میں سبھی ممالک کا آپسی انحصار

(C) نظام شمسی میں سبھی سیاروں کا آپسی انحصار

(D) دو ممالک کے بیچ تجارت کو بڑھاوا دینا

(iii) اگر انجمن اقوام متحدہ نہ تو تو دنیا اور بدحال ہوگی کیوں کہ

(A) انجمن اقوام متحدہ کے بغیر چاروں طرف بدنظمی ہوگی

(B) مختلف سماجوں اور ریاستوں کے بیچ کوئی جڑاؤ نہیں ہوگا

(C) دنیا کے سات ارب لوگوں کا انتظام ناممکن ہوگا

(D) سماجوں کے اور اور سائل کے بیچ بڑھتے تعلقات اور کڑیوں کا انتظام مشکل ہوگا۔

(iv) سال 2019 کے لیے انجمن اقوام متحدہ کے بجٹ میں سب سے زیادہ تعاون دینے والا ملک ہے۔

(A) جاپان (B) چین (C) ہندوستان (D) امریکہ

## کارٹون پر مبنی سوالات

1۔ نیچے دیے گئے کارٹون کا مطالعہ کریں اور سوالات کے جواب دیں۔




(i) دیے گئے کارٹون میں دکھایا گیا شخص کس ملک کی طرف اشارہ کر رہا ہے؟

(ii) کارٹون میں دکھائے گئے شخص کے دائیں ہاتھ میں کس کا نشان ہے بائیں میں کس کا نشان ہے؟

(iii) جنرل اسمبلی کے کوئی دو کام بتائیے۔

## چھ نمبر والے سوالات

1۔ بین الاقوامی تنظیموں کی ضرورت کو واضح کیجیے۔

2۔ اقوام متحدہ کو اور بھی زیادہ بااثر بنانے کے لیے کیا قدم اٹھائے جانے چاہئیں؟

3۔ اقوام متحدہ میں بھارت کی مستقل ممبر شپ کی حمایت میں دلائل پیش کریں۔

4۔ اقوام متحدہ میں بھارت کے رول پر بحث کیجیے۔ (Imp)

5۔ آج کے ماحول میں سلامتی کونسل میں سدھار کی ضرورت کیوں محسوس ہوتی ہے؟ (Imp)

6۔ عالمی سیاست میں بین الاقوامی ادارے اور تنظیمیں کس حد تک جمہوری اور جوابدہ ہیں؟

## ایک نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ (A) دعویٰ A اور وجہ R دونوں صحیح ہیں اور وجہ R دعویٰ A کی صحیح وضاحت ہے۔

2۔ (B) دعویٰ A اور وجہ R دونوں صحیح ہیں اور وجہ R دعویٰ A کی صحیح وضاحت نہیں ہے۔

3۔ (C) دعویٰ A صحیح ہے لیکن وجہ R غلط ہے۔

4۔ (D) دعویٰ A غلط ہے لیکن وجہ R صحیح ہے۔

5۔ (D) عالمی بینک

6۔ (A) (i) اور (ii)

7۔ (B) بین الاقوامی جھگڑوں کو روکنا

8۔ (C) IMF پیرس

9۔ (B) b۔i، d۔ii، a۔iii، c۔iv

10۔ اس کا آفس نیویارک میں ہے۔

## دو نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ (i) زراعت اور گاؤں کی ترقی کے لیے کام کرنا

(ii) ممبر ممالک کو قرضے اور مدد فراہم کرنا

2۔ برطانیہ، فرانس، امریکہ، روس اور چین

3۔ ایمنسٹی انٹرنیشنل اور انسانی حقوق کے نگراں

4۔ (i) عالمگیریت کے لیے قانون اور اصول وضع کرنا

(ii) ممبران ممالک کے درمیان آزادانہ تجارت کو ہموار کرنا

5۔ سلامتی کونسل کا کوئی بھی مستقل ممبر سلامتی کونسل کے ذریعے لئے جانے والے فیصلے کو روک سکتا ہے یہی ویٹو کا حق ہے۔

6۔ عالمی درجۂ حرارت اور دہشت گردی

7۔ معاشرہ اور مسائل کے درمیان بڑھتے ہوئے رشتے جسے ہم عام طور پر ایک دوسرے پر منحصر ہونا کہتے ہیں اسے ہی آپسی انحصار کا نام دیا گیا ہے۔

8۔ ■ بین الاقوامی تنظیمیں جنگ اور امن کے معاملات میں مدد کرتی ہیں۔

■ بین الاقوامی تنظیمیں عالمی درجۂ حرارت اور دہشت گردی جیسے مسائل کا حل ڈھونڈنے کی کوششیں کرتی ہیں۔

## چار نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ (i) اقوام متحدہ میں سلامتی کونسل میں مستقل ممبران کی تعداد کو بڑھانا

(ii) ویٹو پاور کو ختم کرنا

(iii) ترقی یافتہ ممالک کے اثر کو ختم کرنا

(iv) اقوام متحدہ کے کام کرنے کے طریقوں کو اور زیادہ جمہوری بنانا

2۔ (i) امریکہ سب سے بڑی مالی امداد دینے والا ملک ہے

(ii) اقوام متحدہ کا صدر مقام نیویارک میں ہے جو امریکہ کے رقبے میں آتا ہے۔

(iii) اقوام متحدہ میں زیادہ تر ملازمین امریکہ کے ہیں۔

(iv) کوئی بھی قرارداد یا تجویز اپنے ساتھی ملکوں کے مفاد کے مطابق نہ ہونے پر اپنے ویٹو سے روک سکتا ہے۔

3۔ سلامتی کونسل کے کام مندرجہ ذیل ہیں:

(i) دنیا میں امن و امان قائم رکھنا

(ii) کسی بھی ملک کے ذریعے بھیجی گئی شکایت پر کارروائی کرنا

(iii) اپنے منصوبوں کو لاگو کرنے کی کارروائی کرنا

(iv) جھگڑوں کا حل تلاش کرنا

4۔ (i) UNO کا بانی ملک

(ii) سب سے بڑا جمہوری ملک

(iii) تیزی سے ابھرتی ہوئی معاشی طاقت

(iv) سب سے زیادہ آبادی والا ملک

5۔ ایمنسٹی انٹرنیشنل انسانی حقوق کی حفاظت کرنے والا ایک بین الاقوامی ادارہ ہے۔ یہ ادارہ انسانی حقوق سے جڑی رپورٹ تیار کرتا ہے اور انھیں شائع کرتا ہے جو انسانی حقوق کی طرفداری میں ایک اہم رول ادا کرتی ہیں۔

6۔ یادرکھنے لائق نکات کا مطالعہ کریں۔

## اقتباس پر مبنی سوالات کے جوابات

i۔ D اوپر کے سبھی

ii۔ B دنیا میں سبھی ممالک کا آپسی انحصار

iii۔ C دنیا کے سات ارب لوگوں کا انتظام ناممکن ہوگا

iv۔ D امریکہ

## کارٹون پرمبنی سوالات کے جوابات

i۔ امریکہ

ii۔ دائیں میں انجمن اقوام متحدہ کا اور بائیں میں امریکہ کی بالادستی

iii۔ (i) ممبران ممالک کی شمولیت وبرخاستگی

(ii) UNO کا بجٹ پیش کرنا

## چھ نمبر والے سوالات کے جوابات

(1) بین الاقوامی تنظیموں کی ضرورت

1۔ جنگ اور امن کے معاملات میں مدد کرنا

2۔ مختلف مما لک کے بیچ تنازعات کو پُر امن طریقے سے حل کرنے معاون

3۔ نئے چنوتیوں سے بھرے معاملات جیسے گلوبل وارمنگ کووڈ۔19 جیسے مہلک امراض دہشت گردی وغیرہ آپسی تعاون سے سلجھائے جاسکتے ہیں۔

4۔ مما لک کی علاقائی یک جہتی اور سیاسی آزادی کی عزت کرنا

5۔ بات چیت کے عالمی منچ کی شکل میں کام

2۔ انجمن اقوام متحدہ کو اور زیادہ مؤثر بنانے کے لیے مندرجہ ذیل کام کئے جانے چاہئیں۔

1۔ سلامتی کاؤنسل کی بناوٹ میں سُدھار

2۔ سلامتی کاؤنسل کے مستقل اور غیر مستقل ممبروں میں اضافہ

3۔ ویٹو کے حق کو ختم کرنا یا اس میں تبدیلی کرنا

4۔ سلامتی کاؤنسل کو اور زیادہ جمہوری اور جوابدہ بنانا

5۔ سبھی عالمی نظام بین الاقوامی امن وامان سے متعلق قانونوں کی یکساں عزت کریں

6۔ سلامتی کاؤنسل کی کاموں میں سُدھار۔

7۔ نئے معاملات جسے بھوک مری، عالمی غیربی گلوبل وارمنگ وغیرہ کا سامنا کرنا۔

3۔ انجمن اقوام متحدہ میں ہندوستان کے تعاون کو مندرجہ ذیل شکل میں دیکھا جاسکتا ہے۔

1۔ ہندوستان بین الاقوامی سیاست میں ایک اہم کردار کی شکل میں اُبھرا ہے۔

2۔ ہندوستان 8 دفعہ سلامتی کاؤنسل کا غیر مستقل ممبر رہ چکا ہے۔

3۔ عام سبھا کی صدارت کے دوران بھی ہندوستان کا تعاون قابلِ تعریف ہے۔

یہ ہندوستان کی اس بات سے بھی ثابت ہوتا ہے کہ ہندوستان نہ صرف جنوبی ایشیا میں بلکہ سبھی جمہوری مما لک کے

لیے قابل فخر ہے۔ سلامتی کاؤنسل میں اپنی مدت کے دوران ہندوستان نے سلامتی کاؤنسل کا دھیان کا تحفظ وغیرہ

4۔ سمندری تحفظ۔ امن فوج کا تحفظ وغیرہ معاملات میں مبذول کرایا۔

5۔ یاد رکھنے لائق نکات دیکھیں۔

5۔ مندرجہ ذیل اسباب کی وجہ سے انجمن اقوام متحدہ میں سدھاروں کی ضرورت محسوس ہوئی۔

(i) سلامتی کاؤنسل اب سیاسی حقیقت کی نمائندگی نہیں کرتی۔

(ii) اس کے فیصلوں پر مغربی ممالک کے مفاد کا اثر نظر آتا ہے۔

(iii) سلامتی کاؤنسل کے فیصلوں پر چند ممالک کا دباؤ ہے۔ خاص طور سے ان ملکوں کا جو انجمن اقوام متحدہ کے بجٹ میں زیادہ سے زیادہ مالی امداد دیتے ہیں۔

6۔ بین الاقوامی اداروں اور تنظیموں کے جوابدہ ہونے کی حمایت میں دلائل

(i) جنرل اسمبلی میں دنیا کے تمام ملکوں کی مساوی ممبر شپ

(ii) معاشی ترقی کے لیے کئی اکائیاں قائم

(iii) ملکوں میں جمہوریت کی حفاظت کے لیے اقوام متحدہ مسلسل کوشاں ہے

(iv) اقوام متحدہ کی اکائیاں انسانی حقوق کے حفاظت کے لیے کام کرتی ہیں

(v) انسانی ترقی (تعلیم، علاج) وغیرہ پر زور

(vi) ماحولیاتی سلامتی پر زور

مندرجہ بالا دلائل کی بنیاد کے باوجود بھی اقوام متحدہ میں کچھ ملکوں کا لگاتار دبدبہ بڑھتا ہی جارہا ہے چاہے وہ سلامتی کونسل میں ممبران کی تعداد کو بڑھانے کی بات ہو یا سلامتی کونسل میں ویٹو کا استعمال ہو وغیرہ......اقوام متحدہ جیسے ادارے کے جمہوری ہونے پر بھی سوالیہ نشان لگتے ہیں۔

# باب۔ پانچ

# دورِ حاضر میں سلامتی اور تحفظ

## یاد رکھنے لائق نکات

- انسان کی زندگی کا اہم مرکز سلامتی ہی ہے اپنے شہریوں کی سلامتی کے لئے دنیا کے تقریباً سبھی ممالک ایک جیسی تشویش میں ہیں۔
- سلامتی کے معنی انسانی زندگی میں شامل خطروں کو دور کرنا تا کہ انسان پرُ امن زندگی گزار سکے۔

**سلامتی کے تصورات**

- روایتی تصور
  - باہری خطرہ
    - فوجی حملہ
    - مزاحمت
    - طاقت کا توازن
    - اتحاد سازی
  - اندرونی خطرہ
    - نظم ونسق
    - علیحدگی پسندی
    - خارجہ جنگی
- غیر روایتی تصور
  - انسانی سلامتی
    - بھوک
    - مہلک بیماریاں
    - اور قدرتی آفات سے سلامتی
  - عالمی سلامتی
    - دہشت گردی
    - بیماریاں آب وہوا سے متعلق مدّے اس میں شامل ہیں۔

- باہری سلامتی کے تحت خطرے کا ذریعہ کوئی دوسرا ملک ہوتا ہے جو فوجی حملے کی دھمکی دے کر اقتدار اعلیٰ، خود مختاری اور حدود ارضی کے استحکام کی بنیادی قدروں کو خطرے میں ڈال دیتا ہے۔
- سلامتی کی پالیسی کا تعلق جنگ کو ٹالنے سے ہے جسے ''مزاحمت'' کہا جاتا ہے۔
- سلامتی کی روایتی پالیسی کے تحت ملک '' طاقت کے توازن'' کا بھی بہت دھیان رکھتا ہے اور اپنی فوجی طاقت کے ساتھ معاشی طاقت اور ٹیکنالوجی بڑھانے میں لگا رہتا ہے۔

- کسی ملک یا گٹھ بندھن کے مقابلے میں اپنی طاقت کا اثر بڑھانے کے لیے ملک گٹھ بندھن بناتے ہیں۔گٹھ بندھن قومی مفادات پر منحصر ہوتے ہیں۔قومی مفاد بدل جانے پر گٹھ بندھن بھی بدل جاتے ہیں۔

- **سلامتی کے روایتی طریقے**: تخفیف اسلحہ،ہتھیاروں پر کنٹرول اور یقین کی بحالی

- سلامتی کے داخلی تصور کے تحت ملک کے اندر امن وامان اور قانونی نظم ونسق ہو۔ایشیا اور افریقہ کے نئے آزاد ملکوں کے ساتھ اندرونی فوجی بغاوتیں،خانہ جنگی اور علاحدگی پسند تحریکیں تشویش کا سبب ہیں۔
- سلامتی کا غیر روایتی نظریہ فوجی خطرات کے ساتھ ساتھ انسانی وجود پر آنے والے خطروں سے جڑا ہوا ہے۔جس میں انسانی وجود کو نقصان پہنچانے والے خطروں اور اندیشوں کو شامل کیا جاتا ہے جیسے اناج کی قلت،قحط،موذی بیماری،قدرتی آفات اور گلوبل وارمنگ وغیرہ۔بین الاقوامی دہشت گردی بھی اس میں شامل ہے۔

- سلامتی کے غیر روایتی تصور کے دو پہلو ہیں:انسانی سلامتی اور عالمی سلامتی

- سلامتی کے غیر روایتی تصور کے تحت دنیا کے لیے:
  - دہشت گردی
  - انسانی حقوق
  - عالمی غریبی
  - ہجرت کرنے والے لوگوں کا مسئلہ
  - بیماریاں جیسے ایڈس،برڈ فلو اور SARS وغیرہ شامل ہیں۔

- باہمی تعاون کی سلامتی

  - غیر روایتی خطرات سے نمٹنے کے لیے فوجی کارروائی کا استعمال نہ کر کے بین الاقوامی تعاون سے پالیسیاں بنائی جاتی ہیں۔جسے باہمی تعاون کی سلامتی کہتے ہیں۔اگر چہ آخری حل کی شکل میں طاقت کا استعمال کیا جاسکتا ہے۔

  - باہمی تعاون میں مختلف ملکوں کے علاوہ بین الاقوامی ادارے(اقوام متحدہ،عالمی بینک وغیرہ)،ذاتی خدمات کی تنظیمیں(ریڈ کراس،ایمنسٹی انٹرنیشنل وغیرہ)کاروباری تنظیمیں اور مشہور شخصیات جیسے نیلسن منڈیلا،مدر ٹریسا وغیرہ شامل ہوسکتی ہیں۔

- ہندوستان کی سلامتی کی حکمت عملی




## دہشت گردی

دہشت گردی سے مراد جابر تشدد کے اس منظم استعمال سے ہے جس سے سماج میں ڈر کا ماحول بنتا ہے۔اس کا استعمال خاص طور سے سیاسی اور مذہبی اور نظریاتی مقصد کے لیے کیا جاتا ہے۔ یہ جان بوجھ کر اور بغیر کسی مروت کے شہریوں کو اپنا نشانہ بناتی ہے۔ یہ دہشت گردی ایک سے زیادہ ممالک یعنی بین الاقوامی سطح پر پھیلی ہوئی ہے اور اس کے نشانے پر کئی ممالک کے شہری ہیں۔

کوئی سیاسی تعلق یا حالات نہ پسند ہوں تو دہشت گردوں کے گروپ اسے طاقت کے استعمال کی دھمکی دے کر تبدیل کرنا چاہتے ہیں عوام میں دہشت پھیلانے کے لیے شہریوں کو نشانہ بنایا جاتا ہے۔

دہشت گردی کی کئی شکلیں میں جیسے ہوائی جہاز کا اغوا یا بھیڑ بھاڑ والی جگہوں جیسے ریل گاڑی، ہوٹل، بازار یا ایسے ہی دوسرے مقامات پر بم دھاکے کرنا۔ جیسے 11 ستمبر 2001 کو دہشت گردوں نے امریکہ کے ورلڈ سینٹر پر حملہ کیا۔اس کے بعد دوسرے ممالک اور وہاں کی حکومتیں دہشت گردی پر زیادہ دھیان دینے لگی ہیں۔ ہندوستا کے موجودہ وزیر اعظم نریندر مودی جی نے واضح کیا ہے کہ دہشت گردی اچھے یا برے عمل میں منقسم نہیں کی جا سکتی یہ ایک عالمی مسئلہ ہے اس کا خاتمہ اجتماعی طور سے کیا جانا چاہیے۔

## ایک نمبر والے سوالات

1۔ مندرجہ ذیل معاہدوں کو ترتیب وار منظّم کیجیے۔

(i) 1992 کا BWC معاہدہ (ii) NPT

(iii) 1972 کا ABM معاہدہ (iv) کیوٹو پروٹوکول

متبادل

A۔ i, ii, iii, iv B۔ ii, iv, iii, i

C۔ ii, iii, iv, i D۔ i, ii, iii, iv

2۔ ایشیا اور افریقہ کے نئے آزاد ممالک کے سامنے کون سی سلامتی کی چنوتی تھی۔

(A) ان ممالک کے سامنے علیحدگی پسند تحریکوں سے خطرہ تھا۔

(B) ان ممالک کے سامنے سرحدی تنازعے تھے۔

(C) آبادی پر کنٹرول کو لے کر باہمی تعاون کی پالیسی تھی۔

(D) انہیں اندرونی اور فوجی تنازع کی بھی فکر کرنی تھی۔

3۔ مندرجہ ذیل میں سے کون سا ہندوستان کی سلامتی کے طریقہ کا ایک اہم جز ہے۔

(A) فوجی صلاحیت کو بڑھانا (B) بین الاقوامی مسائل کو حل کرنا۔

(C) معاشی ترقی کو تیز کرنا (D) جنگوں میں شامل ہونا

4۔ مندرجہ ذیل میں سے کون سا سلامتی کے روایتی تصور سے تعلق رکھتا ہے۔

(A) عالمی درجۂ حرارت (B) دہشت گردی۔

(C) فوجی حملہ (D) مہلک امراض

5۔ ہتھیاروں پر کنٹرول کے تحت امریکہ اور سوویت یونین نے مندرجہ ذیل میں سے کون کون سے معاہدے کیے تھے۔ مناسب متبادل کو چنئے۔

(i) SALT II (ii) START

(iii) Anti Belistic Missile معاہدہ

(A) صرف (i) اور (iii) (B) صرف (i) اور (ii)

(C) صرف (ii) اور (iii) (D) صرف (i) ، (ii) اور (iii)

6۔ ایشیا اور افریقہ کے نئے آزاد ممالک کے سامنے سلامتی کی اہم چنوتیاں کون سی تھیں۔

(i) پڑوسی ممالک سے فوجی حملہ کا ڈر (ii) خلائی فوجی جھگڑے کی فکر

(iii) مہلک امراض کا ڈر

(A) صرف (i) اور (iii) (B) صرف (i) اور (ii)

(C) صرف (ii) اور (iii) (D) صرف (i) ، (ii) اور (iii)

7۔ مندرجہ ذیل میں سے کن متبادل کو آپ سلامتی کے روایتی خطرے کا درجہ دیں گے۔

(i) فوجی حملہ (ii) خانہ جنگی (ii) عالمی غریبی

(A) صرف (i) اور (iii) (B) صرف (i) اور (ii)

(C) صرف (ii) اور (iii) (D) صرف (i) ، (ii) اور (iii)

8۔ مندرجہ ذیل میں سے کون سا متبادل سلامتی کے روایتی طریقوں میں شامل کیا جاسکتا ہے؟

(i) ہتھیاروں پر کنٹرول (ii) اعتماد سازی (ii) ترکِ اسلحہ

(A) صرف (i) اور (iii) (B) صرف (i) اور (ii)

(C) صرف (ii) اور (iii) (D) صرف (i) ، (ii) اور (iii)

نیچے دیے گئے دو بیان دعویٰ اور وجہ کو پڑھیے اور اُن میں صحیح کا انتخاب کیجیے۔

(A) دعویٰ A اور وجہ R دونوں صحیح ہیں اور وجہ R دعویٰ A کی صحیح وضاحت ہے۔

(B) دعویٰ A اور وجہ R دونوں صحیح ہیں اور وجہ R دعویٰ A کی صحیح وضاحت نہیں ہے۔

(C) دعویٰ A صحیح ہے لیکن وجہ R غلط ہے۔

(D) دعویٰ A غلط ہے لیکن وجہ R صحیح ہے۔

9۔ دعویٰ (A) سلامتی کے روایتی تصور میں فوجی خطرے کو کسی ملک کے لیے سب سے زیادہ خطرناک مانا جاتا ہے۔

وجہ (R) اس خطرے کے ذریعے کوئی دوسرا ملک ہوتا ہے جو فوجی حملے کی دھمکی دے کر اقتدار اعلیٰ۔ آزادی اور علاقائی یکجہتی جیسی مرکزی قدروں کے لیے خطرہ پیدا کرتا ہے۔

10۔ دعویٰ (A) سلامتی کے غیر روایتی تصور کا صرف فوجی خطروں سے تعلق نہیں ہے۔

وجہ (R) سلامتی غیر روایتی تصور کے دو پہلو ہیں انسانی سلامتی اور عالمی سلامتی

## دو نمبر کے سوالات

1۔ سلامتی کے روایتی تصور کے مطابق کسی ملک کی سلامتی کے درپیش دو خطروں کو اُجاگر کیجیے۔

2۔ سلامتی کے نئے خطروں کے نئے نئے ذرائع کون سے ہیں؟

3۔ ترکِ اسلحہ سے کیا مراد ہے؟

4۔ روایتی سلامتی کے کنہیں دو طریقوں کی وضاحت کیجیے۔

5۔ مہاجرین اور پناہ گزین میں فرق بتائیے۔

6۔ مزاحمت لفظ سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟

7۔ سلامتی کے دو اہم تصور کون سے ہیں؟

8۔ انسانی سلامتی سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟

9۔ روایتی سلامتی پالیسی کے ایک اجزا کی شکل میں گٹھ بندھن بنانے سے کیا مراد ہے؟

10۔ باہمی تعاون کی سلامتی سے کیا مراد ہے؟

## چار نمبر کے سوالات

1۔ ہندوستان کی سلامتی کے اہم طریقوں کی وضاحت کیجیے۔

2۔ کچھ ایسے بین الاقوامی مسائل کو بیان کیجیے جن سے اس وقت نپٹا جا سکتا ہے جب سبھی مما لک مل کر کام کریں۔

3۔ فی کس آمدنی اور آبادی میں اضافہ، دنیا میں معاشی نابرابری کو کیسے متاثر کرتے ہیں۔ غریبوں اور امیروں کے بیچ عالمی سطح پر معاشی نابرابری کو ختم کرنے کے کوئی دو طریقے بتائیے۔

4۔ سلامتی کے روایتی تصور اور غیر پر روایتی تصور میں فرق بتائیے۔

## اقتباس پر مبنی سوالات

مندرجہ ذیل پیراگراف کو دھیان سے پڑھیے اور متعلقہ سوالات کے جواب دیجیے

''صرف ملک ہی نہیں انسانوں اور تنظیموں یا یہ کہا جائے کہ تمام انسانیت کو سلامتی کی ضرورت ہے۔ اگر چہ اس بات میں فرق پایا جاتا ہے کہ ایسے کون سے خطرات ہیں جن سے انسان کو بچایا جانا چاہیے۔ وسیع معنی میں انسانوں و دیگر طبقات کو خون خرابے سے بچانا انسانیت کی سلامتی ہے جبکہ عام اصطلاح میں یہ ''محرومی سے نجات'' اور ''خوف سے نجات'' ہے۔

(1) سلامتی کی ضرورت کسے ہے؟

(A) ریاست کو۔ (B) لوگوں کو

(C) کمیونٹی کو (D) سبھی کو

(2) دیئے گئے پیراگراف کے مطابق تنگ معنوں میں سلامتی کیا ہے؟

(A) لوگوں کو خون خرابے سے بچانا (B) کمیونٹی کو خون خرابے سے بچانا

(C) لوگوں اور کمیونٹی دونوں کو خون خرابے سے بچانا (D) کوئی نہیں

(3) دیئے گئے پیراگراف کے مطابق وسیع معنوں میں سلامتی کیا ہے؟

(A) محرومی سے نجات (B) محرومی اور خوف سے نجات

(C) خوف سے نجات (D) ان میں سے کوئی نہیں

(4) کن خطروں سے لوگوں کو بچایا جانا چاہیے۔

(A) وبائی امراض　　(B) قدرتی آفات

(C) دہشت گردی　　(D) سبھی طرح کے خطروں سے

## کارٹون پر مبنی سوالات

1۔ مندرجہ ذیل تصویر کو دھیان سے دیکھیں اور سوالات کا جواب دیں




(i) اس کارٹون میں سلامتی کے کن خطروں کو دکھایا گیا؟

(ii) سلامتی کے ان خطروں سے کس طرح نپٹا جا سکتا ہے؟

(iii) سلامتی کے روایتی تصور میں اہم خطرے کون سے ہیں؟

## چھ نمبر کے سوالات

1۔ سلامتی کے غیر روایتی تصور سے کیا مراد ہے؟ انسانی سلامتی سے متعلق وسیع معنوں میں اور مختصر معنوں میں فرق واضح کریں۔

2۔ سلامتی کی کنہیں تین چنوتیوں کو ایک ایک مثال کے ذریعے واضح کریں۔

3۔ تیسری دنیا کے لوگوں کے سامنے آنے والے خطرے کس طرح پہلی دنیا کے لوگوں کے خطروں سے الگ ہیں اپنے جواب کے حق میں مثالیں دیجیے۔

4۔ بین الاقوامی سطح پر بڑھتی ہوئی دہشت گردی کی کیا وجوہات ہیں؟

5۔ باہری خطرے کے روایتی تصور کے چار عوامل کون سے ہیں ہر ایک کی ایک ایک مثال دیں۔

## ایک نمبر کے سوالات کے جوابات

1۔ (A) ii، iii، iv اور i

2۔ (B)

3۔ (D) جنگوں میں شامل ہونا

4۔ (C) فوجی حملہ

5۔ (D) صرف (i) ، (ii) اور (iii)

6۔ (B) صرف (i) اور (ii)

7۔ (B) صرف (i) اور (ii)

8۔ (D) صرف (i) ، (ii) اور (iii)

9۔ (A) دعویٰ A اور وجہ R دونوں صحیح ہیں اور وجہ R دعویٰ A کی صحیح وضاحت ہے۔

10۔ (B) دعویٰ A اور وجہ R دونوں صحیح ہیں اور وجہ R دعویٰ A کی صحیح وضاحت نہیں ہے۔

## دو نمبر کے سوالات کے جوابات

1۔ <u>اندرونی خطرہ</u>: (i) خانہ جنگی (ii) علیٰحدگی پسندی، <u>باہری خطرہ</u>: (i) فوجی حملہ (ii) نسل کشی

2۔ دہشت گردی، عالمی غریبی، آفات اور مہلک امراض، گلوبل وارمنگ اور پناہ گزینوں کا مسئلہ

3۔ ترکِ اسلحہ کے معنی ہیں تباہ کن ہتھیاروں کا نہ بننا۔ انھیں کم کرنا اور اُن پر کنٹرول کرنا

4۔ (i) اعتماد سازی (ii) ترکِ اسلحہ (iii) ہتھیاروں پر کنٹرول

5۔ مہاجرین اُن لوگوں کو کہا جاتا ہے جو اپنی مرضی سے اپنا ملک چھوڑ کر کسی دوسرے ملک میں جا کر بستے ہیں۔ پناہ گزیں ایسے لوگ ہوتے ہیں جو جنگ، قدرتی آفات یا سیاسی ہرآسانی کی وجہ سے ملک چھوڑ کر کسی دوسری جگہ پر رہنے کو مجبور ہوتے ہیں۔

6۔ جب کوئی ملک سلامتی کی پالیسی کے تحت جنگ کے خدشے کو روکنے کی کوشش کرتا ہے تو اسے مزاحمت کیا جاتا ہے

7۔ سلامتی کا روایتی تصور اور سلامتی کا غیر روایتی تصور

8۔ سماج میں محفوظ زندگی گزارنا ہی انسانی سلامتی ہے۔ موجودہ وقت میں انسان کی زندگی مختلف خطروں سے گھری رہتی ہے۔ انسان کو ان مختلف خطروں سے محفوظ رکھنا ہی انسانی سلامتی ہے۔

9۔ روایتی سلامتی پالیسی کے ایک اجزا کی شکل میں گئی بندھن بنانے سے مراد ہے مختلف ممالک کا ایک ساتھ سمجھوتہ یا معاہدہ کرنا جو کسی خاص حملے کو روکتے اور اپنا تحفظ کرنے سے متعلق ہے۔

10۔ موجودہ وقت میں خطرے کے بہت سارے نئے ذرائع دنیا کے سامنے آئے ہیں ان مختلف خطروں میں دہشت گردی، آفت اور مہلک امراض عالمی غریبی، انسانی حقوق عالمی درجۂ حرارت وغیرہ شامل ہیں۔ ان خطروں سے مل کر ہی لڑا جا سکتا ہے۔ اس لیے عالمی سطح پر مختلف ممالک کا ایک ساتھ آنا اور تعاون کرنا ہی باہمی تعاون کی سلامتی کہلاتا ہے۔

## چار نمبر کے سوالات کے جوابات

1۔ (i) فوجی صلاحیت کو مضبوط کرنا

(ii) بین الاقوامی اداروں کو مضبوط کرنا۔

(iii) بیرونی سلامتی کے مسائل سے نپٹنا

(iv) معاشی ترقی کو تیز کرنا

2۔ (i) دہشت گردی (ii) عالمی غریبی (iii) عالمی درجۂ حرارت (iv) انسانی حقوق کی پامالی

3۔ اچھی فی کس آمدنی اور آبادی میں اضافہ کی وجہ سے امیر ملک یا سماجی کمیونٹی کو اور۔۔۔۔ امیر بنانے میں مدد ملتی ہے، جب کہ کم فی کس آمدنی اور آبادی میں تیز اضافہ ایک ساتھ مل کر غریب ملکوں اور سماجی کمیونٹی کو اور زیادہ غریب بنا دیتے ہیں۔

سمجھاؤ: (i) بڑھتی ہوئی آبادی پر کنٹرول کر کے ہی عالمی سطح پر معاشی فرق کو کم کیا جا سکتا ہے۔ (ii) دہشت گردی سیاسی تشدد

کو متاثر کرتی ہے۔ جو شہریوں کو جان بوجھ کر اور تفریق کے ذریعے اپنا شکار بناتی ہے۔(iii) دہشت گردی سے مراد جابر تشدد کے سوچے سمجھے استعمال سے سماج میں دہشت یا خوف کا ماحول پیدا کرنا ہوتا ہے۔(iv) دہشت گرد گروپ کسی ایسے نظام یا صورتِ حال کو جسے وہ پسند نہیں کرتے طاقت کے استعمال کی دھمکیو سے بدلنا چاہتے ہیں۔

4۔ سلامتی کے روایتی اور غیر روایتی تصور میں خاص فرق اس طرح ہیں۔

(i) روایتی سلامتی میں فوجی حملے کا خطرہ سب سے زیادہ ہوتا ہے، جبکہ غیر روایتی میں فوجی حملے کا خطرہ نہیں ہوتا۔

(ii) روایتی سلامتی کے خطرہ میں علیحدگی پسندی، خانہ جنگی اور فوجی حملے آتے ہیں جب کہ غیرہ روایتی میں دہشت گردی، انسانی حقوق، پناہ گزینوں کا مسئلہ عالمی غریبی آتے ہیں۔

(iii) روایتی سلامتی کے طریقے میں اعتماد سازی ترکِ اسلحہ اور ہتھیاروں پر کنٹرول آتے ہیں۔ جب کہ غیر روایتی سلامتی کے طریقے میں باہمی تعاون کی سلامتی کا استعمال ہوتا ہے۔

(iv) روایتی سلامتی کے خطرے میں فوجیوں کے ساتھ ساتھ کبھی کبھی عوام بھی شکار بن جاتی ہے، جب کہ غیر روایتی سلامیتی کے خطرے میں تمام انسانیت اور عالم کو خطرہ ہوتا ہے۔

## اقتباس پر مبنی سوالات کے جوابات

i۔ (D) مکمل انسانیت کو　　ii۔ (B) انسان اور کمیونٹی کو خون خرابوں سے بچانا

iii۔ (D) اوپر کے سبھی　　iv۔ (C) ڈر و خوف سے آزادی

## کارٹون پر مبنی

1۔ اوپر کے کارٹون میں سلامتی کے نئے خطروں کو دکھایا گیا ہے۔

2۔ باہمی تعاون کی سلامتی طریقے اپنا کر ان خطروں سے نپٹا جا سکتا ہے۔

3۔ سلامتی کے روایتی تصور میں خاص خطرے اس طرح ہیں۔ فوجی حملہ، علیحدگی پسندی قانونی نظام وغیرہ۔

## چھ نمبر کے سوالات کے جوابات

1۔ (i) سلامتی کے غیر روایتی تصور کا صرف فوجی حملوں سے ہی تعلق نہیں ہے۔اس تصور میں انسانی وجود پر چوٹ پہنچانے والے خطروں اور خدشوں کو شامل کیا جاتا ہے۔جیسے دہشت گردی،انسانی حقوق، پناہ گزینوں کا مسئلہ، عالمی غریبی، عالمی درجۂ حرارت وغیرہ۔

(ii) انسانی سلامتی سے متعلق محدود تصور اس تصور میں انسان کو تشددی خطروں یعنی خون خرابے سے بچانا یا لوگوں اور کمیونٹی کو اندرونی خون خرابے سے بچانا ہوتا ہے۔

انسانی سلامتی سے متعلق وسیع تصور: اس تصور میں انسانیت کو خطرہ سے بچانا ہوتا ہے۔اس طرح کے خطروں میں قحط، مہلک امراض، قدرتی آفات وغیرہ شامل ہیں۔

2۔ (i) دہشت گردی مثلاً ہوائی جہاز کا اغوا، بم نصب کرنا۔

(ii) انسانی حقوق کی پامالی، مثلاً سری لنکا میں تشدد

(iii) مہلک امراض: مثلاً کورونا، ایچ آئی وی، سارس

3۔ (i) پڑوسی ممالک سے فوجی حملہ کا ڈر

(ii) علیٰحدہ پسندی کا بھی خطرہ،

(iii) بیرونی فوجی تنازعے کا ڈر

(iv) پڑوسی ممالک کے بیچ سرحدی لائن اور زمینی علاقہ یا آبادی پر کنٹرول کو لے کر بھی تنازعہ تھا۔

4۔ (i) جدید ہتھیاروں تک پہنچ (ii) تکنیکی اور مواصلاتی تکنیکی

(iii) آمدورفت کے وسائل کا فروغ

(iv) مختلف ممالک کے ذریعے بلاواسطہ حمایت (تفصیل سے لکھیں

5۔ (i) مزاحمت (ii) فوجی طاقت (iii) طاقت کا توازن (iv) گٹھ بندھن (تفصیل سے لکھیں)

# باب۔ چھ
# ماحولیات اور قدرتی وسائل

- ماحولیات: آس پاس کے حالات جس میں انسان رہتا ہے اور چیزیں ملتی ہیں ان کا فروغ ہوتا ہے۔ ماحولیات قدرتی پیڑ پودوں اور جنگلی جانوروں پر مشتمل ہے۔

- قدرتی وسائل: قدرت سے حاصل انسان کے استعمال کے ذرائع

- موجودہ عالمی سیاست میں ماحولیات اور قدرتی وسائل ایک ایسا موضوع ہے جس کے بارے میں فکر لازمی ہے۔ جس کی خاص وجہ کھیتی کے لائق زمین کی کمی۔ چراگاہ اور مچھلی ذخائر میں تنزلی۔ آبی آلودگی اور صاف پینے کے پانی کی کمی۔ جنگلات کی کٹائی۔ حیاتیاتی اختلاف کا ختم ہونا اور اوزون پرت کو نقصان اور ساحلی علاقوں میں بڑھتی آلودگی ہے۔




- ماحولیات کے تحفظ کے لئے عالمی کوششیں:۔

| نمبر شمار | سال | کوشش | نتائج |
|---|---|---|---|

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1۔ | 1972 | کلب آف روم نے Limits to growth کتاب شائع کی | اس میں بڑھتی ہوئی آبادی کے سبب قدرتی وسائل کے اندیشوں کو بتایا گیا ہے۔ |
| 2۔ | 1972 | اسٹاک ہوم | Human Envirnment کانفرنس کرائی گئی جس میں ایک ہی زمین کی گونج سنائی دی۔ |
| 3۔ | 1970 کی دہائی | UNEP کے ذریعے مختلف کانفرنس | ماحولیات کے مسائل پر زیادہ کارگر اور زیادہ سلجھی ہوئی پہل قدمیوں کی شروعات ہوئی۔ |
| 4۔ | 1987 | برٹ لینڈر رپورٹ<br>Our Common Future | اس میں بتایا گیا تھا کہ معاشی ترقی کے یہ جاری طریقے آگے چل کر ٹکاؤ ثابت نہیں ہوں گے۔ |
| 5۔ | 1992 | برازیل (ریوڈی جینیریو) ارضی کانفرنس | • 170 ممالک ہزاروں خود امدادی تنظیموں اور کئی ملٹی نیشنل کمپنیوں نے حصہ لیا۔<br>ماحولیاتی تحفظ کو لے کر ترقی یافتہ اور ترقی پذیر ممالک کے بیچ فرق تھا۔ ترقی یافتہ ممالک کی فکر اوزون پرت میں چھید اور عالمی درجۂ حرارت کو لے کر تھی۔ ترقی پذیر ممالک اپنے اور ماحول کے تحفظ کے بیچ توازن قائم کرنے کے لئے فکرمند تھے۔ ایجنڈا 21 اس میں ترقی کے طریقے سمجھائے گئے یہ کیا گیا کہ معاشی ترقی کا طریقہ ایسا ہونا چاہیے جس سے ماحول کو کوئی نقصان نہ پہنچے۔ اسے ہی ٹکاؤ ترقی بھی کہا گیا۔ |
| 6۔ | 1997 | کیوٹو پروٹوکول | صنعتی ممالک کے لئے گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج کو کم کرنے کے لئے مقاصد تعین کئے گئے۔ |
| 7۔ | 2002 | جوہانسبرگ (جنوبی افریقہ) دوسری ارضی کانفرنس | بنیادی طور سے عرصہ دراز ترقی پر مرکوز تھا۔<br>• سابق راشٹرپتی جارج بُش نے اس کا بائیکاٹ کیا تھا۔<br>• چین اور روس نے 1997 کے کیوٹو پروٹوکول پر رضامندی دے دی تھی۔ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | | | برازیل نے ایک تجویز کے ذریعے سے 2010 تک دنیا بھر میں کُل توانائی کے استعمال کا 10% غیر رسمی زراعتوں سے ہونے کا مقصد رکھا تھا۔<br>• 2009 تک اگلی کانفرنس سے پہلے کچھ ٹھوس روڈ میپ اور طے شدہ مقاصد کو تیار کیا گیا۔<br>گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج میں کٹوتی کی بات بھی کہی گئی۔<br>پہلی ارضی کانفرنس کے 20 سال بعد ریو میں یہ کانفرنس ہو رہی تھی اس لئے ریو+20 کہا گیا۔اس میں نئی ابھرتی چنوتیوں کو حل کرنا مقصد تھا ریو کانفرنس کا تجزیہ کیا گیا۔ |
| 8۔ | 2010 | کان کُن کانفرنس<br>CoP-16 ریو+20 ریو جینیرو | • یہ 2020 تک لاگو ہوگا۔ |
| 9۔ | 2012 | COP-19 فارسا | • عالمی درجۂ حرارت میں بڑھوتری کو 2°C کے قریب محدود کرنا۔ |
| 10۔ | 2015 | Conference of Parties | • ہندوستان نے 2 اکتوبر 2016 کو دستخط کئے اور 2030 تک اپنے اخراجات کی تیزی کو 2015 کے مقابلے 33-35% تک کم کرنے کا مقصد رکھا ہے۔ |
| 11۔ | 2016 | CoP-22 مارا کیش (مورکّو) | • امریکہ نے خود کو اس سمجھوتے سے الگ رکھا ہے۔<br>• ترقی پذیر ممالک کے ذریعے مقرر انشدانی کو حاصل کرنے کے لئے ضروری مالی مدد مہیا کرانا اس کا خاص موضوع تھا۔ |

- **مشترکہ ملکیت:**

ان وسائل کو کہتے ہیں جن پر کسی ایک کا نہیں بلکہ تمام کمیونٹی کا حق ہوتا ہے جیسے مشترکہ خاندان کا چولہا، چراگاہ، میدان، کنویں اور ندیاں وغیرہ۔اسی طرح دنیا کے کچھ حصّے ہیں جن پر دنیا کے کسی ایک ملک کا حق نہیں ہوتا بلکہ ان کا انتظام ملی جلی یا بین الاقوامی کمیونٹی کی ذمہ داری ہوتی ہے۔انھیں عالمی جائیداد یا پھر انسانیت کی ساجھی وراثت کہا جاتا ہے۔اس میں خطہ ارض کا ماحول، انٹارٹیکا، سمندری سطح اور خلا شامل ہیں۔اس جانب کچھ اہم معاہدے جیسے انٹارٹیکا معاہدہ 1959۔1987 کا منٹریل پروٹوکال اور 1991 کی انٹارٹیکا ماحولیاتی پرٹوکول ہیں۔

- **مشترکہ ملکیت الگ الگ ذمے داری:**

عالمی مشترکہ ملکیت کے تحفظ کو لے کر ترقی پذیر اور ترقی یافتہ ممالک کے خیالات الگ الگ ہیں ترقی یافتہ ممالک اس کو تحفظ کی ذمہ داری سبھی ممالک میں یکساں بانٹنے کے حق میں ہیں لیکن ترقی پذیر ممالک دو بنیاد پر ترقی یافتہ ممالک کی اس پالیسی کی مخالفت کرتے ہیں پہلا یہ کہ مشترکہ ملکیت کو آلودہ کرتے ہیں ترقی یافتہ ممالک کا کردار زیادہ ہے۔ دوسرا یہ کہ ترقی پذیر ممالک ابھی ترقی کر رہے ہیں اس لئے مشترکہ ملکیت کے تحفظ کے سلسلے میں ترقی یافتہ ممالک کی ذمہ داری بھی زیادہ ہونی چاہیے۔ اور ترقی پذیر ممالک کی ذمہ داری کم ہونی چاہیے۔

- بھارت نے بھی ماحولیاتی تحفظ کے پروگراموں کے توسط سے اپنے حصہ داری پیش کی ہے۔

- **ماحولیاتی تحفظ اور ہندوستان**

  - 2002 میں کیوٹو پروٹوکول پر دستخط
  - 2005 میں ممالک G-8 کے اجلاس میں ترقی یافتہ ملکوں کے ذریعے کی جارہی گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج کے سلسلے میں کمی پر زور
  - 2001 میں توانائی کے تحفظ کا قانون پاس کیا۔
  - صاف ایندھن مثلاً قدرتی گیس اور آلودگی سے مبرا تکنیکوں پر زور (نیشنل آٹومینول پالیسی)
  - 2003 میں بجلی قانون میں قابل تجدید توانائی کے استعمال کو بڑھاوا
  - ہندوستان میں بائیوڈیزل سے متعلق ایک قومی مشن پر کام چل رہا ہے۔
  - بھارت میں ماحول کے تحفظ اور سلامتی کے لیے (National Green Tribunal(NGT کی تشکیل کی گئی۔
  - ہندوستان دنیا کا پہلا ملک ہے جہاں Renewable Energy کے لیے الگ منسٹری ہے۔
  - بھارت سارک کی مدد سے سبھی ملکوں کے ذریعے ماحولیاتی تحفظ سے متعلق ایک رائے قائم کرنا چاہتا ہے۔
  - ہندوستان میں ماحول کے تحفظ کے لئے 2010 میں National Green Techonology کی تشکیل کی گئی۔

- ہندوستان نے پیرس سمجھوتے پر 2 اکتوبر 2016 میں دستخط کیئے۔ 2030 تک ہندوستان نے اخراج کی تیزی کو 33-35% کم کرنے کا مقصد رکھا ہے۔
- CoP-23 میں ہندوستان پیڑوں کو لگانے اور جنگلاتی علاقے کے وسیلے سے 2030 تک سِنک ہٹانے کا وعدہ کیا ہے۔
- ہندوستان خطِ سرطان اور خطِ جدتی کے بیچ سبھی مما لک کے ایک عالمی گٹھ بندھن کی سربراہی میں کام کریگا۔

- ماحولیاتی تحفظ کو لے کر مختلف ملکوں کی حکومتوں کے علاوہ مختلف حصّوں میں منظّم ماحولیاتی کارکنان نے بین الاقوامی اور مقامی سطح پر بہت سی تحریکوں کا آغاز کیا:
  - میکسکو، چلّی، برازیل، ملیشیا، انڈونیشیا، افریقہ اور بھارت میں جنگلاتی تحریکیں
  - آسٹریلیا میں معدنی صنعتوں کی مخالفت میں تحریکیں
  - تھائی لینڈ، جنوبی افریقہ، انڈونیشیا، چین اور بھارت میں بڑے بڑے باندھ کے خلاف تحریکیں جن میں بھارت کا نرمدا بچاؤ آندولن مشہور ہے۔

- ## وسائل کی زمینی سیاست

جس ملک کے پاس جتنے زیادہ وسائل ہوں گے اس کی معیشت اتنی ہی مضبوط ہوگی۔ مغربی ملکوں کی ترقی کا اہم سبب ان کی ٹو آبادیات کا معاشی استحصال رہا ہے۔

- **عمارتی لکڑی:** مغربی مما لک نے کشتیوں، جہازوں کی تعمیر کے لیے دوسرے ملکوں کے جنگلات پر قبضہ کیا تا کہ ان کی بحریہ مضبوط ہو اور غیر ملکی تجارت میں اضافہ ہو۔
- **تیل کے ذخائر**: ترقی یافیہ مما لک نے تیل کے بے روک ٹوک سپلائی کے لیے سمندری راستوں پر فوج تعینات کی۔ سعودی عرب اور عراق دنیا کے بڑے تیل کی پیداوار کرنے والے ملک ہیں۔
- **پانی**: دنیا کے کئی حصّوں میں پانی کا فقدان ہے عالمی سیاست کے لیے پانی بھی ایک اہم وسیلہ ہے۔ دنیا کے بہت سے علاقوں میں صاف پینے کے پانی کی لگا تار کمی ہو رہی ہے۔ یہ اندازہ لگایا گیا ہے کہ اکیسویں صدی میں پانی فساد کی جڑ نہ بن جائے۔

- ## اصل باشندے اوران کے حقوق

اقوام متحدہ نے 1982 میں ان لوگوں کو اصل یا قدیمی باشندے بتایا جو ان لوگوں کی اولاد ہیں جو کسی مخصوص علاقے میں اس وقت آباد تھے جب کہ ایک دوسری نسل اور تمدن کے لوگوں نے دنیا کے دوسرے علاقوں میں وہاں آ کر بستیاں بسائیں اور ان پر حاکم ہوگئے۔ بھارت میں قدیمی باشندوں کے لیے شیڈیولڈ ٹرائس یا آدی باسی لفظ کا استعال کیا گیا ہے۔ 1975 میں اصل باشندوں کی تنظیم (World Council of Indegenous People) قائم ہوئی۔اصل باشندوں کی اہم مانگ یہ ہے کہ انھیں اپنی آزاد پہچان رکھنے والا سماج مانا جائے۔ دسرے آزادی کے بعد سے چلی آ رہی ترقیاتی منصوبوں کے سبب ان لوگوں کے بے گھر ہونے اور ترقیاتی منصوبوں کے مطابق انہیں معاوضہ دے کر ان کی خوش حالی کو بحال کیا جائے۔

قدرتی وسائل کا بندوبست اوران کا تحفظ کا مقصد ماحولیات میں توازن بنائے رکھنے کے لیے نباتات اور حیوانات کا تحفظ کرنا ہے۔

اصل باشندوں کے دینے کی جگہ جنوبی امریکہ،امریکہ،جنوبی مشرقی ایشیا اور ہندوستان میں ہے۔ یہاں انھیں قبائلی یا آدی باسی کہا جاتا ہے۔

| قدرتی تحفظ کسی قدرتی وسائل کی تباہی وبربادی کو روکنے کے لیے اس کا اعلیٰ بندوبست |
|---|

| | |
|---|---|
| قدرتی وسائل کا سوجھ بوجھ سے استعمال | بارش وسائل پانی کے نکاس کی بحالی |
| سیورتج اور صنعتی کچرے کا علاج | بین الاقوامی معاہدے اور سمجھوتے کو لاگو کرنا |

| توانائی کے متبادل ذرائعوں جیسے مشینی اور ہوائی توانائی کا استعمال کریں۔ |
|---|

## ایک نمبر والے سوالات

1۔ ریو اجلاس کب ہوا؟

(A) 1999 (B) 1997 (C) 2002 (D) 2004

2۔ ان دوممالک کے بیچ پانی پر تنازعہ ہے۔

(A) ہندوستان اور پاکستان (B) ہندوستان اور چین (C) جارڈن اور اسرائیل (D) چین اور پاکستان

3۔ ریوڈی جینرو میں منظم ماحولیات اور ترقی پر بین الاقوامی کانفرنس کو یہ بھی کہا جاتا ہے۔

(A) ماحولیاتی کانفرنس (B) ارضی کانفرنس (C) عالمگیر کانفرنس (D) عالمی کانفرنس

4۔ پہلی دنیا کے ممالک کو عام طور پر کیا کہا جاتا ہے؟

(A) گلوبل نارتھ (B) ترقی یافتہ شمالی (C) گلوبل ساؤتھ (D) مغربی ممالک

5۔ عالمگیر مشترکات کی مثال

(A) انٹارکٹکا (B) سمندری سطح (C) باہر خلا (D) اوپر کے سبھی

6۔ عالمی ماحولیات سے متعلق معاہدہ اُن کے سال سے ملائیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| (i) | مانٹریل پروٹوکول | (A) | 1987 |
| (ii) | انٹارکٹکا معاہدہ | (B) | 1959 |
| (iii) | انٹارکٹکا پروٹوکول | (C) | 1991 |
| (iv) | کیوٹو پروٹول | (D) | 1997 |

(A) i-a، ii-b، iii-c، iv-d (B) ii-a، i-b، iv-c، iii-d

(C) i-a، iii-b، i-c، iv-d (B) iv-a، iii-b، ii-c، i-d

7۔ مشترکہ مشترکات کے کم ہونے کی وجہ

(A) جنگلوں کو کاٹنا (B) شدید کھیتی (C) مٹی کا تحفظ (D) بارش کے پانی کی ذخیرہ اندوزی

8۔ ہندوستان کی نیشنل آٹو فیول پالیسی کے تحت

(A) صاف ہوا شہریوں کے لیے (B) صاف توانائی گھروں کے لیے

(C) گاڑیوں کے لیے صاف ایندھن (D) صنعتوں کے لیے صاف پانی

9۔ مندرجہ ذیل میں کونسا غلط مِلان ہے۔

(A) فلپنس — مغربی معدنیات کانفرنس کی مخالف

(B) ہندوستاان — باندھ مخالف نرمدا بچاؤ تحریک

(C) بنگلہ دیش — کوئلہ معدنیات پروجیکٹ مخالف

(D) آسٹریلیا — کوئلہ معدنیات مخالف

10۔ 20 ویں صدی کے زیادہ تر وقت میں دنیا کی حیثیت ........... پر منحصر رہی

(A) پانی (B) تیل (C) جنگلات (D) ہوا

11۔ قدیم باشندوں کی عالمی کاؤنسل کا قیام کب عمل میں آیا۔

(A) 1975 (B) 1991 (C) 1985 (D) 1955

12۔ 2003 کا بجلی قانون توانائی کے استعمال کو بڑھاوا دیتا ہے۔

(A) توانائی (B) شمسی توانائی (C) نیوکلیائی توانائی (D) قابل تجدید توانائی

## دو نمبر والے سوالات

1۔ Agenda-21 کیا ہے؟

2۔ ریو اجلاس کے دو نتائج کا ذکر کیجیے۔

3۔ ہندوستان اور چین کو کیوٹو پروٹوکول کی شرائط سے رعایت دینے کا کیا سبب تھا؟

4۔ اصل باشندوں کے وجود کو سب سے اہم خطرہ کیا ہے؟

5۔ آب وہوا تبدیلی کے سلسلے میں امریکہ کی پالیسی میں کیا تبدیلی آئی ہے؟

6۔ زمین کے اوپری کرۂ باد میں کیا تبدیلیاں آرہی ہیں؟

7۔ دنیا کی مشترکہ ملکیت کے سائز میں لگاتار کمی کی کوئی دو وجہ بتائیں۔

## چار نمبر والے سوالات

1۔ مشترکہ ملکیت کی سلامتی سے متعلق بین الاقوامی سطح پر کیے گئے اقدامات بیان کیجیے۔

2۔ ماحولیاتی تحفظ کے تحت مشترکہ ذمہ داری لیکن الگ الگ رول سے متعلق ہندوستان کا نظریہ بیان کیجیے۔

3۔ اصل باشندے کون ہیں؟ ان کے حقوق پر بحث کیجیے۔ (Imp)

4۔ پائیدار ترقی کیا ہے؟ اسے کیسے لاگو کیا جا سکتا ہے؟

5۔ دنیا کی مشترکہ وراثت کے کیا معنی ہیں اس کا استعمال اور اسے آلودہ کیسے کیا جا رہا ہے۔ (Imp)

**مندرجہ ذیل اقتباس کو پڑھیں اور سوالات کا جواب دیں:**

زمین کے ماحولیاتی نظام کی سالمیت اور صحت کو برقرار رکھنے حفاظت کرنے کے لیے ریاستیں عالمی ساجھے داری کے ساتھ تعاون کریں گی۔ ماحول کو خراب کرنے سے متعلق غیر یکساں (کم اور زیادہ) حصہ داری کو دھیان میں رکھتے ہوئے ریاستیں مشترکہ لیکن الگ لگ ذمے داریوں کو نبھائیں گی۔

(i)۔ پیراگراف میں لکھی گئی باتیں کب اور کہاں کہی گئی ہیں۔

(A) ارضی کانفرنس1992 (B) اسٹاک ہوم کانفرنس

(C) کوپین ہیگن کانفرنس (D) پیرس سمجھوتہ

(ii)۔ ریاستوں کو مشترکہ لیکن الگ الگ ذمہ داریاں نبھانے کو کیوں کہا جا رہا ہے؟

(A) ماحولیات کو نقصان پہنچانے میں ترقی یافتہ ممالک کا کردار زیادہ ہے۔

(B) ماحولیات کو نقصان پہنچانے میں ترقی پذیر ممالک کا کردار زیادہ ہے۔

(C) سبھی ممالک کا یکساں تعاون ہے

(D) ان میں سے کوئی نہیں۔

(iii)۔ ماحولیاتی تحفظ کو زیادہ بڑھاوا دینے کی کیا ضرورت ہے؟

(A) لگاتار بڑھتی گلوبل وارمنگ (B) لگاتار زراعتی زمین کی کمی

(C) لگاتار کرۂ باد میں اوزون گیس کی مقدار میں لگاتار کمی (D) اوپر دیئے گئے سبھی

(iv)۔ ریوڈی جینیرو کانفرنس(1992) کو کس نام سے جانا جاتا ہے؟

(A) ارضی کانفرنس (B) آبی کانفرنس

(C) معاشی کانفرنس (D) ہوائی کانفرنس

## تصویر پر مبنی سوالات

1۔ دی گئی تصویر کا مطالعہ کر کے مندرجہ ذیل سوالات کا جواب دیں۔




کارٹون کا مطالعہ کریں اس پر مبنی سوالوں کے جواب دیں۔

(i) زمین میں کس وسائل کی کمی ہو رہی ہے۔

(ii) کون سا قدرتی وسائل مشترکہ ملکیت مانا جاتا ہے ۔

(iii) وہ ملک جن کے درمیان تشددی تنازعے ہوئے۔

(iv) دنیا میں پانی کی کمی کی ایک وجہ بتائیے۔

## نقشہ پر مبنی سوالات

3۔ دیئے گئے دنیا کے نقشے میں چار ممالک (A) (B) (C) (D) کی نشاندہی کی گئی ہے نیچے دی گئی جانکاری کی بنا کر انہیں پہچانیئے اور ان کے صحیح نام استعمال کی گئی جانکاری کے سیریل نمبر اور متعلق حروف کے ساتھ مندرجہ ذیل جدول میں لکھیں۔




| ملک کا نام | متعلق حروف | استعمال کی گئی جانکاری کا سیریل نمبر |
|---|---|---|
| | | i |
| | | ii |
| | | iii |
| | | iv |

(i) وہ ملک جہاں جون 1992 میں ارضی کانفرنس ہوئی۔

(ii) گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج کا اہم ملک

(iii) باندھ مخالف ندی بچاؤ تحریک کے لیے جانا جاتا ہے۔

(iv) کیوٹو پروٹوکول کی پابندیوں سے آزاد رکھا گیا ملک۔

## چھ نمبر والے سوالات

1۔ ''عالمی سیاست میں ماحولیات کی فکر لازمی ہے'' واضح کیجیے۔

2۔ ''ساجھی ذمہ داری لیکن الگ الگ رول'' سے کیا مراد ہے؟ ہم اس خیال کو کیسے لاگو کر سکتے ہیں؟

3۔ دنیا میں ماحولیاتی آلودگی کی کیا وجوہات ہیں۔ اس کا تحفظ کیسے کیا جا سکتا ہے۔ اپنے خیالات واضح کریں۔

## ایک نمبر والے والات کے جوابات

1۔ (A) 1992

2۔ (C) جارڈن۔اسرائیل

3۔ (B) ارضی کانفرنس

4۔ (A) گلوبل نارتھ

5۔ (D) اوپر کے سبھی

6۔ (A)

7۔ (B) شدید کھیتی

8۔ (C) گاڑیوں کے صاف ایندھن

9۔ (D)

10۔ (B) تیل

11۔ (A) 1975

12۔ (D) قابلِ تجدید توانائی کے وسائل

## دو نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ اس اجلاس میں ترقی کے کچھ طور طریقے سکھائے گئے جسے Agenda-21 کہا جاتا ہے۔

2۔ (i) گلوبل وارمنگ کو خاص فکر کی شکل میں ابھارا گیا۔

(ii) پائیدار ترقی پر زور دیا گیا۔

3۔ کیوں کہ گرین ہاؤس گیسوں کا اخراج ان ممالک میں زیادہ نہیں تھا۔

4۔ اصل باشندوں کے وجود کو سب سے اہم خطرہ وہاں تیزی سے جنگلات کا کاٹا جانا اور ان جنگلات میں جنگلی جانوروں کی تعداد میں کمی کا آنا ہے۔

5۔ راشٹر پتی اوباما کے دور میں اربوں ڈالر کی مدد عالمی درجۂ حرارت کے مسئلہ سے نپٹنے کے لئے دی گئی تھی۔ جبکہ راشٹر پتی ٹرمپ نے یہ کہہ کر ایسا کرنے سے امریکہ کی GDP اگلے دس سال 2500 ارب ڈالر گھٹ کر کمزور ہو جائے گی امریکہ کو پیرس سمجھوتے سے الگ کر لیا ہے۔

6۔ اوزون پرت میں چھید جس کی وجہ سے انسانی صحت اور ماحول کو خطرہ ہوا۔

7۔ مشترکہ ملکیت کا اندھا دھند استعمال۔ بڑھتی ہوئی آبادی۔

## چار نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ یاد رکھنے لائق نکات کا مطالعہ کریں۔

2۔ بھارت کا خیال ہے کہ گرین ہاؤس گیسوں کا اخراج میں کمی کرنے کی زیادہ تر ذمہ داری ان ترقی یافتہ ممالک کی ہے جنھوں نے ایک طویل مدت تک ان گیسوں کا اخراج کیا ہے۔

3۔ یاد رکھنے لائق نکات کا مطالعہ کریں۔

4۔ ایسی ترقی جو ماحول کو نقصان پہچائے بغیر کی جائے۔ (طلبا خود جواب دیں)۔

5۔ ایسی ملکیت جس پر کسی ایک فرد یا کمیونٹی کا حق نہیں بلکہ پوری عالمی کمیونٹی کا حق ہو مشترکہ ملکیت کہلاتی ہے (وجہ)

(i) نجی کاری

(ii) آبادی میں اضافہ

(iii) ماحولیاتی نظام میں گراوٹ

(iv) کاربن گیسوں کا زیادہ اخراج

## اقتباس پر مبنی سوالات کے جواب:

(i) ارضی کانفرنس

(ii) ماحولیات کو نقصان پہنچانے میں ترقی یافتہ ممالک کا کردار زیادہ ہے

(iii) اوپر دیئے گئے سبھی

(iv) ارضی کانفرنس

## کارٹون پر مبنی سوالات کے جوابات

1۔ (i) دنیا کے ہر حصے میں صاف پینے کا پانی یکساں نہیں ہے۔

(ii) کیوں کہ دنیا میں صاف پانی کی کمی ہے۔ کیوں کہ پانی ایک مشترکہ ملکیت ہے۔

(iii) اسرائیل۔ جارڈن۔ سیریا

(iv) دنیا میں پانی کی کمی کی وجہ بڑھتی ہوئی آبادی ہے۔

## نقشہ پر مبنی سوالات کے جوابات

(i) برازیل C

(ii) امریکہ B

(iii) آسٹریلیا D

(iv) ہندوستان B

## چھ نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ مندرجہ ذیل اسباب کی بنیاد پر عالمی سیاست میں ماحولیات کی فکر کرنا لازمی ہے:

(i) بڑھتی ہوئی آلودگی

(ii) اوزون پرت میں سوراخ

(iii) تازہ پینے کے پانی کی کمی

(iv) جنگلی جانوروں کو خطرہ

(v) زرخیز زمین اور چراگاہوں کا تیزی سے کم ہونا

(vi) قدرتی وسائل میں تیزی سے کمی

(vii) آبادی کا تیزی سے بڑھنا

2۔ یاد رکھنے لائق نکات کا مطالعہ کریں

3۔ دنیا میں ماحولیاتی آلودگی کی وجوہات:۔

1۔ آبادی میں اضافہ

2۔ جنگلات کی کٹائی

3۔ صارفین تہذیب کو بڑھاوا

4۔ وسائل کا اندھا دھند استعمال

5۔ صنعت کاری کو بڑھاوا

6۔ آمدورفت کے بہت زیادہ وسائل

تحفظ کے طریقے

1۔ آبادی پر کنٹرول

2۔ جنگلات کا تحفظ

3۔ ماحولیات کو صاف ستھرا رکھنے والی تکنیک کا استعمال

4۔ قدرتی وسائل کا متوازن استعمال

5۔ آمدورفت کے سرکاری وسائل کا استعمال

6۔ عوام کو بیدار کرنے والے پروگرام

7۔ بین الاقوامی تعاون

# باب۔ سات
# عالم گیریت

- عالم گیریت کے معنی اشیا، سرمایہ، محنت اور خیالات کی دنیا کے ایک حصّے سے دوسرے حصوں میں آزادانہ ہجرت
- عالم گیریت ایک ایسا عمل ہے جس کا بنیادی عنصر میل ملاپ ہے۔ یہ بین الاقوامی پس منظر میں مسلسل لازمی عمل ہے جو لگاتار بڑھ رہا ہے۔
- عالم گیریت کو فروغ دینے میں ایجادات کا زبردست ہاتھ ہے۔ عالم گیریت کے سبب ہی ملکوں کی نزدیکیاں بڑھی ہیں۔

- ## عالم گیریت کے اسباب
  - اعلی ٹیکنالوجی اور عالمی میل ملاپ کے سبب آج دنیا ایک عالمی گاؤں کی شکل اختیار کر چکی ہے۔
  - ٹیلی گراف، ٹیلی فون، مائکروچپ، انٹرنیٹ اور اطلاعات کے دیگر ذرائع نے دنیا کے مختلف حصوں کے درمیان ترسیل کا ایک انقلاب پیدا کر دیا ہے۔
  - ماحولیات کے عالمی مسائل جیسے سونامی، آب وہوا میں تبدیلی، عالمی درجۂ حرارت وغیرہ سے نمٹنے کے لیے بین الاقوامی امداد

- ## عالم گیریت کی خصوصیات
  - سرمایہ کا میل ملاپ، خیالات کا میل ملاپ اور اشیاء کا میل ملاپ اور آزادانہ تجارت
  - سرمایہ دارانہ نظام، کھلے پن اور عالمی تجارت میں اضافہ
  - مختلف ممالک کے درمیان آپسی میل جول، ترقی اور انحصار
  - مختلف معاشی واقعات جیسے معاشی بحران یا ترقی، وبائی امراض جیسے ایڈس، برڈ فلو، سانس کی گھٹن (SARS)، سوائن فلو وغیرہ جیسے معاملات میں عالمی تعاون اور اثر۔

- ## عالم گیریت کے نتائج
  - مختلف بیرونی ممالک کی اشیا کی بھارت میں مانگ
  - نوجوانوں کی ترقی کرنے کے لیے مواقع اور کورسیز کا ملنا
  - کسی ہندوستانی کا امریکی کلینڈر اور وقت کے مطابق خدمات فراہم کرنا

- فصلوں کے خراب ہو جانے کے سبب کچھ کسانوں کا خودکشی کر لینا
- Retail کے تاجروں کو اس بات کا ڈر ہے FDI کہ لاگو ہونے سے بڑی کمپنیاں آ جائیں گی اور ان کا روزگار چھن جائے گا۔
- لوگوں کے درمیان معاشی عدم مساوات میں اضافہ

- **عالم گیریت کے اثرات**

(1) سیاسی (2) معاشی (3) ثقافتی

- **عالم گیریت کے سیاسی اثرات**

- عالم گیریت کے سبب ریاست کے دائرہ اختیار میں کمی آئی ہے۔ ریاست اب چند اہم کاموں جیسے قانونی نظام یا سلامتی تک ہی محدود ہے۔ آج بازار معاشی اور سماجی اہمیت یا فوقیت پر قائم ہے۔
- ریاست کا اقتدار برقرار ہے اور اسے عالم گیریت سے کوئی خاص چنوتی نہیں مل رہی ہے۔
- عالم گیریت کے سبب ذرائع ترسیل و آمد و رفت کو کافی فروغ حاصل ہوا ہے۔ کئی مرتبہ ملٹی نیشنل کمپنیوں کے دباؤ کی وجہ سے ریاستیں اپنے آپ کو بے سہارا محسوس کرتی ہیں۔

- **عالمگیریت کے معاشی اثرات**

- بین الاقوامی مالیاتی فنڈ، عالمی بینک اور عالمی تجارتی تنظیم جیسے بین الاقوامی اداروں کے ذریعے معاشی پالیسیوں کو لاگو کرنا
- درآمد برآمد سے متعلق پابندیوں میں کمی
- غیر ملکی زر مبادلہ کو فروغ اور روزگار کے عالمی مواقع بڑھے ہیں
- ترقی یافتہ ممالک کے ذریعے ویزا کی پالیسی کے تحت لوگوں کے آنے جانے پر پابندی
- عالم گیریت کے سبب آج حکومتیں اپنے سماجی تعلق سے بھی منہ موڑ رہی ہیں جس کے لیے سماجی ڈھال کی ضرورت ہے۔
- تنقیدنگاروں کے مطابق عالم گیریت کے سبب سماج میں معاشی نابرابری بڑھ رہی ہے

- ## عالم گیریت کے ثقافتی اثرات

  - عالم گیریت کے سبب دنیا کے بیشتر مما لک میں مغربی ثقافت کو بڑھاوا ملا ہے
  - اس عمل سے یہ بھی خطرہ پیدا ہو گیا ہے کہ کہیں یہ دنیا کی ثقافتوں کے لیے خطرہ نہ بن جائے
  - کھانے پینے کی اشیا اور لباس وغیرہ میں کافی تیزی سے اضافہ ہوا ہے
  - قدیم تہذیبوں کی بنیادی اقدار پر کافی برا اثر پڑا ہے
  - ثقافتی عالم گیریت کے سبب ہر ملک کی ثقافت بہت زیادہ اہم اور الگ ہو رہی ہے۔

- ## ہندوستان اور عالم گیریت

  - آزادی کے بعد بھارت میں گھریلو صنعتوں کو بڑھاوا دینے کی پالیسی اختیار کی گئی تا کہ بھارت خود کفیل بن سکے لیکن ملک میں معاشی ترقی کی رفتار سست رہی۔
  - 1991 میں لاگو نئی معاشی پالیسی کے ذریعے بھارت عالم گیریت کے لیے تیار ہوا اور کھلے پن کی پالیسی اختیار کی
  - آج عالم گیریت کے سبب بھارت کی معاشی اضافہ کی در 7.5 فی صد سالانہ کی اوسط سے بڑھ رہی ہے جو 1990 میں 5.5 فی صد سالانہ تھی۔
  - بھارت کے لوگ کمپیوٹر سافٹ ییئر میں اپنا دبدبہ قائم کرنے میں لگے ہیں
  - آج بھارت کے لوگ عالمی سطح پر اعلی عہدوں کو حاصل کرنے میں کامیاب ہو رہے ہیں۔

- ## عالم گیریت کی تنقید/مخالفت

  - عالم گیریت کے سبب امیر اور غریب لوگوں کے درمیان کافی فاصلے بڑھ گئے ہیں۔
  - بائیں بازو والے مخالفین کے مطابق ثقافت کی بنیاد ختم ہو رہی ہے۔ گھریلو صنعتوں پر ہوئے برے اثرات کے سبب یہ عالم گیریت کی مخالفت کرتے ہیں
  - سیاسی معنوں میں عالم گیریت کے سبب ریاست کے کمزور ہونے کی فکر پائی جاتی ہے
  - ثقافتی میدانوں میں اکثر لوگ اپنی پرانی تہذیب کو بھول رہے ہیں اور ان پر مغربی ثقافت کی چھاپ بڑھ رہی ہے۔

- کھانے پینے کی اشیا اور لباس نے بھی ملکوں کی پرانی تہذیب کو متاثر کیا ہے
- دنیاوی سطح پر عالم گیریت کی مخالفت کرنے کے لیے ورلڈ سوشل فورم قائم کی گئی ہے۔ یہ ایک ایسا عالمی پلیٹ فارم ہے جہاں حقوق انسانی ماحولیات، مزدور، حقوق نسواں اور نئی نسل کے سرگرم کارکن ایک جگہ جمع ہوتے ہیں۔
- 1991 میں عالمی تجارتی تنظیم کے وزارتی جلسہ میں معاشی طور سے مضبوط ریاستوں کی بدعنوانیوں کے خلاف وسیع پیمانے پر احتجاج ہوئے۔
- ورلڈ سوشل فورم (WSF) کی پہلی میٹنگ برازیل کے شہر پورٹو الیگر میں 2001 میں ہوئی۔ چوتھی میٹنگ 2004 میں ممبئی میں اور ساتویں نیروبی، کینیا میں جنوری 2007 میں ہوئی۔
- باہر کے ممالک کے ٹی وی چینل جو کیبل نیٹ ورک کے ذریعے دکھائے جاتے ہیں ان کی بھی مخالفت کی جارہی ہے
- ویلنٹائن ڈے کی تقریب اسکول اور کالجوں میں طالبات کا مغربی طرز کے لباس کا ذوق بھی تنقید کا موضوع بن رہے ہیں۔

## ایک نمبر والے سوالات

1۔ مندرجہ ذیل متبادل میں سے کون سا عالم گیریت کے بارے میں غلط ہے؟

(A) عالم گیریت ایک کثیر جہتی ہے (B) عالم گیریت تجارت کو فروغ دیتی ہے

(C) عالم گیریت ممالک کو آپس میں جوڑتی ہے (D) عالم گیریت صرف ایک معاشی مظہر ہے

2۔ اِن میں سے کون سا اہل عالم گیریت کے لیے ذمہ دار نہیں ہے؟

(A) مواصلاتی انقلاب (B) اعلیٰ تکنیکی (C) قدرتی آفات (D) جنگ اور تناؤ

3۔ عالم گیریت کے ثقافتی نتائج میں سے کون سا صحیح ہے۔

(i) ثقافتی یک رنگی (ii) ثقافتی تنوع (iii) درآمد ٹیکس میں کمی

(A) صرف i اور iii (B) صرف i اور ii

(C) صرف i اور iii (D) صرف ii اور iii

4۔ عالم گیریت کی مخالفت اِن میں سے کن بنیادوں پر کی جاتی ہے۔

(i) معاشی نابرابری میں اضافہ (ii) عالمی تجارت میں اضافہ (iii) مغربی تہذیب کا پھیلاؤ

(A) صرف i اور iii (B) صرف i اور ii (C) صرف ii اور iii (D) صرف ii اور iii

5۔ مندرجہ ذیل واقعات کو تاریخی اعتبار سے ترتیب دیں۔

(i) ہندوستان نے عالم گیریت کو اپنایا (ii) WSFs کی پہلی بیٹھک (iii) WSF کی چوتھی بیٹھک

(A) i،ii اور iii (B) ii، iii اور ii (C) ii، i اور iii (D) ii،iii اور i

6۔ مندرجہ ذیل میں سے کون سی عالم گیریت کی خصوصیت ہے۔

(A) عالمی تجارت میں اضافہ (B) درآمد ٹیکس میں کمی

(C) چیزوں سرمایہ خدمات خیالات کا لین دین (D) دیئے گئے سبھی

## سوال نمبر 7 اور 8 کے لیے ہدایات

دیئے گئے متبادل میں سے صحیح کو چنیئے

(A) دعویٰ (A) اور وجہ (R) دونوں صحیح ہیں اور وجہ (R) دعویٰ کی صحیح وضاحت ہے۔

(B) دعویٰ (A) اور وجہ (R) دونوں صحیح ہیں لیکن وجہ (R) دعویٰ کی صحیح وضاحت نہیں ہے۔

(C) دعویٰ (A) صحیح ہے لیکن وجہ (R) غلط ہے۔

(D) دعویٰ (A) غلط ہے لیکن وجہ (R) صحیح ہے۔

7۔ دعویٰ (A) عالم گیریت ایک کثیر جہتی تصور ہے۔

وجہ (R) عالم گیریت کے سیاسی۔ معاشی اور ثقافتی اثرات ہوتے ہیں۔

8۔ دعویٰ (A) عالم گیریت کے نتائج ساری دنیا میں ایک جیسے دیکھنے میں آتے ہیں۔

وجہ (R) عالم گیریت سے دنیا کے امیر ممالک کو جہاں بہت زیادہ فائدہ ہوا ہے وہیں دوسری طرف ترقی پذیر ممالک کو اتنا فائدہ نہیں ہوا ہے۔

## دو نمبر کے سوالات

1۔ عالم گیریت کے کنہیں دو فائدوں کا ذکر کیجیے۔

2۔ ثقافتی تنوع سے کیا مراد ہے؟

3۔ ہندوستان میں عالم گیریت کے خلاف الگ الگ سماجی اور دباؤ گروپ نے کیسے مخالفت کی ہے؟

4۔ WSF (ورلڈ سوشل نارم) کیا ہے اس کے کیا مقاصد ہیں۔

5۔ تکنیکی میں ہونے والی ترقی نے عالم گیریت کو کیسے متاثر کیا ہے؟

6۔ عالم گیریت کے کنہیں دو سیاسی نتائج کا ذکر کیجیے۔

7۔ فلاحی ریاستوں کا مقام بازار لے رہا ہے اس تبدیلی کی وجہ بتائیے۔

8۔ بایاں بازو والے عالم گیریت کی مخالفت کس بنیاد پر کرتے ہیں۔ تجزیہ کیجیے۔

9۔ سماجی حفاظتی ڈھال سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟

10۔ Protectionism کیا ہے۔ ہندوستان نے اس پالیسی کو کب چھوڑا؟

## چار نمبر کے سوالات

1۔ عالم گیریت کے کیا معنی ہیں؟ عالم گیریت کے کوئی دو اسباب اُجاگر کیجیے۔

2۔ عالم گیریت کے دو مثبت اور دو منفی اثرات کو واضح کیجیے۔

3۔ عالم گیریت کے خلاف پوری دنیا میں اٹھنے والی چار دلیلوں کا تجزیہ کیجیے۔

4۔ عالم گیریت تعلق سے ریاست کے بدلتے ہوئے کردار کا جائزہ لیجیے۔

5۔ عالم گیریت کی مخالفت کو لے کر ہندوستان کے تجربات کی وضاحت کیجیے۔

6۔ عالم گیریت کے ثقافتی اثرات کی جانچ کیجیے۔

7۔ معاشی عالم گیریت کے حامیوں کے ذریعے دی گئی دلیلوں کی وضاحت کیجیے۔

8۔ ہندوستان پر عالم گیریت کے سیاسی معاشی اور ثقافتی اثرات کا تجزیہ کیجیے۔

9۔ عالم گیریت کی کوئی چار خصوصیات کا تذکرہ کیجیے۔

10۔ عالم گیریت کے کوئی چار منفی اثرات کو جانچئے

## اقتباس پر مبنی سوالات

## اقتباس

عالم گیریت ایک کثیر جہتی تصور ہے۔اس کے سیاسی،معاشی اور ثقافتی مظاہر میں اوران کے بیچ ٹھیک ٹھاک فرق کو ملحوظ رکھنا چاہیے یہ فرض کر لینا غلط ہے کہ عالم گیریت کا تعلق محض معاشیات سے ہے بالکل اسی طرح یہ سمجھنا کہ یہ صرف ثقافت سے متعلق ہے۔صحیح نہیں ہے۔ عالم گیریت کے اثرات پر سماج یا سماج کے ہر حصے پر برابر نہیں ہیں۔کچھ سماج یا سماج کے کچھ حصے اس سے زیادہ متاثر ہوتے ہیں۔

i۔ عالم گیریت ایک..................تصور ہے۔

(A) ایک جہتی (B) دو جہتی (C) کثیر جہتی (D) ان میں سے کوئی نہیں

ii۔ ہندوستان نے عالم گیریت کو کب اپنایا؟

(A) 1990 (B) 1991 (C) 1992 (D) 1993

iii۔ عالم گیریت کے کون کون سے نتائج دیکھنے کو ملتے ہیں؟

(A) معاشی (B) سیاسی (C) ثقافتی (D) دیئے گئے سبھی

iv۔ عالم گیریت کی خصوصیت مندرجہ ذیل میں سے کون سی ہے؟

(A) چیزوں اور سرمایہ کا آزاد لین دین (B) خدمات اور خیالات کا آزاد لین دین

(C) تجارت میں اضافہ (D) دیئے گئے سبھی

# نقشہ پر مبنی سوالات

دیئے گئے دنیا کے نقشے میں چار جگہیں (A) (B) (C) (D) دکھائی گئیں ہیں۔ نیچے دی گئی معلومات کی بنا پر انہیں پہچانیے اور اس کے صحیح نام استعمال کی گئی معلومات کے سیریل نمبر اور متعلق حروف جدول کی شکل میں اپنی جوابی کاپی میں لکھیے۔




| استعمال کی گئی معلومات کا سیریل نمبر | متعلق حروف | ملک کا نام |
|---|---|---|
| i | | |
| ii | | |
| iii | | |
| iv | | |

(i) جہاں 1999 میں عالمی تجارتی تنظیم کی وزیروں کی بیٹھک ہوئی جہاں بڑے پیمانے پر طاقتور ممالک کے ذریعے تجارت کے غلط طریقے اپنانے کی مخالفت میں مظاہرے ہوئے۔

(ii) وہ ملک جہاں 2001 میں ورلڈ سوشل فورم کی پہلی بیٹھک ہوئی۔

(iii) وہ ملک جس نے 1991 میں عالم کاری کی پالیسی کواپنایا۔

(iv) وہ ملک جہاں 2007 میں ورلڈ سوشل فورم کی ساتویں بیٹھک ہوئی۔

## کارٹون کا مطالعہ کریں اور جواب دیں۔



(i) اس کارٹونمیں عالم گیریت کے کس اثر کو دکھایا گیا ہے

(ii) میکڈونلڈ کاری کس ملک کی ثقافت کو ظاہر کرتی ہے۔

(iii) عالم گیریت کی مخالفت کن بنیادوں پر کی جاتی ہے۔

## ایک نمبر کے سوالات کے جوابات

1۔ (D) عالم گیریت صرف ایک کثیر جہتی مظہر ہے۔

2۔ (D) جنگ اور تناؤ۔

3۔ (B) صرف i اور ii

4۔ (B) صرف i اور ii

5۔ (D) ii، iاور iii

6۔ (D) دیئے گئے سبھی

7۔ (A) دعویٰ (A) اور وجہ (R) دونوں صحیح ہیں اور وجہ (R) دعویٰ کی صحیح وضاحت ہے۔

8۔ (D) دعویٰ (A) غلط ہے لیکن وجہ (R) صحیح ہے۔

## دو نمبر کے سوالات کے جوابات

1۔ (i) چیزوں کی کوالٹی اور متبادل میں اضافہ

(ii) غیر ملکی تجارت میں اضافہ

2۔ عالم گیریت سے ہر ایک تہذیب خاص اور الگ ہوتی جارہی ہے۔تہذیب کے اس الگ بننے کے عمل کو ثقافتی تنوع کہا جاتا ہے۔

3۔ (i) معاشی نرم کاری کی مخالفت بایاں بازو کے ذریعے کی گئی ہے۔

(ii) مزدور یونین اور کسان یونین نے عالمگریت کی مخالفت کی ہے۔

4۔ WSF ورلڈ سوشل فارم ایک ایسا منچ ہے جس میں نرم کاری اور عانم کاری کی مخالفت کی جاتی ہے۔اس کا خاص مقصد انسانی حقوقِ ماحولیات مزدور نوجوان اور خواتین کارکنوں کو یکجا کر کے عالم گیریت کی مخالفت کرتا ہے۔

5۔ (i) تکنیک میں ترقی سے رسل ورسائل، آمدرفت اور انفارمیشن کے شعبے میں انقلاب آ گیا ہے۔

(ii) آمدورفت کے تیز رفتار وسائل نے دنیا کو بہت زیادہ قریب کر دیا ہے۔

6 (i) عالم گیریت کی وجہ سے ریاست کی فلاحی شبیہہ کمزور ہوتی ہے۔

(ii) تکنیکی ترقی سے ریاست کی صلاحیت میں بہت اضافہ ہوا ہے۔

7۔ فلاحی ریاست کا مقام اب بازار لے رہا ہے کیوں کہ عالم گیریت کی وجہ سے حکومت اپنے فلاحی کاموں کو نظر انداز کر رہی ہے۔پوری دنیا میں فلاحی ریاست کا تصور اب پرانا ہو چکا ہے۔ریاست اب صرف نظم و نسق بنائے رکھنے اور سلامتی مہیا کرانے تک محدود رہ گئی ہے۔

8۔ معاشی عدم مساوات میں اضافہ کرتی ہے۔مزدور اور کسانوں کو منفی طور سے متاثر کرتی ہے۔

9۔ ریاست کے ذریعے معاشی طور پر کمزور لوگوں کو تعلیم ،صحت ، روزگار وغیرہ کی سہولیات مہیا کرانا اور انھیں تحفظ دینا ہی سماجی حفاظتی ڈھال کی شکل میں جانا جاتا ہے۔

10۔ جب ایک ریاست اپنی معیشت کو خود انحصار بنانے کے لیے غیر ملکی برآمد پر پابندی لگا دیتی ہے۔ تو اس طرح کی پالیسی کو Protectionism کہا جاتا ہے۔ اس کا خاص مقصد رگھریلو پیداوار کنندگان کو مضبوط کرنا ہوتا ہے ہندوستان نے 1991 میں اس پالیسی کو چھوڑ دیا اور عالم گیریت کو اپنا لیا۔

## چار نمبر کے سوالات کے جوابات

1۔ عالم گیریت کے واضح معنی میں چیزوں۔ سرمایہ، خدمات اور خیالات کا آزادانہ بہاؤ عالمگریت کے ذریعے سے ایک ملک اپنی معیشت کو دوسرے ملک کی معیشت کے ساتھ جوڑتا ہے۔

### عالم گیریت کی وجوہات

(i) مواصلات میں انقلاب (ii) عالمی باہمی انحصار (iii) قدرتی آفات اور امراض

(iv) ٹیلی فون، ٹیلی گراف، مائیکرو چپ، انٹرنیٹ اور دیگر مواصلاتی وسائل کی ترقی

2۔ **مثبت اثرات:**

(i) لوگوں کی معیارِ زندگی اچھی ہوئی ہے۔ (ii) چیزوں اور خدمات کے متبادل میں اضافہ ہوا ہے

### منفی اثرات

(i) معاشی عدم مساوات میں اضافہ (ii) مغربی تہذیب کا پھیلنا

3۔ (i) حال میں عالم گیریت امیروں کو زیادہ امیر اور غریبوں کو زیادہ غریب بنا رہی ہے۔

(ii) غریبوں کے مفاد کا تحفظ کرنے میں ریاست کی صلاحیت کا کمزور ہونا

(iii) روایتی قدروں کو نقصان پہنچ رہا ہے۔

(iv) ترقی پذیر ممالک کو اہمیت نہ ملنا

4۔ (i) ریاست کی صلاحیتوں میں کمی آتی ہے۔

(ii) ریاستیں پہلے کے مقابلے میں زیادہ طاقتور ہوتی ہیں

(iii) ریاستوں کے کردار میں کوئی بدلاؤ نہیں آیا ہے

(iv) ریاستیں اپنے فلاحی کاموں میں کمی کر رہی ہیں

(v) ملٹی نیشنل کمپنیوں ں نے ریاست کے کاموں میں مداخلت کرنی شروع کردی ہے۔

(vi) ریاست کی پالیسیوں کو متاثر کرنے میں ملٹی نیشنل کمپنیوں کا رول بڑھ گیا ہے۔

5۔ (i) ثقافتی یک رنگی کا عروج

(ii) دنیا پر مغربی تہذیب کا پھیلنا

(iii) ثقافتی رنگارنگی کو بڑھاوا ملا ہے۔

(iv) تہذیبوں کی اخلاقیت پر برا اثر

6۔ (i) ثقافتی عالم گیریت کے خلاف بایاں بازو کی آوازیں سیاسی پارٹیوں کی طرف سے بھی اٹھیں۔

(ii) دائیں بازو کے جنہوں نے عالم گیریت کے ثقافتی اثر کی مخالفت کی جس میں ٹی وی چینلوں پر دکھائے جانے والے پروگرام نئے تیوہار جیسے ویلینٹائن ڈے وغیرہ کی مخالفت کی گئی۔

7۔ (i) دنیا میں معاشی تعلقات میں اضافہ

(ii) معاشی ترقی اور فلاح و بہبودی کو بڑھاوا دیتا ہے۔

(iii) بین الاقوامی مانیٹری فنڈ اور عالمی بینک جیسے اداروں کی تشکیل ہوئی ہے

(iv) تجارت میں بہت تیز رفتار سے ترقی ہوئی ہے۔

8۔ (i) انفارمیشن ٹیکنالوجی کی وجہ سے زیادہ ترق پیشہ ور لوگوں کو امریکہ کی سلیکن ویلی میں روزگار حاصل ہوا ہے۔

(ii) ہندوستان میں معیار زندگی میں اضافہ ہوا ہے۔

(iii) روایتی تہذیب متاثر ہوئی ہے۔

(iv) مقامی بازار اور چھوٹے دوکاندار بھی متاثر ہوئے ہیں۔

(v) ہندوستان میں غیر ملکی سرمایہ کاری میں اضافہ ہوا ہے۔

(vi) کل گھریلو پیداوار میں بھی اضافہ ہوا ہے۔

9۔ (i) چیزوں، سرمایہ خدمات اور خیالات کا آزادانہ لین دین ہوتا ہے۔

(ii) تجارت میں اضافہ ہوتا ہے

(iii) سرمایہ داری اور کھلے پن کے نظام میں اِضافہ

(iv) عالمی تعاون میں اِضافہ

(v) ممالک کے بیچ آپسی جڑاؤ اور خود انحصاری

10۔ (i) پوری دنیا میں معاشی عدم مساوات میں اِضافہ

(ii) مغربی تہذیب کا پھیلاؤ

(iii) خدمات کا آزدانہ لین دین نہ ہونا

(iv) ملٹی نیشنل کمپنیوں کا بازاروں پر قبضہ

## اقتباس پر مبنی سوالات کے جواب

(i) (C) کثیر جہتی (ii) (B) 1991

(iii) (D) دیئے گئے سبھی (iv) (D) دیئے گئے سبھی

## نقشہ پر مبنی سوالات کے جواب

| دی گئی معلومات کا سیریل نمبر | متعلق حرف | ملک کا نام |
|---|---|---|
| 1 | B | امریکہ |
| 2 | C | برازیل |
| 3 | D | ہندوستان |
| 4 | A | کینیا |

## کارٹون پر مبنی سوالات کے جواب

i۔ ثقافتی اثرات

ii۔ امریکہ

iii۔ عالمگریت کی مخالفت مندرجہ ذیل بنیاد پر کی جاتی ہے۔

معاشی عدم مساوات میں اضافہ

ملٹی نیشنل کمپنیوں کا قبضہ

تہذیب واخلاقیات پر برا اثر وغیرہ۔

# آزادی کے بعد
# ہندوستان کی سیاست



I N D I A
States and Union Territories
TAJIKISTAN
AFGHANISTAN
PAKISTAN
CHINA (TIBET)
NEPAL
BHUTAN
BANGLADESH
MYANMAR (BURMA)
SRI LANKA
LADAKH
Leh
Srinagar
JAMMU & KASHMIR
Jammu
HIMACHAL PRADESH
Shimla
PUNJAB
CHANDIGARH
Dehradun
UTTARAKHAND
HARYANA
DELHI
New Delhi
UTTAR PRADESH
Lucknow
Jaipur
RAJASTHAN
SIKKIM
Gangtok
ARUNACHAL PRADESH
Itanagar
Dispur
ASSAM
NAGALAND
Kohima
Shillong
MEGHALAYA
Imphal
MANIPUR
Agartala
TRIPURA
Aizawl
MIZORAM
BIHAR
Patna
JHARKHAND
Ranchi
WEST BENGAL
Kolkata
Gandhinagar
GUJARAT
Bhopal
MADHYA PRADESH
CHHATTISGARH
Raipur
ODISHA
Bhubaneswar
Daman
DADRA & NAGAR HAVELI AND DAMAN & DIU
MAHARASHTRA
Mumbai
TELANGANA
Hyderabad
Amaravati
Yanam (Puducherry)
ARABIAN SEA
BAY OF BENGAL
Panaji
GOA
ANDHRA PRADESH
KARNATAKA
Bengaluru
Chennai
PUDUCHERRY
Mahe (Puducherry)
Kavaratti
LAKSHADWEEP (INDIA)
KERALA
TAMIL NADU
Karaikal (Puducherry)
Palk Strait
Thiruvananthapuram
ANDAMAN & NICOBAR ISLANDS (INDIA)
Port Blair
International Boundary
State/UT Boundary
Country Capital
State/UT Capital
Map not to Scale
INDIAN OCEAN
Copyright © 2020 www.mapsofindia.com

# باب۔ ایک

# قومی تعمیر کے چیلنج

## یاد رکھنے لائق نکات:

- تقریباً 200 سال کی انگریزوں کی غلامی کے بعد 15-14 اگست 1947 کی درمیانی شب کو ہندوستان آزاد ہوا۔ لیکن اس آزادی کے ساتھ ملک کی عوام کو ملک کی تقسیم کا سامنا کرنا پڑا۔ آئین ساز مجلس کے خاص اجلاس میں پنڈت جواہر لال نہرو نے مقدر سے ملاقات کے نام سے تقریر کی۔

- آزادی کی لڑائی کے وقت دو باتوں پر عام رضامندی تھی:

(i) ملک کا نظام جمہوری طرز پر چلایا جائے گا

(ii) حکومت عوام کی بھلائی کے لیے کام کرے گی

- **نئے ملک کے سامنے چنوتیاں**

آزادی کے بعد ملک کے سامنے تین اہم چنوتیاں تھیں:

1۔ **ایکتا کی چنوتی:**۔ ہندوستان اپنے سائز اور اختلاف کے لحاظ سے ایک براعظم جیسا تھا۔ یہاں مختلف زبان۔ تہذیب اور مذہب کے لوگ رہتے تھے ان سبھی کو یکجا کرنے کی چنوتی تھی۔

2۔ **جمہوریت کا قیام**

ہندوستان نے پارلیمانی نظام حکومت کے مطابق نمائندہ جمہوریت کے عمل کو اختیار کیا اور ہندوستان کے آئین میں ہر شہری کو بنیادی حقوق اور بالغ رائے دہی کا حق دیا گیا۔

### 3۔ مساوات پر قائم ترقی

ایسی ترقی جس سے تمام سماج کو فائدہ پہنچایا جا سکے نہ کہ کسی ایک طبقہ یا مذہب کو بلکہ تمام شہریوں کے ساتھ مساوی برتاؤ کیا جائے اور سماجی طور پر پچھڑے ہوئے طبقات اور مذہبی و ثقافتی طبقات کو جو کہ اقلیت میں پائے جاتے ہیں خصوصی سہولیات دی جائیں۔

- **ہندوستان کی تقسیم ہجرت اور نتائج**

مسلم لیگ نے ''دوقومی نظریہ'' کا اصول پیش کیا تھا۔ بھارت کسی ایک قوم کا نہیں بلکہ ہندو اور مسلمان دونوں کا ملک ہے جس کی وجہ سے مسلم لیگ نے مسلمانوں کے لیے ایک الگ ملک یعنی ''پاکستان'' کی مانگ کی۔ بھارت کی تقسیم کی بنیاد مذہبی اکثریت کو مانا گیا۔ ملک کی تقسیم کے سبب بہت سے مسائل پیدا ہو گئے جیسے:

- مسلمانوں کی آبادی کی بنیاد پر پاکستان میں دو علاقے شامل ہوں گے مشرقی پاکستان اور مغربی پاکستان اور ان کے درمیان بھارت کے زمینی رقبہ کا بڑا حصہ رہے گا۔
- مسلم اکثریت والے علاقے کے سبھی لوگ پاکستان جانے کو راضی نہیں تھے۔ مغربی سرحدی والے علاقے کے لیڈر خان عبدالغفار خان جنہیں سرحدی گاندھی کے نام سے جانا جاتا ہے وہ دوقومی نظریہ کے اصول کے سخت خلاف تھے۔
- برٹش-انڈیا کے دو مسلم اکثریتی صوبے پنجاب اور بنگال کے کچھ بڑے علاقے ایسے بھی تھے جہاں غیر مسلم اکثریت میں تھے۔ ایسے میں ان صوبوں کے تقسیم مذہبی اکثریت کی بنیاد پر ضلع یا اس سے نچلی سطح کے انتظامی حلقے کو بنیاد بنا کر کی گئی۔
- بھارت کی تقسیم صرف مذہب کی بنیاد پر ہوئی تھی اس لیے دونوں طرف سے اقلیتی طبقے بڑے ہی شش و پنج میں تھے کہ ان کا کیا ہوگا۔ وہ کل سے پاکستان کے شہری ہوں گے یا ہندوستان کے۔

- **تقسیم کا مسئلہ**

ہندوستان کی تقسیم کے منصوبے میں یہ نہیں کہا گیا کہ دونوں حصوں سے اقلیتوں کی منتقلی بھی ہوگی یا نہیں۔ تقسیم سے پہلے ہی

دونوں ملکوں کے تقسیم کے علاقوں میں ہندو-مسلم فسادات شروع ہو گئے۔ مغربی بنگال میں رہنے والے اکثریتی غیر مسلم لوگوں کو اپنا گھر بار، زمین جائیداد چھوڑ کر اپنی جان بچانے کے لیے وہاں سے پنجاب یا ہندوستان کے دوسرے حصّے میں آنا پڑا اور اسی طرح مسلمانوں کو بھی دوسرے حصّوں میں جانا پڑا۔

- تقسیم کے عمل میں ہندوستان کی زمین کا ہی بٹوارہ نہیں ہوا بلکہ تہذیبوں کا بٹوارہ بھی ہوا۔
- آزادی اور ملک کی تقسیم کے سبب ہندوستان کو وراثت میں شرنارتھیوں (مہاجرین) کو دوبارہ بسانے جیسے مسئلہ کا بھی سامنا کرنا پڑا جسے نہایت صبر آمیز طریقوں سے حل کیا گیا۔ شرنارتھیوں کی تشکیل نو اور ان کو بسانے کے لیے ایک وزارت بھی قائم کی گئی۔

## رجواڑوں کا الحاق

رجواڑوں کا الحاق آزادی حاصل کرنے سے پہلے بھارت دو حصوں میں بٹا ہوا تھا۔ برطانوی ہندوستان اور دیسی ریاستیں۔ ان دیسی ریاستوں کی تعداد 565 تھی۔ ریاستوں کے حکمرانوں کو منانے، سمجھانے میں سردار پٹیل (وزیر داخلہ) نے تاریخی رول ادا کیا۔ انھوں نے زیادہ تر رجواڑوں کو بھارتیہ یونین میں شامل کرنے کے لیے راضی کر لیا تھا۔

## حکومت کا نظریہ

- زیادہ تر رجواڑوں کے لوگ بھارتیہ یونین میں شامل ہونا چاہتے تھے۔
- بھارت سرکار کچھ علاقوں کو خود مختاریت دینے کے لیے تیار تھی جیسے جموں و کشمیر۔
- ملک کی تقسیم کے پس منظر میں مختلف علاقوں کے سرحدی سوالات پر کھینچا تانی زور پکڑ رہی تھی اور ایسے میں ملک کی علاقائی سالمیت اور یکجہتی کا سوال سب سے اہم تھا۔ زیادہ تر رجواڑوں کے حکمرانوں نے بھارتیہ یونین میں الحاق کے معاہدے پر دستخط کر دیئے تھے جسے الحاق کی دستاویز کہا جاتا ہے۔ جونا گڑھ، حیدرآباد، کشمیر اور منی پور کی ریاستوں کا الحاق باقی ریاستوں کے مقابلے میں کافی مشکل ثابت ہوا۔

## حیدرآباد کا الحاق

- حیدرآباد کے حکمراں کو نظام کہا جاتا تھا۔ انہوں نے بھارت سرکار کے ساتھ نومبر 1947 میں ایک سال کے لیے موجودہ صورت حال قائم رکھنے کا معاہدہ کیا۔
- کمیونسٹ پارٹی اور حیدرآباد کانگریس کی قیادت میں کسانوں اور خواتین نے نظام کے خلاف تحریک شروع

کردی ۔ اس تحریک کو کچلنے کے لیے نظام نے ایک نیم فوجی دستہ (رضا کار) کو لگایا جس کے جواب میں ہندوستان سرکار نے ستمبر 1948 کو فوجی کارروائی کے ذریعے نظام کو ہتھیار ڈالنے پر مجبور کر دیا۔ اس طرح حیدر آباد ریاست کا بھارت میں الحاق ہو گیا۔

- **منی پور ریاست کا الحاق**

  - منی پور کی اندرونی خودمختاریت بنی رہے اس بات کو لے کر مہاراج بودھ چندر سنگھ اور بھارت سرکار کے درمیان الحاق کی منظوری پر دستخط ہوئے۔
  - عوام کے دباؤ میں جون 1948 میں الیکشن کروایا گیا جس کے سبب آئینی جمہوریت قائم ہوئی۔ منی پور بھارت کا پہلا حصّہ ہے جہاں سب سے پہلے بالغ رائے دہی کے اصول کو اختیار کیا گیا جس کے تحت یہاں 1948 میں انتخابات ہوئے۔

- **ریاستوں کی تشکیل نو**

نو آبادیاتی نظام کے وقت ریاستوں کی تشکیل انتظامی سہولیات کے مطابق کی گئی تھی۔ لیکن آزاد بھارت میں زبان اور ثقافتی اکثریت کی بنیاد پر ریاستوں کی تشکیل کی مانگ ہوئی۔

- زبان کی بنیاد پر صوبوں کی تشکیل کا سیاسی مدّا کانگریس کے ناگپور اجلاس (1920) میں پہلی بار شامل کیا گیا تھا۔
- تیلگو زبان بولنے والے لوگوں کی مانگ تھی مدراس صوبے کے تیلگو زبان علاقوں کو الگ کر کے ایک نئی ریاست آندھرا پردیش بنائی جائے۔
- اس تحریک کے دوران کانگریس کے ایک سینئر لیڈر پوٹی سری راملو کی تقریباً 56 دنوں کی بھوک ہڑتال کے بعد موت ہو گئی اور جگہ جگہ تشدد کے واقعات پیش آئے۔
- اس کے سبب سرکار کو دسمبر 1952 میں آندھرا پردیش نام سے الگ ریاست بنانے کا اعلان کرنا پڑا۔ آندھرا پردیش زبان کی بنیاد پر تشکیل دی گئی پہلی ریاست تھی۔

- **ریاستوں کا تشکیل نو کمیشن**

مرکزی حکومت نے 1953 میں ریاستوں کی تشکیل نو کے لیے کمیشن قائم کیا۔ کمیشن نے اپنی رپورٹ میں کہا کہ ریاستوں کی تشکیل وہاں بولی جانے والی زبانوں کی بنیاد پر کی جائے۔

- **کمیشن کی اہم سفارشات**

  - تین سطحی (حصہ B,A اور C) ریاستی نظام کو ختم کیا جائے
  - صرف تین مرکزی انتظامیہ علاقوں (انڈومان نکوبار، دہلی اور منی پور) کو چھوڑ کر باقی کے مرکزی زیر انتظام علاقوں کو ان کی نزدیکی ریاستوں میں ملا دیا جائے۔
  - ریاستوں کے سرحدوں کو وہاں پر بولی جانے والی زبان کی بنیاد پر قائم کیا جائے۔
  - اس کمیشن نے اپنی رپورٹ 1955 میں پیش کی جس کی بنیاد پر پارلیمنٹ میں ریاستوں کی تشکیل نو کا قانون عمل میں آیا اور ملک کو 14 ریاستوں اور 6 مرکز کے زیر انتظام علاقوں میں بانٹا گیا۔

| بنیادی ریاست | نئی ریاستیں | سال |
|---|---|---|
| بمبئی | مہاراشٹر، گجرات | 1960 |
| آسام | ناگالینڈ | 1963 |
| پنجاب | ہریانہ، ہماچل پردیش، پنجاب | 1966 |
| آسام | میزورم، اروناچل پردیش | 1987 |
| اترپردیش<br>بہار<br>مدھیہ پردیش | اتراکھنڈ<br>جھارکھنڈ<br>چھتیس گڑھ | 2000 |
| آندھراپردیش | تلنگانہ | 2014 |

- گوا ...... 1987
- سکّم ...... 1975
- مرکز کے زیر انتظام علاقے جو بعد میں ریاست بنے
- میزورم، منی پور، تری پورہ اور گوا وغیرہ




## ایک نمبر والے سوالات

1۔ ''مقدر سے ملاقات'' تقریر آئین ساز اسمبلی کے ایک خاص اجلاس میں کس نے کی

(A) مہاتما گاندھی (B) مولانا آزاد (C) پنڈت جواہر لال نہرو (D) ڈاکٹر راجندر پرساد

2۔ نوآبادیاتی ہندوستان میں مسلمانوں کے مفاد کے تحفظ کے لیے کون سا سیاسی ادارہ بنایا گیا؟

(A) مسلم لیگ (B) انڈین نیشنل کانگریس (C) فرنٹیئر لیگ (D) ان میں سے کوئی بھی نہیں

3۔ سب سے پہلے کس ریاست نے آزاد رہنے کا اعلان کیا؟

(A) میسور (B) اجمیر (C) گوالیار (D) ٹراونکور

4۔ مندرجہ ذیل میں سے کس گروپ کے رجواڑوں نے ہندوستان کے ساتھ اپنے اتحاد کی مخالفت کی۔

(A) حیدرآباد، بھوپال، جموں کشمیر (B) جوناگڑھ ٹراونکور۔حیدرآباد

(C) گوالیار، بھوپال۔حیدرآباد (D) بھوپال۔گوالیار جموں کشمیر

5۔ مندرجہ ذیل میں سے کون سی 1947 میں ہندوستان کی تقسیم کی وجہ نہیں تھی؟

(A) دوقومی نظریہ کا اصول (B) مسلم لیگ کے سیاسی مقاصد

(C) مسلم لیگ کا ہندوستان میں انصمام (D) ہندوستان تقسیم کی برطانوی پالیسی

6۔ مندرجہ ذیل میں سے کون سا نتیجہ 1947 میں ہندوستان پاکستان کی تقسیم کا لین تھا۔

(i) فرقہ وارانہ جھگڑے (ii) حکومت کا پارلیمانی نظام

(iii) ریاستوں کی تشکیل نو (iv) ملٹی نیشنل کمپنیوں کا آنا

(A) صرف iv (B) صرف iv اور iv (C) صرف i اور iv (D) صرف i اور ii

7۔ مندرجہ ذیل میں سے جو میل نہیں رکھتے انھیں الگ کیجیے۔

(i) ریاستی تشکیل نو کمیشن 1956 (ii) دیسی ریاستوں کی تعداد 532

(iii) ہندوستان کی تقسیم 1947 (iv) ہندوستان کی آزادی 1947

8۔ مندرجہ ذیل میں سے کون سا بیان غلط ہے؟

A۔ جموکشمیر الحاق کے دستاویز پر دستخط کرنے کے لیا تیار تھا۔

B۔ ٹراونکور ہندوستان میں الحاق کرنے والی پہلی ریاست تھی۔

C۔ جوناگڑھ کے مسئلے کو ریاست میں رائے شماری کے ذریعے سلجھالیا گیا۔

D۔ حیدرآباد کے نظام حیدرآباد کے لیے ایک آزاد ریاست کا درجہ چاہتے تھے۔

9۔ 1920ء میں ہوئے کانگریس کے ناگپور اجلاس میں ریاستوں کی تشکیل نو کی لسانی بنیاد کو منظور کرلیا گیا اس کے باوجود بھی کچھ لیڈر اس کے خلاف تھے کیوں کہ

i۔ آزادی اور تقسیم کے بعد بہت سی چیزیں بدل گئیں۔

ii۔ مخلوط معیشت کو اپنانے کی وجہ سے

iii۔ منصوبہ بند معیشت کو اپنانے کی وجہ سے۔

iv۔ یہ بکھرنے والے اجزا کو اور بڑھاوا دیتا

صحیح متبادل کو چن کر جواب دیجیے۔

(A) صرف i اور ii (B) صرف ii اور iii (C) صرف iii اور iv (D) صرف i اور iv

10۔ نظام کی فوج کو جانا جاتا تھا۔

(A) رضا کار (B) خدائی خدمت گار (C) پارلیمانی فوج (D) نظام کی فوج

11۔ لسانی بنیاد پر ریاستوں کی تشکیل نو کا ایک منفی اثر ہے۔

A۔ اختیارات کے تقسیم کے تصور کو مان لیا گیا

B۔ اختلافات کے اصول کو منظور کرلیا گیا

C۔ ریاستوں کی سرحد کا تعین ایک جیسی شکل کی بنیاد پر کیا گیا

D۔ ملک کے کئی علاقوں میں الگ اور چھوٹی ریاستیں بنانے کی مانگ کو لے کر تحریکیں شروع ہوگئیں۔

12۔ ریاستی تشکیل نو کمیشن 1956 کے مطابق کتنی ریاستوں اور کتنے مرکزی صوبوں کی تشکیل کی گئی۔

(i) 14 ریاستیں اور 6 مرکزی صوبے (ii) 14 ریاستیں اور 8 مرکزی صوبے

(iii) 22 ریاستیں اور 6 مرکزی صوبے (iv) 22 ریاستیں اور 8 مرکزی صوبے

سوال نمبر 13، 14 اور 15 میں دو بیان دیے گئے انھیں پڑھ کر صحیح کو چنیے۔

(A) دعویٰ (A) اور وجہ (R) دونوں صحیح ہیں اور وجہ (R) دعویٰ کی صحیح وضاحت ہے۔

(B) دعویٰ (A) اور وجہ (R) دونوں صحیح ہیں لیکن وجہ (R) دعویٰ کی صحیح وضاحت نہیں ہے۔

(C) دعویٰ (A) صحیح ہے لیکن وجہ (R) غلط ہے۔

(D) دعویٰ (A) غلط ہے لیکن وجہ (R) صحیح ہے۔

13۔ دعویٰ (A) ہندوستان کی حکومت نے منی پور کے مہاراجا پر دباؤ ڈال کر ستمبر 1949 میں الحاق کے دستاویز پر دستخط کرا لیے۔

وجہ (R) بالغ رائے دہندگی کی بنا پر چناؤ کرانے والی منی پور ہندوستان کی پہلی ریاست تھی۔

14۔ دعویٰ (A) الگ مسلم ریاست کو قائم کرنے کے لیے محمد علی جناح نے دو نظریہ کا اصول دیا۔

وجہ (R) کانگریس کے اقتدار نے ہندوستانی سیاست کی جمہوری شکل کو متاثر کیا۔

15۔ دعویٰ (A) بنگال اور پنجاب کے مسلم علاقوں میں دو بڑے علاقے ایسے بھی تھے۔ جہاں غیر مسلم آبادی اکثریت میں تھی۔

وجہ (R) بنگال اور پنجاب دونوں صوبوں کو تقسیم کرنے کا فیصلہ لیا گیا۔ جس میں ضلع یا نچلی سطح پر بڑے علاقے بھی شامل تھے۔ یہ کام پُرامن طریقے سے کیا گیا۔

16۔ مندرجہ ذیل واقعات کو ترتیب سے لکھیے۔

(i) کانگریس کا ناگپور اجلاس (ii) ریاستی تشکیل نو کمیشن کا قیام

(iii) پوٹی سری راملو کی بھوک ہڑتال (iv) تیلگو زبان کے لوگوں کے لیے ایک الگ ریاست کا قیام

(A) i، ii، iii اور iv (B) iv، iii، ii اور i (C) iv، iii، ii اور i (D) i، ii، iii اور iv

## دو نمبر کے سوالات

1۔ دو قومی نظریہ کا وصول کیا تھا؟

2۔ الحاق کے دساویز سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟

3۔ مہاراجا بودھ چندر سنگھ کون تھے؟

4۔ آزادی کی لڑائی کے وقت کن دو باتوں پر سب متفق تھے؟

5۔ مہاتما گاندھی کے مطابق 15 اگست 1947 خوشی اور غم دونوں کا دن کیوں تھا؟

## چار نمبر والے سوالات

1۔ ہندوستان کی تقسیم کے لیے ذمہ دار وجوہات لکھیے۔

2۔ 1947 میں ہندوستان کے تقسیم کے کیا نتائج نکلے؟

3۔ آزادی کے بعد جمہوریت کے قیام کے لیے دو آئینی طریقے لکھیے۔

4۔ 1953 میں ریاستی تشکیل نو کمیشن کا قیام کیوں کیا گیا کوئی دو وجہ لکھیے۔

## اقتباس پر مبنی سوالات

مندرجہ ذیل اقتباس کو دھیان سے پڑھیں اور سوالوں کے جواب دیں۔

''چھوٹی چھوٹی ریاستوں میں بٹ جانے کے اس امکانات کے خلاف عارضی حکومت نے سخت رویہ اپنایا۔ مسلم لیگ نے انڈین نیشنل کانگریس کے اس قدم کی مخالفت کی۔ لوگوں کا ماننا تھا راجواڑوں کو اپنی مرضی کا راستہ چننے کے لئے چھوڑ دیا جانا چاہیے۔ راجواڑوں کو منانے اور سمجھانے میں سردار پٹیل نے تاریخی رول ادا کیا۔ اور اس طرح زیادہ تر راجواڑوں کو انھوں نے ہندوستان میں شامل ہونے کے لئے راضی کر لیا۔

1۔ عارضی حکومت میں وزیر اعظم کون تھے؟

(A) پنڈت جواہر لال نہرو　(B) سردار ولبھ بھائی پٹیل

(C) بھیم راؤ امبیڈکر　(D) لال بہادر شاستری

2۔ عارضی حکومت میں وزیر داخلہ کون تھے؟

(A) پنڈت جواہر لال نہرو　(B) سردار ولبھ بھائی پٹیل

(C) سی۔ راج گوپال اچاریہ　(D) مولانا ابوالکلام آزاد

3۔ رجواڑوں کے ہندوستانی وفاق میں الحاق میں سب سے اہم اور تاریخی رول کس نے نبھایا؟

(A) پنڈت جواہر لال نہرو (B) سردار ولبھ بھائی پٹیل

(C) بابو جگ جیون رام (D) بھیم راؤ امبیڈکر

4۔ عارضی حکومت کے کام کی مدت کون سی تھی؟

(A) 1940-45 (B) 1945-50

(C) 1947-1952 (D) 1950-55

## نقشہ پر مبنی سوالات

1۔ دیئے گئے ہندوستان کے نقشے میں چار ریاستوں کو A, B, C اور D کے ذریعے دکھایا گیا ہے نیچے دی گئی جانکاری کے مطابق انھیں پہچانیئے اور جوابی کاپی میں ان کے صحیح نام ان کا سیریل نمبر اور اس سے متعلق حرف (Alphabet) لکھیں۔




(i) وہ ریاست جسے مدھیہ پردیش کاٹ کر بنایا گیا۔

(ii) آزاد ہندوستان میں کمیونسٹ حکومت والی پہلی ریاست۔

(iii) پوٹی سری راملو سے متعلق ریاست

(iv) ہندوستان کا وہ حصہ جہاں بالغ رائے دہندگی پر سب سے پہلے چناؤ ہوئے۔

## کارٹون پر مبنی سوال

2۔ دیئے گئے کارٹون کا دھیان سے مطالعہ کریں اور مندرجہ ذیل سوالات کے جواب دیں۔




یہ کارٹون ریاست کے راجاؤں اور عوام کے درمیان تعلقات پر تبصرہ ہے۔

(i) کارٹون میں دائیں طرف کھڑے لیڈر کو پہچانئے۔

(ii) آزاد ہندوستان سے پہلے وزیر داخلہ کون تھے؟

(iii) ہندوستانی حکومت کے ذریعے راجا سے کن معاملات پر تبادلے کی مانگ کی جا رہی ہے؟

## چھ نمبر کے سوالات

1۔ ریاستی تشکیل نو کمیشن کیا تھا اس کی اہم سفارشات کیا تھیں؟

2۔ رجواڑوں کو ہندوستانی وفاق میں شامل کرنے کی اہم بنیاد کیا تھی؟ اس کام میں کس نے رول ادا کیا؟

3۔ آزادی کے وقت ہندوستان کے سامنے آنے والی تین چنوتیوں کی وضاحت کیجیے۔

4۔ راجواڑوں کے تعلق سے الحاق کی دستاویز کے معنی واضح کیجیے حیدرآباد کا ہندوستان میں الحاق کیسے ہوا؟

## ایک نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ (C) پنڈت جواہر لال نہرو

2۔ (A) مسلم لیگ

3۔ (D) ٹراونکور

4۔ (B) جوناگڑھ ٹراونکور۔ حیدرآباد

5۔ (C) مسلم لیگ کا ہندوستان میں انضمام

6۔ (A) صرف iv

7۔ (ii) دیسی ریاستوں کی تعداد 532

8۔ B۔ ٹراونکور ہندوستان میں الحاق کرنے والی پہلی ریاست تھی۔

9۔ (D) صرف i اور iv

10۔ (A) رضا کار

11۔ D۔ ملک کے کئی علاقوں میں الگ اور چھوٹی ریاستیں بنانے کی مانگ کو لے کر تحریکیں شروع ہو گئیں۔

12۔ (i) 14 ریاستیں اور 6 مرکزی صوبے

13۔ (A) دعویٰ (A) اور وجہ (R) دونوں صحیح ہیں اور وجہ (R) دعویٰ کی صحیح وضاحت ہے۔

14۔ (B) دعویٰ (A) اور وجہ (R) دونوں صحیح ہیں لیکن وجہ (R) دعویٰ کی صحیح وضاحت نہیں ہے۔

15۔ (C) دعویٰ (A) صحیح ہے لیکن وجہ (R) غلط ہے۔

16۔ (D) i، ii، iii اور iv

## دو نمبر کے سوالات کے جوابات

1۔ دو قومی نظریہ کے مطابق دو قوموں کا قیام ہندوستان کی تقسیم کے ذریعے کیا جانا چاہیے ایک ہندوؤں کے لیے (ہندوستان) اور دوسرا مسلمانوں کے لیے (پاکستان)

2۔ ایک قانونی کاغذ ہندوستان میں رجواڑوں کے الحاق کے لیے

3۔ منی پور کے مہاراجا

4۔ (i) حکومت جمہوری طریقے سے کام کرے گی (ii) حکومت سبھی طریقوں کی بھلائی کے لیے کام کرے گی۔

5۔ 15 اگست 1947 کو ہندوستان کو آزادی ملی اور ساتھ ہی ہندوستان کی تقسیم بھی ہوئی اس لیے یہ دن ہندوستان کے لیے خوشی اور غم دونوں کا تھا۔

## چار نمبر کے سوالات کے جوابات

1۔ برطانوی حکومت کی پھوٹ ڈالو اور حکومت کرو کی پالیسی

(ii) مسلم لیگ کا رول (iii) پاکستان کے بننے کی مانگ (iv) فوری وجہ

2۔ ہندوستان کی تقسیم کے نتائج

(i) آبادی کی منتقلی (ii) دونوں طرف کی اقلیتوں کا مسئلہ

(iii) عورتوں اور بچوں کا استحصال (iv) سرکاری ملکیت کی تقسیم

3۔ بالغ رائے دہندگی کو اپنانا۔

(ii) کثیر پارٹی نظام کو اپنانا

4۔ آزادی سے پہلے کانگریس پارٹی اور اہم لیڈروں کے ذریعے لسانی بنیاد پر ریاستوں کی تشکیل پر اتفاق

(i) تیلگو زبان کی ریاست کی مانگ کو لے کر پوٹری سری راموملو کی موت

## اقتباس پر مبنی سوالات کے جوابات

1۔ A پنڈت نہرو

2۔ B سردار ولبھ بھائی پٹیل

3۔ B سردار ولبھ بھائی پٹیل

4۔ C 1947-52

## نقشہ پر مبنی سوالات کے جوابات

| سیریل نمبر | حروف | ریاست |
|---|---|---|
| 1۔ | A | چھتیس گڑھ |
| 2۔ | B | کیرل |
| 3۔ | C | آندھرا پردیش |
| 4۔ | D | منی پور |

## کارٹون پر مبنی سوالات کے جواب

(i) سردار پٹیل

(ii) سردار پٹیل

(iii) خارجی معاملات، حفاظتی معاملات، ترسیل عامہ جیسے معاملات، جو قومی اہمیت کے تئیں ان موضوعات کی مانگ منی کے راجا سے حکومت کو سونپنے کے لیے کی گئی۔

## چھ نمبر والے والے سوالات کے جوابات

1۔ یاد رکھنے لائق نکات کا مطالعہ کریں

2۔ (i) رجواڑوں میں رہنے والے بھارتیہ یونین میں شامل ہونا چاہتے تھے

(ii) بھارت سرکار کا نظریہ لچیلا تھا وہ کچھ علاقوں کو خود مختاری دینے پر بھی راضی تھے۔

(iii) ملک کی تقسیم کے پس منظر میں ملک کی یکجہتی، اس کی علاقائی حددو کا سوال سب سے اہم تھا۔

سردار پٹیل نے جن کو 'مرد آہن (Iron man) کہا جاتا ہے اس کام میں اہم رول ادا کیا۔

3۔ یاد رکھنے لائق نکات کا مطالعہ کریں

4۔ یاد رکھنے لائق نکات کا مطالعہ کریں

# باب۔ دو

# ایک پارٹی کی بالادستی کا زمانہ

## یاد رکھنے لائق نکات:

- 26/ جنوری 1950 کو آئین نافذ ہونے کے وقت ملک میں عارضی اندرون حکومت تھی۔ اب ملک کے آئین کے مطابق نئی حکومت کے لیے انتخابات کروانے تھے۔ جنوری 1950 میں الیکشن کمیشن کی تشکیل کی گئی۔ سوکمارسین ملک کے پہلے چیف الیکشن کمشنر تھے۔ لیکن اب ہندوستان کے چیف کمشنر شری راجیوکمار ہیں۔
- بھارت کے لیڈروں کی آزادی کی تحریک کے زمانے سے ہی جمہوری نظام میں گہری دلچسپی تھی۔ اس لیے آزادی کے بعد بھارت نے جمہوریت کا راستہ اختیار کیا جب کہ اس وقت آزاد ہوئے دوسرے کئی ملکوں میں غیر جمہوری حکومتیں قائم ہوئیں۔
- الیکشن کمیشن کی چنوتیاں
  - آزاد اور غیر جانبدار انتخابات کروانا
  - انتخابی حلقوں کی حدود متعین کرنا
  - انتخابی فہرست بنانا
  - افسران اور انتخابی ملازمین کو تربیت دینا
  - تعلیمی کمی کے سبب الیکشن کے خاص عمل کے بارے میں سوچنا

## اکتوبر 1951 سے فروری 1952 تک پہلے عام انتخابات ہوئے۔

- پہلے تین عام انتخابات میں کانگریس پارٹی کی بالادستی رہی۔
- ہندوستان میں ایک ہی سیاسی جماعت کی بالادستی دنیا کے دیگر ممالک میں ایک پارٹی کی بالادستی سے مندرجہ ذیل بنیاد پر مختلف تھی۔

- دیگر ممالک میں ایک پارٹی کی بالادستی جمہوریت کی قیمت پر قائم ہوئی۔
- چین، کیوبا اور سیریا جیسے ممالک میں آئین صرف ایک ہی پارٹی کو اجازت دیتا ہے
- میکسکو میں PRI کی تشکیل 1929 میں ہوئی اور 60 سال تک اس پارٹی کی پوری طرح تاناشاہی رہی۔
- ہندوستان میں ایک پارٹی کی بالادستی جمہوریت اور آزادانہ انتخابات کے ساتھ ہوئی۔
- **پہلے تین عام انتخابات میں ایک پارٹی کی بالادستی کی وجوہات**
  - پہلے تین عام انتخابات میں کانگریس کی بالادستی رہی
  - آزادی کی تحریک میں اہم رول ادا کرنا
  - سب سے پرانی سیاسی جماعت
  - پارٹی کا مکمل طور سے قومی سطح پر کام کرنا
  - پارٹی میں شامل مشہور لیڈر
  - سبھی لوگوں کو ایک ساتھ ملا کر کام کرنے کا عمل
  - بھارت کا انتخابی طریقہ
- کانگریس پارٹی کی شکل ایک سماجی اور نظریاتی گٹھ بندھن کی ہے۔ کانگریس میں کسان اور صنعت کار، شہر کے باشندے اور گاؤں کے لوگ، مزدور اور مالکان، نچلے اور اعلیٰ طبقات وغیرہ سبھی لوگوں کو جگہ دی گئی۔
- کانگریس میں انقلاب پسند اور پرامن، قدامت پسند اور آزاد خیال، اعتدال پسند اور انتہا پسند سبھی طرح کے لوگوں کو ایک ساتھ پارٹی میں شامل رکھا۔ کانگریس کے گٹھ بندھن کے تحت مخالف جماعتوں کے سامنے مشکلات ہی رہیں جب کہ کانگریس کو عام طاقت ملی۔
- انتخابی مقابلوں کے پہلے دس سالوں میں کانگریس نے حکمراں پارٹی کا رول ادا کیا۔ کانگریس نے مخالف جماعت کا بھی رول ادا کیا۔ اسی وجہ سے ہندوستانی سیاست کے اس دور کو کانگریسی نظام کہا جاتا ہے۔

## مخالف پارٹیوں کا عروج

- 1950 کی دہائی میں مخالف پارٹیوں کو لوک سبھا یا ودھان سبھا میں بہت کم نمائندگی ملی۔
- مخالف پارٹیوں نے حکمراں پارٹی پر ( کانگریس ) پر دباؤ رکھا۔
- جمہوری سیاست میں متبادل کے امکان کو زندہ رکھا۔
- مخالف پارٹیوں کی موجودگی نے حکومت کے نظام کے جمہوری کردار کو بنائے رکھا۔

### اہم مخالف پارٹیاں

| پارٹی کا نام | تشکیل | اہم لیڈر | اہم پالیسیاں |
|---|---|---|---|
| سماجوادی پارٹی | 1934 میں کانگریس میں ایک گٹ اور 1948 میں کانگریس سے الگ نئی پارٹی بنی | جے پرکاش نارائن<br>اشوک مہتا<br>ایس ایم جوشی<br>رام منوہر لوہیا | جمہوری سماجواد |
| کمیونسٹ پارٹی | 1935 کانگریس میں ایک گروپ 1941 میں کانگرس سے الگ 1964 میں تقسیم | اے۔ کے۔ گوپال<br>پی سی جوشی<br>اجے گوش | پیداوار کے وسائل پر حکومت کا کنٹرول مزدوروں کے مفاد کی حمایت |
| بھارتیہ جن سنگھ | 1951 میں تشکیل | شیاما پرساد مکھر جی<br>دین دیال اپادھیائے | ایک ملک، ایک تہذیب، ایک قوم کے نظریہ پر زور ملک ہندوستانی تہذیب اور رسم و رواج پر طاقتور اور ترقی یافتہ بن سکتا ہے۔ |
| آزاد پارٹی | 1959 | سی راج گوپال آچاریہ۔ کے ایم منشی، مینوسائی | آزاد معیشت، آزاد تجارت حکومت کی کم دخل اندازی |

## ایک نمبر کے سوالات

1۔ آزادی کے بعد ہندوستان میں حکومت کے کون سے نظام کو اپنایا گیا؟

(A) صدارتی نظام (B) نیم صدارتی نظام

C) جمہوری نظام (D) تانا شاہی نظام

2۔ 1967 کے چناؤ میں دوسری بڑی پارٹی کون سی تھی؟

(A) جنتا پارٹی (B) سی پی آئی (C) آزاد پارٹی (D) جن سنگھ

3۔ کس سیاسی پارٹی کو آزادی کی لڑائی کی وراثت حاصل تھی؟

(A) سوراج پارٹی (B) کمیونسٹ پارٹی

(C) کانگریس پارٹی (D) آزاد پارٹی

4۔ ای۔ایم۔ایس نمبودری پاد کا تعلق کس ریاست سے تھا؟

(A) کیرل (B) پنجاب (C) تامل ناڈو (D) آسام

5۔ لوک سبھا کا تیسرا عام چناؤ کس سال کرایا گیا؟

1951(A) 1962(B) 1967(C) 1957(D)

6۔ 2004 میں الیکشن کمیشن نے پورے ملک میں کس کس مشین کا استعمال شروع کیا۔

(A) ای۔وی۔ایم (B) سی۔وی۔ایم

(C) پوسٹل بیلٹ (D) وی۔وی پیٹ

7۔ چین اور سوویت یونین کے بیچ نظریاتی فرق آنے کے بعد ہندوستان کی کون سی سیاسی پارٹی ٹوٹ گئی؟

(A) آزاد پارٹی (B) کمیونسٹ پارٹی

(C) سوشلسٹ پارٹی (D) جن سنگھ

8۔ مندرجہ ذیل کوملایئے

(A) C۔iv ،D۔iii ،B۔ii ،A۔i (B) C۔iv ،D۔iii ،B۔i ،A۔ii

(C) D۔iv ،D۔iii ،A۔i ،C۔ii (D) C۔iv ،D۔iii ،A۔ii ،B۔i

9۔ کن ممالک کے آئین میں صرف ایک ہی پارٹی کو ملک کی حکومت کی اجازت دی گئی ہے۔

(A) میانمار۔چین (B) چین۔پولینڈ

(C) چین۔اتاویہ (D) میانمار۔ملیشیا

10۔ اپنے..................مزاج کی وجہ سے کانگریس مختلف گٹوں کے لیے برداشت تھی۔

(A) نظریاتی (B) گٹھ بندھن

(C) گٹ بازی (D) لالچی

11۔ جے پرکاش نارائن ایک..................لیڈر تھے۔

(A) کانگریس (B) سوراج پارٹی

(C) جن سنگھ (D) سوشلسٹ پارٹی

## دونمبر کے سوالات

1۔ ہندوستان میں پہلی بار بایاں بازو کی حکومت کس ریاست میں اور کب بنی؟

2۔ جمہوریت میں مخالف پارٹی کے کردار کی وضاحت کیجیے۔

3۔ ہندوستان میں پہلے تین عام چناؤ میں کانگریس پارٹی کی بالادستی کس طرح جمہوریت قائم کرنے میں معاون ہوئی؟

4۔ بھارتیہ جن سنگھ کے نظریات کی کوئی دوخصوصیات بتایئے۔

5۔ بھارتیہ کمیونسٹ پارٹی کی تقسیم کس وجہ سے ہوئی؟

## چارنمبر کے سوالات

1۔ ہندوستان میں ایک پارٹی کی بالادستی کی وجوہات لکھیے۔

2۔ ہندوستان میں پہلے عام چناؤ کرانے میں الیکشن کمیشن کو کن چنوتیوں کا سامنا کرنا پڑا؟

3۔ کانگریس کن معنوں میں ایک نظریاتی گٹھ بندھن تھی؟

4۔ ہندوستان میں سیاسی پارٹیوں کی مقابلہ آرائی کو مضبوط کرنے کی وجوہات لکھیے۔

5۔ ہندوستان اور میکسیکو دونوں ہی ممالک میں ایک خاص وقت تک ایک پارٹی کا غلبہ رہا۔ میکسیکو میں ایک پارٹی کا غلبہ کس طرح ہندوستان کے ایک پارٹی کے غلبے سے الگ تھا؟

## اقتباس پر مبنی سوالات

1۔ مندرجہ ذیل پیراگراف کو دھیان سے پڑھیں اور دیے گئے سوالات کے جواب دیں۔

''پہلے عام انتخابات اکتوبر 1951 سے فروری 1952 تک مکمل ہوئے۔ انتخابی مہم، الیکشن اور ووٹوں کی گنتی میں کل چھ مہینے لگے۔ کل ووٹ دینے والوں میں سے آدھے سے زیادہ نے ووٹ دینے والے دن اپنا ووٹ ڈالا۔ ہارنے والے امیدواروں نے بھی اس انتخاب کو غیر جانب دار بتایا۔ عام بالغ رائے دہی کے اس استعمال نے تنقید نگاروں کا منہ بند کر دیا۔ ہندوستان ٹائمز نے لکھا'' یہ بات ہر جگہ مانی جا رہی ہے کہ بھارت کی عوام نے دنیا کی تاریخ میں جمہوریت کے سب سے بڑے تجربہ کو بخوبی انجام دیا''

1۔ پہلے عام چناؤ کو کرانے میں 6 مہینے کا وقت کیوں لگا؟

(A) چناؤ کے لیے وسائل کی کمی
(B) پڑھے لکھے چناؤ کرانے والوں کی کمی
(C) تقریباً 17 کروڑ ووٹرس
(D) سبھی

2۔ بالغ رائے دہندگی کیا ہے؟

(A) فرقہ پرستی کے بغیر ووٹ دینے کا حق
(B) مذہبی تفریق کے بغیر ووٹ دینے کا حق
(C) سبھی لوگوں کو جنسی تفریق کے بغیر ووٹ دینے کا حق
(D) اوپر دیے گئے سبھی

3۔ پہلے عام چناؤ میں کون سی پارٹی فتحیاب رہی؟

(A) کانگریس پارٹی (B) سوتنتر پارٹی

(C) جن سنگھ (D) کوئی نہیں

## نقشے پر مبنی سوال

دیے گئے ہندوستانی نقشے میں چار ریاستیں A,B,C,D کے ذریعے دکھائی گئی ہیں۔ دی گئی معلومات کی بنا کر انہیں پہچانیے اور ان کے صحیح نام استعمال کی گئی معلومات کے سیریل نمبر اور متعلق حروف کے ساتھ مندرجہ ذیل جدول کی شکل میں لکھیں۔

| استعمال کی گئی معلومات کا سیریل نمبر | متعلق حروف | ریاست کا نام |
|---|---|---|
| i | | |
| ii | | |
| iii | | |
| iv | | |



(i) وہ ریاست جہاں نیشنل کانفرنس کو جیت حاصل ہوئی

(ii) وہ ریاست جہاں کمیونسٹ پارٹی کی حکومت بنی۔

(iii) وہ ریاست جہاں وھان سبھا چناؤ میں کانگریس مکمل اکثریت کی حکومت بنائی۔

(iv) ہندوستان کے پہلے وزیراعظم اس ریاست سے تھے۔

## کارٹون پر مبنی سوالات




1۔ ہندوستان میں الیکشن کمیشن کی تشکیل کب ہوئی ؟

2۔ ہندوستان کے پہلے الیکنش کمیشنر کون تھے؟

3۔ کارٹون میں اتنی زیادہ بھیڑ کیا ظاہر کرتی ہے؟ الیکشن منچ پر بیٹھے کسی ایک لیڈر کی نشاندہی کیجیے۔

## ایک نمبر کے سوالات کے جوابات

1۔ (C) جمہوری نظام

2۔ (B) سی پی آئی

3۔ (C) کانگریس پارٹی

4۔ (A) کیرل

5۔ (D) 1962

6۔ (A) ای۔وی۔ایم

7۔ (B) کمیونسٹ پارٹی

8۔ (D) B۔i، A۔ii، D۔iii، C۔iv

9۔ (A) میانمار۔چین

10۔ (B) گٹھ بندھن

11۔ (D) سوشلسٹ پارٹی

## دو نمبر کے سوالات کے جوابات

1۔ 1957 میں ہندوستان کی کیرل ریاست میں ودھان سبھا چناؤ میں

2۔ (i) مخالف پارٹی حکومت کی پالیسیوں پر تنقید کرتی ہے۔

(ii) حکومت کی تاناشاہی پر روک لگائی ہے۔

(iii) عوام کو متبادل دیتی ہے۔

(iv) جمہوریت کو مضبوط بناتی ہے۔

2۔ (i) ہندوستان میں کانگریس پارٹی کا غلبہ کیوبا۔چین جیسے ممالک سے الگ تھا۔

(ii) اس نے ہندستان کو ایک مضبوط حکومت دی

(iii) کانگریس کے لیڈر تجربہ کار اور حکومت کرنا جانتے تھے۔

(iv) کانگریس پارٹی جانبدارانہ اور آزادانہ جمہوری طور پر عوام کے ذریعے چنی گئی تھی اور چناؤ میں کئی جگہ ہار کے باوجود اقتدار کا لالچ نہیں دکھایا۔

4۔ (i) بھارتیہ جن سنگھ کے بانی صدر شیاما پرساد مکھر جی تھے۔

(ii) ان کا ماننا تھا کہ ملک ہندوستانی تہذیب اور رسم ورواج کی بنا پر جدید ترقی یافتہ اور طاقتور بن سکتا ہے۔

(iii) یہ ہندوستان کو نیوکلیائی طاقت کی شکل میں تیار کرنا چاہتے ہیں۔

5۔ ہندوستان کی کمیونسٹ پارٹی کی تقسیم 1964 میں ہوئی۔ چین اور سوویت یونین کے بیچ نظریاتی فرق آ گیا تھا۔ 1962 کی ہندوستان چین کی جنگ میں CPIM نے چین کے حملے کی حمایت کی تھی۔ جس کی وجہ سے یہ الگ ہو گیا۔

## چار نمبر کے سوالات

1۔ (i) کانگریس کو سبھی طبقوں کی نمائندگی حاصل تھی۔

(ii) کانگریس کا قوم پرست نیٹ ورک تھا وہ ایک سلجھی ہوئی پارٹی تھی۔

(iii) ہندوستان کی سب سے پرانی پارٹی اور اس پارٹی کو آزادی کی لڑائی کی وراثت حاصل تھی۔

(iv) اس پارٹی میں ہندوستان کی سیاست کے سب سے کرشمائی اور دلعزیز لیڈر تھے۔

2۔ (i) الیکشن کمیشن کی تشکیل 1950 میں ہوئی

(ii) ہندوستان کا بڑا سائز جہاں الیکشن پہلی دفعہ ہونا تھا۔

(iii) انتخابی حلقوں کی سرحدوں کا تعین انتخابی فہرست تیار کرنا انتخاب کرانے والوں کا تربیت دینا۔

(iv) آزاد اور جانبدارانہ چناؤ کرانا۔

3۔ (i) کانگریس میں کئی نظریات کو ماننے والے لوگ شامل تھے۔ اس میں انقلاب امن پسند، قدامت پسند، ترقی پسند، انتہا پسند، اعتدال پسند، دائیں بازو اور بائیں بازو والے لوگ شامل تھے۔

(ii) کانگریس میں سماجوادی سرمایہ داری دونوں نظریات کے لیڈر موجود تھے۔ سبھی مذہبوں، ذاتوں، اور سماجی طبقوں کو نمائندگی حاصل تھی۔

(iii) کانگریس کی گٹھ بندھن مزاج نے اس کو کافی زیادہ طاقت دی یہ Rainbow کی طرح مختلف طبقات، نسل، مذہب اور زبان نمائندگی کرنے والی پارٹی تھی۔

4۔ ہندوستان میں سیاسی پارٹیوں کی مقابلہ آرائی کو مضبوط بنانے کی وجوہات:

(i) کثیر جماعتی سیاسی نظام (ii) آزاد الیکشن کمیشن

(iii) آئینی نظام (iv) آزاد پریس اور عدلیہ

(v) ہندوستان کی رنگارنگی سماجی کیفیت

5۔ (i) میکسیکو میں پی۔آر۔آئی پارٹی ہی ہمیشہ فتحیاب رہی۔ باقی پارٹیاں صرف برائے نام تھیں۔ تاکہ حکمراں پارٹی کو ہی منظوری ملتی رہے۔

(ii) چناؤ کے قانون حکمراں پارٹی کے مطابق طے کئے گئے۔

(iii) حکمراں پارٹی کے چناؤ میں اکثر ہیرا پھیری اور غلط فائدہ دکھائے جاتے۔

(iv) ہندوستان میں ایک پارٹی کے غلبے کے پیچھے کانگریس پارٹی کو قومی تحریک کی وراثت ملنا تھا۔ اپوزیشن پارٹی کی تنظیم کمزور تھی، عام لوگوں نے جانبدارانہ طور سے کانگریس کو چُنا، کانگریس کو پہلا اکلوتا ہونے کا فائدہ ملا۔

## اقتباس پر مبنی سوالات کے جوابات

(1) (D) دیئے گئے سبھی (2) (D) دیئے گئے سبھی

(3) (A) کانگریس (4) (A) ووٹروں کی زیادہ تعداد

## نقشہ پر مبنی سوالات کے جوابات

(i) (A) جموں اور کشمیر

(ii) (D) کیرل

(iii) (C) مدھیہ پردیش

(iv) (B) اتر پردیش

## کارٹون پر مبنی سوالات

(i) 1950

(ii) سوکمار سین

(iii) کانگریس کے ٹکٹ پر چناؤ لڑنے کے خواہش مند امیدوار

(iv) جواہر لال نہرو۔ مرار جی دیسائی

# باب۔ دو

# منصوبہ اور ترقی

منصوبے سے مراد ہے موجودہ وسائل کے بہتر استعمال کے لئے مستقبل کا منصوبہ بنانا۔ منصوبے کے ذریعے سے پیداوار میں اضافہ۔ روزگار کے موقعوں میں اضافہ۔ اور معاشی استحکام وغیرہ مقاصد کو حاصل کیا جاتا ہے۔

## یاد رکھنے لائق نکات:

- آزادی کے بعد تقریباً سبھی اس بات پر متفق تھے کہ بھارت کی ترقی کے معنی منصوبہ بند معاشی و سماجی انصاف پر قائم ہو۔
- اس بات پر بھی متفق تھے کہ معاشی ترقی اور سماجی و معاشی انصاف کو صرف پیشہ وارانہ، صنعت کاروں اور کسانوں کے بھروسے نہیں چھوڑا جا سکتا۔ اس میں حکومت کو بھی اہم رول ادا کرنا ہوگا۔
- آزادی کے وقت ترقی کا پیمانہ مغربی ممالک کو مانا جاتا تھا۔ جدید ہونے کے معنی مغربی صنعتی ممالک کی طرح ہونا تھا۔
- ترقی کے دو ماڈل تھے پہلا آزاد سرمایہ دارانہ ماڈل اور دوسرا اشتراکی (سماج وادی) ماڈل۔
- بھارت نے ملی جلی معیشت کا ماڈل جس میں عوامی اور نجی شعبوں کی خصوصیات کی آمیزش تھی اختیار کیا۔
- آزادی کی تحریک کے دوران لیڈروں میں اتفاق ہو گیا تھا کہ غریبی مٹانے اور سبھی معاشی تقسیم نو کے کام کی اہم ذمے داری ہندوستان کی حکومت کی ہوگی۔
- زراعت یا صنعت کو کیسے اوّلیت دی جائے۔ اس پر اختلاف تھے۔
- پلاننگ کمیشن کی تشکیل مارچ 1950 میں بھارت سرکار کی ایک تجویز کے ذریعے کی گئی۔ وزیر اعظم اس کے صدر بنے
- سوویت یونین کی طرح بھارت کے پلاننگ کمیشن نے بھی پانچ سالہ منصوبوں کا راستہ اختیار کیا۔
- پنج سالہ منصوبوں سے مرد یہ تھی کہ اگلے پانچ سالوں کے لیے سرکار کی آمدنی اور خرچ کا منصوبہ ہوگا۔

## قومی ترقیاتی کاؤنسل National Development Council

قومی ترقیاتی کاؤنسل ہندوستان میں ترقیاتی معاملات پر فیصلہ لینے اوراس پرغور وفکر کرنے والا اعلیٰ ادارہ ہے۔اس کیصدر وزیراعظم ہوتے ہیں۔اسے 16 اگست 1952 میں قائم کیا گیا ملک کے وسائل کومنصوبوں کے لیےوقف کرنے۔ سبھی اہم شعبوں میں عام معاشی پالیسیوں کو بڑھاوا دینے۔ نیز رفتار اور متوازن ترقی کاتعین کرنے کے لیے اس کا قیام ہوا۔اس ادارے میں وزیراعظم مرکزی کابینہ وزیر۔سبھی ریاستوں کے وزیراعلیٰ۔مرکزی صوبائی علاقوں کے نمائندے اور نیتی آیوگ کے ممبر شامل ہوتے ہیں۔

1۔ ملک کے سبھی حصوں میں تیز اور متوازن ترقی کے لیے کوشاں رہنا۔

2۔ منصوبوں کولاگوکرنے میں ریاستوں کے تعاون کو یقینی بنانا۔

3۔ شہریوں کے معیارزندگی میں سدھار کرنا۔

4۔ فی کس آمدنی میں اضافہ کرنا۔

- **پہلا پنچ سالہ منصوبہ (1951-56)** میں سب سے زیادہ توجہ زراعت پر مرکوز کی گئی۔اس کے تحت باندھ اور سینچائی کے میدان میں سرمایہ کاری کی گئی۔ بھاکڑا ننگل منصوبہ اس میں سے ایک تھا۔
- **دوسرے پنچ سالہ منصوبہ (1956-61) میں** بھاری صنعتوں کی ترقی پر زور دیا گیا۔عوامی شعبہ کو ترقی دی گئی۔حکومت نے گھریلو صنعتوں کی حفاظت کے لیے بھاری ٹیکس لگائے گئے۔اس منصوبے کو بنانے والے پی۔سی۔مہالنوبس تھے۔
- منصوبہ کاروں کا بنیادی مقصد قومی آمدنی کی سطح کو اونچا کرنا تھا صنعت اور زراعت کے بیچ توازن قائم کرنا تھا۔

## بایاں بازوں کا نظریہ

یہ اُن لوگوں کی طرف اشارہ کرتا ہے جوغریب اور پچھڑے سماجی گروپوں کی طرفداری کرتے ہیں اوران گروپوں کو فائدہ پہنچانے والی پالیسیوں کی حمایت کرتے ہیں۔

## دایاں بازوں کا نظریہ

یہ کُھلی مقابلہ آرائی اور بازار معیشت کے ذریعے ہی ترقی کی حمایت میں ہیں۔

- ترقی کا کیرل ماڈل

- غیر مرکزی منصوبہ بندی، تعلیم، صحت، زمینی اصلاحات، موثر غذائی تقسیم اور غربت میں کمی کرنے پر زور دیا گیا۔
- جے۔سی۔کمارپا جیسے گاندھی وادی ماہر معاشیات نے ترقی کے منصوبے کے تحت گاؤں کی صنعتی ترقی پر زور دیا۔
- چودھری چرن سنگھ نے بھارت کی معیشت کی منصوبہ بندی میں زراعت کو مرکز کے اختیار میں رکھنے کی بات کافی اثر دار انداز میں اٹھائی۔

پنچ سالہ منصوبے

| منصوبہ | مدت | مقاصد |
|---|---|---|
| پہلا منصوبہ | 1951-56 | زراعتی ترقی |
| دوسرا منصوبہ | 1956-61 | صنعتی ترقی |
| تیسرا | 1961-66 | غذائی، خود انحصاری، بے زروگاری مٹانا |
| چوتھا منصوبہ | 1969-74 | پیداوار میں اضافہ، معاشی استحکام |
| پانچواں منصوبہ | 1974-79 | خود انحصاری، غریبی دور کرنا |
| چھٹا منصوبہ | 1980-85 | توانائی کے وسائل میں ترقی، کمزور طبقہ کے مفاد |
| ساتواں منصوبہ | 1985-90 | غذائی پیداوار، جدید کاری، دیہی ترقی |
| آٹھواں منصوبہ | 1992-97 | روزگار، صحت، تعلیم |
| نواں منصوبہ | 1997-2002 | سماجی انصاف، 6.5 فیصد معاشی ترقی |
| دسواں منصوبہ | 2002-2007 | سماجی صنعتی ترقی اور 7 فیصد معاشی ترقی |
| گیارہواں منصوبہ | 2007-2012 | توانائی، روزگار ۹ فیصد ترقی |
| بارہواں | 2012-17 | ۸ فیصد معاشی ترقی |

## نیتی آیوگ National Institution for Transforming India (NITI AYOG)

آزادی کے بعد ہندوستان کی منصوبہ بند ترقی کے لیے سماجوادی نظریہ پر مبنی منصوبہ کمیشن کی تشکیل کی گئی۔ چونکہ یہ منصوبہ عالم گیریت کے دور میں خصوصا 21 ویں صدی میں ترقی کی سخت چنوتیوں کا سامنا کرنے میں بے اثر اور غیر موزوں ہوتے جارہے تھے۔ اس لیے 15 اگست 2014 کے یوم آزادی کی تقریر میں وزیراعظم نریندر مودی نے منصوبہ کمیشن کو ختم کرنے کی بات کہی۔ مرکزی حکومت کو مرکز اور ریاستی سطح کی پالیسیوں کو بنانے میں ضروری تکنیکی صلاح دینے کے مقصد سے 1 جنوری 2015 کو منصوبہ کمیشن کے مقام پر نیتی آیوگ کی تشکیل کی گئی۔

ہندوستان کے وزیراعظم نیتی آیوگ کے صدر ہیں اور وہ نیتی آیوگ کے نائب صدر کا تقرر کرتے ہیں۔ نیتی آیوگ کے پہلے نائب صدر Arvind Panagariya تھے۔ حال میں نیتی آیوگ کے نائب صدر شری سمن بیری ہیں۔

قومی سلامتی اور معاشی پالیسیوں کے بیچ تال میل قائم کرنے اور مخصوص شعبوں میں لازمی قانونی پروگراموں کا طویل مدتی ڈھانچہ تیار کرنے کے مقصد سے نیتی آیوگ مرکزی حکومت کے نظریاتی مرکز کی شکل میں کام کرتا ہے۔ ''نیچے تک نقطۂ نظر'' کی نشاندہی کرتے ہوئے اور ملک کی سبھی ریاستوں کی یکساں شرکت کا تعین کرتے ہوئے نیتی آیوگ باہمی وفاقیت کے جذبے سے کام کرتا ہے۔

| منصوبہ کمیشن-1950 | نیتی آیوگ-2015 |
|---|---|
| منصوبہ کمیشن کے پاس ریاستوں پر منظور شدہ پروجیکٹ کے لیے پالیسیاں لاگو کرنے کی طاقت تھی۔ | نیتی آیوگ بنیادی طور پر ایک تھنک ٹینک یا ایک صلاح کاری ادارہ ہے۔ فنڈ کو بانٹنے کا حق نیتی آیوگ کو نہیں دیا گیا ہے۔ |
| منصوبہ کمیشن معاشی ترقی کے لیے موزوں کو بنانے میں اور لاگو کرنے میں مدد کرے گا۔ منصوبہ کمیشن کا اہم مقصد ہندوستان کی معاشی ترقی کے لیے موزوث پالیسیاں بنانا اور لاگو کرنا تھا۔ | سبھی اختیارات مالیاتی وزرات کے پاس ہیں۔ نیتی آیوگ خود کو ضروری علم اور مہارت کے ساتھ ایک جدید وسائل مرکز کی شکل میں فروغ دے رہا ہے۔ جو اسے تیزی سے کام کرنے ریسرچ کو بڑھاوا دینے حکومت کے لیے حکمت عملی کا نظریہ مہیا کرنے اور آنے والے مسائل سے نپٹنے کے لائق بنائے گا۔ |
| اس کا نظریہ نیچے سے اوپر سے نیچے کا تھا۔ | |

## ایک نمبر کے سوالات

1۔ آزادی کے بعد ہندوستان کے سامنے ترقی کے کتنے ماڈل تھے۔

(A) دو (B) تین (C) ایک (D) چار

2۔ غریبی ختم کرنے اور سماجی معاشی تقسیم کی اہم ذمہ داری اِن کے پاس ہوگی۔

(A) صنعتکاروں (B) ہندوستانی حکومت

(C) کوآپریٹو شعبہ (D) ریاستی حکومت

3۔ نئی جمہوری پہل نام ترقی کی مہم کس صوبے میں چلائی گئی۔

(A) بہار (B) تامل ناڈو

(C) کیرل (D) آسام

4۔ پنج سالہ منصوبہ کا ماڈل ہندوستان نے کس ملک سے متاثر ہوکر اپنایا۔

(A) جرمنی (B) سوویت یونین

(C) جاپان (D) برطانیہ

5۔ مندرجہ ذیل واقعات ترتیب وار لکھیے۔

(i) ہندوستان آزاد ہوا (ii) بامبے پلان

(iii) منصوبہ کمیشن کی تشکیل (iv) پہلا پنج سالہ منصوبہ

(A) i،iii،ii اور iv (B) ii،iv،iii اور i

(C) ii،i،iii اور iv (D) ii،i،iv اور iii

6۔ منصوبہ کمیشن کی تشکیل مندرجہ ذیل میں سے کس کے ذریعے ہوئی تھی؟

(A) ہندوستان کے آئین کے ذریعے (B) ہندوستان کے صدر کے ذریعے

(C) ہندوستان کی حکومت کے ایک تجویز کے ذریعے (D) آئین ساز اسمبلی کے ذریعے

7۔ ہندوستان کے صنعتکاروں کے ذریعے منصوبہ بند معیشت چلانے کے لیے ایک مشترکہ تجویز تیار کی گئی تھی اس سال میں۔

(A) 1944 (B) 1945 (C) 1942 (D) 1946

8۔ ہندوستان نے شروعاتی دور میں ترقی کی جو پالیسی اپنائی اُس میں مندرجہ ذیل میں سے کون سے نظریات شامل نہیں تھے۔

(A) منصوبہ (B) نرم کاری (C) کوآپریٹو کھیتی (D) خود انحصاری

9۔ نیتی آیوگ کا قیام کس سال ہوا؟

(A) 2010 (B) 2012 (C) 2014 (D) 2015

10۔ پوسکو پلانٹ کی مخالفت اس ریاست میں ہوئی تھی؟

(A) پنجاب (B) راجستھان (C) ناگالینڈ (D) اُڈیشہ

11۔ ہندوستان کی حکومت نے ملک کی صنعتوں کو تحفظ دینے کے لیے.................پر زیادہ ٹیکس لگایا

(A) برآمد (B) زمین (C) درآمد (D) آمدورفت

12۔ دوسرا پنج سالہ منصوبے کے بانی

(A) جے۔سی کماوپا (B) پی۔سی مہالنوبس

(C) جواہرلال نہرو (D) سردار پٹیل

## دو نمبر کے سوالات

1۔ بامبے پلان کیا تھا؟

2۔ دوسرا پنج سالہ منصوبہ کس طرح پہلے پنج سالہ منصوبے سے الگ تھا؟

3۔ ہندوستان کی معیشت کو مخلوط معیشت کیوں کہتے ہیں؟

4۔ غیر مرکزی منصوبہ بندی سے کیا مراد ہے؟

5۔ منصوبہ کاروں کا بنیادی مقصد کیا تھا؟

## کارٹون پر مبنی سوال



(i) اوپر دیے گئے کارٹون میں کس مسئلہ کی جانب اشارہ کیا گیا ہے؟

(ii) اس مسئلہ کا حل کس طرح نکالا گیا ہے؟

(iii) دونوں جماعتوں کی جانب سے ایک ایک بیان دیجیے۔

## ایک نمبر کے سوالات کے جوابات

1۔ (A) دو

2۔ (B) ہندوستانی حکومت

3۔ (C) کیرل

4۔ (B) سوویت یونین

5۔ (C) iii،i،ii اور iv

6۔ (C) ہندوستان کی حکومت کے ایک تجویز کے ذریعے

7۔ (A) 1944

8۔ (C) کوآپریٹو کھیتی

9۔ (D) 2015

10۔ (D) اُڈیشہ

11۔ (C) درآمد

12۔ (A) جے۔سی کماوپا

## دو نمبر کے سوالات کے جوابات

1۔ 1944 میں صنعت کاروں کے ایک گروپ کے ذریعے ملک میں منصوبہ بند معیشت چلانے کے لیے تیار کی گئی تجویز۔

2۔ پہلے پنج سالہ منصوبہ زراعت پر مبنی تھا جب کہ دوسرا صنعتوں پر مبنی تھا۔ دوسرے پنج سالہ منصوبہ میں تیز صنعت کاری اور سرکاری شعبے کے مثبت کردار پر زور دیا۔

3۔ ہندوستان اور سرمایہ داری اور سماجوادی ماڈل دونوں کی ملی جلی خوبیاں ہیں اس لیے اسے مخلوط یا ملی جُلی معیشت کہتے ہیں۔

4۔ منصوبہ کو مرکز سے مقامی سطح کی طرف لے جایا جانا، تعلیم، صحت زمینی سُدھار کارگر غذائی تقسیم وغیرہ کو پنچایت سمیتی اور ضلع سطح تک پہنچانا شامل ہے۔

5۔ منصوبوں کا بنیادی مقصد قومی آمدنی کی سطح کو اونچا کرنے کا تھا۔ موجودہ سرمائے کے ذخیرہ کو بڑھانا اور معاشی ترقی میں اضافہ کرنا تھا۔

## کارٹون پر مبنی سوالات کے جوابات

(i) عوامی اور نجی زمروں کا مسئلہ

(ii) ملی جلی معیشت کے ذریعے

(iii) ■ عوامی شعبوں میں بنیادی ڈھانچہ فراہم کرنا

■ نجی شعبوں میں بازاری معیشت کا حامی ہونا

# باب۔ چار

# ہندوستان کی خارجہ تعلقات

ہندوستان بہت چنوتیوں سے بھرے بین الاقوامی حالات میں آزاد ہوا تھا۔اس وقت تقریباً پوری دنیا دو گٹوں میں بٹ چکی تھی۔ایسے میں ہندوستان کے وزیر اعظم جواہرلال نہرو نے بڑی دوراندیشی کے ساتھ ہندوستان کی خارجہ پالیسی طے کی۔

## یاد رکھنے لائق نکات:

### ہندوستان کی خارجہ پالیسی پر نہرو جی کا اثر

- بھارت کی خارجہ پالیسی پر ملک کے پہلے وزیر اعظم اور وزیر خارجہ جواہرلعل نہرو کی گہری چھاپ پائی جاتی ہے۔نہرو کی پالیسی کے تین خاص مقاصد تھے:
  - ایک طویل جدوجہد کے بعد حاصل ہوئی آزادی واقتدار کو بچائے رکھنا
  - ملک کی علاقائی سالمیت کو بنائے رکھنا
  - ملک کی تیز رفتاری کے ساتھ معاشی ترقی کرنا
  - نہرو ان سبھی مقاصد کو ناوابستگی کی پالیسی اپنا کر ہی حاصل کرنا چاہتے تھے۔



- **ناوابستگی کی پالیسی:۔**

بے تحاشا کوششوں سے ملی آزادی کے بعد ہندوستان کے سامنے ایک بڑی چنوتی اپنے اقتدار اعلیٰ کو بچائے رکھنے کی تھی اس کے علاوہ ہندوستان کو تیز معاشی اور سماجی ترقی کو حاصل کرنا تھا۔ اس لیے ان دونوں مقاصد کو حاصل کرنے کے لیے ہندوستان نے ناوابستگی کی پالیسی کو اپنی خارجہ پالیسی کے ایک اہم اجزا کی شکل میں شامل کیا۔

اس پالیسی کے ذریعے ہندوستان سرد جنگ کے آپسی مخالف خیموں اور ان کے ذریعے چلائے جانے والے قومی اتحادوں جیسے ناٹو۔ وارسا پیکٹ سے خود کو دور رکھ سکا۔ وہیں ضرورت پڑنے پر دونوں ہی خیموں سے معاشی مدد بھی حاصل کر سکا۔

ایشیا اور افریقہ کے نئے آزاد ممالک کے درمیان مستقبل میں اپنی اہم اور خاص پوزیشن کے امکانات کا اندازہ کرتے ہوئے ہندوستان نے نوآبادیات کی مخالفت کی حمایت کی۔ اس سلسلے میں 1955 میں انڈونیشیا کے شیر بانڈونگ میں ایفروایشیائی کانفرنس ہوئی جس میں ناوابستہ تحریک کی بنیاد پڑی۔ ستمبر 1961 میں بیلگریڈ میں پہلا ناوابستہ کانفرنس منعقد ہوئی۔ موجودہ وقت میں اس تحریک میں تیسری دنیا کے 120 ملک ممبر ہیں۔ دسمبر 2016 میں ناوابستہ تحریک کا 17 واں اجلاس وینیز ویلا میں ہوا۔ 18 ویں کانفرنس جون 2020 میں آزربائجان میں ہوئی۔

اس میں Covid-19 کو انسانیت کا سب سے بڑا خطرہ بتایا گیا۔ دہشت گردی اور Fake News جیسے مدوں پر فکر ہوئی۔

- **پنچ شیل:** 29/اپریل 1954 کو وزیراعظم جواہر لعل نہرو اور چین کے صدر چاؤ این لائی کے درمیان معاہدہ جس میں پانچ اہم نکات کو شامل کیا گیا:

  - ایک دوسرے کے خلاف حملہ نہ کرنا
  - ایک دوسرے کے اندرونی معاملات میں مداخلت نہ کرنا
  - ایک دوسرے کی علاقائی سالمیت کا احترام کرنا
  - مساوات اور ایک دوسرے کے ساتھ دوستی کا جذبہ
  - پرامن بقائے باہمی

- ہندوستان اور چین تعلقات (تنازعات کے مدّے)

  - 1949 میں انقلاب چین کے بعد چین کی کمیونسٹ حکومت کو تسلیم کرنے والا بھارت پہلے ملکوں میں سے ایک تھا۔ جواہر لعل نہرو نے چین کے ساتھ اچھے تعلقات قائم رکھنے کی شروعات کی۔
  - 1950 میں چین نے تبت پر اپنا قبضہ کرلیا اس سے ہندوستان اور چین کے بیچ کی ریاست تبت تقسیم ہوگیا تبت کے مذہبی رہنما دلائی لاما نے ہندوستان سے پناہ مانگی اور 1959 میں ہندوستان نے انھیں پناہ دے دی۔
  - چین نے الزام لگایا کہ ہندوستان اندرونی طور پر چین مخالف سرگرمیوں کو ہوا دے رہا ہے۔
  - چین اور بھارت کے درمیان جھگڑے کا دوسرا اہم سبب سرحدی تنازعہ ہے۔ چین جموں وکشمیر کے لداخ والے حصّہ میں آ کسائی چین اور ارونا چل پردیش کے ایک کثیر علاقے پر جو اس وقت NEFA کہلاتا تھا اپنا قبضہ جمائے ہوئے ہے۔
  - چین کے ذریعے لگاتار پاکستان کی مدد کی جا رہی ہے۔
  - چین بھارت کے ایٹمی تجربات کی مخالفت کرتا ہے۔
  - 2017 میں بھوٹان کے زمینی حصہ۔ لیکن ہندوستان کے لیے بہت اہم ڈوک لام پر قبضے کے دعوے کو لے کر دونوں ممالک کے بیچ لمبا تنازعہ چلا جس میں دونوں ممالک کے بیچ تعلقات کشیدہ ہوگئے۔ لیکن اس تنازعے کے حل کے لیے ہندوستان کی بے پناہ کوششوں اور ہندوستان کے رخ کو عالمی سطح پر سراہا گیا۔

- ہندوستان-چین (تعاون کے میدان میں)

  - چین کے ذریعے ارونا چل پردیش میں اپنی دعویداری جتانے، پاکستان سے چین کی دوستی اور ہندوستان کے خلاف چین کی مدد سے دونوں کے تعلقات خراب رہتے ہیں۔ لیکن ہندوستان چین کے ساتھ سرحدی تنازعہ کے حل کے لیے کوشاں ہیں۔

- 1970 کی دہائی میں چین کی قیادت بدل جانے سے اب بات چیت کے ذریعے عام برتاؤ کو اہمیت دی جا رہی ہے۔
- دونوں ممالک نے ثقافتی۔ سائنسی اور تکنیکی میدان میں آپسی تعاون دیا ہے اور دونوں تجارت کے لیے چار پوسٹ کھولنے کے لیے معاہدے بھی کیے ہیں۔ دوسرے ممالک میں توانائی سودا حاصل کرنے کے معاملے میں بھی دونوں ملک آپسی تعاون کے ذریعے حل نکالنے کی کوششیں کر رہے ہیں۔
- عالمی میدان میں ہندوستان اور چین نے عالمی تجارتی تنظیم جیسے دیگر بین الاقوامی معاشی تنظیموں کے ساتھ مساوی پالیسیاں اختیار کی ہیں۔

- 2014 میں چین کے صدر شی زیپینگ نے بھارت کا دورہ کیا جس میں اہم معاہدہ کیلاش منسرورسفر کے لیے آپسی رضامندی سے سڑک کا راستہ کھولنا تھا۔
- ہندوستان اور چین کے ساتھ تعلقات کو مثبت شکل دینے کے لئے ہندوستان کے وزیراعظم شری نریندر مودی اور چین کے صدر شی زِیپینگ کے ذریعے کوششیں کی جارہی ہیں دونوں ممالک امن وسلامتی کو بڑھاوا دینے کا عہد کر چکے ہیں۔

2017 میں ہندوستان اور چین کے بیچ دوطرفہ تجارت 84 ارب ڈالر کی ہوئی۔

مئی 2018 میں دونوں ملک صحت ۔تعلیم اور غذائی تحفظ کے میدان میں افغانستان میں اپنے ترقیاتی پروگرام کی شمولیت کے لیے راضی ہوئے۔

عالمی سطح پر ہندوستان اور چین نے عالمی تجارتی تنظیم اور دوسری بین الاقوامی تنظیموں کے سلسلے میں ایک چینی پالیسیاں اپنائی ہیں۔

## پاکستان کے ساتھ جنگ اورامن

- کشمیر مسئلہ کو لے کر پاکستان کے ساتھ بٹوارے کے فوراًبعد جنگ چھڑگئی۔
- یہ مسئلہ انجمن اقوامِ متحدہ کے حوالے کردیا گیا۔
- کشمیر کے سوال پر ہوئے تنازعے کے باوجود ہندوستان اور پاکستان حکومت کے بیچ آپسی تعاون قائم ہوا۔
- بٹوارے کے وقت جوخواتین اغوا ہوگئیں تھیں انہیں ان کے خاندانوں کے پاس پہنچانے کا کام دونوں ممالک کی حکومتوں نے مل کر کیا۔
- عالمی بینک کے تعاون سے سندھ آبی معاہدے پر 1960 میں نہرو اور جنرل ایوب خان نے دستخط کیے۔
- اپریل 1965 میں پاکستان کے گجرات کے کچھ علاقے کے رن میں فوجی حملہ کیا۔
- اس کے بعد جموں وکشمیر میں اگست اور ستمبر کے مہینے میں پاکستان نے بڑا حملہ کیا۔
- سابق وزیراعظم لال بہادر شاستری نے پنجاب کی سرحد کی طرف سے جوابی حملہ کرنے کا حکم دیا۔
- سنگین لڑائی ہوئی۔اور ہندوستانی فوج آگے بڑھتے ہوئے لاہور تک پہنچ گئی۔
- انجمن اقوامِ متحدہ کی مداخلت سے اس لڑائی کا خاتمہ ہوا۔ ہندوستان کے وزیراعظم لال بہادر شاستری اور ایوب خان نے 1966 میں تاشقند سمجھوتے پر دستخط کیے جس میں سوویت یونین نے بچولیا کا کردار ادا کیا۔

- بنگلہ دیش جنگ 1971

- 1970 میں پاکستان کے سامنے ایک سخت بحران آ گیا۔
- پاکستان کے پہلے عام چناؤ میں ذوالفقار علی بھٹو کی پارٹی مغربی پاکستان میں فتحیاب رہی۔ جبکہ مجیب الرحمٰن کی پارٹی عوام لیگ مشرقی پاکستان میں فتحیاب رہی۔
- پاکستان کی فوج نے 1971 میں شیخ مجیب الرحمٰن کو گرفتار کر لیا۔ اور مشرقی پاکستان کے لوگوں پر ظلم کرنے شروع کر دیئے۔
- عوام نے اس کے جواب میں اپنے علاقے یعنی موجودہ بنگلہ دیش کو پاکستان سے آزاد کرانے کے لیے جدو جہد کی۔
- 1971 میں پورے سال ہندوستان کو 80 لاکھ مہاجرین کا بوجھ سہنا پڑا جو مشرقی پاکستان سے بھاگ کر ہندوستان کے نزدیکی علاقوں میں آ گئے تھے۔
- پاکستان نے ہندوستان پر الزام لگایا کہ وہ اسے تقسیم کرنے یا توڑنے کی کوشش کر رہا ہے۔
- امریکہ کے صدر رچرڈ نکسن کے صلاح کار ہینری کینسجر نے جولائی 1970 میں پاکستان سے ہوتے ہوئے چین کا خاموشی سے دورہ کیا۔
- امریکہ۔ پاکستان۔ چین کے محور کو دیکھتے ہوئے ہندوستان نے اس کے جواب میں سوویت یونین کے ساتھ امن و دوستی کا 20 سالہ معاہدہ کیا۔ معاہدے میں اس بات کا یقین ملا کہ حملہ ہونے کی شکل میں سوویت یونین ہندوستان کی مدد کرے گا۔
- دسمبر 1971 میں ہندوستان اور پاکستان کے بیچ پورے طرح جنگ ہو گئی۔ 10 دن کے اندر ہندوستان کی فوج نے ڈھاکہ کو تین طرف سے گھیر اور 90000 فوجیوں کے ساتھ پاکستان کی فوج کو ہتھیار ڈالنے پڑے۔ بنگلہ دیش کی شکل میں ایک آزاد ملک کا عروج ہوا اور ہندوستان نے یکطرفہ جنگ ختم کرنے کا اعلان کیا۔
- جولائی 1972 کو اندرا گاندھی اور ذوالفقار علی بھٹو نے بیچ شملہ سمجھوتہ ہوا۔

- **ہندوستان کا نیوکلیائی پروگرام:**

ہندوستان کی نیوکلیائی پالیسی ہمیشہ ہی امن پسند رہی ہے۔جس کی وضاحت ''پہلے استعمال نہیں''(No first use) کی پالیسی سے ہوجاتی ہے۔لیکن دور حاضر میں علاقائی تحفظ سے متعلق چنوتیوں کی وجہ سے وزیراعظم نریندر مودی کی رہنمائی والی حکومت نے یہ واضح کردیا ہے کہ ہندوستان کے علاقائی اور قومی تحفظ کے مطابق ''پہلے استعمال نہیں'' پالیسی کا تجزیہ کیا جا سکتا ہے۔اوراس میں تبدیلی بھی لائی جاسکتی ہے۔اس کے ساتھ ہی ہندوستان نیوکلیائی فراہم کردہ گروپ میں اپنی ممبرشپ حاصل کرنے کے لیےبھی پابند ہے۔ہندوستان نے CTBT تجربات پرمکمل پابندی کے معاہدے CTBT)اور نیوکلیائی غیرتوسیع معاہدہ(NPT) کوتفریق آمیزاورغیرمنصفانہ مانتے ہوئے ان کی مخالفت کی۔

- مئی 1974 میں ہندوستان کے ذریعے راجستھان کے جیسلمیر میں پوکھرن نام کے مقام پر پہلا نیوکلیائی تجربہ کیا گیا۔مئی 1998 میں اسی مقام پر ہندوستان نے پانچ نیوکلیائی تجربات کرکے خودکواس میدان میں دنیا کے سامنے مثالی بنادیا۔

- **ہندوستان کی نیوکلیائی پالیسی کے اصول**

- نیوکلیائی توانائی کا پرامن استعمال کرے گا۔
- غیرامتیازی نیوکلیائی ترک اسلحہ کی پالیسی کا پابند رہے گا۔
- بھارت اپنی سلامتی کے لیے نیوکلیائی ہتھیار رکھے گا لیکن ''استعمال میں پہل نہیں'' کے اصول پر قائم رہے گا۔لیکن موجودہ علاقائی اور ملکی تحفظ کی چنوتیوں کو دیکھتے ہوئے یہ واضح کر دیا گیا ہے۔ملکی تحفظ کے مطابق "پہلے استعمال" نہیں کی پالیسی کا جائزہ اوراس میں تبدیلی کی جاسکتی ہے۔
- نیوکلائی ہتھیاروں کا استعمال کرنے کی طاقت اعلی سیاسی طاقت کے پاس ہوگی۔
- ہندوستان NPT اور CTBT جیسی تفریق والے اور غیرمنصفانہ معاہدوں کی مخالفت کرتا ہے۔
- 1968 کا نیوکلیائی غیرتوسیع معاہدہ(NPT) جانبدارانہ(Nuclear Non-Proliferation) ہے۔
- ہندوستان نیوکلیائی ہتھیاروں سے آزاددنیا کی تشکیل کا حامی ہے۔

## ایک نمبر کے سوالات

1۔ ہندوستان کے آئین کی کون سی دفعہ بین الاقوامی امن اور تحفظ کو بڑھاوا دینے کے لیے ریاست کے کچھ ہدایتی اُصولوں کا تعین کرتی ہے؟

(A) دفعہ 351 (B) دفعہ 51

(C) دفعہ 368 (D) دفعہ 68

2۔ خالی جگہ بھریے

ہندوستان کے نیوکلیائی پروگرام کی شروعات......................کی رہنمائی میں ہوئی؟

(A) ڈاکٹر عبدالکلام (B) ڈاکٹر وکرم سارابھائی (C) سی وی رمن (D) ہومی جہانگیر بھابھا

3۔ تاشقند سمجھوتہ مندرجہ ذیل میں کن ممالک کے بیچ ہوا؟

(A) پاکستان اور ہندوستان (B) چین اور ہندوستان

(C) ہندوستان اور سویت یونین (D) ہندوستان اور امریکہ

4۔ کس ریاست کو نیفا کہا جاتا ہے؟

(A) آسام (B) اروناچل پردیش (C) آندھرا پردیش (D) سکّم

5۔ خالی جگہ بھریے

ناوابستگی کے معنی ہے..................

(A) علیٰحدگی (B) عدم مداخلت (C) بے تعلقی (D) کسی طاقت والے گروپ سے نہ ڈرنا

6۔ نیچے دو بیان دعویٰ (A) اور وجہ (R) دیئے گئے ہیں دیئے گئے متبادل میں سے کسی ایک کو چنئے۔

دعویٰ (A) ہندوستان نے عظیم طاقتوں پر ترک اسلحہ کے لیے بہت زور ڈالا لیکن پھر بھی ہندوستان نے NPT کے غیر معینہ وسعت کی مخالفت کی اور CTBT پر دستخط کرنے سے انکار کر دیا۔

وجہ(R) یہ معاہدے خصوصی طور پر غیر نیوکلیائی طاقتوں پر لاگو ہوتے تھے اور نیوکلیائی طاقت سے بھر پور پانچ طاقتوں کے اجارہ داری کو قانونی بناتے ہیں۔

7۔ دعویٰ (A) ہندوستان نے انڈونیشیا کی آزادی کے لیے بھرپور کوشش کی۔

وجہ(R) ہندوستان نوآبادکاری کی کارروائی کا سخت حمایتی تھا اور اس نے بڑی مضبوطی سے خصوصاً جنوبی افریقہ میں جاری نسلی امتیاز کی مخالفت کی۔

8۔ مندرجہ ذیل کو ملائیں۔

| | |
|---|---|
| امریکہ | Buffar States |
| سوویت یونین | تیل کے لیے کہرام |
| تبت | امن اور دوستی کا 20 سالہ معاہدہ |
| عرب اسرائیل جنگ | ہینری کسینجر |

صحیح متبادل کو چنئے:

(A) B۔iv، A۔iii ،C۔ii ،D۔i (B) B۔iv، C۔iii ،A۔ii ،D۔i

(C) D۔iv، A۔iii ،C۔ii ،B۔i (D) B۔iv، A۔iii ،D۔ii ،C۔i

9۔ مندرجہ ذیل میں سے کون سا بیان صحیح نہیں ہے؟

(A) بھارتیہ جن سنگھ اور آزاد پارٹی چاہتی تھی کہ ہندوستان اپنی خارجہ پالیسی امریکہ کے حق میں بنائے۔

(B) ڈاکٹر بی آر امبیڈکر چاہتے تھے کہ امریکی خیمے کے ساتھ ہندوستان کو نزدیکی بڑھانی چاہیے۔

(C) کڑی جدوجہد سے حاصل اقتدار اعلیٰ بچائے رکھنے کے لیے ہندوستان ناوابستگی کی پالیسی اپنانا چاہتا تھا۔

(D) ہندوستان کے پہلے وزیراعظم سردار پٹیل تھے۔

10۔ چین کے ساتھ ہندوستان کے تعلقات کے بارے میں غلط بیانات کو چنئے۔

(i) ہندوستان اور چین کے لیڈروں نے ایک دوسرے کے ملک کا دورہ کیا اور وہاں کی عوام نے خوش دلی سے اُن کا استقبال کیا۔

(ii) 1949 میں ہندوستان اور چین کے بیچ سرحدی تنازعہ ہو گیا۔

(iii) چین نے ہندوستان کے دو علاقوں میں دعویٰ کیا۔

(iv) لیڈروں کے بیچ ہوئی لمبی خط و کتابت اور بات چیت کے بعد ان اختلافات کو سلجھا لیا گیا۔

(A) صرف ii اور iv (B) صرف iii اور iv

(C) صرف i اور ii (D) صرف i اور iii

11۔ مندرجہ ذیل کو تاریخ کے حساب سے منظّم کیجیے۔

(i) ناوابستگی کی پہلی چوٹی کانفرنس (ii) نیتا جی سبھاش چندر بوس کے ذریعے

(iii) برطانیہ کا سوئز بریکو لے کر مصر پر حملہ (iv) ہندوستان نے ایشین ریلیشن کانفرنس کا انعقاد کیا۔

صحیح متبادل چنئے۔

(A) i، iii، iv اور i (B) ii، iv، iii اور i

(C) i، iii، iv اور ii (D) iii، ii، i اور iv

12۔ مندرجہ ذیل میں سے کون سا ہندوستان کی خارجہ پالیسی کا مقصد ہے۔

(A) اپنے مفاد کی تحفظ کرنا (B) جمہوریت کا تحفظ

(C) اپنی جنگجو فوج کو مضبوط کرنا (D) عظیم طاقت بننا

## دو نمبر کے سوالات

1۔ ہندوستان نے CTBT اور NPT پر دستخط کیوں نہیں کئے؟

2۔ تبت کے پناہ گزینوں کو بسانے میں ہندوستان کے ذریعے کیا رول ادا کئے گئے؟

3۔ 1950 کی دہائی کے دوران ہندوستان اور امریکہ کے تعلقات میں گراوٹ کی کوئی دو وجہ بتائیں۔

4۔ ہندوستان کی ناوابستگی کی پالیسی کا تجزیہ کیجیے۔

## چار نمبر والے سوالات

1۔ ہندوستان نے دونوں طاقتوں سے دوری کیوں بنائے رکھی؟ کوئی دو وجہ بتائیں۔

2۔ خارجہ پالیسی کا رول پارٹی کی سیاست میں بڑا محدود رہا ہے کوئی ایک مثال کے ذریعے سمجھائیے۔

3۔ 1971 کے دوران مشرقی پاکستان میں ہونے والے تنازعات کی وجوہات بتائیے۔

4۔ 1971 کے ہندوستان اور پاکستان جنگ کے بعد ہندوستان نے ناوابستگی کی پالیسی کو چھوڑ دیا تھا اس بیان کا تنقیدی جائزہ لیجیے۔

## اقتباس پر مبنی سوالات

1۔ مندرجہ ذیل اقتباس کو دھیان سے پڑھیں اور سوالات کے جواب دیں۔

1999 کے شروعاتی مہینوں میں ہندوستان کی LOC لائن آف کنٹرول کے کئی ٹھکانوں جیسے Mushkoh، Drass، Kaksar، Batalik پر خود کو مجاہدین بتانے والوں نے قبضہ کرلیا تھا۔ پاکستانی فوج کی شمولیت کو جانچتے ہوئے ہندوستان کی حکومت اس قبضے کے خلاف حرکت میں آئی۔ اس سے دونوں ممالک کے بیچ جدوجہد شروع ہوگئی۔ اسے کارگل لڑائی کے نام سے جانا جاتا ہے۔ 1999 کے مئی جون میں یہ لڑائی جاری رہی۔ 26 جولائی 1999 تک ہندوستان اپنے زیادہ تر ٹھکانوں پر پھر سے قابض ہوگیا تھا۔ کارگل کی لڑائی نے پوری دنیا کی توجہ پائی۔ کیونکہ اس سے ٹھیک ایک سال پہلے دونوں ملک نیوکلیائی ہتھیار بنانے کی اپنی صلاحیت کا مظاہرہ کر چکے تھے۔ پاکستان میں اس لڑائی کو لے کر بہت تنازعہ ہوا۔ کہا گیا کہ فوج کے سربراہ نے وزیراعظم کو اس معاملے سے اندھیرے میں رکھا۔ اس لڑائی کے فوراً بعد پاکستان کی حکومت پر جنرل پرویز مشرف کی رہنمائی میں پاکستان کی فوج نے قبضہ کرلیا۔

1۔ کارگل کی لڑائی کس سال ہوئی تھی؟

(a) 1990 (b) 1992

(c) 1997 (d) 1999

2۔ اس لڑائی کے فوراً بعد پاکستان کی حکومت پر کس نے قبضہ کرلیا تھا؟

(a) پاکستان کی فوج نے (b) مخالف پارٹیوں نے

(d) مذہبی رہنماؤں نے (d) اشرافیہ طبقے نے

3۔ خود کو مجاہدین بتانے والوں نے ہندوستان کی لائن آف کنٹرول کے کن علاقوں پر اپنا قبضہ کر لیا تھا؟

(a) Drass, Mushkoh, Kaksar (b) Mushkoh, Kaksar, Btalik

(d) Drass, Mushkoh, Kaksar, Btalik (d) Kaksar, Btalik

4۔ ............تک ہندوستان نے اپنے زیادہ تر ٹھکانوں پر پھر سے قبضہ کر لیا تھا۔

(a) 26 جولائی 1999 (b) 26 مئی 1999

(c) 26 اگست 1999 (d) 26 دسمبر 1999

## نقشہ پر منبی سوالات

دیے گئے ایشیا کے نقشہ میں 4 ممالک A,B,C اور D کو دکھایا گیا ہے۔ نیچے دی گئی معلومات کی بنا پر ان ممالک کی پہچان کیجیے۔ ان کے صحیح نام استعمال کی گئی معلومات کے سیریل نمبر اور متعلق حروف جدول کی شکل میں اپنی جوابی کاپی میں لکھیے۔



| استعمال کی گئی معلومات کا سیریل نمبر | متعلق حروف | ملک کا نام |
|---|---|---|
| i۔ | | |
| ii۔ | | |
| iii۔ | | |
| iv۔ | | |

1۔ وہ ملک جس نے تبت کے لیڈر دلائی لامہ کو ہندوستان میں پناہ دینے کی سخت مخالفت کی۔

2۔ وہ ملک جس کے ساتھ ہندوستان کا دوطرفہ سمجھوتا ہے اور دونوں ممالک کے شہریوں اور چیزوں کا آزاد لین دین ہے۔

3۔ وہ ملک ملک جسے 1948 میں آزادی حاصل ہوئی اور جو ہندوستان کی Act-East پالیسی کا حصہ ہے۔

4۔ ہندوستان کے تعلقات اس ملک کے ساتھ دوستانہ ہے اور ہندوستان اس ملک سے تیل درآمد کرتا ہے۔

## دیئے گئے تصویر کا مطالعہ کیجیے اور دیئے گئے سوالوں کے جواب دیجیے۔



(i) ہندوستان اور پاکستان کے بیچ ہونے والے 1965 کی جنگ کا خاتمہ کس کی دخل اندازی سے ہوا؟

(ii) امریکہ کے صدر رچرڈ نکسن کے صلاح کار ہینری کسینجر نے جولائی 1971 میں کس ملک کا دورہ کیا؟

(iii) 1962 کے ہندوستان میں جنگ کے دوران ہندوستان کن دو ممالک سے فوجی مدد مانگی؟

## چھ نمبر والے سوالات

1۔ 1962، 1965، 1971 کی جنگوں کا ہندوستان پر کیا اثر ہوا؟ تفصیل سے لکھیے۔

2۔ ہندوستان نو آبادیاتی نظام کا مخالف تھا اور اس نے بڑی مضبوطی سے خاص طور سے جنوبی افریقہ میں جاری نسلی امتیاز کی مخالفت بھی کی۔ مثالوں سے واضح کیجیے۔

## ایک نمبر کے سوالات کے جوابات

1۔ (B) دفعہ 51

2۔ (D) ہومی جہانگیر بھابھا

3۔ (A) پاکستان اور ہندوستان

4۔ (B) اروناچل پردیش

5۔ (D) کسی طاقت والے گروپ سے نہ ڈرنا

6۔ دعویٰ (A) ہندوستان نے عظیم طاقتوں پر ترک اسلحہ کے لیے بہت زور ڈالا لیکن پھر بھی ہندوستان نے NPT کے غیر معینہ وسعت کی مخالفت کی اور CTBT پر دستخط کرنے سے انکار کر دیا۔

7۔ دعویٰ (A) ہندوستان نے انڈونیشیا کی آزادی کے لیے بھرپور کوشش کی۔

8۔ (A) B۔iv، A۔iii، C۔ii، D۔i

9۔ (D) ہندوستان کے پہلے وزیر اعظم سردار پٹیل تھے۔

10۔ (A) صرف ii اور iv

11۔ (B) ii، iv، iii اور i

12۔ (A) اپنے مفاد کا تحفظ کرنا

## دو نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ (i) یہ معاہدے ان ممالک پر لاگو کیے گئے جہاں نیوکلیائی طاقت کم تھی

(ii) ہندوستان ان معاہدوں کو تفریق آمیز مانتا ہے۔

2۔ (i) بڑی تعداد میں تبتیوں نے ہندوستان میں پناہ لی

(ii) بڑی تعداد میں تبتیوں کی بستیاں ہندوسان میں بسنے لگیں۔

3۔ (i) ہندوستان ترقی پذیر ممالک سے ناوابستگی کی پالیسی کو یقینی بنا رہا تھا۔

(ii) سوویت یونین سے ہندوستان کے بڑھتے ہوئے تعلقات

4۔ (i) ہندوستان امریکہ اور سوویت یونین کی رہنمائی والے گٹھ جوڑ سے اپنے کو دور رکھنا چاہتا تھا۔ یہ توازن کو بنائے رکھنے کا ایک مشکل عمل تھا۔

(ii) مختلف بین الاقوامی مدوں پر آزادرویہ اپنانا

## چار نمبر کے سوالات کے جوابات

1۔ (i) ہندوستان نے دوطاقتوں کے گٹوں سے دوری بنائے رکھی تا کہ ہندوستان ایسے بین الاقوامی فیصلوں کی طرفدار کر سکے جس میں ہندوستان کا مفاد ہونا کہ عظیم طاقتوں کے مالک کا۔ اور وہ کڑی جدو جہد سے حاصل اپنے اقتدار اعلیٰ کو بچائے رکھے

(ii) ہندوستان نے بین الاقوامی معاملات پر آزادرویہ اپنایا۔ جس سے دونوں عظیم طاقتوں سے ہندوستان کو معاشی مدد ملی۔

2۔ سیاسی پارٹیوں کے بیچ چھوٹے موٹے اختلافات ضروری ہیں لیکن ہندوستان کی سیاست میں مختلف پارٹیوں کے بیچ قومی یک جہتی بین الاقوامی سرحدی لائنوں کی سلامتی اور مفاد کے مسئلوں پر وسیع اتفاق ہے۔ مثال کے طور پر 71-1962 کے بیچ جب ہندوستان نے تین جنگوں کا سامنا کیا اور اس کے بعد بھی جب وقت وقت پر کئی پارٹیوں نے حکومت بنائی خارجہ پالیسی کا رول پارٹی کے طریقوں میں محدود رہا۔

3۔ (i) 1970 میں پہلے عام چناؤ میں پاکستان میں شیخ مجیب الرحمٰن کی پارٹی عوامی لیگ کو مشرقی پاکستان میں زبردست کامیابی ملی۔عوامی لیگ نے ایک وفاق بنانے کی مانگ کی لیکن اس مانگ کو منظور نہیں کیا گیا۔

(ii) پاکستانی فوج نے شیخ مجیب الرحمٰن کو چناؤ جیتنے کے بعد گرفتار کرلیا۔

(iii) مغربی پاکستان کے لیڈروں کے ذریعے مشرقی پاکستان کے لوگوں کے ساتھ دوسرے درجہ کی مخالفت ہوتی تھی۔ پاکستاان کی فوج نے مشرقی پاکستان کے لوگوں پر ظلم وستم کرنے شروع کردیئے۔

4۔ 1971 کے اگست میں ہندوستان نے سوویت یونین کے ساتھ امن ودوستی کے 20 سالہ معاہدے پر دستخط کردیے۔اس معاہدے سے ہندوستان کو اس بات کا یقین ہوا کہ حملہ ہونے کی شکل میں سوویت یونین ہندوستان کی مدد کرے گا۔اس سے پہلے جولائی کے مہینے میں امریکی راشٹر پتی رچرڈ نکس کے صلاح کار نے 1971 میں پاکستان ہوتے ہوئے خاموشی سے چین کا دورہ کیا۔امریکہ، پاکستان اور چین کی محوریت کو دیکھتے ہوئے ہندوستان نے اس کے جواب میں سوویت یونین کے ساتھ معاہدے پر دستخط کیے غیرملکی مشاہدین نے اسے سوویت یونین کے خیمے میں شامل ہونا مانا۔حقیقت میں بنگلہ دیش کے بحران کے وقت اُسے سیاسی اور فوجی مدد کی ضرورت تھی اس کا نظریہ یہ تھا کہ یہ معاہدہ اُسے امریکہ اور دسرے مما لک سے اچھے تعلقات بنانے سے نہیں روکتا۔

## اقتباس پر مبنی سوالات کے جوابات

اقتباس1 کے جواب

(1) D (2) A (3) C (4) A

## نقشہ پر مبنی سوالات کے جواب

| دی گئی معلومات کا سیریل نمبر۔ | متعلق حروف | ملک کا نام |
|---|---|---|
| 1۔ | B | چین |
| 2۔ | D | نیپال |
| 3۔ | A | میانمار |
| 4۔ | C | روس |

## تصویر پر مبنی سوالات کے جوابات

i۔ انجمن اقوام متحدہ ii۔ چین iii۔ امریکہ اور برطانیہ

## چھ نمبر کے سوالات کے جوابات

1۔ 1962 کی جنگ کا اثر۔

i۔ قومی وقار کو چوٹ

ii۔ ہندوستان کی شبیہ کو ملک اور دوسرے ممالک میں دھکا لگا

iii۔ فوجی جذبہ کا فروغ

iv۔ اہم فوجی کمانڈروں نے استعفیٰ دیا۔ یا چھٹی لے لی

v۔ سابق وزیر دفاع پی کے کرشنن مینن کو کابینہ کو چھوڑنا پڑا۔

vi۔ پہلی دفعہ نہرو حکومت کے خلاف عدم اعتماد کی تجویز آئی اور اُس پر لوک سبھا میں بحث ہوئی۔

vii۔ بھارتیہ کمیونسٹ پارٹی دو ٹکڑوں میں تقسیم ہوگئی۔

viii۔ ہندوستان کے لیڈروں کو شمال مشرقی کی بری حالت سے چوکنا کیا۔

ix۔ تیسرے پنج سالہ منصوبے پر اثر پڑا۔

## 1971 کی جنگ کے اثرات

i۔ ملک میں خوشی کی لہر دوڑ گئی

ii۔ ہندوستان کا فوجی پروگرام کامیاب ہوا۔

iii۔ جنگ کے بعد زیادہ تر ریاستوں میں چناؤ ہوئے اور کانگریس پاٹی کئی ریاستوں میں بھاری اکثریت سے جیتی۔

iv۔ جنگ کے بعد دفاعی خرچ بڑھ گیا۔

2۔ ہندوستان نے انڈونیشیا کی آزادی کے لیے بہت زیادہ کوششیں کی لیکن۔ ہندوستان چاہتا تھا کہ انڈونیشیا ڈچ نوآبادیاتی حکومت سے جتنا ممکن ہو سکے جلد آزاد ہو جائے اس کے لیے ہندوستان نے 1949 میں انڈونیشیا کی آزادی کی لڑائی کی

حمایت میں ایک بین الاقوامی کانفرنس کی۔ ہندوستان نوآبادیاتی عمل کا سخت مخالف تھا۔اوراس نے بڑی مضبوطی سے نسل پرستی کا خاص طور پر جنوبی افریقہ میں جاری نسلی امتیاز کی مخالفت کی انڈونیشیا کے شہر باڈونگ میں 1955 میں ایفروایشیائی کانفرنس ہوئی جسے بانڈوگ کانفرنس کہاجاتا ہےافریقہ اورایشیا کے مما لک کے ساتھ ہندوستاان کے بڑھتے ہوئے تعلقات کا یہ سب سے بڑانکات تھا۔

# باب۔ پانچ

# کانگریسی نظام: چنوتیاں اور بحالی

## یادرکھنے لائق نکات

مئی 1964 میں وزیراعظم جواہرلعل نہرو کے انتقال کے بعد 11/ جنوری1966 تک لال بہادر شاستری بھارت کے وزیراعظم رہے۔شاستری جی کا10/ جنوری 1966 میں تاشقند میں انتقال ہوگیا۔ان کی موت کے بعد کانگریس سنڈی کیٹ نے مرارجی ڈیسائی کے بجائے اندرا گاندھی کووزیراعظم بنایا۔

سنڈی کیٹ نے اندرا گاندھی کواس وجہ سے وزیراعظم بنایا کیوں کہ وہ ایک ناتجربہ کار خاتون تھیں اورحکومت چلانے کے لیے انھیں سنڈی کیٹ پر منحصر رہنا پڑے گا۔قیادت کے لیے مقابلہ آرائی کے باوجود پارٹی میں اقتدار کی منتقلی پرامن ڈھنگ سے مکمل ہوگئی۔

- دیسی ریاستوں کا الحاق ہندوستان وفاق میں کرنے سے پہلے حکومت نے ریاستوں کے موجود حکمراں خاندان کومقررتعداد میں نجی جائدادرکھنے کا حق دیا۔اورحکومت کی طرف سے کچھ خاص بھتہ دینے کا بھی یقین دیا۔ یہ دونوں (نجی جائداد اور بھتے ) اس بات کی بنا پر طے کیے جائیں گے کہ اس ریاست کی آمدنی اور دوسرے وسائل کا تناسب کتنا ہے۔اس نظام کو پروی پرس کہا گیا)
- اندرا گاندھی نے اپنے کھوئے ہوئے وقار کوحاصل کرنے کے لیے 1967 کے انتخابات میں دس نکاتی پروگرام کواختیار کیا گیا جس کے ذریعے بینکوں کوقومی ملکیت میں لینا،غذائی اشیا کی سرکاری تقسیم اور زمینی سدھار سے متعلق بہت سے پروگرام شامل تھے۔
- اندرا گاندھی کے خلاف تمام غیر کانگریسی جماعتوں نے مل کرعظیم اتحاد قائم کیا۔
- اندرا گاندھی نے ان انتخابات میں ''غریبی ہٹاؤ'' کا نعرہ دیا جبکہ ان کی مخالف جماعتوں نے مل کرعظیم اتحاد کے ذریعے''

اندرا ہٹاؤ'' کانعرہ دیا۔

- لال بہادر شاستری 1964 سے 1966 تک وزیراعظم رہے۔اس مدت میں ملک نے دو چنوتیوں کا سامنا کیا۔
1۔ 1965 ہندوستان پاکستان جنگ 2۔غذائی بحران، (مانسون کی خرابی سے)
ان چنوتیوں سے نپٹنے کے لیے شاستری جی نے جے جوان جے کیسان کا نعرہ دیا۔
- 1965 کے جنگ کے ختم ہونے کے بعد 1966 میں تاشقند میں ہندوستان اور پاکستان کے بیچ تاشقند سمجھوتہ ہوا۔اس سمجھوتے میں ہندوستان کی طرف سے لال بہادر شاستری اور پاکستان کی طرف سے محمد ایوب خان نے دستخط کئے۔
- 1960 کی دہائی کو خطرناک دہائی بھی کہا جاتا ہے۔ کیوں کہ اس دوران ہندوستان نے دو جنگوں کا سامنا کیا۔ (1962 میں ہندوستان چین اور 1965 میں ہندوستان پاکستان) اس کے علاوہ ملک میں مانسون کی ناکامی سے سوکھے کی حالت
- چوتھے عام چناؤ کے دوران ملک کی معاشی حالت ڈانواڈول تھی مہنگائی بڑھ گئی تھی۔ بڑھتی بے روزگاری غذائی بحران، ان سب کی وجہ سے عوام کی مخالفت بڑھتی چلی گئی۔
- جو دل اپنے پروگرام اور نظریات کی بنا پر ایک دوسرے سے الگ تھے انھوں نے سیٹوں کے معاملے میں انتخابی تال میل کرتے ہوئے ایک کانگریس مخالف مورچہ بنایا رام منوہر لوہیا نے اس مورچے کو غیر کانگریسی کا نام دیا۔

- **چوتھے عام انتخابات 1967:**

- بارش کی کمی، خشک سالی اور خوراک کی کمی نے ملک میں ایک بڑا چیلنج کھڑا کر دیا تو دوسری جانب 1965 میں پاکستان کے ساتھ جنگ کا سامنا کرنا پڑا۔فوجی اخراجات میں مکمل اضافہ کے سبب معاشی حالت دن بدن خراب ہو رہی تھی جس کا بھرپور فائدہ مخالف سیاسی جماعتوں نے اٹھایا اور ملک گیر پیمانے پر عوامی تحریکیں شروع کر دیں۔ایسی صورت میں ایک ناتجربہ کار وزیراعظم کے لیے یہ زبردست چنوتی تھی۔
- انتخابات کے نتائج کو ''سیاسی زلزلہ'' کا نام دیا گیا۔کانگریس 9 ریاستوں (اتر پردیش، مدھیہ پردیش، پنجاب، ہریانہ، بہار، مغربی بنگال، اڑیسہ، مدراس اور کیرل) میں حکومت قائم نہ کر سکی۔ یہ ریاستیں بھارت کے کسی ایک حصے میں شامل نہیں تھیں۔

- عظیم اتحاد

  - اندرا گاندھی کے لیے حالات کوخراب کرنے اور 1971 کے انتخابی عمل کو کامیاب بنانے کے لیے تمام غیر کمیونسٹ اور غیر کانگریسی سیاسی جماعتوں نے مل کر ایک ''عظیم اتحاد'' قائم کیا۔

- **دل بدل** : جب کوئی نمائندہ کسی پارٹی کے انتخابی نشان سے الیکشن جیت جائے اور کامیاب ہو جانے کے بعد اس سیاسی جماعت کو چھوڑ کر دوسری سیاسی پارٹی میں شامل ہو جائے تو اسے دل بدلی کہتے ہیں۔

- 1967 کے انتخابات کے بعد کانگریس کے ایک لیڈر (ہریانہ) کے گیالال نے تین بار پارٹی بدلی۔ان کے ہی نام پر '' آیارام گیارام'' کی کہاوت دل بدلی سے متعلق عام ہوگئی۔

- **سنڈیکیٹ** : کانگریس پارٹی میں ایک طاقتور بااثر گروپ تھا جس کا مکمل طور سے پارٹی پر کنٹرول تھا اس میں چند اہم شخصیات تھیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| (i) | مدراس کے سابق وزیر اعظم | ...... | کے۔کامراج |
| (ii) | بمبئی سے | ...... | ایس۔کے پاٹل |
| (iii) | میسور (کرناٹک) | ...... | کے۔ایس۔منجلنگپا |
| (v) | آندھرا پردیش | ...... | نیلم سنجیوا ریڈی |
| (v) | مغربی بنگال | ...... | اتولی گھوش |

- 1969 کے صدر کے چناؤ

ڈاکٹر ذاکر حسین کی وفات کے بعد سنڈیکیٹ نے موجودہ لوک سبھا اسپیکر نیلم سنجیوا ریڈی کو کانگریس پارٹی کا امیدوار اعلان کر دیا۔اور صدر کے عہدے کے لیے حمایت کی۔اندرا گاندھی نے موجودہ نائب صدر وی وی گری کو آزاد امیدوار کی شکل میں صدر کے عہدے کے لیے حمایت کی۔اندرا گاندھی نے ضمیر کی آواز پر ووٹ ڈالنے کے لیے کہا۔وی وی گری چناؤ جیت گئے۔اس طرح 1969 میں صدر کے چناؤ کے بعد کانگریس تقسیم ہوگئی۔

سنڈیکیٹ کی سربراہی والا گروپ کانگریس (O)Congress Orgarisation کے نام سے اور اندرا گاندھی کی سربراہی والا گروپ کانگریس (R) Congress Requisitionists کے نام سے جانا گیا۔انہیں پرانی کانگریس اور نئی کانگریس

بھی کہا گیا۔اندرا گاندھی نے پارٹی کے اس بٹوارے کوسماج وادا ورقدامت پرستوں۔غریبوں کی ہمدردی اورامیروں کے ساتھیوں کے درمیان تفریق قرار دیا۔

## 1971 کے انتخابات اور کانگریس کی بحالی

لوک سبھا کے لیے پانچواں عام انتخاب فروری 1971 میں کرایا گیا۔اس انتخاب میں کانگریس اندرا گاندھی نے اپنی کھوئی ہوئی پہچان کو حاصل کرنے کے لیے مندرجہ ذیل اقدامات کیے۔

- غریبی ہٹاؤ کا نعرہ
- پروی پرس کا خاتمہ
- بینکوں کوملکیت میں لانا
- زمین سدھار اور حد بندی قانون
- غذائی اشیاء کی سرکاری تقسیم
- اس طرح اب کانگریس پارٹی مکمل طور پر اپنے عظیم لیڈر کی دلعزی پر مبنی تھی۔
- کانگریس اب مختلف نظریات اور مفادات کوایک ساتھ لے کر چلنے والی پارٹی نہیں تھی۔
- یہ پارٹی کی چھ سماجی طبقوں سے غریب،خواتین، دلت،آدی واسی اوراقلیتوں پر منحصر تھی۔
- اندرا گاندھی نے کانگریس پارٹی کو بحال تو کیا لیکن کانگریسی نظام کی نوعیت کو بدل دیا۔
- پارٹی کا ساختی ڈھانچہ بھی پہلے کی بہ نسبت کمزور تھا۔غریبی ہٹاؤ کا نعرہ اوراس سے جڑے پروگرام اندرا گاندھی کا سیاسی طریقہ تھا اس پروگرام کے ذریعے سے اندارگاندھی پورے ملک میں اپنی سیاسی حمایت کی بنیاد بنا رہی تھیں۔
- اس طریقے سے اندرا گاندھی نے محروم طبقوں خصوصی طور پر بے زمین کسانوں ،دلتوں آدی واسیوں،اقلیتوں، خواتین اور بے روزگار نو جوانوں کے بیچ حمایت کی بنیاد مضبوط کرنے کی کوشش کی۔
- ان سب نتائج کی وجہ سے 1971 کے چناؤ میں اندرا گاندھی نے مکمل اکثریت حاصل کی۔

## ایک نمبر کے سوالات

1۔ 1960 کی دہائی کو خطرناک دہائی ان میں میں کس عوامل کو کہا جاتا ہے؟

(i) جواہر لال نہرو اور شاستری کی وفات (ii) ہندوستان، چین اور ہندوستان پاکستان جنگ

(iii) معاشی بحران (iv) غذائی بحران

متبادل

(A) i، ii اور iii (B) i، iii اور iv

(C) i، ii اور iv (D) i، ii، iii اور iv

2۔ مندرجہ ذیل واقعات کو تاریخ کے اعتبار سے ترتیب دیں۔

(i) تاشقند سمجھوتہ (ii) چوتھا عام چناؤ

(iii) پروی پرس کا خاتمہ (iv) کانگریس کی تقسیم

(A) i، ii، iv اور iii (B) iii،ii،iv اور i

(C) ii،i،iv اور iii (D) iii،iv، ii اور i

3۔ 1969 میں کانگریس پارٹی کی تقسیم کے لئے مندرجہ ذیل میں سے کون سا عوام ذمے دار نہیں ہے؟

(A) سنڈیکیٹ اور اندرا گاندھی کا اختلاف (B) پروی پرس اور زمینی اصلاحات کا پروگرام

(C) اندرا گاندھی کا کانگریس سے خارج ہونا (D) اندرا گاندھی اور مرار جی کے بیچ تعاون

4۔ مندرجہ ذیل کو ملایئے

(i) سنڈیکیٹ (A) رام منوہر لوہیا

(ii) رام منوہر لوہیا (B) اندرا گاندھی

(iii) غیر کانگریست (C) گرینڈ الائنس (عظیم اتحاد)

(iv) غریبی ہٹاؤ (D) کانگریس کے اندر طاقتور اور متاثرین لیڈروں کا گروپ

(A) a-iv،c-iii،d-ii،b-i (B) b-iv،a-iii،c-ii،d-i

(C) c-iv،a-iii،d-ii،b-i (D) b-iv،a-iii،d-ii،c-i

5۔ 1967 کے چوتھے عام چناؤ سے متعلق مندرجہ ذیل میں سے کون سا بیان غلط ہے؟

(i) کانگریس کو حاصل ووٹوں کی فیصد میں اضافہ

(ii) کانگریس 9 ریاستوں میں حکومت بنانے میں ناکام

(iii) اندرا گاندھی کی کابینہ کے آدھے وزیر چناؤ ہار گئے۔

(iv) یہ چناؤ کے نتائج سیاسی زلزلے کے نام سے جانے جاتے ہیں۔

(A) صرف i اور iii (B) صرف i اور iv

(C) صرف ii اور iii (D) صرف i

6۔ مندرجہ ذیل میں سے کس مفکر نے کانگریسیت کا نام دیا

(A) جے پرکاش نارائن (B) رام منوہر لوہیا

(C) دین دیال اپادھیائے (D) کرپوری ٹھاکر

7۔ آیا رام گیا رام کا جملہ کس سے متعلق ہے

(A) سنڈیکیٹ (B) دل بدل

(C) گٹھ بندھن (D) غیر کانگریسیت

8۔ مندرجہ ذیل میں سے کون سالیڈر سنڈ یکٹ میں شامل نہیں تھا۔

(A) کے کامراج (B) اتولیہ گھوش

(C) وی۔وی گری (D) نیلم سنجیوریڈی

نیچے دیئے گئے بیانات کو دعویٰ (A) اور وجہ (R) سے ظاہر کیا گیا ہے۔ دیئے گئے متبادل میں سے صحیح کو چنئے۔

(A) دعویٰ (A) اور وجہ (R) دونوں صحیح ہیں اور وجہ (R) دعویٰ کی صحیح وضاحت ہے۔

(B) دعویٰ (A) اور وجہ (R) دونوں صحیح ہیں لیکن وجہ (R) دعویٰ کی صحیح وضاحت نہیں ہے۔

(C) دعویٰ (A) صحیح ہے لیکن وجہ (R) غلط ہے۔

(D) دعویٰ (A) غلط ہے لیکن وجہ (R) صحیح ہے۔

9۔ دعویٰ (A) 1967 کے چناؤ میں کانگریس کو 9 ریاستوں میں ہار کا سامنا کرنا پڑا۔

وجہ (R) اس چناؤ میں کانگریس کو حاصل ووٹوں کی فیصد اور سیٹوں کی تعداد میں بھی کمی ہوئی۔

10۔ عویٰ (A) اندرا گاندھی اور سنڈ یکیٹ کے بیچ تنازعہ اور جدوجہد کے حالات تھے۔

وجہ (R) 1969 میں کانگریس پارٹی کی تقسیم ہوگئی۔

## دونمبر کے سوالات

1۔ پروی پرس سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ اور اسے کس نے ختم کیا؟

2۔ غیر کانگریسیت سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟

3۔ سنڈ یکیٹ اور اندرا گاندھی کے بیچ اختلاف کے دو نکات بتایئے۔

4۔ گٹھ بندھن سے آپ کیا سمجھتے ہیں ہندوستان میں گٹھ بندھن کی شروعات کب ہوئی۔

5۔ 1969 کے چناؤ کو سیاسی زلزلہ کا نام کیوں دیا گیا؟

6۔ آیارام گیارام جملے کے کیا معنی ہیں۔

7۔ سنڈیکیٹ لفظ کے کیا معنی ہیں یہ کانگریس میں کیوں اہم تھا؟

8۔ 1971 کے چناؤ میں کانگریس کی جیت کے لیے ذمے دار کوئی دو وجہ بتائیے۔

9۔ کانگریسی نظام کی بحالی سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟

## چار نمبر کے سوالات

1۔ 1960 کی دہائی کو خطرناک دہائی کیوں کہا جاتا ہے؟

2۔ کانگریس پارٹی کی ہار کے لیے کون سے عوامل ذمہ دار ہیں۔

3۔ کوئی چار وجہ بتائیں جنھیں آپ 1969 میں کانگریس پارٹی کی تقسیم کے لیے ذمہ دار مانتے ہیں۔

4۔ ہندوستان کی سیاست میں دل بدل کے کردار کا جائزہ لیں۔

5۔ 1971 کے چناؤ میں کانگریس کی شاندار جیت کے لیے کوئی چار عوامل کا تجزیہ کیجیے۔

6۔ 1964-1971 کے دور میں کانگریس کے سامنے درپیش کوئی دو چنوتیوں کا تجزیہ کریں۔

7۔ 1967 میں ہوئے چوتھے عام چناؤ کے کوئی چار نتائج کا ذکر کیجیے۔

8۔ کوئی تین طریقے بتائیے جو 1969 میں کانگریس پارٹی کو تقسیم سے بچا سکتے تھے؟

9۔ 1969 کے عام چناؤ سے پہلے ہندوستان کی معاشی حالت کا جائزہ لیجیے۔

10۔ 1970 کی دہائی کے شروع میں اندرا گاندھی حکومت کو آپ کے نظریہ سے دلعزیز بنانے والے کون سے چار عوامل تھے، جانچ کیجیے۔

## اقتباس پر مبنی سوالات

دیئے گئے اقتباس کو دھیان سے پڑھیے اور اس کے سوال کے جواب دیجیے۔

''قومی اور ریاستی سطح پر چناؤ کے نتائج نے کانگریس کو ہلا کر رکھ دیا کثر سیاسی مبصرین نے چناؤ کے نتائج کو سیاسی زلزلہ قرار دیا ،اگر چہ 1952 کے بعد کانگریس کی حمایت میں پڑنے والے ووٹوں اور جیتی ہوئی سیٹوں کی تعداد سب سے کم تھی پھر بھی اس نے لوک سبھا میں اکثریت حاصل کر ہی لی ،اندرا گاندھی کابینہ کے آدھے سے زیادہ وزیر ہار گئے تھے۔

(i) اوپر دیا گیا اقتباس کس چناؤ سے متعلق ہے؟

(A) تیسرا عام چناؤ 1962 (B) چوتھا عام چناؤ 1967

(C) آٹھواں عام چناؤ 1977 (D) پانچواں عام چناؤ 1971

(ii) اس چناؤ کو سیاسی مبصرین نے کس نام سے خطاب کیا؟

(A) سیاسی طوفان (B) سیاسی بل چل

(C) سیاسی زلزلہ (D) سیاسی دھماکہ

(iii) اس چناؤ میں کانگریس کے مندرجہ ذیل میں سے کون سے بڑے لیڈر چناؤ ہار گئے تھے؟

(A) کے کامراج (B) رام منوہر لوہیا

(C) نیلم سنجیو ریڈی (D) مرار جی دیسائی

(iv) کانگریس یہ چناؤ مندرجہ ذیل میں سے کس وجہ سے ہاری تھی؟

(A) مہنگائی اور معاشی بحران (B) کانگریس کے اندر نوٹ

(C) اندرا گاندھی اور کانگریس کے بیچ تنازعہ (D) سبھی

## نقشے پر مبنی سوال

دیے گئے ہندوستانی نقشے میں چار ریاستیں A,B,C,D کے ذریعے دکھائی گئی ہیں۔ دی گئی معلومات کی بنا کر انہیں پہچانیے اور ان کے صحیح نام استعمال کی گئی معلومات کے سیریل نمبر اور متعلق حروف کے ساتھ مندرجہ ذیل جدول کی شکل میں لکھیں۔

| استعمال کی گئی معلومات کا سیریل نمبر | متعلق حروف | ریاست کا نام |
| --- | --- | --- |
| i | | |
| ii | | |
| iii | | |
| iv | | |




(i) ایک سیاست جہاں ہر کانگریس کو 1967 کے چناؤ میں اکثریت حاصل نہیں ہوئی۔

(ii) Papular united front کی حکومت سے متعلق ریاست

(iii) کرپوری ٹھاکر جس ریاست سے متعلق ہیں

(iv) ریاست جس کا تعلق دوپہر کے کھانے (Mid day meal) کے لیڈر سے ہے۔

## کارٹون پر مبنی سوالات

کارٹون۔I




1۔ دیئے گئے کارٹون میں کیا دکھایا گیا ہے؟

2۔ یہ کارٹون کس اسمبلی ممبر سے متعلق ہے؟

3۔ دل بدل کی دو خامیاں بتائیے۔

کارٹون۔2



1۔ اس کارٹون میں کیا دکھایا گیا ہے؟

2۔ اس چناؤ میں کانگریس کے سرکاری امیدوار کون تھے؟

3۔ اس چناؤ کے کیا نتائج دیکھنے کو ملے؟

## ایک نمبر کے سوالات کے جوابات

1۔ (D) i، ii، iii اور iv

2۔ (A) i، ii، iv اور iii

3۔ (D) اندرا گاندھی اور مرار جی کے بیچ تعاون

4۔ (B) b۔iv، a۔iii، c۔ii، d۔i

5۔ (D) صرف i

6۔ (B) رام منوہر لوہیا

7۔ (B) دل بدل

8۔ (C) وی۔ وی گری

9۔ (B) دعویٰ (A) اور وجہ (R) دونوں صحیح ہیں لیکن وجہ (R) دعویٰ کی صحیح وضاحت نہیں ہے۔

10۔ (A) دعویٰ (A) اور (R) دونوں صحیح ہے۔

## دو نمبر کے سوالات کے جوابات

1۔ دیسی ریاستوں کا الحاق ہندوستانی وفاق میں کرنے سے پہلے حکومت نے ریاستوں کے سابق حکمراں خاندان کو مقررہ تعداد میں نجی ملکیت رکھنے کا حق دیا گیا اور حکومت کی طرف سے کچھ خاص بھتے دینے کا بھی یقین دیا۔ اس نظام کو ہی پروی پرس کا نام دیا گیا۔ اندرا گاندھی کی حکومت نے پروی پرس کو ختم کر دیا ہے۔

2۔ مختلف سیاسی پارٹیوں نے کانگریس کی مخالفت میں ایک مورچہ تیار کیا اور سبھی کانگریس کو ہرانے کے لیے اکٹھے ہو گئے سماجوادی لیڈر رام منوہر لوہیا نے اسے غیر کانگریسیت کا نام دیا۔

3۔ i۔ سنڈیکیٹ اندرا گاندھی کو اپنے مطابق چلانا چاہتے تھے۔

ii۔ اندرا گاندھی آزادانہ طور سے بنا کسی دباؤ کے کام کرنا چاہتی تھی۔

iii۔ زمینی اصلاحات اور پروی پرس جیسے معاملات پر دونوں کے بیچ اختلافات تھے۔

4۔ چناؤ کے بعد جب کسی سیاسی پارٹی کو اکثریت حاصل نہیں ہوتی ہے تو وہ یا دو سے زیادہ زیادہ سیاسی پارٹیاں ملک کر جس حکومت کی تشکیل کرنے میں اسے گٹھ بندھن حکومت کہا جاتا ہے۔ ہندوستان میں گٹھ بندھن کی شروعات 1967 کے چناؤ سے مانی جاتی ہے۔

5۔ i۔ پہلی بار کانگریس تقریباً 9 ریاستوں میں چناؤ ہاری تھی۔

ii۔ کانگریس کو حاصل ووٹوں کی فیصد اور سیٹوں کی تعداد میں کمی آئی تھی۔

6۔ ہندوستانی سیاست میں دل بدل کی رسم کو آیا رام گیا رام کا خطاب دیا جاتا ہے۔ کیوں کہ 1967 کے ودھان سبھا چناؤ میں ہریانہ اسمبلی کے ممبر گیا لال نے ایک پکھواڑے میں تین بار اپنی سیٹیں بدلیں یہ ہندوستانی سیاست میں دل بدل کی خامی کو ظاہر کرتا ہے۔

7۔ کانگریس کے اندر کچھ متاثر کن اور طاقتور لیڈروں کا گروپ کام کر رہا تھا جسے سنڈیکیٹ کے نام سے جانا جاتا ہے اس پارٹی کے لیڈروں کا پارٹی کی تنظیم اور فیصلے کے حل پر پورا کنٹرول تھا ان میں سے کام راج، ایس کے پاٹل، نیلم سنجیو ریڈی اور اتول گھوش ہیں

8۔ i۔ اندرا گاندھی کی متاثر کن اور کرشمائی رہنمائی۔

ii۔ غریبی ہٹاؤ کا کارگر نعرہ

9۔ بحالی کے معنی ہوتے ہیں پھر سے قائم کرنا یا زندہ کرنا اور اندرا گاندھی نے پرانی کانگریس کو زندہ نہیں کیا بلکہ انھوں نے ایک نہیں بنیاد پر نئی کانگریس کی تشکیل کی۔ یہ پارٹی دلعزیز تھی لیکن اس میں ساختی کمزوری بھی تھی اس پارٹی میں کسی بھی طرح کا کوئی گٹ نہیں تھا۔اور یہ پارٹی۔غریب، خواتین، دلت، آدی واسی اور اقلیتوں پر منحصر تھی۔ اندرا گاندھی نے کانگریسی نظام کو بحال تو کیا لیکن انھوں نے کانگریس نظام کی فطرت کو بدل دیا۔

## چار نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ i۔ ملک کو دو جنگوں کا سامنا کرنا پڑا جس میں 1962 میں چین کی جنگ اور 1965 کی پاکستان کی جنگ شامل ہے۔

ii۔ مانسون کی ناکامی

iii۔ غذائی بحران

iv۔ جواہرلال نہرو اور شاستری کی وزیر اعظم کی شکل میں وفات

v۔ زبردست قحط سالی اور غیر ملکی کرنسی میں کمی

2۔ i۔ مہنگائی میں اضافہ

ii۔ اندرا گاندھی اور سنڈ یکیٹ کے بیچ تنازعہ

iii۔ زبردست معاشی بحران

iv۔ غذائیت میں کمی

3۔ i۔ اندرا گاندھی اور سنڈ یکیٹ میں غلبے کی لڑائی

ii۔ 1969 میں صدر کا چناؤ

iii۔ زمینی اصلاحات اور پروی پرس پر اختلاف

iv۔ اندرا گاندھی کا کانگریس سے نکلنا

v۔ اندرا گاندھی کی سماجوادی پالیسیاں

4۔ دل بدل جب کوئی نمائندہ اپنے اختلافات اور لالچ کی وجہ سے اپنی سیاسی پارٹی کو چھوڑ کر کسی دوسری سیاسی پارٹی میں شامل ہو جاتا ہے۔ تو اس عمل کو دل بدل کہا جاتا ہے۔ ہندوستانی سیاست میں دل بدل کا رول:

i۔ دل بدل کی وجہ سے ہندوستانی سیاست میں وسیع بدلاؤ آئے ہیں

ii۔ موقع پرست اور غیر اخلاقی سیاست کا جنم

iii۔ سیاسی استحکام میں اضافہ

iv۔ سیاسی بدعنوانی میں اضافہ

5۔ i۔ اندرا گاندھی کی کرشمائی رہنمائی

ii۔ غریبی ہٹاؤ کا نعرہ

iii۔ زمینی اصلاحات اور بینکوں کا قومیانہ

iv۔ پروی پرس کے خاتمہ کا اعلان

v۔ 1971 کی ہندوستان پاکستان جنگ میں اہم رول

6۔ i۔ 1964 میں جواہر لال نہرو کی وفات کے بعد کانگریس پارٹی کی رہنمائی کے سوال نے کانگریس پارٹی کو بہت پریشان کیا۔

ii۔ 1965 میں ہندوستان پاکستان جنگ کی وجہ سے ملک کی معیشت پر فاضل دباؤ پڑ گیا اور 1966 میں تاشقند میں لال بہادر شاستری کی وفات کے بعد سیاسی بحران اور گہرا ہو گیا۔

iii۔ 1967 کے عام چناؤ میں کانگریس کو 9 ریاستوں میں ہار کا سامنا کرنا پڑا کیوں کہ اُس دوران ملک میں معاشی بحران غذائی بحران جیسے مسائل موجود تھے۔

iv۔ 1967 کے چناؤ کے بعد کانگریس پارٹی میں سنڈیکیٹ اور اندرا گاندھی کے بیچ غلبے کی لڑائی شروع ہو چکی تھی جو آخر میں کانگریس تقسیم کی شکل میں نمایاں ہوئی۔

7۔ i۔ اس چناؤ کو سیاسی زلزلہ کا نام دیا گیا۔ کیوں کہ پہلی دفعہ کانگریس پارٹی 9 ریاستوں میں چناؤ ہار گئی تھی۔

ii۔ کانگریس پارٹی کو حاصل ووٹوں کے فیصد اور سیٹوں کی تعداد میں کمی آئی تھی۔

iii۔ گٹھ بندھن کی سیاست کا عروج

iv۔ دل بدل کی سیاست کا جنم

v۔ کانگریس پارٹی کے غلبے کو چنوتی

8۔ i۔ اندرا گاندھی اور سنڈیکیٹ کے بیچ آپسی تالمیل اور اتفاق رائے کا ہونا

ii۔ مختلف پالیسیوں اور منصوبوں میں سبھی کا مشورہ لینا۔

iii۔ 1969 کے چناؤ میں وی وی گری کو اندرا گاندھی کے ذریعے حمایت نہ دینا

iv۔ اندرا گاندھی کی سماجوادی پالیسیوں کی حمایت

9۔ i۔ مانسون کی کمی کی وجہ سے زراعتی پیداوار میں کمی

ii۔ ضروری چیزوں کی قیمتوں میں اضافہ

iii۔ غیرملکی کرنسی کے ذخیرہ میں کمی

iv۔ صنعتی پیداوار میں گراوٹ

v۔ بے روزگاری میں اضافہ

vi۔ شدید غذائی بحران

10۔ i۔ جواہر لال نہرو کی بیٹی ہونے کے سیاسی فائدے

ii۔ اندرا گاندھی کی کرشمائی اور باصلاحیت رہنمائی

iii۔ پروی پرس کے خاتمہ کا اعلان

iv۔ زمینی اصلاحی پروگرام کی پالیسیاں

## پیراگراف پر مبنی سوالات کے جوابات

(i) (B) چوتھا عام چناؤ 1967

(ii) (C) سیاسی زلزلہ

(iii) (A) کے کامراج

(iv) (D) سبھی

## کارٹون پر مبنی سوالات کے جوابات

1۔ (i) دل بدل

(ii) گیالال

(iii) سیاسی بدعنوانی کو بڑھاوا ملتا ہے۔

(iv) سیاسی استحکام میں اضافہ ہوتا ہے۔

2۔ (i) صدر کا چناؤ

(ii) نیلم سنجیو ریڈی

(iii) اندرا گاندھی کا کانگریس پارٹی سے نکلنا اور کانگریس کی تقسیم

## نقشہ پر مبنی سوالات کے جوابات

| دی گئی معلومات کا سیریل نمبر | حروف | متعلق ریاست |
|---|---|---|
| 1۔ | D | اتر پردیش |
| 2۔ | C | پنجاب |
| 3۔ | B | بہار |
| 4۔ | A | تامل ناڈو (مدراس) |

# باب۔13

# جمہوری نظام کا بحران

## قومی ایمرجنسی

25 جون 1975 سے 21 مارچ 1977 تک آئین کی دفعہ 352 کے تحت اندرونی خلفشار اور بدنظمی کے باعث ہندوستان میں ایمرجنسی لاگو رہی۔ اس دفعہ کی رو سے حکومت کے لئے کسی بیرونی خطرہ یا اندرونی حالات کے درہم برہم ہوجانے پر ایمرجنسی لاگو کرنا لازمی ہے۔ ایمرجنسی میں ملک کی یکجہتی اور تحفظ کو دھیان میں رکھتے ہوئے سبھی اختیارات مرکزی حکومت کو حاصل ہوجاتے ہیں۔

## ہندستان میں ایمرجنسی کا پس منظر

### 1۔ معاشی حوالہ:

(i) 1971 کے انتخابات میں کانگریس نے غریبی ہٹاؤ کا نعرہ دیا تھا۔ لیکن یہ نعرہ کچھ خاص نہیں کر پایا بلکہ ملک میں غریبی برقرار رہی۔

(ii) بنگلہ دیش کے بحران کے سبب معاشی نظام متاثر ہوا۔ امریکہ نے ہندوستان کی مدد بند کردی۔

(iii) بین الاقوامی بازار میں تیل کی قیمتیں لگا تار بڑھنے سے مختلف چیزوں کی قیمتوں میں اضافہ ہوگیا۔

(iv) صنعتی ترقی کافی سست تھی اور بے روزگاری خاص طور سے دیہی علاقوں میں بہت زیادہ تھی۔

(v) حکومت نے اخراجات کو کم کرنے کے لئے سرکاری ملازمین کی تنخواہوں کو روک دیا تھا۔

(vi) مانسون بہتر نہ ہونے کی وجہ سے 1972-73 کے دوران زرعی پیداوار میں بھاری کمی آگئی تھی۔

## 2۔ سیاسی حوالے گجرات تحریک

- گجرات کے طلبا نے اناج۔ کھانے کے تیل اور دوسری بنیادی چیزوں کی بڑھتی ہوئی قیمتوں اور بڑے دفتروں میں رشوت خوری کے خلاف جنوری 1974 میں گجرات میں تحریک شروع کی اس تحریک کی رہنمائی کانگریس کے لیڈر مرار جی دیسائی کی رہنمائی میں چلائی گئی۔

## بہار تحریک:۔

- مارچ 1974 میں غذائی قلت ۔ بے روزگاری اور بدعنوانی کے خلاف بہار میں طلبا نے تحریک شروع کر دی۔ جے پرکاش نارائن کی رہنمائی میں یہ تحریک دو اہم شرطوں پر چلائی گئی۔

1۔ اس تحریک میں تشدد کا کوئی دخل نہیں ہوگا۔

2۔ یہ تحریک بہار تک محدود نہیں رہے گی بلکہ ملک گیر پیانے پر چلائی جائے گی۔

- جے پرکاش نارائن نے مکمل انقلاب کے ذریعے حقیقی جمہوریت کو قائم کرنے کی بات کہی۔ انھوں نے بھارتیہ جن سنگھ، کانگریس علاقائی لوک دل اور سوشلسٹ پارٹی جیسی غیر کانگریسی جماعتوں کو اپنی حمایت میں لے کر تحریک کو مضبوط کیا۔

## 3۔ ریل ہڑتال:۔

- جارج فرنانڈیز کی رہنمائی میں بین قومی کمیٹی نے ریلوے ملازمین سے جڑی خدمات اور بونس وغیرہ سے جڑی مانگوں کو لے کر 1974 میں ہڑتال کی۔
- حکومت نے ہڑتال کو غیر آئینی قرار دیا۔ اوران کی مانگیں منظور نہیں کیں۔
- اس سے مزدور ریلوے ملازمین عام آدمی اور تجارتی لوگوں میں حکومت کے خلاف بے چینی پیدا کر دی۔

## 4۔ عدالتی تصادم:۔

- حکومت اور عاملہ کے تعلقات میں کشیدگی پیدا ہوئی جس کی وجہ تھی:۔
- حکومت کے ذریعے بنیادی حقوق میں کمی۔ جائداد کے حق میں کٹوتی اور ریاست کے رہنما اصولوں کو بنیادی حقوق پر سبقت دینا جیسی باتوں کو سپریم کورٹ نے خارج کر دیا۔

- حکومت نے جے۔ایم شیلٹ، کے۔ایس۔ہیگڑے، اور اے۔این گروور کی سینیئرٹی کونظر انداز کر کے اے۔این۔رے۔کوسپریم کورٹ کا چیف جسٹس مقرر کردیا۔یہ تقرر سیاسی نزاع کا باعث بن گیا۔

## • ایمرجنسی کا اعلان

- 12جون1975 کوالہ آباد ہائی کورٹ کے جج جگ موہن لال سنہانے اندرا گاندھی کے 1971 کے انتخاب کو غیر آئینی قرار دے دیا۔
- 24جون1975 کوسپریم کورٹ نے الہ آباد ہائی کورٹ کے فیصلے پر اپنا فیصلہ سنایا کہ اپیل کا فیصلہ آنے تک اندرا گاندھی ممبر پارلیمنٹ بنی رہیں گی لیکن کابینہ کی میٹنگ میں حصّہ نہیں لے سکیں گی۔
- 25جون1975 کو جے پرکاش نارائن کی قیادت میں اندرا گاندھی کے استعفیٰ کی مانگ کو لے کر دہلی کے رام لیلا میدان میں ملک گیر پیمانے پرستیہ گرہ کرنے کی بات کی گئی۔اور اندرا گاندھی سے استعفیٰ کی مانگ کی۔
- بی جے پی نے سرکاری ملازمین، پولیس اور فوج سے درخواست کی کہ وہ حکومت کے غیر اخلاق اور غیر قانونی کی احکامات کو نہ مانیں۔
- 25جون1975 کواندرا گاندھی نے آرٹیکل 352 کے تحت ملک میں اندرونی خلفشار اور بدامنی پھیلنے کے اندیشے کے مدنظر صدر کے ذریعے ایمرجنسی لاگو کرنے کی سفارش کی۔

• ایمرجنسی کے نتائج

- حکومت نے پریس کی آزادی کوخارج کردیا۔
- اخبار حکومت کی اجازت کے بغیر کچھ بھی شائع نہیں کر سکتے تھے اسے پریس سینسرشپ کہا گیا۔
- اختیارات مرکوز ہو گئے (سبھی مقنّنہ اور عاملہ کے اختیارات مرکز کے ہاتھ میں آ گئے۔)
- بڑی تعداد میں مخالف پارٹیوں کے لیڈروں اور کارکنوں کوگرفتار کرلیا گیا۔
- حکومت نے RSS اور جماعت اسلامی پر پابندیاں لگادیں۔
- دھرنے، مظاہرے اور ہڑتال پر روک لگادی گئی۔
- احتیاطی گرفتاری ایکٹ کا استعمال وسیع طور پر کیا گیا۔

- انڈین ایکسپریس اور اسٹیٹسمین جیسے اخبارات جن خبروں کو چھاپنے سے روکا جاتا تھا ان کی جگہ خالی چھوڑ دیتے تھے۔
- کنڑادیب شوارام کارنتھ اور ہندی ادیب کا نیشور ناتھ رینو جو پدم بھوشن اور پدم شری جیسے ایوارڈ پا چکے تھے
- دونوں نے جمہوریت کی معطّلی کے خلاف احتجاج کرتے ہوئے اپنے خطاب واپس کر دیے۔
- آئین میں 42ویں ترمیم (1976) کے ذریعے چند اہم تبدیلیاں کی گئیں ۔
- مجلس قانون ساز کی مدت کو پانچ سال سے بڑھا کر چھ سال کر دینا وغیرہ

## ● ایمرجنسی کے دوران کئے گئے کام

- 20 نکاتی پروگرام میں زمینی سدھار زمین کی از سرنو تقسیم بے زمین مزدوروں کی مزدوری پر غور وفکر انتظامیہ میں کام کرنے والوں کی حصہ داری بندھوا مزدوری کا خاتمہ وغیرہ عوام کی بھلائی کے کام شامل تھے۔
- مخالفین کو نظر بندی قانون کے تحت بندی بنایا گیا۔
- زبانی حکم سے اخباروں کے دفتروں کی بجلی کاٹ دی گئی۔
- دہلی میں جھگی بستیوں کو ہٹانے اور زبردستی نظر بندی جیسے کام کئے گئے۔

## ● ایمرجنسی کے سبق

- جمہوریت کے تئیں لوگوں کے اعتماد میں اضافہ۔
- اب اندرونی ایمرجنسی صرف ایک مسلح بغاوت کی صوورت میں لگائی جا سکتی ہے اور یہ لازم ہے کہ ایمرجنسی لاگو کرنے کی سفارش صدر کے پاس وزرا کی کونسل کی جانب سے تحریری شکل میں دی جائے۔
- شہریوں میں بنیادی حقوق کے تئیں بیداری میں اضافہ ہوا۔ اوران حقوق کے تحفظ کے لیے کئی تنظیمیں وجود آئیں۔
- ایمرجنسی میں حکمراں پارٹی نے پولیس اور انتظامیہ کو اپنا سیاسی ہتھیار بنا کر استعمال کیا تھا۔ یہ ادارے آزادانہ طریقے سے کام نہیں کر پائے تھے۔

- ایمرجنسی کے دوران ہندوستان کی جمہوریت کی طاقت اور کمزوریاں اجاگر ہوگئیں تھیں لیکن جلد ہی سب کام جمہوری طرز پر ہونے لگے۔ جمہوریت کے تئیں لوگوں کے اعتماد میں اضافہ ہوا۔ اور یہ یقینی ہوگیا کہ ہندوستان سے جمہوریت کی جڑیں مٹانا بہت مشکل ہے۔

## ایمرجنسی کے بعد کی سیاست

- جنوری 1977 میں اپوزیشن پارٹیوں کے ملک کر جنتا پارٹی کی تشکیل کی۔
- کانگریس لیڈر بابو جگ جیون رام نے ''کانگریس فار ڈیموکریسی'' پارٹی کی تشکیل کی جو بعد میں جنتا پارٹی میں شامل ہوگئی۔
- 1977 کے چناؤ میں کانگریس کو لوک سبھا میں 154 سیٹیں اور جنتا پارٹی اور اس کے معاون پارٹیوں کو 330 سیٹیں۔
- ایمرجنسی کا اثر شمالی ہندوستان میں زیادہ ہونے کی وجہ سے 1977 کے چناؤ میں نہ کہ برابر سیٹیں ملیں۔
- جنتا پارٹی کی حکومت میں مرار جی دیسائی، وزیر اعظم، چودھری چرن سنگھ اور جگ جیون رام، دو نائب وزیر اعظم بنے۔
- جنتا پارٹی کی حکومت میں متعین مستحکم رہنمائی اور ایک مشترکہ طویل مدتی یا کم مدتی فلاحی پروگرام کی کمی تھی۔ جس کی وجہ سے یہ حکومت جلد ہی گر گئی۔
- 1980 کے لوک سبھا چناؤ میں کانگریس نے 353 سیٹیں حاصل کیں اور اپنے مخالفین کو سخت شکست دی۔

## ایمرجنسی کی وراثت

- یہ صرف 1977 اور 1980 کے چناؤ کے بیچ اندرا گاندھی کی واپسی کا معاملہ نہیں تھا۔ پارٹی کا نظام ڈرامائی انداز میں بدل گیا تھا۔
- 1969 کے بعد سے کانگریس پارٹی نے ایک چھاتا پارٹی کی شکل میں اپنا کردار شروع کر دیا تھا جس میں مختلف نظریات اور خیالات کے لیڈروں اور کارکنوں کو شامل کیا گیا تھا۔
- کانگریس پارٹی نے اب خود کو ایک مخصوص نظریہ کے ساتھ پہچانا اور صرف سماجوادی اور غریبوں کی حامی پارٹی ہونے کا دعویٰ کیا۔

- دوسری مخالفت پارٹیوں نے زیادہ سے زیادہ بھروسہ کیا جسے ہندوستانی سیاست میں غیر کانگریسیت کی شکل میں جانا جاتا ہے۔
- انھوں نے یہ بھی محسوس کیا کہ چناؤ میں غیر کانگریس ووٹوں کی تقسیم سے بچنے کی ضرورت ہے۔
- اس عوامل نے 1977 کے چناؤ میں ایک اہم رول نبھایا۔
- پچھڑی ذاتوں کی بہبودی کا معاملہ بھی 1977 سے سیاست میں حاوی ہونے لگا
- 1977 کے چناؤ کے نتائج کم سے کم شمالی ہندوستان کی پچھڑی ذاتوں کے بیچ بدلاؤ کی وجہ تھی۔
- 1977 میں لوک سبھا چناؤ کے بعد کئی ریاستوں میں ودھان سبھا چناؤ بھی ہوئے۔
- شمالی ریاستوں نے غیر کانگریسی حکومتیں چنی، جسمیں پچھڑی ذاتوں کے لیڈروں نے اہم رول ادا کیا۔ بہار میں اوراس کے بعد دیگر پسماندہ طبقوں کے لیے ریزرویشن کا مدّا بہت متنازعات بھرا رہا۔

## ایک نمبر کے سوالات

1۔ سیاست میں مکمل انقلاب کا اصول کس نے پیش کیا؟

(A) جے پرکاش نارائن (B) دین دیال اپادھیائے

(C) رام منوہر لوہیا (D) یوگیندر یادو

2۔ اس لیڈر کا نام لکھیے جس نے 1971 کا چناؤ شریمتی اندرا گاندھی کے خلاف لڑا؟

(A) جے پرکاش نارائن (B) مرارجی دیسائی

(C) راج نارائن (D) بابو جگ جیون

3۔ کس آئینی ترمیم کو ''چھوٹے آئین'' کے نام سے جانا جاتا ہے؟

(A) 39 ویں آئینی ترمیم (B) 40 ویں آئینی ترمیم

(C) 41 ویں آئینی ترمیم (D) 42 ویں آئینی ترمیم

4۔ 25 جون 1975 کو لاگو قومی ایمرجنسی کی بنیاد کیا تھی؟

(A) اندرونی گڑبڑی (B) چین کا ہندوستان پر حملہ

(C) ہندوستان پاکستان جنگ (D) 1974 کی ریل ہڑتال

5۔ 1977 میں بنی جنتا پارٹی کی حکومت میں وزیر اعظم کون رہے؟

(A) چودھری چرن سنگھ (B) مرار جی دیسائی

(C) بابو جگ جیون رام (D) جے پرکاش نارائن

6۔ کیشوانند بھارتی تنازعہ 1973 مشہور ہے۔

(A) پارلیمنٹ بنیادی حقوق کو کم نہیں کر سکتی

(B) پارلیمنٹ بنیادی حقوق کو ریاست کے رہنما اصولوں سے زیادہ اہمیت نہیں دے سکتی۔

(C) آئین کے بنیادی ڈھانچے کا اصول اس میں بتایا گیا

(D) آئین میں حکومت ترمیم نہیں کر سکتی

7۔ 25 جون 1975 تمہید میں ایمرجنسی کے اعلان کے وقت صدر کون تھے؟

(A) ڈاکٹر ذاکر حسین (B) مرار جی دیسائی

(C) فخر الدین علی احمد (D) این سنجیو ریڈی

8۔ ملان کیجیے۔

(i) ایمرجنسی کا اعلان (A) جے پرکاش نارائن

(ii) جمہوریت بچاؤ (B) چارو مجودار

(iii) (ML)CPI (C) مرار جی دیسائی

(iv) جنتا پارٹی (D) فخر الدین علی احمد

(A) d۔iv،c۔iii،b۔ii،a۔i (B) c۔iv،b۔iii،a۔ii،d۔i

(C) b۔iv،c۔iii،d۔ii،a۔i (D) a۔iv،b۔iii،c۔ii،d۔i

نیچے دیئے گئے سوالات میں دو بیان دعویٰ (A) اور وجہ (R) دیئے گئے ہیں انھیں پڑھ کر صحیح متبادل چنئے۔

(A) دعویٰ (A) اور وجہ (R) دونوں صحیح ہیں اور وجہ (R) دعویٰ کی صحیح وضاحت ہے۔

(B) دعویٰ (A) اور وجہ (R) دونوں صحیح ہیں لیکن وجہ (R) دعویٰ کی صحیح وضاحت نہیں ہے۔

(C) دعویٰ (A) صحیح ہے لیکن وجہ (R) غلط ہے۔

(D) دعویٰ (A) غلط ہے لیکن وجہ (R) صحیح ہے۔

9۔ دعویٰ (A): ایمرجنسی کے وقت میں حکمراں پارٹی اور عدلیہ کے بیچ اختلافات تھے۔

وجہ (R): وزیراعظم کے نزدیکی لوگوں نے پُرعزم نوکر شاہی اور عدلیہ کے بارے میں بات کرنا شروع کر دی تھی۔ جو مقنّنہ اور عاملہ کی ہی شکل ہو۔

10۔ دعویٰ (A): ایمرجنسی کے دوران نااتفاقی اور مزاحمت کے کئی کام ہوئے۔

وجہ (R): بہت سے سیاسی لیڈروں نے جیل کے اندر رہ کر بھی منظّم طریقے سے حکومت کے خلاف تحریکیں چلائیں۔

11۔ دعویٰ (A): ایمرجنسی کے دوران حقیقی شکل میں اختیارات کا استعمال حقیقت میں پولس اور انتظامیہ کے ذریعے کیا گیا۔

وجہ (R): حکمراں پارٹی کے لیے یہ ادارے سیاسی ہتھیار بن گئے تھے۔ یہ سلسلہ ایمرجنسی کے ساتھ ہی ختم ہو گیا۔

12۔ دعویٰ (A): 1977 کے عام چناؤ کے دوران سبھی بڑی مخالف پارٹیاں ایک ساتھ آئیں اور ایک نئی پارٹی جنتا پارٹی بنائی۔

وجہ (R): یہ واضح تھا کہ اس بار کانگریس پارٹی کے لیے مشکل ہونے والی ہے۔

## دو نمبر کے سوالات

1۔ 42 ویں آئینی ترمیم کے ذریعے آئین میں کی گئی کنہیں دو ترمیم کی مختصراً وضاحت کیجیے۔

2۔ ایمرجنسی کیا ہے؟ اور یہ زمانہ آئینی بحران کا زمانہ کیوں کہا جاتا ہے؟

3۔ ریلوے ہڑتال کب اور کیوں ہوئی؟

4۔ 25 جون 1975 کو لگائے گئے قومی ایمرجنسی کی فوری وجہ کیا تھی؟

## چار نمبر کے سوالات

1۔ 1970 کی دہائی کی شروع میں عدلیہ اور مقنّنہ کے بیچ کس طرح کی جدوجہد رہی وضاحت کیجیے۔

2۔ ایمرجنسی کے بعد اپوزیشن کے کردار کا جائزہ کیجیے۔

3۔ حکومت کے ذریعے 1975 میں ایمرجنسی لاگو کرنے کے حق میں کیا دلیلیں دیں؟

4۔ ایمرجنسی نے ہندوستانی جمہوریت کو کیسے متاثر کیا؟

5۔ ایمرجنسی لگانے کی خاص وجوہات کیا تھیں؟

## اقتباس پر مبنی سوالات

1۔ مندرجہ ذیل اقتباس کو دھیان سے بڑھیں اور سوالات کے جواب دیں۔

''ایمرجنسی کے اعلان کے بعد اختیارات کی وفاقی نوعیت ختم ہو جاتی ہے اور ساری طاقت مرکزی حکومت کے ہاتھوں میں آجاتی ہے دوسری حکومت کو یہ اختیار بھی حاصل ہوتا ہے کہ ایمرجنسی کے دوران وہ بنیادی حقوق کو معطل یا مختصر کردے۔ دستور کے الفاظ سے یہ صاف ظاہر ہوتا ہے کہ ایمرجنسی ایک بہت ہی غیر معمولی طریقہ ہے جو صرف اسی صورت میں عمل میں لایا جاسکتا ہے جب روزمرہ کی جمہوری سیاست بالکل ہی نا قابل عمل ہو جائے۔ لہذا حکومت کو مخصوص اختیارات دیئے گئے ہیں۔ 26 جون 1975 کی رات وزیراعظم نے ایمرجنسی کے نفاذ کے لیے صدر فخرالدین علی احمد سے سفارش کی ۔ انہوں نے فوراً ہی حکم نامہ جاری کر دیا۔ آدھی رات کے بعد تمام بڑے اخباروں کے دفتروں کی بجلی کاٹ دی گئی دوسری صبح سویرے اپوزیشن کے لیڈروں اور کارکنون کی ایک کثیر تعداد کو گرفتار کرلیا گیا۔ یہ سب کچھ ہونے کے بعد 26 جون کو صبح 6 بجے ایک خصوصی میٹنگ میں کابینہ کو مطلع کر دیا گیا۔

1۔ کس دفعہ کے تحت 25 جون 1975 کو ایمرجنسی کا اعلان کیا گیا تھا۔

(A) دفعہ 350 (B) دفعہ 352

(C) دفعہ 356 (D) دفعہ 360

2۔ ایمرجنسی کا اعلان کس نے جاری کیا؟

(A) راشٹری پتی فخرالدین علی احمد (B) وزیراعظم اندرا گاندھی

(C) جے پرکاش نارائن (D) مرارجی دیسائی

3۔ ملک کی ایمرجنسی کی مدت میں مندرجہ ذیل میں سے کون سا بیان صحیح ہے؟

(A) طاقت کے بٹوارے کا وفاقی نوعیت ختم ہو جاتی ہے۔

(B) ساری طاقتیں مرکزی حکومت کے ہاتھوں میں مرکوز ہو جاتی ہیں۔

(C) حکومت چاہے تو بنیادی حقوق پر روک لگا سکتی ہے۔

(D) اوپر دیئے گئے سبھی۔

4۔ اندرا گاندھی نے ملک میں ایمرجنسی کس بنیاد پر لگائی تھی؟

(A) آئینی گڑبڑی کی وجہ سے (B) باہری گڑبڑی کی وجہ سے

(C) اندرونی گڑبڑی کی وجہ سے (D) اوپر دیئے گئے سبھی

## نقشہ پر مبنی سوالات

دیئے گئے ہندوستان کے نقشے میں چار ریاستیں (A) (B) (C) (D) دکھائی گئیں ہیں۔ دی گئی معلومات کی بنا پر انھیں پہچانیے اور ان کے صحیح نام استعمال کی گئی معلومات کے سیریل نمبر اور متعلق حروف کے ساتھ لکھیں۔



| ریاست کا نام | متعلق حروف | استعمال کی گئی معلومات کا سیریل نمبر |
|---|---|---|
| | | i |
| | | ii |
| | | iii |
| | | iv |

1۔ وہ ریاست جہاں 1974 میں طلبا نے بدعنوانی کے خلاف تحریک چلائی۔

2۔ 1977 کے چناؤ میں اس ریاست اکالی دل کی حکومت بنی۔

3۔ چودھری چرن سنگھ سے متعلق ریاست

4۔ وہ ریاست جہاں لمبے عرصے تک کمیونسٹ پارٹی کی حکومت بنی۔

## کارٹون پر مبنی سوالات




(1) اس شخص کا نام بتایئے جس نے جمہوریت بچاؤ کا بورڈ پکڑا ہوا ہے۔

(2) جے پرکاش کو کس لیڈر کے متبادل کی شکل میں پیش کیا گیا

(3) کارٹون میں دکھائے گئے لیڈروں کے نظریہ سے بیٹھے ہوئے شخص کا مقصد ہے۔

## چھ نمبر کے سوالات

1۔ وضاحت کیجیے کہ کس طرح سے ایمرجنسی نے ملک میں جمہوری بحران پیدا کیا؟

2۔ 25 جون 1975 کو ہندوستان میں قومی ایمرجنسی کا اعلان کیوں کیا گیا اس ایمرجنسی کے تئیں نتائج کا تجزیہ کیجیے۔

3۔ ایمرجنسی سے ملنے والے تین سبق کا تجزیہ کیجیے۔

4۔ 1980 کے وسط مدتی چناؤ کے لیے ذمہ دار عوامل حالات کی وضاحت کیجیے۔

## ایک نمبر کے سوالات کے جوابات

1۔ (A) جے پرکاش نارائن

2۔ (C) راج نارائن

3۔ (D) 42 ویں آئینی ترمیم

4۔ (A) اندرونی گڑبڑی

5۔ (B) مرارجی دیسائی

6۔ (C) آئین کے بنیادی ڈھانچے کا اصول اس میں بتایا گیا

7۔ (C) فخرالدین علی احمد

8۔ (B) c۔iv،b۔iii،a۔ii،d۔i

9۔ (A) دعویٰ اور وجہ دونوں صحیح ہیں اور وجہ، دعویٰ کی صحیح وضاحت ہے۔

10۔ (C): دعویٰ صحیح ہے لیکن وجہ غلط ہے۔

11۔ (C): دعویٰ صحیح ہے لیکن وجہ غلط ہے۔

12۔ (A) دعویٰ اور وجہ دونوں صحیح ہے اور وجہ دعویٰ کی صحیح وضاحت ہے۔

## دو نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ (i) وزیر اعظم، صدر اور نائب صدر کے عہدے کے انتخاب کو عدالت میں چنوتی نہیں دی جا سکتی۔

(ii) مقننہ کی مدت 5 سال سے بڑھا کر 6 سال کر دی گئی۔

2۔ پارلیمنٹ اور عدلیہ کے اختیارات کو لے کر ہونے والی آئینی جدوجہد ایمرجنسی کے اندر تھی حکومت کے پاس اکثریت ہونے کے باوجود جمہوریت کو ٹھپ کرنے کا فیصلہ لیا گیا۔ اور آئینی اختیارات کا ایمرجنسی کے دوران غلط استعمال کیا گیا۔

3۔ مئی 1974 میں بونس اور خدمات سے جڑے شرائط کو لے کر ریل ہڑتال کی گئی۔

4۔ (i) الہٰ آباد ہائی کورٹ کے ذریعے شریمتی اندرا گاندھی کے انتخاب کو غلط قرار دینا۔

(ii) دلی کے رام لیلا میدان میں مارچ کا مظاہرہ

## چار نمبر کے سوالات کے جوابات

1۔ سپریم کورٹ نے حکومت کے کئی کاموں کو آئین کے خلاف مانا کانگریس عدالت کے اس رویہ کو جمہوریت کے اصولوں اور پارلیمنٹ کی برتری کے خلاف ماننے لگی اس پارٹی کا الزام تھا کہ عدالت ایک قدامت پرست ادارہ ہے جو غریبوں کے فلاح و بہبود پروگرام میں رکاوٹ بن رہا ہے۔

2۔ (i) مخالف پارٹیوں نے ایک ساتھ مل کر جنتا پارٹی بنائی۔

(ii) 1977 میں آزاد جانبدارانہ چناؤ ہوئے اور اندرا گاندھی کی رہنائی والی حکومت کو ہار کا منہ دکھایا۔

(iii) ایمرجنسی کے دوران کی گئی غلط ترمیمیں بدل دی گئیں۔

(iv) مخالف پارٹیاں اب تنقید کرنے کے لیے آزاد تھیں۔

3۔ (i) حکومت کومخالف پارٹیاں اس کی پالیسیوں کے مطابق حکومت نہیں چلانے دے رہی تھی۔

(ii) وہ ہر بار دھرنے مظاہرے اجتماعی کارروائی ملک گیر تحریکوں کی دھمکیاں دیکر ملک میں عدم استحکام پیدا کرنے کی کوشش کررہی تھیں

(iii) ساری طاقت قانونی نظام کی بحالی پر لگانی پڑتی تھی۔تخریب پسند قوتیں حکومت کے ترقیاتی کاموں میں روڑے ڈال رہی تھی۔

(iv) اپوزیشن پارٹی فوج پولس ملازمین اور لوگوں کوحکومت کے خلاف بھڑکا رہے تھے۔اس لیے نئے حکومت نے قومی ایمرجنسی کا اعلان کیا۔

4۔ (i) ہندوستان کی عوام اپنے شہری حقوق اور آزادی کے لیے بیدار ہوئی۔

(ii) اپوزیشن اب حکومت کی مخالفت کرنے لگی۔

(iii) آئین میں ترمیمیں ہوئیں۔

(iv) 1974 کے عام چناؤمیں کانگریس کی ہار ہوئی۔

5۔ (i) گجرات اور بہار کی طلبا تحریک

(ii) ریلوے ہڑتال

(iii) عدلیہ اور مقنّنہ کے بیچ تصادم

(iv) جے پرکاش نارائن کے ذریعے سندمارچ کا مظاہرہ

## اقتباس پر مبنی سوالات کے جواب

1۔ (ii) 352     2۔ صدرفخرالدین علی احمد

3۔ اوپر کے سبھی۔     4۔ اندرونی گڑبڑ کی وجہ سے

## نقشہ پر مبنی سوالات کے جوابات

i۔ A۔ بہار

ii۔ C۔ پنجاب

iii۔ B۔ اترپردیش

iv۔ D۔ کیرل

## کارٹون پر مبنی سوالات کے جوابات

1۔ جے پرکاش نارائن

2۔ اندرا گاندھی

3۔ اقتدار حاصل کرنا

## چھ نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ (i) جمہوری اداروں کا اپاہج ہونا

(ii) ایمرجنسی کی دفعات کا واضح نہ ہونا

(iii) پولیس سنسرشپ اور احتیاطی گرفتاری ایکٹ کا استعمال

2۔ ہندوستان میں قومی ایمرجنسی کا اعلان مندرجہ ذیل وجوہات سے کیا گیا؟

(i) الہٰ آباد ہائی کورٹ کے ذریعے اندرا گاندھی کے 1971 کے لوک سبھا چناؤ کو غیر قانونی قرار دینا۔

(ii) سپریم کورٹ کے ذریعے ہائی کورٹ کے فیصلے کو تحلیل کرنا۔

(iii) جے پرکاش کے ذریعے ملک گیر ستیہ گرہ تحریک کی شروعات کرنا۔

ایمرجنسی کے نتائج

(i) بنیادی حقوق کو معطل

(ii) سیاسی لیڈروں کی گرفتاری

(iii) پریس کی آزادی پر روک

(iv) ہڑتال پر پابندی

(v) پولیس اور انتظامیہ کا غلط استعمال

3۔ ایمرجنسی سے ملنے والے سبق:

(i) آئین کے تنازعے والی دفعات میں ترمیم

(ii) ہندوستان میں جمہوریت کی بنیاد کا اور زیادہ مضبوط ہونا

(iii) ایمرجنسی کے بعد عدلیہ اور شہریوں کا اپنے حقوق کے تئیں بیدار ہونا

(iv) پولیس اور انتظامیہ جانبدارانہ طریقے سے کام کرنا

4۔ (i) 1977 کے عام چناؤ کے بعد وزیر اعظم کے عہدے کے لیے تین لیڈروں کے بیچ سخت جدوجہد تھی۔

(ii) جنتا پارٹی کی حکومت میں ایک سمت رہنمائی اور مشترکہ پروگرام کی کمی تھی۔

(iii) جنتا پارٹی کی سرکار کانگریس کے ذریعے چلائی گئی پالیسیوں میں کوئی بدلاؤ نہیں لاسکی۔

(iv) جنتا پارٹی کی حکومت ٹوٹ گئی مرار جی دیسائی نے 18 مہینے سے بھی کم وقت میں اکثریت کھودی۔

# باب۔سات

# علاقائی آرزوئیں

## یاد رکھنے لائق نکات:

علاقائی پارٹیوں کا عروج

- ایک مخصوص علاقے کے لوگوں کے ذریعے اپنی مخصوص زبان۔ مذہب۔ثقافت جغرافیائی کیفیت وغیرہ کی بنا پر کی جانے والی مخصوص مانگوں کو علاقائی آرزوؤں کی شکل میں سمجھا جاسکتا ہے۔
- یوروپ کے ممالک میں ثقافت کے مختلف ہونے کو ملک وقوم کے لیے خطرہ مانا جاتا ہے۔ بھارت میں اس چنوتی سے نمٹنے کے لیے ملک کی اندرونی سرحدوں کو دوبارہ تشکیل دیا گیا ہے۔اور تمام لوگوں کو اپنی ثقافت کو بنائے رکھنے کا حق حاصل ہے۔
- بھارت میں 1980 کی دہائی کو خودمختاریت کی دہائی کی شکل میں دیکھا جاسکتا ہے۔کئی بار اپنے خودغرض مفادات، بیردنی حوصلہ افزائی یا پست پناہی کی وجہ سے خودمختاریت کا جذبہ جب علیحدگی پسندی کا راستہ اختیار کرلیتا ہے تو یہ قومی یکجہتی اور علاقائی سالمیت کے لیے ایک چنوتی بن جاتا ہے۔
- علاقائیت کے اہم اسباب
  - مختلف مذاہب کے سبب
  - مختلف ثقافتوں کے سبب
  - جغرافیائی فرق
  - سیاسی مفاد
  - غیرمتوازی ترقی
  - علاقائی سیاسی جماعتیں

- ہندوستان میں زبان، مذہب، علاقے، نسل اور اختلافات کو بنائے رکھنے کے لیے ایک جمہوری نظریہ اپنایا۔
- جمہوریت علاقائی آرزوؤں کے سیاسی اظہار کی اجازت دیتی ہے۔
- جمہوریت سیاسی پارٹیوں اور گروپوں کو ان کی علاقائی پہچان، آرزوؤں اور مخصوص علاقائی مسائل کی بنیاد پر لوگوں کو کرنے کی اجازت دیتی ہے۔
- علاقائی پارٹیوں کا عروج جمہوریت کو مضبوط کرتا ہے
- جمہوری سیاست کے معنی یہ بھی ہے کہ پالیسی بنانے میں علاقائی مدوں اور مسائل پر دھیان دیا جائے گا۔ اور اسے حل کیا جائے گا۔ ایسا نظام کبھی کبھی تناؤ اور مسائل کی وجہ بھی بن سکتا ہے۔
- کبھی کبھی قومی یکجہتی کی فکر علاقائی ضرورتوں اور آرزوؤں پر حاوی ہوسکتی ہے۔ اس لیے علاقوں کے اختیارات اور ان کے الگ الگ وجود کے مدوں پر سیاسی جدوجہد ان قوموں کے لیے عام ہے جو یک جہتی بنانے اور بنائے رکھنے کی کوشش کرتے ہوئے اختلافات کی عزت کرنا چاہتے ہیں۔

- **کشمیر مدّا**

ہندوستانی وفاق میں الحاق کے ساتھ کشمیر آزدی کے بعد ہندوستان کا ایک روشن موضوع بنا رہا ہے۔ مسئلہ تب اور سنگین ہوگیا جب اسے دفعہ 370 اور دفعہ 35-A کے ذریعے ایک مخصوص درجہ دیا گیا۔ دفعہ 370 نے اسے الگ آئین/آئین ساز اسمبلی/جھنڈا/ وزیراعلیٰ کا وزیراعظم کی شکل میں ہونا۔ اور گورنر کی صدر ریاست کی شکل میں نامزدگی۔ ریاست میں زیادہ تر وفاقی قانون کی غیر تبدیلی جیسے مخصوص حقوق دیئے گئے جبکہ دفعہ 35-A اسے خاص شہری حقوق دیتے ہوئے غیر کشمیریوں کے ذریعے ریاست میں جائداد کے بیچنے کو منع کیا گیا۔ جموں اور کشمیر ریاست کی خاص حیثیت کے خلاف ایک آئین۔ ایک جھنڈا۔ اور ریاستی/حکومت کے ایک سربراہ کی شکل میں ایک ودھان۔ ایک نشان ایک سربراہ کی اشاعت کرتے ہوئے سیاسی میدان میں دفعہ 370 اور 35-A کو نکالنے کا ارادہ کیا گیا۔

اس کو مدنظر رکھتے ہوئے حالیہ حکومت نے 5 اگست 2019 کو کشمیر سے دفعہ 370 اور 35-A کو ختم کرنے کے لیے راجیہ سبھا میں جمو اور کشمیر تشکیل نو قانون پیش کیا لوک سبھا میں اس قانون کو 6 اگست 2019 کو پاس کیا گیا۔

9 اگست 2019 کو صدر کی منظوری کے بعد دفعہ 370 اور 35-A کو نکال دیا گیا۔ اور جموں اور کشمیر دو مرکزی صوبے ایک لداخ اور دوسرا جموں اور کشمیر میں تقسیم ہوگئے۔

## آزادی کے بعد تناؤ کے میدان

- آزادی کے بعد ہمارے ملک کی تقسیم، ہجرت، مہاجرین، ریاستوں کی الحاق، ریاستوں کی از سر نو تشکیل لسانی ریاستوں کی تشکیل کیلئے کئی حصوں میں عوامی تحریک کو وغیرہ جیسے کئی مشکل مدوں کا سامنا کرنا پڑا۔

## پنجاب بحران:سیاسیی حوالہ۔تشدد کا گھرا امن کا راستہ

- 1920 کی دہائی میں قائم اکالی دل نے پنجابی زبان علاقے کی تشکیل کے لیے تحریک چلائی جس کے سبب پنجاب علاقے سے الگ ہوکر1966 میں ہندی زبانی علاقے ہریانہ اور پہاڑی علاقے ہماچل پردیش بنائے گئے۔

- اکالی دل نے پنجاب کی زیادہ خودمختاری کی بات اٹھائی۔1970 کی دہائی میں پنجاب میں اکالیوں کے ایک طبقہ نے خودمختاری کی بات اٹھائی۔1973 میں آنند پور قرارداد نے 'سکھ قوم' کی امنگوں کا ذکر کیا اور سکھ قوم کے بول بالے کو اپنے حصول کا مقصد بتایا۔ کچھ انتہا پسندوں نے پنجاب کو بھارت سے الگ کر کے ''خالصتان'' بنانے کی مانگ کی۔

### اپریشن بلو اسٹار

- 1980 کے بعد اکالی دل پر تشدد پسند لوگوں کا کنٹرول ہو گیا اور اُنھوں نے امرت سر کے گولڈن ٹیمپل پر اپنا آفس بنانا۔
- حکومت نے جون 1984 میں انتہا پسندوں کو گولڈن ٹیمپل سے نکالنے کے لیے فوجی کارروائی کی جسے آپریشن بلو اسٹار کا نام دیا۔

## پنجاب معاہدہ

جولائی 1985 میں راجیو گاندھی اور اکالی دل کے صدر ہرچرن سنگھ لونگوال کے درمیان ایک معاہدہ ہوا جسے پنجاب معاہدہ بھی کہا جاتا ہے۔اس معاہدے کے سبب پنجاب میں امن کو قائم کیا گیا۔

- شمال مشرق کے علاقے

اس علاقے میں سات ریاستیں ہیں۔ یہاں بھارت کی چار فیصد آبادی رہتی ہے۔ اس علاقے کی سرحدیں چین، میانمار، بنگلہ دیش اور بھوٹان سے ملتی ہیں۔ یہ علاقہ جنوب مشرقی ایشیا کے لیے ہندوستان کے دروازے (Gateway) کا کام کرتا ہے۔

- مشکلات

اس علاقے کی علاحدگی، اس کی الجھی ہوئی سماجی خصوصیات اور ملک کے دوسرے علاقوں کے مقابلے میں اس کی پسماندگی نے مل کر شمال مشرق کی مختلف ریاستوں کے مطالبات کا ایک پیچیدہ مجموعہ پیش کیا ہے۔ شمال مشرق کی سیاست میں خودمختاری کی مانگ، علاحدگی پسند تحریکیں اور باہر کے لوگوں کی مخالفت اہم مدعے ہیں۔ شمال مشرقی ریاستوں میں سیاست پر تین مدّے کے حاوی ہیں۔ خودمختاری کی مانگ علیحدگی پسند تحریکیں اور باہری لوگوں کی مخالفت۔

- خودمختاری کے لیے تحریکیں

آزادی کے وقت منی پور اور تری پورہ کے علاوہ پورا علاقہ آسام کی ریاست تھا۔ اس میں مختلف زبانیں بولنے والے اور قبائلی فرقوں کے لوگ رہتے تھے۔ ان لوگوں نے اپنی قدیمی پہچان کو برقرار رکھنے کے لیے الگ الگ ریاستوں کی مانگ کی۔

- علاحدگی پسند تحریکیں

## میزورم

- 1959 میں آسام کے میزو پہاڑیوں کے سنگین قحط کے دوران آسام حکومت کے مناسب انتظامات نہ کرنے کے سبب یہاں علاحدہ پسند تحریک شروع ہوئی۔
- 1966 میں لال ڈینگا کی قیادت میں میزو نیشنل فرنٹ نے آزادی کے لیے مسلح تحریک شروع کردی۔ 1986 میں راجیو گاندھی اور لال ڈینگا کے درمیان معاہدہ ہوا جس کے مطابق خصوصی اختیارات کے ساتھ میزورم کو ایک مکمل ریاست تسلیم کرلیا گیا۔

## ناگالینڈ

ناگا نیشنل کاؤنسل نے انگامی زافو میزو کی قیادت میں آزادی کی مانگ کرتے ہوئے 1951 سے بھارت سے الگ ہونے کی مانگ کرتے ہوئے مسلح تحریک شروع کی۔ کچھ وقت کے بعد اس میں دو گروپ بن گئے۔ بھارت سرکار نے ناگا نیشنل کاؤنسل (M) گروپ سے امن بحال کرنے کے لیے 2015 میں معاہدہ کیا لیکن یہاں مکمل طور سے امن قائم نہیں ہوسکا ہے۔ باہری لوگوں کا مسئلہ آج بھی آسام اور شمال مشرقی ریاستوں کے لیے بنا ہوا ہے۔

- **باہر والوں کے خلاف تحریکیں**
  - شمال مشرق سے آنے والے تارکین وطن کی بھاری تعداد نے ایک خاص قسم کا مسئلہ پیدا کر دیا جس نے مقامی آبادی کو ان باہر والوں یا غیروں کے سامنے کھڑا کر دیا ہے۔
  - 1979 سے آسام کی طلبا یونین (AASU) نے باہری لوگوں کی مخالفت میں تحریک شروع کی جس کے سبب AASU اور راجیو گاندھی کے درمیان امن معاہدہ ہوا۔ 2016 کے ریاستی انتخابات میں بنگلہ دیشی مسلمانوں کا غیر قانونی طور سے یہاں آکر بس جانا ایک مسئلہ کی شکل میں اہم موضوع رہا۔ باہری لوگوں کا مسئلہ آج بھی آسام اور شمال مشرقی ریاستوں کے لیے بنا ہوا ہے۔

- **دراویڈن تحریک**

اس تحریک کی قیادت تامل سماجی مصلح ای۔وی۔ راما سوامی ''پیری یار'' نے کی۔ اس تحریک نے جنوبی بھارت کی سیاسی، معاشی اور ثقافتی اقتدار، برہمن واد اور ہندی زبان کی مخالفت اور علاقائی پہچان بڑھانے پر زور دیا۔ اس تحریک کو جنوبی ریاستوں کی حمایت نہ ملنے کے سبب یہ صرف تامل ناڈو کے ساحل تک ہی سمٹ کر رہ گئی۔ اس تحریک کے سبب ایک نئی سیاسی جماعت دراوڑ کازگھم کی شروعات ہوئی جو کچھ عرصے کے بعد دو حصوں میں بٹ گئی (DMK اور AIDMK)۔ یہ دونوں سیاسی جماعتیں تامل ناڈو کی سیاست پر اثر انداز ہوتی ہیں۔

- **سکم کا انضمام**

آزادی کے وقت سکم بھارت کے زیر انتظام ونگرانی میں تھا۔ آزادی کے بعد سرکار نے سکم کے دفاعی اور خارجہ معاملات اپنے پاس رکھے اور راجا چوگیال کو داخلی انتظام دے دیا۔ چوگیال عوام کی جمہوری امنگوں اور آرزوؤں کا ساتھ نہ دے سکا۔

اپریل 1975 میں سکم اسمبلی نے سکم کو بھارت میں شامل کرنے کی قرارداد پاس کردی جسے وہاں کی عوام نے تسلیم کرلیا۔ بھارت نے اس قراردادکومنظور کرکے سکم کو بھارت کی 22ویں ریاست بنالیا۔

- **گوا کی آزادی**

گوا، دیو اور دمن سولھویں صدی سے ہی پرتگال کے ماتحت تھے اور 1947 میں آزادی کے بعد بھی پرتگال کے ماتحت رہے۔ مہاراشٹر کے سماج وادی ستیہ گرہوں کی حمایت سے گوا کی آزادی کا آندولن چلایا گیا۔ دسمبر 1961 میں بھارت سرکار نے گوا میں فوج بھیج کرآزاد کروایا اس طرح گوا، دیو اور دمن بھارت کے مرکزی اختیار والا علاقہ بن گیا۔

جنوری 1967 میں بھارت کی مرکزی حکومت نے گوا میں رائے شماری کروائی تا کہ عوام خود فیصلہ کریں کہ وہ مہاراشٹر میں شامل ہونا چاہتے ہیں یا ایک الگ ریاست میں رہنا چاہتے ہیں۔ یہ بھارت میں سب سے پہلا ریفرنڈم تھا۔ اکثریت نے مہاراشٹر سے الگ رہنے کا فیصلہ کیا۔ گوا کی حیثیت مرکزی علاقے کی ہی رہی۔ آخر کار 1987 میں گوا کو ہندوستانی وفاق کا حصہ بن گیا۔

- **آزادی کے بعد سے آج تک علاقائی آرزوؤں سے سبق**

(i) علاقائی آرزوئیں جمہوری سیاست کا اہم حصّہ ہیں

(ii) علاقائی آرزوؤں کو دبانے کے بجائے جمہوری بات چیت کے ذریعے حل کرنا چاہیے۔

(iii) اقتدار کی ساجھے داری کی اہمیت کو سمجھنا

(iv) علاقائی غیر توازن پر کنٹرول رکھنا

(v) ہندوستان کے ذریعے اپنایا گیا وفاقی نظام لچکیلا نظام ہے ہندستان کی سیاست علاقائیت کو جمہوریت کے حصہ کی شکل میں منظور کرنے میں کامیاب رہی ہے۔

## ایک نمبر کے سوالات

1۔ پنجاب معاہدے کے اہم لیڈر چنیئے۔

A۔ راجیو گاندھی۔ پرفل مہتا　　B۔ راجیو گاندھی۔ سنت لونگووال

C۔ راجیو گاندھی۔ ماسٹر تارا سنگھ　　D۔ راجیو گاندھی۔ لال ڈینگا

2۔ مندرجہ ذیل واقعات کو تاریخی اعتبار سے لکھیں۔

i۔ آنندپور صاحب قرارداد ii۔ اکالی دل کا قیام

iii۔ میزو پہاڑی علاقے میں قحط iv۔ سکم کا ہندوستان میں انضمام

(A) iii،ii،i اور iv (B) iv،iii،ii اور i

(C) ii،iii،i اور iv (D) i،iv،iii اور ii

3۔ علیٰحدگی پسند تحریک سے کون سا سبق سیکھا ہے؟

(A) علاقائی اُمنگیں جمہوری سیاست کا مضبوط حصہ ہیں۔

(B) علاقائی اُمنگیں صرف ہندوستان میں ہی ہیں۔

(C) علاقائی اُمنگیں ہمیشہ تشددی ہوتی ہیں۔

(D) علاقائی اُمنگیں صرف ایک ریاست تک محدود ہیں۔

4۔ لال ڈینگا اس علاقے کے وزیر اعلیٰ رہے ہیں۔

(A) میزورم (B) آسام

(C) ناگالینڈ (D) منی پور

5۔ دفعہ 370 کا تعلق کس ریاست سے ہے۔

(A) پنجاب (B) گوا

(C) جموں کشمیر (D) تریپورہ

مندرجہ ذیل دئے گئے انتخابات میں سے صحیح جواب کا انتخاب کریں:۔

6۔ علیحدگی پسند تحریک کن ریاستوں میں چلائی گئی۔

A۔ میزورم۔ناگالینڈ B۔ منی پور۔تری پورہ

C۔ آسام۔میزورم D۔ میزورم اور منی پور

7۔ MNF کاتعلق کس ریاست سے ہے۔

A۔ ناگالینڈ B۔ میزورم

C۔ منی پور D۔ میگھالیہ

8۔ 1948 کے بعد بھی گوا کس کے ماتحت رہا۔

A۔ ڈچ B۔ انگریز

C۔ پرتگال D۔ سبھی کے

9۔ اکالی دل کس ریاست کی علاقائی پارٹی ہے۔

A۔ ہریانہ B۔ ہماچل پردیش

C۔ اترپردیش D۔ پنجاب

10۔ آزادی کے وقت جموں وکشمیر کا حکمراں کون تھا۔

A۔ ہری چند B۔ ہری سنگھ

C۔ ہری رام D۔ ہری لال

## دونمبر والے سوالات

1۔ پنجاب معاہدہ کب اور کس کے درمیان ہوا؟

2۔ ان چار ملکوں کے نام لکھیں جن کی سرحدیں بھارت کے شمال مشرق علاقے سے ملتی ہیں؟

3۔ کشمیر اور لداخ میں کن مذہبوں کی اکثریت ہے۔

4۔ آسام کی علاقائی سیاسی جماعت ''آسام گن پریشد'' کن جماعتوں کو ملا کر بنائی گئی ہے؟

5۔ پنجاب کی تقسیم کب ہوئی اور کون سی نئی ریاستیں بنائی گئیں؟

6۔ شمال مشرق کے علاقہ کو زیادہ نازک علاقہ ماننے کے لیے دو اسباب بتایئے۔

7۔ آسو کیا تھا؟ اس کی خاص مانگیں کیا تھیں۔

## چار نمبر والے سوالات

1۔ علاقائیت اور علیحدگی پسندی میں فرق بیان کیجیے۔

2۔ پنجاب معاہدے کی اہم باتوں کا ذکر کیجیے۔

3۔ اختلافات کے سوال پر ہندوستان جیسے بڑے ملک کو یکجا کرنے پر جمہوری نظریہ کے فائدوں کی وضاحت کیجیے۔

4۔ بھارت میں علاقائی عدم توازن کو کس طرح سے قابو میں کیا جا سکتا ہے؟

## نیچے دیئے گئے پیراگراف کا مطالعہ کر کے دیئے گئے سوالات کے جواب دیں۔

''چھ سال کی مسلسل ناپائیداری کے بعد راجیو گاندھی کی قیادت والی حکومت نے آسو (AASU) کے لیڈر رو کے ساتھ بات چیت شروع کی جس کا سبب ایک معاہدہ ہوا''

1۔ آسو (AASU) کس ریاست کی تنظیم ہے؟

(A) منی پور (B) میزورم (C) میگھالیہ (D) آسام

2۔ AASU کی وسیع شکل بتائیے

(A) آل ایشیا اسٹوڈینٹ یونین (B) آل آسام اسٹو ینٹ یونین

(C) آل آسام اسٹوڈینٹ یونیورسل (D) آل آسام اسکالر یونین

3۔ راجیو گاندھی اور آسو کے لیڈروں کے بیچ سمجھوتہ کب ہوا؟

(A) 1980 (B) 1982 (C) 1985 (D) 1986

4۔ آسو کی ایک اہم مانگ کو لکھیں۔

(A) باہری لوگوں کی مخالفت (B) اپنی ثقافت کا تحفظ

(C) غریبی دور کرنا (D) اوپر دیئے گئے سبھی

## نقشے پر مبنی سوالات

دیئے گئے ہندوستان کے نقشے میں چار جگہیں (A) (B) (C) (D) دکھائی گئیں ہیں۔ دی گئی معلومات کی بنا انہیں پہچانیے ان کے صحیح نام استعمال کی گئی معلومات کے سیریل نمبر اور متعلق حروف کے جدول کی شکل میں اپنی جوابی کاپی میں لکھیں۔




| استعمال کی گئی معلومات کا سیریل نمبر | متعلق حروف | ریاست |
|---|---|---|
| i | | |
| ii | | |
| iii | | |
| iv | | |

(i) سال 1986 میں موجودہ وزیر اعظم راجیو گاندھی کے ساتھ سمجھوتے پر دستخط کیے گئے اور نئی بنی ریاست کے وزیر اعلیٰ بنے۔

(ii) وہ ریاست جس میں 1985-1979 تک باہری لوگوں کی مخالفت میں تحریکیں چلائیں۔

(iii) ہندوستانی وفاق کی یہ 22 ویں ریاست بنی۔

(iv) وہ ریاست جو 1961 میں پرتگال حکومت سے ہندوستانی فوج کے ذریعے آزاد کرائی گئی اور ہندوستان ی وفاق کا ایک حصہ بنی۔

## چھ نمبر والے سوالات

1۔ آزادی کے بعد سے جموں وکشمیر کی سیاست مسائل سے الجھی ہوئی اور جدوجہد والی رہی ہے۔ کیوں؟ واضح کیجیے۔

2۔ کن اسباب کے سبب بھارت کی جمہوریت کی کامیابی کے لیے علاقائیت پر قابو پانا ضروری ہے؟

3۔ ''آسام کی تحریک ثقافتی فخر اور معاشی پچھڑے پن کی ملی جلی شکل کو ظاہر کرتا ہے''۔ اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔

## ایک نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ B۔ راجیو گاندھی۔ سنت لونگووال

2۔ (C) ii،iii،i اور iv

3۔ (A) علاقائی اُمنگیں جمہوری سیاست کا مضبوط حصہ ہیں۔

4۔ (A) میزورم

5۔ (C) جموں کشمیر

6۔ A میزورم۔ ناگالینڈ

7۔ B میزورم

8۔ C پرتگال

9۔ D پنجاب

10۔ B ہری سنگھ

## دونمبر کے سوالات کے جوابات

1۔ جولائی 1985، راجیو گاندھی اور اکالی لیڈر ہرچرن سنگھ لونگوال

2۔ چین، میانمار، بنگلہ دیش اور بھوٹان

3۔ کشمیر میں مسلمانوں (اسلام) اور لداخ میں بودھ مذہب کے لوگوں کی اکثریت پائی جاتی ہے۔

4۔ آسوا اور آسام سنگرام کو ملا کر آسام گن پریشد بنائی گئی ہے۔

5۔ 1966 میں ہریانہ اور ہماچل پردیش

6۔ (i) پورے بھارت سے الگ تھلگ بین الاقوامی سرحدی لائن کا طویل ہونا

(ii) پیچیدہ سماجی بناوٹ، معاشی پچھڑاپن وغیرہ

7۔ ایک طلبا کی تنظیم تھی (All Asam Students Union) اس کی خاص مانگ تھی کہ 1951 کے بعد جتنے بھی لوگ آسام میں آ کر بسے انہیں آسام سے باہر بھیج دیا جائے۔

## چار نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ **علاقائیت**: علاقائی بنیاد پر سیاسی، معاشی اور ترقیاتی سے متعلق مانگیں اٹھانا

**علیحدگی پسندی**: کسی علاقے کا ملک سے الگ ہونا یا علیحدہ کرنے کی مانگ اٹھانا

2۔ (i) چنڈی گڑھ پنجاب کو دیا جائے گا۔

(ii) پنجاب، ہریانہ سرحدی مسئلہ سلجھانے کے لیے کمیشن قائم ہوگا

(iii) پنجاب، ہریانہ، راجستھان کے درمیان راوی ندی، بیاس ندی کے پانی کا بٹوارہ کے لیے انصافی عدالت قائم ہوگی۔

(iv) پنجاب میں دہشت گردی سے متاثر خاندانوں کو معاوضہ دیا جائے گا۔

3۔ (i) جمہوریت علاقائی امنگوں کا آزادانہ اظہار کرنے کی اجازت دیتی ہے۔

(ii) اس میں گروگروپوں کو ان کی علاقائی پہچان کی بنا پر خطاب کرنے کی صلاحیت ہے۔

(iii) جمہوریت علاقائی اُمنگوں کو مضبوط کرتی ہے۔

(iv) اس میں علاقائی مسائل پر کافی توجہ دی جاتی ہے

4۔ (i) سبھی علاقوں کو متوازن ترقی دینا

(ii) لسانیت کے مسئلہ کا حل نکالا جائے

(iii) قومی یکجہتی کو اہمیت دینا

(iv) علاقائی مفاد کے بدلے قومی مفاد کو اہمیت دینا۔

## اقتباس پر مبنی سوالات کے جواب

1۔ آسام

2۔ آل آسام اسٹوڈینٹ یونین

3۔ 1985

4۔ اوپر دیئے گئے سبھی

## نقشے پر مبنی سوالات کے جوابات

i۔ B۔ میزورم

ii۔ C۔ آسام

iii۔ D۔ سکم

iv۔ A۔ گوا

## چھ نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ (i) کشمیر میں تین سماجی اور معاشی علاقے

(ii) پاکستانی افواج کے ذریعے قبائلیوں کی شکل میں حملہ

(iii) کشمیر کو بھارت میں شامل کرنا

(iv) آرٹیکل 370 کے ذریعے ریاست کو خصوصی درجہ حاصل

(v) غلام کشمیر اور اکسائی چین کا معاملہ

(vi) علیحدگی پسندوں کا نظریہ

(vii) پاکستان کے ذریعے دہشت گردی کو بڑھاوا دینا

2۔ (i) ملک کی یکجہتی اور اتحاد میں رکاوٹ

(ii) ملک کی متوازن ترقی میں رکاوٹ

(iii) ملک کی معاشی ترقی میں رکاوٹ

(iv) قومی مفاد کو نظر انداز کرنا

(v) مرکزی اور ریاستی حکومتوں کے تعلقات میں کمی

(vi) ریاستوں کے آپسی تعلقات کے دائرے

(vii) پر تشدد تحریکوں کو بڑھاوا

3۔
- ملک کی خاص زمین سے جغرافیائی علیحدگی اور ثقافتی پہچان کا احساس
- معاشی پچھڑاپن
- باہری لوگوں (بنگلہ دیشی، بنگالی وغیرہ) کی بڑھتی ہوئی آبادی سے مقامی لوگوں میں مختلف آرزوئیں یا ڈر پیدا ہو گئے جیسے
  - (a) ثقافت کو خطرہ
  - (b) سیاسی اہمیت کا کم ہونا
  - (c) بے روزگاری بڑھنا
  - (d) تجارت اور کاروبار کے مواقع کم ہونا وغیرہ وغیرہ

# باب۔ آٹھ
# ہندوستانی سیاست نئے بدلاؤ

جب 1980 کی دہائی ختم ہوئی تو ملک میں 5 واقعات ایسے رونما ہوئے جن کا ہندوستان کی سیاست پر دیرپا اثرات چھوڑے۔

### 1۔ 1989 میں ہوئے چناؤ میں کانگریس پارٹی کی ہار

1984 کے لوک سبھا چناؤ کانگریس کو 415 سیٹیں ملیں اور 1989 میں 197 سیٹیں ملیں اس لیے 1989 کے چناؤ کو سیاسی پنڈتوں کے ذریعے کانگریس نظام کا خاتمہ کہا گیا کانگریس نے اس کے بعد اپنی قیادت میں سدھار کیے اور 1991 میں ہوئے وسط مدتی چناؤ کے بعد کانگریس فوراً اقتدار میں واپس آ گئی۔

### 2۔ قومی سیاست میں منڈل سیاست کا ظہور

نیشنل فرنٹ کی حکومت نے 1990 میں منڈل کمیشن کی سفارشوں کو لاگو کر دیا اور دیگر پسماندہ طبقوں (OBC) کے لیے مرکزی حکومت میں ملازمین ریزرو کر دیں۔

### 3۔ نئی معاشی پالیسی

مختلف حکومتوں کے ذریعے اپنائی گئی معاشی پالیسی نے بالکل پہلے سے الگ تھی۔اس کو اسٹرکچرل ایڈجسٹ منٹ پروگرام (SAP) کی ابتدا یا نئی معاشی اصلاحات کی شکل میں جانا جاتا ہے۔اس پالیسی میں معیشت کی نرم کاری اور نجی کاری پر زور دیا گیا۔

### 4۔ راجیوگاندھی کا قتل

1991 میں راجیوگاندھی کے قتل کے بعد کانگریس پارٹی کی قیادت میں تبدیلی آ گئی۔ان کو ایل۔ٹی۔ٹی ای سے وابستہ ایک سری لنکائی تمل نے قتل کر دیا۔ 1991 میں کانگریس سب سے بڑی اکیلی پارٹی کی شکل میں ابھری۔

### 5۔ ایودھیا تنازعہ

دسمبر 1992 میں ایودھیا میں متنازعہ ڈھانچے (جو بابری مسجد کے نام سے مشہور ہے) کو منہدم کر دیا۔ یہ واقعہ ملک میں سیاسی تبدیلیوں کی علامت اور سبب بنا۔ اس سے ملک میں فرقہ وارارنہ فساد ہوئے۔

## گٹھ بندھن کا دور

- 1989 کے چناؤ میں کانگریس پارٹی کی ہار ہوئی لیکن کسی دوسری پارٹی کو بھی اکثریت نہیں ملی۔
- نیشنل فرنٹ (راشٹریہ مورچہ) کو (جو جنتا دل اور دوسری علاقائی پارٹیوں کا مجموعہ تھا) دو مخالف گروپ میں بی جے پی اور بایاں بازو کی حمایت حاصل ہوئی۔ اس بنیاد پر نیشنل فرنٹ نے ایک گٹھ بندھن حکومت قائم کر لی لیکن بی جے پی اور بایاں بازو کی پارٹیاں حکومت میں شامل نہیں ہوئیں۔
- 1989 میں علاقائی پارٹیوں نے حکومت کا ساتھ دیا اور گٹھ بندھن بنانے میں اہم رول ادا کیا۔
- 1996 میں یونائیٹڈ فرنٹ کی حکومت اقتدار میں آئی۔ یہ حکومت نیشنل فرنٹ حکومت کی طرح تھی۔
- یونائیٹڈ فرنٹ کی حکومتکو کانگریس اور بایاں بازو کی حمایت حاصل ہوئی کیوں کہ 1996 میں یہ پارٹی بھارتیہ جنتا پارٹی کو اقتدار سے دور رکھنا چاہتی تھی۔
- 1996 میں بھارتیہ جنتا پارٹی سب سے بڑی پارٹی بن کر ابھری اور اسے حکومت بنانے کے لیے بلایا گیا لیکن یہ لوک سبھا میں اکثریت ثابت نہیں کر سکی۔
- مئی 1998 سے جون 1999 تک بھارتیہ جنتا پارٹی (NDA-I) اقتدار میں آئی اور اکتوبر 1999 میں پھر سے نامزد ہوئی۔
- پہلی گٹھ بندھن حکومت جس نے اپنی مدت پوری کی اٹل بہاری باجپئی کی قیادت میں بنی NDA حکومت تھی۔
- دوسرا گٹھ بندھن یونائیٹڈ پروگریسیو الائنس (UPA) حکومت کا بنانا۔ اس نے کانگریسی لیڈر ڈاکٹر من موہن سنگھ کی قیادت میں دو مدت (2004 سے 2009 اور 2009 سے 2014) پورے کئے۔
- ### دیگر پسماندہ طبقوں (OBC) کا سیاسی عروج

■ اس دور کی ایک اہم ترقی سیاسی طاقت کی شکل میں دیگر پسماندہ طبقوں کا عروج تھا۔ یہ درج فہرست ذاتوں اور

درج فہرست قبیلوں (ST) سے الگ وہ ذاتیں ہیں جو سماجی اور تعلیمی طور سے پسماندہ ہیں۔ان کو پسماندہ طبقات کے نام جانا جاتا ہے۔

- 1978 میں مرکزی حکومت نے پچھڑے طبقوں کی حالت میں سدھار لانے کے لیے ایک کمیشن مقرر کیا۔آزادی کے بعد یہ دوسری بار تھا جب حکومت نے اس طرح کا کمیشن مقرر کیا اس لیے اس کمیشن کو سرکاری طور پر دیگر پسماندہ طبقاتی کمیشن کے نام سے جانا جاتا ہے۔اس کمیشن کو اس کے صدر بندیشوری پرسادمنڈل کے نام سے یعنی منڈل کمیشن کے نام سے جانا جاتا ہے۔
- ہندوستانی سماج کے مختلف طبقوں کے بیچ تعلیم اور سماجی پچھڑے پن کا اندازہ لگانے اور ان پچھڑے طبقوں کی پہچان کرنے کے طریقوں کی سفارش کرنے کے لیے منڈل کمیشن کی تشکیل کی گئی۔

## اس کی سفارشیں

- دیگر پسماندہ طبقات (OBC) کو مرکزی حکومت کی نوکریوں میں 27 فی صد ریزرویشن دینا
- تعلیمی اداروں میں ریزرویشن
- پچھڑے ہوئے طبقات کی حالت کو سدھارنے کے لیے زمینی سدھار

اگست 1990 میں نیشنل فرنٹ (راشٹریہ مورچہ) کی حکومت نے مرکزی حکومت اور اس کے اداروں میں نوکریوں میں OBC کے لیے ریزرویشن سے متعلق منڈل کمیشن کی سفارشوں کو لاگو کرنے کا فیصلہ لیا اس فیصلے نے شمالی ہندوستان کے کئی شہروں میں تحریک اور تشددی مظاہرے کیے۔

اس فیصلے کو عدالت میں بھی چنوتی دی گئی (مخالفت کے نظریہ سے یہ ریزرویشن مساوات کے حق کے خلاف ہے) اندرا ساہنی اس مقدمے کی مدعی تھی۔اسے اندرا ساہنی مقدمے کے نام سے جانا جاتا ہے۔1992 میں سپریم کورٹ کے فیصلہ کے مطابق حکومت کے فیصلے کو حق بجانب ٹھہرایا اس فیصلے کے نفاذ کے طریقے پر سیاسی پارٹیوں میں کچھ اختلاف تھا لیکن اب OBC کے لیے ریزرویشن کی پالیسی کو ملک کی تمام بڑی پارٹیوں کی حمایت حاصل ہے۔

## فرقہ واریت۔سیکولرازم۔جمہوریت

- اس مدت کے دوران دوسری طویل مدتی ترقی مذہبی شناخت پر مبنی سیاست کا عروج تھا جس سے سیکولرازم اور جمہوریت کے بارے میں ایک بحث شروع ہوئی 1980 میں جن سنگھ سے بھارتیہ جنتا پارٹی کا قیام ہوا۔

- اس نے گاندھیائی سماجواد کو اپنے نظریہ کی شکل میں اپنایا۔لیکن 1980 اور 1984 میں ہوئے چناؤ میں اسے زیادہ کامیابی نہیں ملی 1986 کے بعد پارٹی نے اپنے نظریات میں ہندوقومیت کے عنصر پر زور دینا شروع کیا۔
- 1986 کے قریب رونما ہونے والے دو واقعات نے بی جے پی کو ''ہندوتو'' پارٹی کا رنگ اختیار کرنے میں مرکزی کردارادا کیا۔ پہلا 1985 میں شاہ بانو معاملہ تھا۔قدامت پرست مسلمانوں نے اسے اس کے سابق شوہر سے نان ونفقہ ( گزارہ بھتہ ) دینے پر سپریم کورٹ کے فیصلہ کی مخالفت کی ۔ان کے نظریہ سے یہ مسلم پرسنل لا میں دخل اندازی تھی ۔
- کانگریس نے سپریم کورٹ کے فیصلے کو روکنے کے لیے مسلم قوانین خاتون 1986 ( Muslim women Act-1986 ) پاس کر دیا۔بی جے پی نے کانگریس حکومت کی اس کارروائی کو اقلیتی کمیونٹی کی غیر ضروری رعایت اور سازش قرار دیا۔
- دوسرا واقعہ فروری 1986 میں فیض آباد ضلع عدالت نے حکم دیا کہ بابری مسجد کے احاطے کو کھولا جائے تا کہ ہندو اس جگہ پر عبادت کر سکیں جسے وہ مندر مانتے ہیں۔
- بابری مسجد کے تالے کے کھلتے ہی ہندو اور مسلمانوں دونوں طرف سرگرمیاں شروع ہوگئیں۔اچانک یہ تنازعہ ایک اہم قومی مسئلہ بن گیا اور فرقہ وارانہ تنازعہ کا سبب بن گیا۔عوامی حمایت حاصل کرنے کے لیے بی جے پی نے سومناتھ ( گجرات ) سے لے کر ایودھیا (اتر پردیش ) تک ایک زبردست ریلی نکالی جس کو رتھ یاترا کا نام دیا۔
- سپریم کورٹ نے ریاستی حکومت کو یہ دھیان رکھنے کا حکم دیا کہ تنازعاتی جگہ خطرے میں نہ پڑے حالانکہ 6 دسمبر 1992 کو ملک بھر سے ہزاروں لوگ ایودھیا میں اکٹھے ہوئے اور مسجد کو شہید کر دیا۔مرکزی حکومت نے مسجد کی شہادت کے حالات کی جانچ کرنے کے لیے ایک کمیشن مقرر کیا۔کئی سیاسی پارٹیوں نے مسجد کی شہادت کی مذمت کی یہ سیکولرازم کے اصول کے خلاف ہے۔
- فروری مارچ میں گجرات میں مسلمانوں کے خلاف اس طرح کا تشدد ہوا۔دوفرقوں کے بیچ اس طرح کا تشدد جمہوریت کے لیے خطرہ ہے۔

## اتفاق رائے کا ظہور

- گزشتہ بیس سالوں میں سخت مقابلے اور بہت سے تنازعہ کے باوجود زیادہ تر سیاسی جماعتوں کے درمیان بہت سے تنازعات اور کشاکش کے باوجود ایک اتفاق رائے قائم ہوتی نظر آتی ہے۔یہ اتفاق رائے مندرجہ ذیل

اجزا پر مشتمل ہے:

- پہلا نئی معاشی اور اقتصادی پالیسیوں کے بارے میں ہم آہنگی اور اتفاق
- دوسرا پسماندہ ذاتوں کے سیاسی دعوے کو تسلیم کرنا
- تیسرے ملک کی حکومت چلانے میں ریاستی سطح کی پارٹیوں کے کردار کو تسلیم کیا جانا چاہیے
- چوتھا عنصر نظریاتی موقف کے بجائے عملی باتوں پر زور اور نظریاتی ہم آہنگی کے بغیر سیاسی اتحاد ہے

- 16/ مئی 2014 کو لوک سبھا انتخابات کے نتائج نے سب کو حیرت میں ڈال دیا ہے۔ پچھلے بیس سالوں سے گٹھ بندھن کی حکومت کا خاتمہ ہوگیا۔ بھارتیہ جنتا پارٹی نے زبردست کامیابی حاصل کر کے مرکز میں اپنی حکومت قائم کر لی ہے۔ 2019 کے لوک سبھا کے انتخاب میں ایک دفعہ پھر سے جنتا پارٹی نے زبردست کامیابی حاصل کر مرکز میں اپنی حکومت قائم کر لی۔

## ایک نمبر والے سوالات

1۔ Uniform Civil Code کا تعلق کس دفعہ سے ہے؟

(A) دفعہ 40 (B) دفعہ 42

(C) دفعہ 44 (D) دفعہ 51

2۔ ہندوستان کی سیاست میں قومی سطح پر گٹھ بندھن سیاست کی شروعات ہوئی۔

(A) 1977 (B) 1984

(C) 1989 (D) 1991

3۔ 1984 کے عام چناؤ میں کانگریس پارٹی کو لوک سبھا میں کتنی سیٹیں ملیں؟

(A) 415 (B) 315

(C) 515 (D) 350

4۔ بہوجن سماج وادی پارٹی کے بانی۔

(A) مایاوتی (B) کانشی رام

(C) ملائم سنگھ (D) چندر شیکھر

5۔ 1989 میں مرکز میں گٹھ بندھن حکومت کے اثر کے لیے ذمہ دار عوامل تھے۔

(i) کانگریس کی مرکز کی مضبوط حیثیت ہونا (ii) کسی بھی پارٹی کو اکثریت نہ ملنا

(iii) کانگریس پارٹی میں کرشمائی لیڈروں کی کمی ہونا (iv) علاقائی پارٹیوں کا بڑھتا اکثر

(A) i, ii, iii, iv (B) i, iv (C) ii, iii, iv ۔D i, iii

6۔ 1978 میں قائم دیگر پسماندہ طبقاتی کمیشن کے صدر

(A) کرپوری ٹھاکر (B) بابا صاحب امبیڈکر

(C) کاشی رام (D) بی۔پی۔منڈل

7۔ کس پارٹی کی حکومت نے منڈل کمیشن کی سفارشوں کو لاگو کیا؟

(i) نیشنل فرنٹ (ii) یونائیٹڈ فرنٹ

(iii) یونائیٹڈ پروگریسو الائنس (iv) سماجوادی پارٹی

8۔ 1991 میں لاگو نئی معاشی پالیسی کس وزیر اعظم کے دور میں لاگو کی گئی۔

(A) ڈاکٹر منموہن سنگھ (B) اٹل بہاری واجپئی

(C) پی وی نرسمہاراؤ (D) وی پی سنگھ

9۔ NDA کو مکمل شکل دیں۔

(A) نیشنل ڈیموکریٹک الائنس (B) نیشنل ڈیولپمنٹ الائنس

(C) نیوڈیولپمنٹ الائنس (D) نیوڈیولپمنٹ ایگریمنٹ

10۔ اس گٹھ بندھن کا نام لکھیے جسے کامیابی سے دو مدت 2004-2009 اور 2009-2014 تک حکومت کی۔

(A) NDA (B) UPA

(C) نیشنل فرنٹ (D) نیوڈیولپمنٹ ایگریمنٹ

11۔ سال 1998 میں دوسرے نیوکلیائی تجربے کے وقت وزیراعظم کون تھے؟

(A) ڈاکٹر منموہن سنگھ (B) شری وی پی سنگھ

(C) ایچ ڈی دیوگوڑا (D) شری اٹل بہاری باجپئی

12۔ مندرجہ ذیل کو چنیئے۔

(i) چندر شیکھر۔یونائیٹڈ فرنٹ (ii) آئی کے گجرال۔نیشنل فرنٹ

(iii) اٹل بہاری باجپئی۔نیشنل ڈیموکریٹک گٹھ بندھن (iv) ڈاکٹر منموہن سنگھ۔یونائیٹڈ پروگریسیو الائنس

(A) i اور ii (B) iiاور iii

(C) ii،iiiاور iv (D) سبھی

سوال 13 سے 15 تک دو بیان دعویٰ A اور وجہ R دیئے گئے ہیں انھیں پڑھ کر صحیح متبادل چنیئے۔

(A) دعویٰ (A) اور وجہ (R) دونوں صحیح ہیں اور وجہ (R) دعویٰ کی صحیح وضاحت ہے۔

(B) دعویٰ (A) اور وجہ (R) دونوں صحیح ہیں لیکن وجہ (R) دعویٰ کی صحیح وضاحت نہیں ہے۔

(C) دعویٰ (A) صحیح ہے لیکن وجہ (R) غلط ہے۔

(D) دعویٰ (A) غلط ہے لیکن وجہ (R) صحیح ہے۔

13۔ دعویٰ:۔1991 میں نئی معاشی پالیسی نے بنیادی طور سے اس سمت کو بدل دیا۔

وجہ:۔اس کے بعد جتنی بھی حکومتیں آئیں سبھی نے اس کو اپنایا۔

14۔ دعویٰ:۔1991 میں نیشنل فرنٹ نے بی جے پی اور بایاں بازو پارٹی کے تعاون سے گٹھ بندھن حکومت بنائی

وجہ:۔ بی جے پی اور بایاں بازو پارٹیاں دونوں حکومت میں شامل ہوگئیں۔

15۔ دعویٰ:۔ مرکزی حکومت نے 1987 میں پچھڑے طبقوں کی حالت کو سدھارنے اور جانچنے کے لیے ایک کمیشن مقرر کیا۔

وجہ:۔ آزادی کے بعد یہ دوسری دفعہ تھا جب حکومت نے کمیشن کو مقرر کیا۔

## دونمبر والے سوالات

1۔ گٹھ بندھن سرکار سے کیا مراد ہے؟

2۔ منڈل کمیشن کی دو اہم سفارشات بتائیں۔

3۔ گٹھ بندھن حکومتوں کا دور کس وجہ سے شروع ہوا؟

4۔ شاہ بانو معاملہ کیا تھا؟

5۔ بھارتیہ جنتا پارٹی کو 1986 میں کن دو اہم واقعات کے سبب ابھرنے کا موقعہ ملا۔

6۔ BAMCEF کو تفصیل سے لکھیں۔ یہ کب قائم ہوئی؟

7۔ گجرات میں فرقہ وارانہ فسادات کس حادثہ کے سبب شروع ہوئے؟

8۔ تین طلاق پر حال میں مودی حکومت کے ذریعے لایا گیا بل Uniform Civil Code ایک اہم قدم ہے واضح کریں۔

## چار نمبر والے سوالات

1۔ سیاست میں عوام کی شرکت اور بہبودی سے جڑے ترقی کے کوئی چار مدّوں کی وضاحت کیجیے۔

2۔ BJP کی کامیابی پر نوٹ لکھیے۔

3۔ 1989 کے لوک سبھا کے چناؤ کا ہندوستان کی سیاست پر کیا اثر پڑا

4۔ UPAاور NDA گٹھ بندھن حکومتوں پر نوٹ لکھیے۔

5۔ ملی جلی گٹھ بندھن کے دو مثبت اور دو منفی پہلو لکھیے۔

## اقتباس پر مبنی سوالات

1۔ مندرجہ ذیل پیراگراف کو غور سے پڑھیں اور سوالات کے جواب دیں۔

''1989 کے انتخابات سے بھارت میں گٹھ بندھن کی سیاست کے ایک لمبے دور کی شروعات ہوئی۔اس کے بعد سے مرکز میں 11 حکومتیں بنیں۔ یہ سبھی گٹھ بندھن کی حکومتیں تھیں یا دوسری جماعتوں کی حمایت پر ٹکی ہوئی غیر اکثریتی حکومتیں تھیں جو ان حکومتوں میں شامل نہیں ہوئیں۔اس نئے دور میں کوئی سرکار علاقائی پارٹیوں کی ساجھے داری یا ان کی حمایت سے ہی بنائی جاسکتی تھی۔'' مئی 2014 کے لوک سبھا چناؤ میں BJP کو مکمل اکثریت حاصل ہوئی لیکن مرکز میں شری نریندر مودی کی قیادت میں NDA کی گٹھ بندھن حکومت بنی۔

1۔ گٹھ بندھن سیاست کا دور مرکز میں کس سال شروع ہوا؟

(A) 1979 (B) 1989 (C) 1999 (D) 2014

2۔ 1989 میں بنی نیشنل فرنٹ کے وزیر اعظم کون تھے؟

(A) وی پی سنگھ (B) ایچ ڈی دیوگوڑا (C) منموہن سنگھ (D) راجیو گاندھی

3۔ شری اندر گجرال کا تعلق کس گٹھ بندھن سے تھا؟

(A) نیشنل فرنٹ (B) یونائٹیڈ فرنٹ

(C) یونائٹیڈ پروگرسیو الائنس (D) نیشنل ڈیموکریٹک الائنس

3۔ گٹھ بندھن حکومت سے متعلق نہیں ہے۔

(A) ایک پارٹی کی اکثریت (B) علاقائی پارٹیوں کا بڑھتا اثر

(C) غیر مستحکم حکومتیں (D) سب کی رائے سے فیصلہ

## نقشے پر مبنی سوالات

دیئے گئے ہندوستان کے نقشے میں D, C, B, A کو دکھایا گیا ہے۔ نیچے دی گئی معلومات کی بنیاد پر انہیں پہچانیے اور ان کے صحیح نام استعمال کی گئی معلومات کے سیریل نمبر اور متعلق حروف کے ساتھ مندرجہ ذیل جدول کی شکل میں اپنی جوابی کاپی میں لکھیں۔




| استعمال کی گئی معلومات کا سیریل نمبر | متعلق حروف | ریاست کا نام |
|---|---|---|
| i | | |
| ii | | |
| iii | | |
| iv | | |

1۔ وہ ریاست جہاں سے سابق وزیراعظم وی۔ پی۔ سنگھ منتخب ہوئے تھے۔

2۔ جون 1996 سے اپریل 1997 تک رہے۔ سابق وزیراعظم کی ریاست۔

3۔ وہ ریاست جس کا تعلق منڈل کمیشن 79-1977 کے صدر سے تھا۔

4۔ وہ ریاست جہاں 1957 سے 1967 تک نیشنل کانفرنس کی حکومت بنی رہی۔

## کارٹون پر مبنی سوالات




(i) کس وزیراعظم کو کٹھ پتلی کے طور پر دکھایا گیا ہے۔

(ii) لال کرشن اڈوانی۔جیوتی باسو کا تعلق کن سیاسی پارٹیوں سے ہے؟

(iii) اس کارٹون میں کس طرح کی حکومت دکھائی گئی ہے، اس طرح کی حکومت کی ایک خوبی اور خامی لکھیے۔

## چھ نمبر والے سوالات

1۔ 1989 کے بعد بھارت کی سیاست میں آنے والی تبدیلیوں کا ذکر کیجیے۔ (Imp)

2۔ کن مدعوں پر بھارت کی سیاسی جماعتوں میں عام طور پر ایک رائے ہے؟

3۔ ''2014 کے انتخابات میں بھارتیہ جنتا پارٹی کی جیت سے گٹھ بندھن حکومت کا خاتمہ ہوگیا ہے'' اس بیان کی حمایت میں اور مخالفت میں دلائل دیجیے۔

4۔ گٹھ بندھن حکومت کے سبب مرکز- ریاستی حکومت کے تعلقات میں کیا تبدیلیاں آئی ہیں؟ کوئی تین تبدیلیاں بیان کیجیے۔

## ایک نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ (C) دفعہ 44

2۔ (C) 1989

3۔ (A) 415

4۔ (B) کاشی رام

5۔ (C) ii, iii, iv

6۔ بی۔پی۔منڈل

7۔ (ii) یونائیٹڈ فرنٹ حکومت

8۔ (C) پی وی نرسمہا راؤ

9۔ (A) نیشنل ڈیموکریٹک الائنس

10۔ (B) UPA

11۔ (D) شری اٹل بہاری باجپئی

12۔ (D) سبھی

13۔ (A) دعویٰ (A) اور وجہ (R) دونوں صحیح ہیں۔

14۔ (C) دعویٰ (A) صحیح ہے لیکن وجہ (R) غلط ہے۔

15۔ (A) دعویٰ (A) اور وجہ (R) دونوں صحیح ہیں اور وجہ (R) دعویٰ کی صحیح وضاحت ہے۔

## دونمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ ایک سے زیادہ سیاسی جماعتوں کے ذریعے مل کر حکومت بنانا

2۔ دیگر پسماندہ طبقات کو سرکاری نوکریوں میں 27 فی صدر یزرویشن

زمینی اصلاحات سے متعلق قانون کو عملی جامع پہنانا

3۔ قومی سیاسی جماعتوں کا کمزور ہونا اور علاقائی جماعتوں کا زیادہ اثرانداز ہونا

4۔ شاہ بانو ایک مسلم عورت تھیں جنھوں نے اپنے شوہر کے طلاق دینے پر عدالت میں اپنے گذارہ بھتہ حاصل کرنے کے لیے اپیل کی اور سپریم کورٹ نے ان کے حق میں فیصلہ دیا۔حکومت نے ایک قانون کے ذریعے اس فیصلہ کو مسترد کر دیا۔

5۔ (i) شاہ بانو کیس

(ii) عدالت کے ذریعے ایودھیا میں متنازعہ مقام کا تالا کھولا جانا

6۔ Backward and Minorities Classes Employee's Federation.. 1978 میں

7۔ گودھرا ٹرین حادثہ

8۔ ہندوستان کے آئین میں سب شہریوں کو یکساں حقوق دیئے گئے ہیں تین طلاق کا خاتمہ مسلم عورتوں کو برابری دلانے کی سمت میں اٹھایا گیا ایک قدم ہے۔

## چار نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ i۔ دیگر پسماندہ طبقوں کا سیاسی عروج اور منڈل کمیشن کا نفاذ

ii۔ نئی معاشی پالیسی

iii۔ زمینی اصلاحات سے متعلق قانون کا عمل میں آنا

iv۔ مختلف سماجی معاشی اور فلاحی منصوبے

v۔ نسلوں۔طبقوں برادریوں جنس اور علاقوں سے اوپر اٹھ کر ترقی

2۔
- اطلاعات کا حق
- قومی غذائی تحفظ
- فصل بیمہ یوجنا
- تعلیم کا حق

3۔ (i) 1989 کے الیکشن میں کانگریس کو شکست ہوئی۔کانگریس کو صرف 197 سیٹیں ہی مل سکیں۔لیکن کوئی دوسری پارٹی بھی اکثریتی پارٹی کی حیثیت سے سامنے نہیں آئی۔

(ii)۔ جنتا دل 143 سیٹوں کے ساتھ دوسرے نمبر پر رہی۔ وی۔ پی۔ سنگھ بی جے پی اور CPI(A) کی مدد سے وزیر اعظم بنے۔

(iii) 1989 کے بعد سے 2014 تک مخلوط گٹھ بندھن کی حکومتوں کا سلسلہ شروع ہوا جس میں علاقائی پارٹیوں نے اہم کردار ادا کیا۔

(iv) دلت اور دیگر پسماندہ طبقے کی بڑی اور طاقتور تحریکیں ابھر کر سامنے آئیں۔

4۔ (i) National Democratic Alliance (NDA) ہندوستان میں ایک سیاسی گٹھ بندھن ہے۔ یہ گٹھ بندھن دایاں بازو کی حمایت سے بنا۔ اس کی رہنمائی بی جے پی کرتی ہے۔ اس کا قیام 1998 میں ہوا تھا۔ اس کے پہلے صدر اٹل بہاری واجپئی تھے۔ اس گٹھ بندھن نے 1998 سے 2004 تک حکومت کی۔ اس کے بعد یہ گٹھ بندھن 2014 اور 2019 کے عام چناؤ میں اقتدار میں آیا اس کے لیڈر شری نریندر مودی وزیر اعظم بنے۔

United Progressive Alliance (UPA) اس کا قیام 2004 کے لوک سبھا کے چناؤ کے بعد ہوا۔ یہ گٹھ بندھن بایاں بازو جھکاؤ والی سیاسی پارٹیوں کی حمایت سے بنا۔ اس گٹھ بندھن میں انڈین نیشنل کانگریس سب سے زیادہ ممبر والی پارٹی رہی۔ اس گٹھ بندھن میں من موہن سنگھ دو بار وزیر اعظم چنے جا چکے ہیں۔ (2004 سے 2009 اور 2009 سے 2014)

5۔ **مثبت پہلو:**

(i) علاقائی توازن قائم کرنے میں معاون

(ii) مختلف سیاسی جماعتوں کو نمائندگی

**منفی پہلو:**

(i) سیاسی ناپائیداری

(ii) پالیسیوں کو مضبوطی سے لاگو کرنے میں کمی

## اقتباس پر مبنی سوالات کے جوابات

(i) (b) 1989

(ii) (a) شری وی پی سنگھ

(iii) (b) یونائیٹڈ فرنٹ

(iv) (a) ایک پارٹی کی اکثریت

## نقشے پر مبنی سوالات کے جوابات

2۔ (i) — A — اتر پردیش

(ii) — C — کرناٹک

(iii) — D — بہار

(iv) — B — جموں وکشمیر

## کارٹون پر مبنی سوالات کے جوابات

1۔ شری وشواناتھ پرتاپ

2۔ لال کرشن آڈوانی۔ بھارتیہ جنتا پارٹی

جیوتی باسو CPI(M)

3۔ گٹھ بندھن حکومت علاقائی پارٹیوں کوقومی سطح پر شرکت کا موقع دینا، قومیت اہمیت کے موضوعات کے مقابلے میں علاقائی مدوں کوزیادہ اہمیت

## چھ نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ یادرکھنے لائق نکات کا مطالعہ کریں

2۔ (i) نئی معاشی پالیسی پر رضامندی

(ii) پچھڑے طبقات کے سیاسی اور سماجی دعوں کومنظوری

(iii) علاقائی جماعتوں کا رول اوران کی حکومت بنانے میں حصّہ داری

(iv) سیاسی جماعتوں کے نظریات کی جگہ کام کرنے کے عمل پر زور

3۔ **حمایت**

- 1984 کے بعد پہلی بار مرکز میں کسی جماعت کو اکثریت حاصل ہوئی
- زیادہ تر علاقائی جماعتوں کی طاقت میں کمی
- سیاسی جماعتوں میں خاص طور سے کانگریس اور یو۔پی۔اے۔کی سیٹوں میں بہت بڑی گراوٹ

**مخالفت**

- واضح اکثریت حاصل کر لینے کے بعد بھی بھارتیہ جنتا پارٹی کا NDA کو ساتھ لے کر چلنا
- تین علاقائی جماعتوں ترنمول کانگریس (مغربی بنگال) بیجو جنتا دل (اڑیسہ) اور AIADMK (تامل ناڈو) میں اپنا دبدبہ قائم رکھنا۔ اپنی اپنی ریاستوں میں اکثریت کی حکومت بنانا۔

4۔ (i) دفعہ 356 کا غلط استعمال کم ہو گیا

(ii) ریاستوں کی طاقت میں اضافہ

(iii) ریاستوں میں مرکز کی مداخلت کم ہوئی

(iv) زیادہ تر ریاستوں میں قومی سیاسی جماعتوں کا کمزور ہونا

(Referance M)

CBSG

(بارہویں کلاس2023-24)

حصہ۔A: ہم عصر عالمی سیاست

# باب۔1 دوقطبیت کا خاتمہ

## عرب اسپرنگ

21ویں صدی عرب بہار(Arb Spring)

21 ویں صدی میں جمہوریت کے حامی اور جمہوریت نواز بغاوتوں کا ایک سلسلہ جو وسطی مغربی ایشیا اور شمالی افریقہ میں شروع ہوا عرب اسپرنگ یا عرب بغاوت کی شکل میں جانا جاتا ہے۔عرب اسپرنگ بغاوت کی ایک ایسی لہر تھی جسنے احتجاج۔ مخالف مظاہرے اور فسادات کی بدولت عرب ممالک کے ساتھ ساتھ پوری دنیا کو ہلا کر رکھ دیا۔اس کی شروعات ٹیونیشیا میں2010 کو محمد باؤزی زی(Md. Bouzizi) کی خودکشی کے ساتھ ہوئی۔اس کی آگ کی لپٹیں پہلے لیبیا۔مصر۔یمن شام اور بحرین پہنچیں جہاں حکمرانوں کو اقتدار کی گدی سے ہٹنے پر مجبور ہونا پڑا۔

عرب اسپرنگ کی خاص وجہ وہاں کی حکومتوں کا تاناشاہی رویہ اور معاشی غیر یکسانیت تھی۔اس کے علاوہ عوام کی حکومت کے تئیں بے اطمینانی۔انسانی حقوق کی پامالی۔سیاسی بدعنوانی بے روزگاری۔بدحال معیشت اور مقامی وجوہات بھی تھیں۔ان سبھی وجوہات نے حکومت مخالف سبھی طبقوں کو ایک کرنے کا کام کیا۔پورے عرب ممالک میں جمہوریت کے تئیں بیداری پیدا کی۔

## دورِحاضر کے طاقت کے مرکز

برکس(BRICS) پانچ ممبر ممالک کی مشترکہ تنظیم کو برکس کہتے ہیں۔یہ پانچ ممبر ممالک ترتیب وار ہیں۔برازیل۔روس۔ انڈیا۔چائنا اور ساؤتھ افریقہ۔اس تنظیم کی تشکیل2006 میں روس میں ہوئی تھی۔پہلے اس کا نام BRIC تھا۔کیوں کی اس کی شروعات برازیل۔روس۔انڈیا اور چین کے ساتھ ہوئی تھی لیکن بعد میں اس میں جنوبی افریقہ کو بھی شامل کیا گیا۔اس

طرح یہ برک(BRIC) سے برکس(BRICS) ہوگیا۔ دنیا کی ابھرتی ہوئی معیشتوں کے لیے اس لفظ کا استعمال کیا گیا۔ ہر سال برکس ممالک کی سالانہ کانفرنس ہوتی ہے جس میں ان کے لیڈر شامل ہوتے ہیں۔ اس کی 11 ویں کانفرنس 2019 میں برازیل میں ہوئی۔ 12 ویں کانفرنس روس میں 2020 میں آن لائن ہوئی۔

## روس

سوویت یونین کے زوال سے پہلے روس سوویت یونین کا سب سے بڑا حصہ تھا رقبہ کے اعتبار سے بھی یہ دنیا کا سب سے بڑا ملک ہے۔ 1991 میں سوویت یونین کے زوال کے بعد روس سوویت یونین کا جانشین بنا۔

- عالمی سطح پر یہ ایک طاقتور ریاست ہے اس کے پاس معدنیات۔ قدرتی وسائل اور گیسوں کا بے پناہ ذخیرہ ہے۔ نیوکلیائی ہتھیاروں کا بڑا ذخیرہ ہے۔
- روس نیوکلیائی ہتھیاروں سے لیس ملک ہے۔
- یہ انجمن اقوام متحدہ کی سلامتی کاؤنسل جسے P-5 بھی کہا جاتا ہے کا ایک مستقل ممبر ہے۔ روس ہندوستان کے خاص دوستوں میں سے ایک ہے دونوں ممالک کے درمیان اچھے تجارتی تعلقات بھی ہیں۔

## ہندوستان

21 ویں صدی میں ہندوستان کو ابھرتی ہوئی عالمی طاقت کی شکل میں دیکھا جا رہا ہے۔ ایک کثیر محوری نظریہ سے بھی دنیا ہندوستان کی طاقت اور اس کے عروج کا اندازہ کر رہی ہے۔

ہندوستان کی آبادی تقریباً 1.35 کروڑ ہے۔ ہندوستانی معاشی سماجی اور ثقافتی حیثیت بہت مضبوط ہے۔

معاشی نظریہ سے: ہندوستان ایک بڑا تجارتی مرکز ہے۔

سماجی اور ثقافتی نظریہ سے:۔ 200 ملین ہندوستانی مہاجرین کے ساتھ ہندوستان کی مِلی جُلی تہذیب ہندوستان کو پوری دنیا میں 21 ویں صدی کے ایک نئے مرکز کی شکل میں اہمیت دیتی ہے۔

فوجی نظریہ سے: ہندوستان کی فوجی طاقت نیوکلیائی تکنیک کے ساتھ اسے خودکفیل بناتی ہے۔

سائنس اور ٹکنالوجی میں میک ان انڈیا کا منصوبہ ہندوستان کی معیشت کو خودکفیل بناتا ہے۔ یہ سبھی تبدیلیاں موجودہ دنیا میں ہندوستان کو طاقت کا ایک اہم مرکز بناتی ہے۔

## اسرائیل

عالمی نقشے میں ایک نقطے کے مانند اسرائیل معیشت کے علاوہ سائنس وٹکنالوجی دفاع اور خفیہ معاملات میں 21 ویں صدی کی دنیا میں ایک طاقتور ملک کی شکل میں ابھرا ہے۔مغربی ایشیائی ممالک کی روشن سیاست کے بیچ واقع اسرائیل اپنی بے پناہ صلاحیت ۔دفاعی صلاحیت ۔تکنیکی مہارت ۔صنعتکاری اور زراعتی ترقی کی وجہ سے عالمی سیاست کی اونچائیوں پر پہنچ گیا ہے۔

اسرائیل عام طور سے ہم عصر عالمی سیاست میں اور خاص طور سے عرب قیادت پسند مغربی ایشیائی سیاست میں ایک اہم کردارادا کرتا ہے۔اس کے ابھرنے کی وجوہات ہیں۔

## دورِحاضر میں سلامتی دہشت گردی

دہشت گردی سے مراد جابر تشدد کے اس منظم استعمال سے ہے جس سے سماج میں ڈر کا ماحول بنتا ہے۔اس کا استعمال خاص طور سے سیاسی اور مذہبی اور نظریاتی مقصد کے لیے کیا جاتا ہے۔ یہ جان بوجھ کر اور بغیر کسی مروت کے شہریوں کو اپنا نشانہ بناتی ہے۔ یہ دہشت گردی ایک سے زیادہ ممالک یعنی بین الاقوامی سطح پر پھیلی ہوئی ہے اور اس کے نشانے پر کئی ممالک کے شہری ہیں۔

کوئی سیاسی تعلق یا حالات نہ پسند ہوں تو دہشت گردوں کے گروپ اسے طاقت کے استعمال کی دھمکی دے کر تبدیل کرنا چاہتے ہیں عوام میں دہشت پھیلانے کے لیے شہریوں کو نشانہ بنایا جاتا ہے۔

دہشت گردی کی کئی شکلیں میں جیسے ہوائی جہاز کا اغوا یا بھیڑ بھاڑ والی جگہوں جیسے ریل گاڑی، ہوٹل، بازار یا ایسے ہی دوسرے مقامات پر بم دھماکے کرنا۔ جیسے 11 ستمبر 2001 کو دہشت گردوں نے امریکہ کے ورلڈ سینٹر پر حملہ کیا۔اس کے بعد دوسرے ممالک اور وہاں کی حکومتیں دہشت گردی پر زیادہ دھیان دینے لگی ہیں۔ ہندوستا کے موجودہ وزیراعظم نریندر مودی جی نے واضح کیا ہے کہ دہشت گردی اچھے یا برے عمل میں منقسم نہیں کی جاسکتی یہ ایک عالمی مسئلہ ہے اس کا خاتمہ اجتماعی طور سے کیا جانا چاہیے۔

# حصہ۔بی۔آزادی کے بعد سے ہندوستان کی سیاست

## قومی تعمیر کے چیلنج

### پٹیل اور قومی یک جہتی

ہندوستان کے پہلے نائب وزیراعظم اور وزیرداخلہ سردار ولبھ بھائی پٹیل 1918 کے کھیڑا ستیہ گرہ اور 1928 کے باردولی ستیہ گرہ کے بعد تحریک آزادی کے اہم لیڈر کی شکل میں ابھرے۔

آزادی کے وقت رجواڑوں کی یک جہتی کا مسئلہ قومی یک جہتی اور ہندوستان کی سالمیت کے لیے ایک بڑی چنوتی تھی۔ ایسے مشکل وقت میں سردار پٹیل نے 565 دیسی ریاستوں کے اتحاد کے باہمت کام کی ذمہ داری لی۔ سبھی دیسی ریاستوں کے آزاد ہندوستان میں الحاق کولیکر ہندوستان Iron man کے نام سے مشہور سردار پٹیل کا نظریہ واضح تھا۔ وہ ہندوستان کی علاقائی سالمیت کولیکر کوئی سمجھوتہ نہیں چاہتے تھے۔ ان کے سیاسی تجربہ اور دوراندیشی کی وجہ سے 565 میں سے کئی ریاستیں ہندوستان کی آزادی سے پہلے ہی ہندوستان میں الحاق کے لیے اپنی رضامندی دے چکیں تھیں۔

سردار پٹیل کو الحاق میں خصوصاً تین ریاستوں حیدرآباد، جوناگڑھ اور کشمیر کے ذریعے چنوتیوں کا سامنا کرنا پڑا۔ ان ہی کی رہنمائی میں ہندوستانی فوج نے حیدرآباد اور جوناگڑھ کو ہندوستان میں الحاق کے لیے مجبور کیا۔ پاکستان کی منشا جو کہ جناح کی تقسیم کاری دوقومی نظریہ پر مبنی تھی۔ اس سے اچھی طرح واقف ہونے کی وجہ سے سردار پٹیل کی کشمیر پر رائے دوسرے لیڈروں سے الگ تھی۔ حیدرآباد کی طرح وہ کشمیر کو بھی فوجی مہم کے ذریعے ہی ہندوستان میں ملانا چاہتے تھے۔ لیکن کچھ اہم لیڈروں کے ناتجربہ کار فیصلوں کی وجہ سے سردار پٹیل کشمیر کا ہندوستان میں پوری طرح سے الحاق کرانے میں کامیاب نہیں ہوسکے۔ اگرچہ سردار پٹیل ہمیشہ ایک ایسے انوکھے لیڈر کی شکل میں جانے جاتے رہیں گے جو خود میں قوم پرستی حقیقت پرستی کا مکسچر تھے۔ جنہیں ہندوستانی تاریخ میں Nationalist Catalyst Realist (NCR) کی شکل میں جانا جاتا ہے۔

## باب-3

## منصوبہ بند ترقی کی سیاست

### نیتی آیوگ (NITI AYOG) National Institution for Transforming India

آزادی کے بعد ہندوستان کی منصوبہ بند ترقی کے لیے سماجوادی نظریہ پر مبنی منصوبہ کمیشن کی تشکیل کی گئی۔ چونکہ یہ منصوبہ عالم گیریت کے دور میں خصوصا 21 ویں صدی میں ترقی کی سخت چنوتیوں کا سامنا کرنے میں بے اثر اور غیر موزوں ہوتے جارہے تھے۔ اس لیے 15 اگست 2014 کے یوم آزادی کی تقریر میں وزیر اعظم نریندر مودی نے منصوبہ کمیشن کو ختم کرنے کی بات کہی۔ مرکزی حکومت کو مرکز اور ریاستی سطح کی پالیسیوں کو بنانے میں ضروری تکنیکی صلاح دینے کے مقصد سے 1 جنوری 2015 کو منصوبہ کمیشن کے مقام پر نیتی آیوگ کی تشکیل کی گئی۔

ہندوستان کے وزیر اعظم نیتی آیوگ کے صدر ہیں اور وہ نیتی آیوگ کے نائب صدر کا تقرر کرتے ہیں۔ نیتی آیوگ کے پہلے نائب صدر Arvind Panagariya تھے۔ حال میں نیتی آیوگ کے نائب صدر شری سمن بیری ہیں۔

قومی سلامتی اور معاشی پالیسیوں کے بیچ تال میل قائم کرنے اور مخصوص شعبوں میں لازمی قانونی پروگراموں کا طویل مدتی ڈھانچہ تیار کرنے کے مقصد سے نیتی آیوگ مرکزی حکومت کے نظریاتی مرکز کی شکل میں کام کرتا ہے۔''نیچے تکنقطۂ نظر'' کی نشاندہی کرتے ہوئے اور ملک کی سبھی ریاستوں کی یکساں شرکت کا تعین کرتے ہوئے نیتی آیوگ باہمی وفاقیت کے جذبے سے کام کرتا ہے۔

## قومی ترقیاتی کاؤنسل National Development Council

قومی ترقیاتی کاؤنسل ہندوستان میں ترقیاتی معاملات پر فیصلہ لینے اور اس پر غور وفکر کرنے والا اعلیٰ ادارہ ہے۔اس کیصدر وزیراعظم ہوتے ہیں۔اسے 16 اگست 1952 میں قائم کیا گیا ملک کے وسائل کو منصوبوں کے لیے وقف کرنے۔سبھی اہم شعبوں میں عام معاشی پالیسیوں کو بڑھاوا دینے۔ نیز رفتار اور متوازن ترقی کا تعین کرنے کے لیے اس کا قیام ہوا۔اس ادارے میں وزیراعظم مرکزی کابینہ وزیر۔سبھی ریاستوں کے وزیراعلیٰ۔مرکزی صوبائی علاقوں کے نمائندے اور نیتی آیوگ کے ممبر شامل ہوتے ہیں۔

1۔ ملک کے سبھی حصوں میں تیز اور متوازن ترقی کے لیے کوشاں رہنا۔

2۔ منصوبوں کو لاگو کرنے میں ریاستوں کے تعاون کو یقینی بنانا۔

3۔ شہریوں کے معیار زندگی میں سدھار کرنا۔

4۔ فی کس آمدنی میں اضافہ کرنا۔

## باب۔4 ہندوستان کے باہری تعلقات

### ہندوستان اور اسرائیل

- اسرائیل کو ہندوستانی حکومت کے ذریعے 17 ستمبر 1950 کو قانونی طور پر تسلیم کیا گیا۔
- 1992 میں اسرائیل کے ساتھ مکمل سفارتی تعلقات قائم کرتے ہوئے اور مسافر خانے کھولے گئے۔
- اسرائیل اور ہندوستان کے بیچ دوطرفہ تعلقات کا فروغ ہوا۔زراعت اور دفاع اس کے اہم ستون ہیں۔

- ہندوستان اسرائیل سے خصوصی طور پر دفاعی تکنیک درآمد کر رہا ہے۔خلاء [1]، ریسرچ، پانی، توانائی اور زراعت کی ترقی پر بھی ایک دوسرے کے ساتھ تعاون ہو رہا ہے۔
- دہشت گردی مخالف معاملات پر دونوں ممالک کا رویہ تعاون کا ہے۔ 2017 اور 2018 میں دونوں ممالک کے حکمراں نے ایک دوسرے کے ملک کا دودہ کر کے تعلقات کو مظبوط کیا ہے۔
- ہندوستان میں اسرائیل کی دفاعی کمپنیوں کو "میک ان انڈیا" میں مشترکہ پیداوار کرنے کی تجویز دی.

## ہندوستان کی نیوکلیائی پالیسی کے اصول

- نیوکلیائی توانائی کا پر امن استعمال کرے گا۔
- غیر امتیازی نیوکلیائی ترک اسلحہ کی پالیسی کا پابند رہے گا۔
- بھارت اپنی سلامتی کے لیے نیوکلیائی ہتھیار رکھے گا لیکن ''استعمال میں پہل نہیں'' کے اصول پر قائم رہے گا۔لیکن موجودہ علاقائی اور ملکی تحفظ کی چنوتیوں کو دیکھتے ہوئے یہ واضح کر دیا گیا ہے۔ملکی تحفظ کے مطابق "پہلے استعمال" نہیں کی پالیسی کا جائزہ اور اس میں تبدیلی کی جاسکتی ہے۔
- نیوکلائی ہتھیاروں کا استعمال کرنے کی طاقت اعلی سیاسی طاقت کے پاس ہوگی۔
- ہندوستان NPT اور CTBT جیسی تفریق والے اور غیر منصفانہ معاہدوں کی مخالفت کرتا ہے۔
- 1968 کا نیوکلیائی غیر توسیع معاہدہ (NPT) جانبدارانہ (Nuclear Non-Proliferation) ہے
- ہندوستان نیوکلیائی ہتھیاروں سے آزاد دنیا کی تشکیل کا حامی ہے۔

## 1۔ جے پرکاش نارائن اور مکمل انقلاب

جے پرکاش نارائن اپنے تین اہم کارناموں کے لیے جانے جاتے ہیں ۔ بدعنوانی کے خلاف جد وجہد ۔کمیونٹی سماجواد کا اصول ۔مکمل انقلاب کے بانی۔

آزادی کے بعد جے پرکاش نارائن ایسے پہلے لیڈر تھے جنہوں نے خاص طور پر گجرات اور بہار کے نوجوانوں کو ساتھ لیکر بد عنوانی کے خلاف تحریک چلائی۔لوک پال ادارے کی شروعات بھی انہوں نے ہی کی۔

- **کمیونٹی سماجواد کا اصول:**

ان کا نظریہ تھا کہ کمیونٹی ۔ علاقے اور قوم تینوں کو ایک ساتھ جوڑ کر ہی حقیقی وفاق یا مرکز بن سکتا ہے۔ انہوں نے اپنے اس اصول کے مدنظر ہندوستان کو ایک کمیونٹی کی شکل میں پیش کیا۔ اور اپنی باتوں کو منوانے کی کوشش بھی کی۔

- **مکمل انقلاب:**

کے ذریعے جے پرکاش نارائن فرد ۔ سماج اور ریاست میں تبدیلی لانا چاہتے تھے۔ ان کا کہنا تھا کہ چھوٹے چھوٹے لوگوں کو جوڑنا اور ساتھ ہی اوپر کے لوگوں کو بھی اپنے ساتھ جوڑنے سے انقلاب لایا جاسکتا ہے۔ مکمل انقلاب کے لیے وہ سماجی ۔ معاشی ۔ سیاسی ۔ ثقافتی ۔ دماغی اور تعلیمی سبھی پہلوؤں کو ضروری مانتے تھے۔ ان کا کہنا تھا کہ اقتدار پر بااثر اور حقیقی لوگوں کا کنٹرول ہونا چاہیے اس میں پریس ۔ عدلیہ ۔ اپوزیشن اور سمجھ لوگوں کا اہم کردار ہونا چاہیے۔ لوگوں کو ناانصافی کے خلاف جدوجہد کرنی چاہیے۔ منصفانہ نظام قائم ہونا چاہیے۔ لوگوں کی طاقت کو مضبوط کرنے کے لیے انہیں ایک جُٹ ہونے کی ضرورت ہے۔

## جمہوریت کی بحالی

ملک کی جمہوری سیاست میں عوام کی بڑھتی ہوئی شمولیت کو جمہوری بحالی کی شکل میں جانا جاتا ہے۔ اس اصول کی بنیاد پر سماجی علوم کے عالم ہندوستان کی آزادی کے بعد کی تاریخ میں تینطرح کی جمہوریت کی بحالی کی وضاحت کرتے ہیں۔

1۔ پہلی جمہوریت کی بحالی کو 1950 کی دہائی سے 1970 کی دہائی تک شمار کیا جاسکتا ہے۔ جو مرکز اور ریاست دونوں میں بالغ رائے دہندگی کی بڑھتی ہوئی شمولیت تھی۔ یہ شمولیت ایک کامیاب جمہوریت کی جدید کاری ۔ شہر کاری ۔ تعلیم اور میڈیا پر مبنی ہوتی ہے۔ پارلیامانی جمہوریت کے اصول پر لوک سبھا اور ریاست کی قانون ساز اسمبلیوں میں چناؤ کی کامیابی نے ہندوستان کی پہلی جمہوریت کی بحال کو ثابت کردیا۔

2۔ 1980 کی دہائی میں سماج کے نچلے طبقوں ، پچھڑی ہوئی ذاتوں ۔ قبائل اور دیگر پسماندہ طبقوں کی بڑھتی سیاسی شمولیت کو یوگیندر یادو کے ذریعے دوسری جمہوریت کی بحالی کی شکل میں واضح کیا گیا ہے۔ اس شمولیت نے ہندوستانی سیاست کو ان طبقوں کے لیے زیادہ آسان بنادیا ہے اگر چہ اس بحالی نے ان طبقوں خصوصاً دلتوں کے معیار زندگی میں کوئی زیادہ تبدیلی نہیں کی ہے لیکن سیاسی منچوں پر ان طبقوں کی شمولیت نے ان کے وقار کو مضبوط اور طاقتور بنانے کے مواقع دیئے ہیں۔

3۔ 1990 کی دہائی کے شروع سے نرم کاری، نجی کاری، اور عالم کاری کے دور کو ایک تقابلی بازار اور سماج کے عروج کے لیے ذمہ دار مانا جاتا ہے جس میں معیشت سماج اور سیاست کے سبھی اہم شعبوں کو شامل کیا جاتا ہے۔ نرم کاری کی یہ دہائی تیسری جمہوریت کی بحالی کے لیے راستہ بناتی ہے۔

تیسری جمہوریت کی بحالی ایک تقابلی چناؤ کی سیاست کی نمائندگی کرتی ہے۔ جو Survival of the fittest کے اصول پر مبنی نہ ہوکر Survival of the Ablest پر مبنی ہوتی ہے۔ یہ چناؤ کی مارکیٹ میں تین تبدیلیوں کی نشاندہی کرتی ہے۔ ریاست سے بازار کی طرف حکمراں سے حکومت کی طرف اور کنٹرولر ریاست سے سہولیاتی ریاست کی طرف اس کے علاوہ تیسری جمہوریت کی بحالی نے اس نوجوان طبقے کی شمولیت کو ظاہر کیا ہے جو ہندوستانی سماج کا ایک اہم حصہ ہیں۔ اور ہندوستان کی دور حاضر کی جمہوری سیاست میں اپنی بڑھتی انتخابی اولیت کے نظریہ سے ترقی اور انتظامیہ دونوں کے لیے حقیقی بانی کی شکل میں اجاگر ہوئی۔

## کشمیر مدّا

ہندوستانی وفاق میں الحاق کے ساتھ کشمیر آزدی کے بعد ہندوستان کا ایک روشن موضوع بنا رہا ہے۔ مسئلہ تب اور سنگین ہوگیا جب اسے دفعہ 370 اور دفعہ 35-A کے ذریعے ایک مخصوص درجہ دیا گیا۔ دفعہ 370 نے اسے الگ آئین/آئین ساز اسمبلی/جھنڈا/ وزیراعلیٰ کا وزیراعظم کی شکل میں۔ اور گورنر کا صدر ریاست کی شکل میں نامزدگی۔ ریاست میں زیادہ تر وفاقی قانون کی غیر تبدیلی جیسے مخصوص حقوق دیئے گئے جبکہ دفعہ 35-A اسے خاص شہری حقوق دیتے ہوئے غیر کشمیریوں کے ذریعے ریاست میں جائداد کے بیچنے کو منع کیا گیا۔ جموں اور کشمیر ریاست کی خاص حیثیت کے خلاف ایک آئین۔ ایک جھنڈا۔ اور ریاستی/حکومت کے ایک سربراہ کی شکل میں ایک ودھان۔ ایک نشان ایک سربراہ کی اشاعت کرتے ہوئے سیاسی میدان میں دفعہ 370 اور 35-A کو نکالنے کا ارادہ کیا گیا۔

اس کو مدنظر رکھتے ہوئے حالیہ حکومت نے 5 اگست 2019 کو کشمیر سے دفعہ 370 اور 35-A کو ختم کرنے کے لیے راجیہ سبھا میں جموں اور کشمیر تشکیل نو قانون پیش کیا لوک سبھا میں اس قانون کو 6 اگست 2019 کو پاس کیا گیا۔

9 اگست 2019 کو صدر کی منظوری کے بعد دفعہ 370 اور 35-A کو نکال دیا گیا۔ اور جموں اور کشمیر دو مرکزی صوبے ایک لداخ اور دوسرا جموں اور کشمیر میں تقسیم ہوگئے۔

نریندر مودی کی رہنمائی میں BJP نے تاریخ بناتے ہوئے 30 سال بعد مکمل اکثریت حاصل کی۔ لیکن چناؤ سے پہلے گٹھ بدھن کے وعدے کو پورا کرتے ہوئے NDA (قومی جمہوری اتحاد) کی حکومت بنائی۔

2019 میں شری نریندر مودی کی رہنمائی میں بھارتیہ جنتا پارٹی نے مکمل اکثریت ہونے کے بعد بھی مرکز میں این۔ڈی۔ اے۔IV کی حکومت بنائی۔

اگر چہ این۔ڈے۔اے۔کیا جانے والا 2014 کا BJP کی رہنمائی والا گٹھ بندھن اپنے پہلے والے گٹھ بندھن حکومتوں سے بڑی سطح پر الگ تھا۔ جہاں پہلے کے گٹھ بندھن ایک قومی پارٹی کی رہنمائی میں ہوتے تھے وہیں این۔ڈے۔اے۔گٹھ بندھن نہ صرف ایک قومی پارٹی یعنی BJP کی رہبری میں کام کر رہی تھی بلکہ لوک سبھا میں مکمل اکثریت حاصل کرنے والی پارٹی کے غلبے کی شکل میں تھی۔ اسے ایک فاضل اکثریتی گٹھ بندھن بھی کہا گیا۔ اس معنی میں گٹھ بندھن کی سیاست کی Nature میں ایک بڑی تبدیلی دیکھی جاسکتی ہے جو ایک پارٹی کی رہنمائی والے گٹھ بندھن کے مقام پر ایک پارٹی غلبے والے گٹھ بندھن کی شکل میں نظر آئی۔

## ترقی اور حکومت

2014 کے بعد ہندوستانی سیاست میں ایک بڑی تبدیلی فرقہ واریت اور مذہب پر مبنی سیاست کی ترقی اور اچھے نظام حکومت کی طرف راغب ہے۔ سب کا ساتھ سب کی ترقی۔ پہلے پہلے سے تعین کردہ مقاصد کے ساتھ جاری ہے۔ این۔ڈی۔ اے۔حکومت نے ترقی اور اچھی حکومت بنانے کے مقصد سے مختلف سماجی معاشی، فلاحی منصوبے شروع کئے ہیں۔ جیسے پردھان منتری اجول یوجنا۔ آیوشمان یوجنا۔ سوچھ بھارت مہم۔ جن دھن یوجنا۔ دین دیال اپدھائے گرام جیوتی یوجنا۔ کسان فصل بیمہ یوجنا۔ بیٹی پڑھاؤ دیش بچاؤ یوجنا وغیرہ۔

ان سبھی یوجناؤں کا مقصد دیہی خاندانوں خصوصاً عورتوں کو مرکز حکومت کی یوجناؤں کو حقیقت میں منافع بخش بنا کر عام لوگوں کے دروازے تک انتظامیہ کو پہنچا دی ہیں۔ مختلف ریاستوں کے ووٹرس نسلوں، طبقوں۔ برادریوں۔ جنس اور علاقوں سے اوپر اٹھ کر ترقی اور اچھی حکومت کے موضوعات کو مرکزی منچ پر لانے میں کامیاب ہوئے۔

# C.B.S.E. SAMPLE PAPER (2023-24)

## Class XII

MM:80 Time: 3h

**ہدایات :**

1۔ سوالنامہ 5 حصوں A،B،C،D اور E میں منقسم ہے جس میں کل 30 سوال ہیں۔

2۔ سبھی سوال ضروری ہیں۔

3۔ سوال نمبر 1 سے 12 پر 1 نمبر کے کثیر متبادل ہیں۔

4۔ سوال نمبر 13 سے 18 ہر ایک دو نمبر کے ہیں ہر ایک سوال کے جواب 60-50 الفاظ سے زیادہ نہیں ہونا چاہیے۔

5۔ سوال نمبر 19 سے 23 ہر ایک سوال چار نمبر کا ہے ہر ایک کا جواب 120 الفاظ سے زیادہ نہیں ہونا چاہیے۔

6۔ سوال نمبر 27 سے 30 ہر ایک سوال چھ نمبر کا ہے ہر ایک کا جواب 180-170 سے زیادہ نہیں ہونا چاہیے۔

## سیکشن۔A

مندرجہ ذیل کو تاریخی اعتبار سے ترتیب دیجیے۔

1۔ (i) افغانستان پر سوویت حملہ۔ (ii) تاجکستان میں خانہ جنگی کا خاتمہ

(iii) کمیونسٹ پارٹی کے قدامت پسندوں کے ذریعے ایک قومی تختہ پلٹ (iv) روس کا انقلاب

(a) iv،iii،ii اور i (b) iii،iv،i اور ii

(c) ii،iii،i اور iv (d) iv،ii،i اور iii

2۔ کس وسطی ایشیا کے صدر نے خود کو اقتدار میں پہلے دس سال کے لیے مقرر کیا اور اسے اگلے دس سال کے لیے بڑھایا۔

(a) ترکمانستان (b) یوکرین

(c) آزربائیجان (d) کرغستان

3۔ ہتھیاروں پر کنٹرول سلامتی کا ایک اہم طریقہ ہے۔

(a) یہ فوجی کارروائی کو روکتا ہے۔ (b) یہ فوجی حملے کے خلاف بچاؤ کے لیے کارروائی کو ہم آہنگ کرتا ہے۔

(c) یہ ہتھیاروں کی ترقی کو کنٹرول کرتا ہے۔ (d) یہ جنگ جیسی حالت کو روکنے سے متعلق ہے۔

4۔ ........... طے کرتا ہے کہ غلط فہمی یا کسی وجہ سے بھی جھگڑا جنگ تک نہ پہنچے۔

(a) گٹھ بندھن بنانا (b) اعتماد سازی

(c) طاقت کا توازن (d) ہتھیاروں پر کنٹرول

5۔ فہرست A کو فہرست B ملائیے۔

| فہرست۔A | | فہرست۔B | |
|---|---|---|---|
| (a) | کوریڈائر علاقے کے اصل باشندے | i۔ | چلے |
| (b) | ماپستے | ii۔ | بنگلہ دیش |
| (c) | چٹ گاؤں پہاڑی علاقے کے آدی واسی لوگ | iii۔ | فلپنس |
| (d) | کنا اصل باشندے | iv۔ | پنامہ نہر کے مشرق میں |

6۔ مندرجہ سوال میں دو بیان دعویٰ (A) اور وجہ (R) دیئے گئے ہیں۔ انھیں پڑھیے اور صحیح متبادل چنئے۔

دعویٰ (A): سرد جنگ کے دوران شمال کے صنعتی ممالک نے وسائل کی لگا تار آمد کو یقینی بنانے کی کوشش کی۔

وجہ (R): انھوں نے وسائل کے محل وقوع کے پاس فوجی طاقتوں کو تعینات کیا۔

(a) دعویٰ A اور وجہ R دونوں صحیح ہیں اور R، A کی صحیح وضاحت ہے۔

(b) دعویٰ A اور وجہ R دونوں صحیح ہیں اور R، A کی صحیح وضاحت نہیں ہے۔

(c) دعویٰ A صحیح ہے لیکن وجہ R غلط ہے۔

(d) دعویٰ A غلط ہے لیکن R صحیح ہے۔

7۔ کانگریس سماجوادی پارٹی کے بانی صدر کا نام بتایئے۔

(A) کے۔ایم منشی (B) آچاریہ نریندر دویو

(C) شیاما پرساد مکھرجی (D) مینوسانی

8۔ آزادی کے بعد پہلے لوک سبھا چناؤ دوبارٹالے گئے اور آخر میں............ہوئے۔

(A) نومبر 1951 سے فروری 1952 (B) دسمبر 1951 سے فروری 1952

(C) ستمبر 1951 سے فروری 1952 (D) اکتوبر 1951 سے فروری 1952

9۔ چین کے لیڈر جن کے ساتھ دلائی لامہ نے 1956 میں دورہ کیا۔

(A) ہوا گواوفینگ (B) جھاؤ زیا نگ

(C) وزیراعظم چاؤ این لائی (D) لیپنگ

10۔ مندرجہ ذیل سوال میں دو بیانات دعویٰ (A) اور وجہ (R) دیئے گئے ہیں صحیح متبادل کو چنئے۔

دعویٰ (A): آئین کی پانچویں فہرست آدی واسیوں کو ان کی رسموں اور قانونوں کو تحفظ دینے کی خود مختاری دیتا ہے۔

وجہ (R): شمال مشرق میں سخت سیاسی مسائل کو حل کرنے میں یہ بندوبست اہم ثابت ہوئے۔

11۔ ہندوستان نے کس ملک کی آزادی کو جلد از جلد حاصل کرنے کے لیے بین الاقوامی کانفرنس بلا کر سخت کوششیں کیں۔

(A) ملیشیا (B) ویتنام (C) تھائی لینڈ (D) انڈونیشیا

12۔ بوڈو کمیونٹی.................سے متعلق ہے۔

(A) منی پور (B) آسام (C) میزورم (D) اروناچل پردیش

## سیکشن۔B

13۔ ہندوستان، بھوٹان تعلقات کی خصوصیات کو بتائیے۔ 2

14۔ ہندوستان کی حکمت عملی کے کوئی دوعوامل کا تجزیہ کیجیے۔ 2

15۔ پہلے پنج سالہ منصوبے اور دوسرے پنج سالہ منصوبے میں کوئی دو فرق بتائیے۔ 2

16۔ پہلا الیکشن کراتے وقت الیکشن کمیشن کو کن مسائل کا سامنا کرنا پڑا۔ 2

17۔ دوسری جنگ عظیم کے بعد ایشیا اور افریقہ کے نئے آزاد ممالک کو درپیش تحفظی چنوتیوں کا ذکر کیجیے۔ 2

18۔ 1975 کی ایمرجنسی سے سیکھے ہوئے کوئی دو سبقوں کو سمجھائیے۔ 2

## سیکشن۔C

19۔ ہندوستان کی نیوکلیائی پالیسیوں کی خصوصیات کا ذکر کیجیے۔ 4

20۔ ان واقعات کا ذکر کیجیے جنھوں نے سوویت یونین کے اندرونی بحران کو بڑھایا اور جس نے اس کے انتشار کو تیز کیا ہے۔ 4

21۔ تنازعات کے باوجود سری لنکا نے کافی معاشی ترقی حاصل کی ہے اور انسانی ترقیات کی اونچی سطح کو درج کیا ہے۔نوٹ لکھیئے۔ 4

یا

پاکستان میں مستحکم جمہوریت کے راستے میں کون سی رکاوٹیں ہیں؟

22۔ سیاسی اور معاشی محور سے متاثر سماج کی تہذیب ایک کم طاقتور سماج پر اپنی شبیہ چھوڑتی ہے اس بیان کا تجزیہ کیجیے۔ 4

یا

عالمگریت کے معاشی مضمرات کی وضاحت کیجیے اور اپنا مشورہ دیں کہ یہ ترقی پذیر ممالک کے لیے ٹھیک تھا۔ 4

23۔ ہندوستان کے مختلف حصوں کی علاقائی مانگیں کثرت میں وحدت کے اُصول کی مثال ہیں کیا آپ متفق ہیں وجہ بتائیے۔ 4

## سیکشن ۔D

24۔ نیچے دیئے گئے اقتباس کو پڑھیے اور دیئے گئے سوالات کے جواب دیجیے۔ 1+1+1+1 = 4

مشترکہ ملکیت اُن وسائل کو کہتے ہیں جن پر کسی ایک کا نہیں بلکہ پوری کمیونٹی کا حق ہوتا ہے۔مشترکہ خاندان کا چولیا، چراگاہ،میدان کنواں یا ندی مشترکہ ملکیت کی مثالیں ہیں۔اس لیے ان کا بندوبست مشترکہ طور پر بین الاقوامی کمیونٹی کے ذریعے کیا جاتا ہے۔انھیں مشترکہ ملکیت یا انسانیت کی مشترکہ وراثت کہا جاتا ہے۔

i۔ مندرجہ ذیل میں سے کون سی مشترکہ ملکیت کی مثال ہے۔

(A) سمندری سطح (B) نرمداندی (C) تھار ریگستان (D) نیل گری

ii۔ ارضی کانفرنس.................میں منظّم ہوئی تھی۔

(A) کیوٹو۔ (B) لولوڈی جینرو (C) روم (D) مانیٹریل

iii۔ مندرجہ ذیل میں کون سے انجمن اقوام متحدہ کا ادارہ ماحولیاتی مدّے سے متعلق ہے؟

(A) یونیسکو (B) UNICEF (C) UNEP (D) UNF CCC

iv۔ عالمگیر مشترکات پر تعاون آسان کیوں نہیں ہے؟

(A) کام کی نگرانی نہیں کی جا سکتی (B) مشترکہ ماحولیاتی مدّوں پر سبھی کی رضامندی

(C) ماحولیات کے مدّے پر شمالی اور جنوبی نصف کرّہ کا یکساں نظریہ (D) سبھی

25۔ ہندوستان کے نقشے میں چار مقامات (A), (B), (C) اور (D) دکھایا گیا ہے۔ نیچے دی گئی معلومات کی بنا پر ان ریاستوں کو پہچانئے اور اپنی جوابی کاپی جوابی کاپی میں میں استعمال کی گئی معلومات سے متعلق سیریل نمبر اور متعلق حروفوں کے ساتھ ان کے صحیح نام دیئے جدول کے مطابق لکھیے۔




(i) تاشقند سمجھوتے پر دستخط کرنے والے لیڈر سے متعلق ریاست۔

(ii) سی نٹ راجن انّا ڈرئی سے متعلق ریاست۔

(iii) پچھڑے طبقے کے لیے ریزرویشن لاگو کرنے والے لیڈر کرپوری ٹھاکر سے متعلق ریاست۔

(iv) وی وی گری کا تعلق کس ریاست سے تھا۔

| استعمال کی گئی جانکاری سے متعلق سیریل نمبر | متعلق حروف | ریاست کا نام |
|---|---|---|
| (i) | | |
| (ii) | | |
| (iii) | | |
| (iv) | | |
| (v) | | |

نوٹ: مندرجہ ذیل سوال نابینا طلبا کے لیے سوال نمبر 25 کی جگہ پر۔

1۔ دلائی لامہ نے جس ملک میں پناہ لی؟

2۔ دیسی ریاستوں کے الحاق میں اہم کردار نبھانے میں سردار ولبھ بھائی پٹیل سے متعلق ریاست

3۔ وہ ریاست جو پہلے ریزرو ریاست تھی لیکن بعد میں ہندوستان کی 22 ویں ریاست بنی۔

4۔ 1962 میں چین کے ذریعے کچلی گئی ریاست۔

## سیکشن۔D

26۔ مندرجہ ذیل دیئے گئے کارٹونوں کا مطالعہ کریں اور مندرجہ ذیل سوالات کے جواب دیں۔




1۔ 1977 کے چناؤ میں کامیاب ہونے والے دو لیڈروں کو پہچانئے۔ 1

2۔ میسا کیا ہے؟ 1

3۔ کانگریس اقتدار سے باہر کیوں ہوئی؟ 2

نوٹ مندرجہ ذیل سوال نابینا طلبا کے لیے سوال نمبر 26 کی جگہ پر

1۔ بہارتحریک کی رہنمائی کس نے کی؟

2۔ گجرات میں طلباتحریک کی خاص وجہ کیا تھی؟

3۔ جنتا پارٹی مکمل جدت تک اقتدار میں بنے رہنے میں کیونا کام ہوگئی؟

## سیکشن ۔E

27۔ یوروپین یونین کو بااثر علاقائی تنظیم بنانے والے عوامل کو سمجھائیے 6

یا

آسیان شیلی کیا ہے آسیان ستون کے نام اور مقاصد بتائیے آسیان وزن 2020 کی اہم باتیں کیا ہیں

28۔ انجمن اقوام متحدہ میں سدھار کا مطلب سلامتی کاؤنسل کی از سر نو تشکیل ہے اس بیان کو دلیل کے ساتھ واضح کیجیے۔ 6

یا

انجمن اقوام متحدہ نا قابل گزیر تنظیم کیوں ہے؟

بدلتے ہوئے حالات میں انجمن اقوام متحدہ کو زیادہ موزوں بنانے کے لیے کیا قدم اٹھانے چاہییں

29۔ آزادی کے وقت ہندوستان کے سامنے کنہیں تین چنوتیوں کی وضاحت کیجیے۔ 6

یا

1947 میں ہندوستان کی تقسیم کے چھ نتائج کا تجزیہ کیجیے۔

1989 سے ہندوستان سیاست میں ہوئے تین بدلاؤ کو تفصیل سے بتائیے۔ 6

یا

سخت مقابلہ آرائی اور کئی تنازعات کے بیچ ایسا لگتا ہے کہ زیادہ تر سیاسی پارٹیوں کے بیچ ایک اتفاق رائے بن گئی ہے کنہیں تین کا تفصیل سے ذکر کیجیے۔

# مارکنگ اسکیم
# سیمپل پیپر 2023-24

## حصہ۔A

1۔ (c) ii،iii،iاورiv

2۔ (a) ترکمانستان

3۔ (c) یہ ہتھیاروں کی ترقی کو کنٹرول کرتا ہے۔

4۔ (b) اعتماد سازی

5۔ (a) کوریڈائر علاقے کے اصل باشندے

6۔ (a) دعویٰ Aاور وجہ R دونوں صحیح ہیں اور R،A کی صحیح وضاحت ہے۔

7۔ (B) آچاریہ نریندر دویو

8۔ (D) اکتوبر 1951 سے فروری 1952

9۔ (C) وزیراعظم چاؤ این لائی

10۔ دعویٰ صحیح ہے لیکن وجہ غلط ہے۔

11۔ (D) انڈونیشیا

12۔ (B) آسام

## سیکشن۔B

13۔ ہندوستان کا بھوٹان کے ساتھ کوئی بڑا جھگڑا نہیں ہے۔

i۔ بھوٹان وہ جنگجو اور گوریلے جو ہندوستان کے شمال مشرق میں کام کر رہے ہیں ان کو اپنے علاقے سے اُکھاڑ پھینکا۔ بھوٹان کے اس قدم سے ہندوستان کو بہت مدد ملی۔

ii۔ ہندوستان بھوٹان میں بڑے پن بجلی ہائیڈرو الیکٹرک پروجیکٹ پر کام کر رہا ہے۔ بھوٹان کو ترقیاتی کاموں کے

سب سے زیادہ ہندوستان سے مدد ملتی ہے۔

14۔ ہندوستان کی سلامتی کی حکمت عملی کے چار عوامل ہیں۔

i۔ فوجی صلاحیت کو مضبوط کرنا ہے۔ کیوں کہ ہندوستان پر پڑوسی ممالک کے حملے ہوتے رہتے ہیں۔ ہندوستان نے 1998 میں نیوکلیائی تجربہ کر کے سلامتی کی دلیل دی تھی۔

ii۔ اپنی سلامتی کے مفادات کو برقرار رکھنے کے لیے بین الاقوامی قاعدوں اور اداروں کو مضبوط کرنا

iii۔ ملک کی اندرونی مسائل کو حل کرنے کی تیاری ناگالینڈ، میزورم، پنجاب اور کشمیر ان علاقوں کو دہشت گردوں نے وقت وقت پر ہندوستان سے الگ کرنے کی کوشش کی۔ ہندوستان نے قومی یک جہتی کو بنائے رکھنے کے لیے جمہوری سیاسی نظام کو اپنایا ہے۔

iv۔ ہندوستان نے معیشت کو اس طرح فروغ دینے کی کوشش کی ہے کہ زیادہ سے زیادہ شہریوں کو غریبی سے نجات حاصل ہو۔ (کوئی دو لکھیے)

15۔ i۔ پہلے پنج سالہ منصوبے میں زراعت کی ترقی پر زور دیا گیا جب کہ دوسرے منصوبے میں بھاری منصوبوں کی ترقی پر زور دیا گیا۔

ii۔ پہلے منصوبے کا خاص مقصد تھا صبر وتحمل، لیکن دوسرے کا مقصد تیز رفتاری سے معاشی ترقی کر کے ساختی بدلاؤ لانا تھا۔

16۔ i۔ انتخاب کرانے کے لیے انتخابی حلقوں کی حد بندی کرانا ضروری تھا۔ اس کام میں بہت وقت لگا۔

ii۔ انتخابی فہرست جب پہلا جدول شائع ہوا تو معلوم ہوا کہ اس میں 40 لاکھ خواتین کے نام درج ہونے سے رہ گئے ہیں۔

iii۔ اس وقت ملک میں 17 کروڑ انتخابی تھے۔ ان میں سے 3200 ریاستی قانون ساز اسمبلی کے ممبر اور 489 پارلیمنٹ کے ممبر چنے تھے۔

iv۔ ووٹرس میں صرف 15% پڑھے لکھے تھے۔ اس وجہ سے الیکشن کمیشن کو الیکشن کے خاص طریقے کے بارے میں سوچنا پڑا۔ (یا کوئی اور دو نکات)

17۔ i۔ ان ممالک کو سرحد کے باہر سے تو خطرہ تھا ہی ساتھ ہی اندر سے بھی خطرے کا ڈر

ii۔ الگ الگ ملک بنانے پر چل رہی دہشت گرد تحریکوں سے بھی ان ممالک کو خطرہ تھا۔

iii۔ نئے آزاد ہوئے ممالک زیادہ آبادی والے ہیں اور وہ غریبی کے مسئلے میں بھی مبتلا ہیں۔

18۔ ایمرجنسی سے ہندوستان کی جمہوریت کی طاقت اور کمزرویاں اُجاگر ہوگئیں۔

i۔ ایمرجنسی کا ایک سبق تو یہ ہے کہ ہندوستان سے جمہوریت کو ختم کرنا بہت مشکل ہے۔

ii۔ آئین میں دی گئیں ایمرجنسی کی دفعات کی وضاحت کا نہ ہونا سامنے آیا۔ جس میں سدھار کیا گیا اب اندرونی ایمرجنسی صرف مسلح بغاوت کی صورت میں ہی لگائی جاسکتی ہے اور یہ بھی ضروری ہے کہ ایمرجسنی لگانے کی سفارش صدر کے پاس وزاراء کی کونسل کی جانب سے تحریری شکل میں دی جائے۔

iii۔ ایمرجنسی میں ہر کوئی شہری اپنے حقوق کے تیئں بیدار ہوا ہے ایمرجنسی کے ختم ہونے پر عدالتوں نے فرد کے شہری حقوق کے تحفظ میں سرگرم کردار نبھایا۔ (کوئی دو)

19۔ i۔ تیز رفتار سے جدید ہندوستان کی تعمیر کے لیے نہرو نے ہمیشہ سائنس اور ٹیکنالوجی پر اپنا یقین دلایا۔ نہرو کی صنعتکاری کی پالیسی کا ایک اہم عنصر نیوکلیائی پروگرام تھا اس کی شروعات 1940 کی دہائی میں ہوئی جہانگیر ہومی بھابھا کی قیادت میں ہوچکی تھی ہندوستان پُرامن مقاصد کے استعمال کے لیے ایٹمی توانائی بنانا چاہتا تھا۔

ii۔ ہندوستان ان ہتھیاروں کا استعمال پہلے ہی نہیں کرے گا ہندوستان کی نیوکلیائی پالیسی میں یہ بات دہرائی گئی ہے کہ ہندوستان عالمی سطح پر لاگو اور تفریق آمیز نیوکلیائی ترک اسلحہ کے تیئں پابند ہے۔ تاکہ نیوکلیائی ہتھیاروں سے آزاد دنیا کی تخلیق ہوسکے۔

iii۔ ہندوستان نیوکلیائی ہتھیاروں کے خلاف ہے اور اس لیے اسے عظیم طاقتوں پر نیوکلیائی ترک اسلحہ کے لیے زور ڈالا۔

iv۔ ہندوستان CTBT کو ہمیشہ سے تفریق آمیز مانتا ہے اس لیے اس نے اس پر دستخط نہیں کیے۔

v۔ ہندوستان نے اپنا پہلا نیوکلیائی تجربہ 1974 میں کیا۔ اور اس کو پرامن تجربہ قرار دیا ہندوستان کا کہنا تھا کہ وہ نیوکلیائی طاقت کو صرف پرامن مقاصد کے لیے استعمال کرے گا۔ (یا کوئی اور دو)

20۔ i۔ گارجاچیف نے ملک کے اندر معاشی اور سیاسی اصلاحات اور جمہوریت کی پالیسی چلائی لیکن ان پالیسوں کی کمیونسٹ پارٹی کے لیڈروں کی طرف سے مخالف کی گئی۔

ii۔ 1991 میں ایک تختہ پلٹ بھی ہوا کمیونسٹ پارٹی سے جڑنے انتہاپسندوں نے اسے بڑھاوا دیا۔ اس وقت تک عوام کو آزادی کا مزہ لگ چکا تھا۔ اور وہ کمیونسٹ پارٹی کی پرانی رنگت والی حکومت میں نہیں جانا چاہتے تھے۔ اقتدار سوویت مرکز سے ریاستوں کی طرف کھسکنے لگی۔ ایسا خاص طور سے سوویت یونین کے ان جہتوں میں ہوا جو خود کو مقتدر ریاست مانتے تھے۔

iii۔ سوویت یونین سیاسی اور انتظامی شکل سے غیر متحرک ہو چکی تھی سوویت یونین میں کمیونسٹ پارٹی نے تقریباً 70 سالوں تک حکومت کی تھی اور وہ پارٹی اب عوام کے تئیں جواب دہ نہیں تھی۔ سرد جنگ حکومت میں بدعنوانی اور حکومت میں زیادہ کھلا پن یہ سبھی سوویت یونین کے زوال کی وجہ بنی۔

iv۔ گورباچیف کی لاعلمی ان کے نرم نظریہ نے مشرقی یوروپ میں کمیونسٹ مخالف طاقتوں کو مضبوط کیا۔ نتیجتاً چیکوسلاواکیہ، ہنگری، رومانیہ، پولینڈ، بلغاریہ اور مشرقی جرمنی میں کمیونسٹ حکومتیں گر گئیں اچانک ہونے والے ان واقعات نے سوویت یونین کے انتشار کے راستے کو صاف کیا۔ (کوئی بھی دو)

21۔ 1983 میں نسلی تناؤ میں ملوث ہونے کے باوجود سری لنکا نے اچھا معاشی اضافہ اور ترقی کی اونچی سطح کو حاصل کیا۔ جو مندرجہ ذیل عوامل سے واضح ہو جاتا ہے۔

i۔ آبادی کے اضافہ پر کامیابی سے کنٹرول کرنے والے ترقی پذیر ممالک میں سری لنکا پہلے نمبر پر ہے۔

ii۔ جنوبی ایشیا کے ممالک میں سب سے پہلے سری لنکا نے اپنی معیشت کی نرم کاری کی۔

iii۔ اس ملک کا فی کس GDP جنوبی ایشیا میں سب سے زیادہ ہے۔

iv۔ اندرونی تنازعات کے باوجود بھی سری لنکا نے جمہوری نظام کو قائم رکھا ہے۔

یا

پاکستان میں جمہوریت مستحکم نہ رہنے کی مندرجہ ذیل وجوہات ہیں۔

i۔ پاکستان میں جمہوری حکومت رہے اس کے لیے کوئی خاص بین الاقوامی حمایت حاصل نہیں ہوتی۔ اس وجہ سے وہ فوج کو اپنا غلبہ قائم کرنے کے لیے بڑھاوا ملتا ہے۔

ii۔ پاکستان کا ہندوستان کے ساتھ تناؤ رہتا ہے اس وجہ سے فوج کی حمایت کرنے والے گروپ زیادہ مضبوط ہیں۔ اور اگر یہ گروپ دلیل دیتے ہیں کہ پاکستان کی سیاسی پارٹیوں اور جمہوریت میں کھوٹ ہے۔ پاکستان کی سلامتی خطرے میں پڑ جائے گی اسطرح طاقتیں فوج کی حکومت کو جائز ٹھہراتی ہیں۔

iii۔ یہاں فوج مذہبی رہنماؤں زمینداروں کا سماجی دبدبہ ہے۔ اس کی وجہ سے کئی بار چنی ہوئی حکومت کو گرا کر فوجی حکومت قائم ہوئی۔

iv۔ ملک گیر اسلامی دہشت گردی اور یہ ڈر کہ کہیں نیوکلیائی ہتھار (پاکستان کے) ان دہشت گردوں کے ہاتھ نہ لگ جائیں۔ فوجی حکومت کو پاکستان میں یہ ملک مغربی اور جنوبی ایشیا میں مغربی مفادات کا رکھوالا مانتے ہیں۔

(یا کوئی اور نکات)

22۔ i۔ کبھی کبھی باہری اثرات سے ہماری پسند اور ناپسند کا دائرہ بڑھتا ہے تو کبھی ان سے روایتی تہذیبی قدروں کو چھوڑے بغیر تہذیب کا واضح ہوتی ہے۔ مثال کے طور پر برگر مسالہ ڈوسہ کا متبادل نہیں ہے۔ اس لیے برگر سے حقیقتاً کوئی خطرہ نہیں ہے اس طرح نیلی جینس بھی کرگھے پر بُنے کھادی کرتے کے ساتھ خوب چلتی ہے۔

ii۔ عالمگریت ہمارے تہذیبی نظریے کو وسیع بناتی ہے اور ثقافتی یک رنگی کو پیدا کرتی ہے۔ جو کہ ثقافتوں کو زیادہ خاص اور الگ کرتی ہے۔

iii۔ یہ صرف غریب ممالک کے لیے ہی نہیں بلکہ انسانیت کے لیے خطرناک ہے، کیوں کہ اس سے پوری دنیا کی خوشحال تہذیبی وراثت دھیرے دھیرے ختم ہوتی ہے۔

یا

i۔ عالمگریت نے پوری دنیا میں چیزوں کی تجارت میں اضافہ کیا ہے۔ الگ الگ ممالک کے ذریعے درآمد پر لگنے والی پابندی کم ہوگئیں ہیں۔

ii۔ اس طرح سرمایہ آنے جانے پر بھی کم پابندیاں ہیں امیر ممالک کے سرمایہ کار اپنے سرمایہ کو اپنے ملک کی جگہ کہیں اور لگا سکتے ہیں خاص طور پر ترقی پذیر ممالک پر۔

iii۔ عالمگریت نے کمپوٹر اور انٹرنیٹ سے جڑی خدمات کو وسیع کیا ہے۔

iv۔ عالمگریت سے لوگوں کا آنا جانا بھی بڑھا مثال کے طور پر تقریباً 300,000 ہندوستانی امریکہ کی سلیکون دہلی میں کام کرر ہے ہیں۔(یا کوئی اور)

22۔ ہاں میں مندرجہ ذیل وجوہات سے متفق ہوں۔

i۔ علاقائی اُمنگیں جمہوریت سیاست کا ایک اٹوٹ حصہ ہیں۔علاقائی اُمنگوں کو جمہوری طریقے سے حل کرنا ہوگا۔

ii۔ جب ہم علاقائی امنگوں کو دباتے ہیں تب یہ علاحدگی اور مخالفت کو بڑھا دیتی ہیں۔ برطانیہ جیسے چھوٹے ملک میں بھی اسکاوٹ لینڈ ویلس اور شمالی آئر لینڈ میں علاقائی امنگیں ابھری ہیں علاقائی امنگوں کو دبانے کے بجائے بات چیت کا طریقہ اپنانا اچھا ہے۔

iii۔ اقتدار میں شرکت: مختلف علاقوں کی پارٹیوں گروپوں کو مرکزی نظام حکومت میں حصہ دار بنانا بھی ضروری ہے۔

iv۔ آئین سازوں کی دوراندیشی نے وفاقی نظام کو اپنایا ہے جو لچکیلا ہے۔آئین کی چھٹی درج فہرست میں مختلف قبائل کو اپنے رسم ورواج اور روایتی اصولوں کا تحفظ کرنے کی خود مختاری دی گئی ہے۔

اس طرح علاقائی امنگوں کو علاحدگی پسندی کی طرف جانے کا موقع نہیں ملتا۔ہندوستان کی سیاست نے یہ منظور کیا ہے کہ علاقائیت جمہوری سیاست کا اٹوٹ حصہ ہیں۔

## سیکشن۔D

24۔ i۔ (A) سمندری سطح

ii۔ (B) ریوڈی جینرو

iii۔ (C) UNEP

iv۔ (C) ماحولیات کے مدّے پر شمالی اور جنوبی نصف کرّہ کا یکساں نظریہ

25۔ i۔ D۔ اتر پردیش

ii۔ C۔ تامل ناڈو

iii۔ A۔ بہار

iv۔ B۔ آندھرا پردیش

نابینا طلبا کے لیے 25 کی جگہ پر جوابات

i۔ ہماچل پردیش i۔ گجرات iii۔ سکم iv۔ اروناچل پردیش

26۔ 1۔ مرارجی دیسائی اٹل بہاری باجپئی جگ جیون رام۔ چرن سنگھ راج نارائن

2۔ Maintanance of internal

3۔ ایمرجنسی کی وجہ سے 42 ویں آئینی ترمیم Security Act پریس سنسرشپ احتیاطی گرفتاری قانون کا غلط استعمال

نابینا طلبا کے لیے

1۔ جے پرکاش نارائن

2۔ 19 میں گجرات کے طلبا نے غذائی چیزوں کی بڑھتی قیمتوں، غذائی تیل اور ضرورت کی دوسری چیزوں کے بڑھتے داموں اور بدعنوانیت کے خلاف مظاہرے کیے۔

3۔ ہندوستان کے آئین کے مطابق دفعہ 352 کے تحت ملک میں جنگ باہری حملہ یا اندرونی گڑبڑی کی بنا پر ایمرجنسی لگائی جا سکتی ہے۔ لیکن ایمرجنسی کے بعد اس میں اندرونی گڑبڑی کی جگہ پر اسلحہ بغاوت ہونے پر ہی ایمرجنسی لگائی جا سکتی ہے۔ جنتا پارٹی آپسی اختلاف کی وجہ سے بکھر گئی اور اس لیے اپنی مدت پوری نہیں کر پائی۔

## سیکشن۔E

1۔ معاشی اسباب:

(a) عالمی تجارت میں اس کی حصہ داری امریکہ سے تین گنی زیادہ ہے۔

(b) اس کی کرنسی یورو امریکی ڈالر کے غلبہ کے لیے خطرہ ہے بن سکتی ہے۔

(c) یہ عالمی تجارتی تنظیم جیسی بین الاقوامی تجارتی تنظیموں کے اندر ایک اہم گروپ کی شکل میں کام کرتی ہے۔

2۔ سیاسی اسباب:

(a) اس کا ایک ممبر ملک فرانس سلامتی کاؤنسل کا مستقل میں ہے۔

(b) یوروپین یونین کے کئی ممبر سلامتی کاؤنسل کے غیر مستقل ممبر ہیں۔

(c) یوروپین یونین Diplomacy اور بات چیت میں ایک اہم کردار نبھاتا ہے۔ مثلاً چین کے ساتھ انسانی حقوق کی پامالی اور ماحولیاتی گراوٹ کے مسئلوں پر۔

3۔ فوجی اسباب:

(a) فوجی طاقت کے حساب سے یوروپین یونین کے پاس دنیا کی دوسری سب سے بڑی فوج ہے۔ اس کے ذخیرے میں تقریباً 335 نیوکلیائی ہتھیار ہیں۔

(b) خلائی سائنس اور ٹیکنالوجی کے معاملے میں بھی یہ دنیا میں دوسرے نمبر پر ہے۔

یا

آسیان ایشیا کی اکیلی ایسی علاقائی تنظیم ہے جو ایشیائی ممالک اور عالمی طاقتوں کو سیاسی اور دفاعی معاملات پر بات چیت کے لیے سیاسی منچ مہیا کراتی ہے۔

آسیان کا مقصد خاص طور سے معاشی ترقی کو تیز کرنا اور اس کے ذریعے سے سماجی اور ثقافتی ترقی کو تیز کرنا تھا۔ قانون کی حکومت اور انجمن اقوام متحدہ کے قاعدوں پر مبنی علاقائی امن و استحکام کو بڑھاوا دینا بھی اس کا مقصد تھا۔ دنیا میں سب سے تیز رفتار سے معاشی ترقی کرنے والے ممبر ممالک کے گروپ آسیان نے اب اپنے مقاصد کو معاشی اور سماجی دائرے سے زیادہ وسیع بنایا ہے۔

غیر رسمی ٹکراو اور باہمی میل ملاپ کی نئی مثال پیش کر کے آسیان نے کافی نام کیا ہے۔ اسی کو آسیان شیلی بھی کہا جاتا ہے۔

4۔ آسیان معاشی گروپ کا مقصد:

(1) آسیان ممالک کا مشترکہ بازار اور پیداوار کی بنیاد تیار کرنا۔

(2) اس علاقے میں سماجی اور معاشی ترقی میں مدد کرنا

(3) تنظیم کا اس علاقے کے ممالک کے معاشی تنازعات کو نپٹانے کے لیے بنے موجودہ نظام کو سدھارنا

آسیان تحفظی گروپ کا مقصد: تنازعات کو فوجی ٹکراؤ تک نہ لے جانے کی رائے پر مبنی ہے۔

آسیان سماجی معاشی گروپ کا مقصد: آسیان ممالک کے بیچ ٹکراؤ کے جگہ بات چیت اور تعاون کو بڑھاوا دیا جائے۔

آسیان وزن 2020 کی اہم باتیں: علاقے میں تنازعات اور کشیدگی کو بات چیت کے ذریعے طے کرنا ہے۔

28۔ آج کے تناظر میں سلامتی کاؤنسل انجمن اقوام متحدہ کے کام کاج میں اہم کردار نبھاتی ہے۔ سوویت یونین کے انتشار کے بعد کئی نئے ممالک انجمن اقوام متحدہ میں حصہ لے رہے ہیں۔

(1) انجمن اقوام متحدہ کے چارٹر نے مستقل ممبروں کو پوری دنیا میں استحکام لانے کے لیے کچھ مخصوص حالات دیئے ہیں ان حالات میں کوئی تبدیلی نہیں آئی ہے اور دوسرے کسی ملک کو بھی داخل ہونے کی اجازت نہیں ملی ہے۔

(2) ویٹو کے حق سے مستقل ممبروں کو خاص مقام ملتا ہے۔

(3) مستقل ترقی یافتہ صنعتی ممالک میں جن کا ترقی پذیر ممالک کی نمائندگی کو بڑھاوا دینے سے انکار ہے۔

(4) اس وجہ سے سلامتی کاؤنسل میں سدھار کی بہت ضرورت ہے کہ وہ زیادہ کارگر ہے نئے ممالک کی آمد ان کا امن بحالی ان کا تعاون ان کوششوں پر مبنی ہے۔

یا

(1) ایسی انحصار اور عالمگیریت بین الاقوامی تنظیموں کے بغیر ممکن نہیں ہے۔

(2) غریبی بے روزگاری ماحولیاتی گراوٹ کے معاملات پر تعاون کرنے کے لیے

(3) ترقی یافتہ ممالک کو مالیاتی امداد دینے کے لیے

(4) انجمن اقوام متحدہ بین الاقوامی تنازعات کو پُر امن طریقے سے حل کرنے میں تعاون دیتی ہے۔

(5) بین الاقوامی سطح پر امن اور اعتماد سازی کو بڑھاوا دیتی ہے۔

انجمن اقوام متحدہ کو بدلتے حالات میں موزوں بنانے کے لیے اٹھئے گئے قدم:

(1) امن کو پروان چڑھانے والے کمیشن کی تشکیل۔

(2) اگر قومی حکومتیں اپنے شہریوں کا تحفظ نہ کرسکیں تو یہ ذمہ داری انجمن اقوامتحدہ کی ہوگی۔

(3) دہشت گردی کی ہر صورت اور ہر قسم کی مذمت

(4) ایک ڈیموکریسی فنڈ کی تشکیل۔

29۔ قومی تعمیر کی چنوتی:

(1) آزادی کے وقت ہندوستان بہت سی ریاستوں میں بٹا ہوا تھا اس لیے ملک کے الحاق اور ملک کو یک جہتی کے دھاگے میں باندھنے کی ضرورت تھی سردار ولبھ بھائی پٹیل نے خود ان ریاستوں کو یک جہتی کے دھاگے میں باندھنے کا بیڑا اٹھایا، سردار پٹیل نے ان ریاستوں کو ان کی مرضی سے یا ڈپلومیسی سے ایک کیا۔

(2) جمہوریت کو قائم کرنے کی چنوتی: ہندوستان میں پارلیمانی حکومت پر مبنی نمائندہ جمہوریت کو اپنایا گیا۔ جمہوریت کو قائم کرنے کے لیے ایک جمہوری آئین لازمی یا کافی نہیں تھا۔ چنوتی یہ تھی کہ جمہوری روایات کو آئین کے مطابق فروغ دیا جائے۔

(3) معاشی ترقی کی چنوتی: ایسی ترقی تھی جس میں پورے سماج کی بھلائی ہوتی ہے نہ کہ کسی ایک طبقے کی اصلی چنوتی معاشی ترقی اور غریبی کو ختم کرنے کے لیے کارگر ریاستوں کو تیار کرنے کی تھی۔

یا

1947 میں ہندوستان کی تقسیم کے نتائج

(1) تقسیم کا پہلا نتیجہ آبادی کی سب سے بڑی غیر منظّم اور دکھ دینے والی منتقلی تھی سرحد کے دونوں طرف بڑے پیمانے پر قتل وغارت گری اور ظلم ہوا۔ مذہب کے نام پر ایک فرقے کے لوگوں کے دوسرے فرقے کے لوگوں کو مار ڈالا۔

(2) اقلیتوں کو اپنا گھر چھوڑ کر سرحد سے دور جانے کے لیے مجبور کیا گیا ان کے سفر کے دوران بھی اکثر حملے کئے گئے انھیں مار ڈالا گیا لوٹ لیا گیا۔ دونوں فرقوں نے ہزاروں عورتوں کو اغوا کیا انھیں مار ڈالا۔

(3) تقسیم کی ایک اور وجہ پناہ گزینوں کا مسئلہ تھا سرحد پار کرنے والے لوگوں کے پاس گھر نہیں تھا لاکھوں لوگوں کے لیے آزادی کا مطلب تھا عارضی پناہ گزیں کیمپوں میں رہنا تھا۔ ہندوستانی قیادت اور ہندوستان کی حکومت کو اس فوری ناممکن مسئلہ کا سامنا کرنا پڑا۔

(4) جائداد اور مالی اثاثے کی بھی تقسیم ہوگئی تھی۔ حکومت اور ریلوے ملازمین میں بھی تقسیم ہوگئی۔

(5) اقلیتوں کے مسائل: پاکستان میں مسلمانوں کے بڑے پیمانے پر ہجرت کے بعد بھی ہندوستان میں مسلمان تقریباً

12 فیصد تھے۔ ہندوستانی حکومت کے سامنے سب سے بڑا مسئلہ مسلم اقلیتوں اور دوسری مذہبی اقلیتوں سے نپٹنے کا تھا۔

(6) تقسیم کی وجہ سے بنگال کو مشرقی بنگال (اب بنگلہ دیش) اور مغربی بنگال میں تقسیم کیا گیا تھا۔ اس طرح پنجاب کو مغربی پاکستان کے پنجاب صوبے اور ہندوستان ریاست پنجاب میں تقسیم کیا گیا تھا۔

30۔ 1989 سے ہندوستانی سیاست میں آئے تین اہم بدلاؤ:

80 کی دہائی میں ملک میں 5 اہم واقعات ہوئے جن کا سیاست پر دیرپا اثر پڑا۔

(1) کانگریسی نظام کا خاتمہ۔

(2) منڈل مدّا۔

(3) نئے معاشی سدھار

(4) بابری مسجد مدّا

1989 کے انتخاب میں کانگریس کی ہار ہوئی اور 1989 کے بعد سے لوک سبھا انتخاب میں کسی ایک پارٹی کو اکثریت حاصل نہ ہونے پر کثیر پارٹی نظام کے دور کا عروج ہوا۔ اس نے گٹھ بندھن حکومت کے دور کی بھی قیادت کی۔

1989 کے بعد سے 9 حکومتیں مرکز میں یا تو گٹھ بندھن حکومت یا دوسری پارٹیوں کے ذریعے اقلیتی حکومتیں رہیں۔ اس دور میں کئی علاقائی دعوی کی نمائندگی کرنے کے لیے طاقتور پارٹیوں کا عروج بھی ہوا۔ (نوٹ: کسی تین کی وضاحت کیجیے)

یا

سخت مقابلہ آرائی اور کئی تنازعات کے بیچ

(1) زیادہ تر سیاسی پارٹیاں ملک کی خوشحالی اور نئی معاشی پالیسی کی حمایت میں تھیں۔ تا کہ معاشی ترقی میں اضافہ ہو سکے۔

(2) سبھی سیاسی پارٹیوں میں تعلیم اور روزگار میں پچھڑے طبقوں کے لیے سیٹوں کے ریزرویشن اور یہاں تک کہ OBC کی اقتدار میں شرکت کو یقینی بنانے میں حمایت کی۔

(3) ملک کی حکومت ریاستی علاقائی پارٹیوں کے کردار کو منظور کیا گیا۔

(4) گٹھ بندھن کی سیاست نے ں سیاسی پارٹیوں کا دھیان نظریاتی اختلافات سے ہٹا کر اقتدار میں حصہ داری کے نظام پر مرکوز کر دیا ہے۔اس لیے زیادہ تر نیشنل ڈیموکریٹک الائنس کے معاون، بی جے پی کے ہندوتو نظریے سے متفق نہیں تھے پھر بھی وہ حکومت بنانے کے لیےایک ساتھ آئے اور پوری مدت تک اقتدار میں رہے۔

# سیمپل پیپر (حل شدہ)

## Class XII

MM:80 Time: 3hr

ایک نمبر کے سوالات

1۔ ایمرجنسی کے بعد 1977 کے عام چناؤ میں کانگریس پارٹی کن ریاستوں میں کامیاب رہی۔

(A) اتر پردیش اور جموکشمیر (B) گجرات اور کرناٹک

(C) اُڈیشہ اور آسام (D) کرناٹک اور تامل ناڈو

2۔ مندرجہ ذیل میں سے کون سا بیان آسیان کے طریقے کو دکھاتا ہے۔

(A) اپنے ممبر ممالک کے بیچ ایک جیسا معاشی فائدہ تقسیم کرنے کے لیے

(B) ممبر ممالک کی اندرونی پالیسیوں میں مداخلت

(C) ایک منصفانہ دنیا کو قائم کرنے کے لیے

(D) غیر تنازعاتی، دوستانہ، باہمی تعاون کے طریقوں سے تنازعات کو دور کرنا۔

3۔ مندرجہ ذیل میں سے کون سا بیان آسیان کے طریقے کو دکھاتا ہے۔

(A) راجیو گاندھی (B) منموہن سنگھ

(C) وی پی سنگھ (D) ایچ ڈی دیوگوڑا

4۔ مندرجہ ذیل کو تاریخی اعتبار سے ترتیب دیجیے۔

(i) سارک کی تشکیل (ii) یوروپین یونین کی تشکیل

(iii) آسیان کی تشکیل (iv) چین کی کھیتی کی نجی کاری

(A) iii، iv، i، ii (B) ii، i، iv، iii

(C) iii، iv، i، ii (D) i، iii، iv، ii

نیچے دو بیان دیئے گئے ہیں ایک دعویٰ (A) اور دوسرے کو وجہ (R) میں دیا گیا ہے۔ انھیں دھیان سے پڑھیں اور دیئے گئے متبادل میں سے صحیح کو چنئے۔

(a) دعویٰ A اور وجہ R دونوں صحیح ہیں اور R، A کی صحیح وضاحت ہے۔

(b) دعویٰ A اور وجہ R دونوں صحیح ہیں اور R، A کی صحیح وضاحت نہیں ہے۔

(c) دعویٰ A صحیح ہے لیکن وجہ R غلط ہے۔

(d) دعویٰ A غلط ہے لیکن R صحیح ہے۔

5۔ دعویٰ (A): جنوبی ایشیا ہر طرح سے اکثریت سے بھرا ہے۔ لیکن پھر بھی جنوبی ایشیا کے مختلف ممالک میں ایک ہی طرح کا سیاسی نظام ہے۔

وجہ (R): سبھی مسائل اور حدود کے باوجود سبھی جنوبی ایشیائی ممالک جمہوریت کی امنگ مشترکہ رکھتے ہیں۔

6۔ دعویٰ (A): ہندوستان نے وسیع نیوکلیائی ترک اسلحہ کے لیے عظیم طاقتوں سے گزارش کی پھر بھی ہندوستان نے NPT کی غیر معینہ وسعت کی مخالفت اور CTBT پر دستخط کرنے سے انکار کر دیا۔

وجہ (R): یہ معاہدے غیر نیوکلیائی طاقتوں پر لاگو تھیں اور پانچ نیوکلیائی ہتھیار طاقتوں کی اجارہ داری کو قانونی بناتی تھیں۔

7۔ اس ملک کو پہچانئے جو زیادہ تر جنوبی ایشیائی ممالک کے ساتھ اپنی سرحدیں مشترک کرتا ہے۔

(A) افغانسان (B) ہندستان (C) بنگلہ دیش (D) نیپال

8۔ مندرجہ ذیل میں سے کون سی سیاسی پارٹی 1975 میں جے پرکاش نارئن کی قیادت والے لوگوں کے ستیہ مارچ کا حصہ نہیں تھی۔

(A) بھارتیہ جن سنگھ (B) بھارتیہ کیمونسٹ پارٹی

(C) بھارتیہ لوک دل (D) سوشلسٹ پارٹی

9۔ جولائی 1985 میں پنجاب میں ساز گار لانے کے لیے.......................کے بیچ پنجاب سمجھوتے پر دستخط کئے گئے۔

(A) راجیو گاندھی اور سرجیت سنگھ لونگووال (B) راجیو گاندھی اور سنت سنگھ لونگوال

(C) راجیو گاندھی اور تارا سنگھ لونگوال (D) راجیو گاندھی اور ہر چند سنگھ لونگوال

10۔ چین کے ساتھ ہندوستان کے تعلقات کے بارے میں غلط بیان کو چنئے۔

(i) ہندوستانی اور چینی لیڈروں نے ایک دوسرے کے ممالک کا دورہ کیا اور بڑی دوستی سے بھری ٹھہرے ان کا استقبال کیا۔

(ii) 1949 میں ہندوستان اور چین کے بیچ سرحدی تنازعہ سامنے آیا تھا۔

(iii) چین نے ہندوستانی علاقے کے اندر دو علاقوں پر دعویٰ کیا۔

(iv) لیڈروں کے بیچ بہت لمبی خط و کتابت کے بعد ان اختلافات کو سلجھایا گیا۔

(A) صرف ii اور iv (B) صرف iii اور iv

(C) صرف i اور ii (D) صرف i اور iii

11۔ منصوبہ کمیشن کی مندرجہ ذیل میں سے کون سی خصوصیات تھیں۔

(i) وہ ایک غیر آئینی ادارہ تھا (ii) اس نے مرکزی صوبوں اور ریاستوں کے بیچ پیسہ کو بانٹنے کی سفارش کی

(iii) اس کے صدر وزیر اعظم تھے۔ (iv) اس کے پاس پیسہ کو بانٹنے کی طاقت نہیں تھی

12۔ مندرجہ ذیل میں سے کس سیاست نے شروع میں شامل ہونے سے انکار کیا؟

(A) بڑودا (B) حیدر آباد (C) میسور (D) گوالیار

## سیکشن ۔B

13۔ گٹھ بندھن حکومتیں کس طرح جمہوری ہوتی ہیں؟ 2

14۔ ہندوستان کے پہلے نیوکلیائی تجربہ کا زمانہ اس کی گھریلو سیاست میں ایک مشکل زمانہ کیوں تھا؟ 2

15۔ منصوبہ کمیشن کے کوئی دو کام بتائیے۔ 2

16۔ 1975 کے ایمرجنسی کے آس پاس کی مدت کو آئینی بحران کیوں کہا جاتا ہے؟ کسی ایک وجہ پر روشنی ڈالیے 2

17۔ 1967 کے عام چناؤ کے بعد ہندوستان کی سیاست میں درپیش کنہیں دو بدلاؤ پر روشنی ڈالیے۔ 2

18۔ سابق سوویت یونین کی کنہیں چار ریاستوں کے نام لکھیے۔ 2

## سیکشن ۔C

19۔ سلامتی کے روایتی اور غیر روایتی تصور میں فرق کیجیے۔ 4

یا

روایتی سلامتی کے کوئی چار عناصر بتائیے۔

20۔ میزورم میں علاحدگی پسند تحریک کی کنہیں دو وجوہات پر روشنی ڈالیے۔ 4

21۔ جنوبی ایشیا کے چھوٹے ممالک اور ہندوستان کے تعلقات کا تجزیہ کیجیے۔ 4

یا

جنوبی ایشیا کی سیاست میں چین اور امریکہ کس طرح اہم کھلاڑی میں واضح کیجیے۔

22۔ 1989 کے اور ہندوستان کی سیاست میں آئی چار تبدیلیوں کی وضاحت کیجیے۔ 4

23۔ ہندوستان کی ثقافت پر عالمگریت کی کنہیں چار تبدیلیوں کی وضاحت کیجیے۔ 4

# سیکشن۔D

24۔ مندرجہ ذیل اقتباس کودھیان سے پڑھیےاورسوالات کے جوابات دیجیے۔ 1+1+1+1 = 4

''ہندوستان کے پہلے وزیراعظم جواہرلال نہرو نے قومی ایجنڈے یاپروگرام تیار کرنے میں اہم کردارادا کیاوہ خود ہی وزیراعظم اوروزیرخارجہ کی دوہری حیثیت سے رہے 1946 سے 1964 تک کے عرصے میں ہندوستان کی خارجہ پالیسی کے بنانے اور نافذ کرنے میں ان کا اثر ٹھوس اور نمایاں تھا نہرو کی خارجہ پالیسی کی تین خصوصیات بہت واضح تھیں ایک تو خون پسینہ سے حاصل کیے ہوئے اقتدار اعلیٰ برقرار رکھنا، حدود کی سالمیت کی حفاظت کرنا۔ایک تیز رفتار معاشی ترقی کوفروغ دینا اسے وہ ناوابستگی کی حکمت عمل کے ذریعے حاصل کرنا چاہتے تھے۔ ملک میں ایسے گروہ اور پارٹیاں موجود تھیں جو چاہتی تھیں کہ ہندوستان کےامریکہ کے دوستانہ تعلقات ہونے چاہئیں کیونکہ یہ گروہ جمہوریت پسند تھا۔

i۔ ہندوستان کی خارجہ پالیسی کے تعمیر کردہ کون تھے؟

(A) بی۔آر۔امبیڈکر (B) مہاتما گاندھی

(C) جواہرلال نہرو (D) سردار پٹیل

ii۔ مندرجہ ذیل میں سے کون ہندوستان کی خارجہ پالیسی کا مقصد ہے؟

(A) اپنے قومی مفاد کا تحفظ کرنا (B) جمہوریت محفوظ رکھنے کے لیے

(C) اپنی اسلحہ کی طاقتوں کومضبوط کرنے کے لیے (D) عظیم طاقت بننے کے لیے

iii۔ ناوابستگی کے معنی ہیں..............................

(A) علاحدگی پسندگی (B) عدم مداخلت

(C) بے تعلق رہنا (D) کسی طاقتور گروپ میں شامل نہ ہونا

iv۔ کس کا ماننا تھا کہ ہندوستان کو امریکہ کی قیادت والے گٹ کے ساتھ زیادہ دوستانہ تعلقات کرنے چاہیے۔

(A) بھارتیہ جن سنگھ (B) آزاد پارٹی

(C) بی۔آر امبیڈکر (D) سبھی

25۔ نیچے دئے گئے کارٹون کو دھیان سے پڑھیے اور دیئے گئے سوالات کے جواب دیجیے۔



(i) اوپر دیا گیا کارٹون کس ادارے سے متعلق ہے؟ 1

(ii) یہ کارٹون کس کے بارے میں ہے؟ 1

(iii) اس تنظیم کی کوئی دو خصوصیات بتائیے۔ 2

26 ہندوستان کے نقشے میں چار ریاستوں کو ABCD کی شکل میں دکھایا گیا ہے ان ریاستوں کو دی گئی معلومات کے مطابق اپنی جوابی کاپی میں ان کے صحیح نام استعمال کی گئی معلومات کے سیریل نمبر اور متعلق حروف کو جدول کی شکل میں لکھیے۔ 4 = 1+1+1+1

| استعمال کی گئی جانکاری سے متعلق سیریل نمبر | متعلق حروف | ریاست کا نام |
|---|---|---|
| (i) | | |
| (ii) | | |
| (iii) | | |
| (iv) | | |




(i) آزادی کے وقت ریاست کو مدارس کیا جاتا تھا۔

(ii) عدم توازن کی بنا پر ریاست کی تشکیل ہوئی۔

(iii) ریاست جس کی 1947 میں تقسیم ہوئی

(iv) پہلی ریاست 1952 میں بنی

## سیکشن۔E

27۔ کنہیں تین اسباب کی وضاحت کیجیے جو سابق سوویت ریاستوں کے تنازعات اور خطروں کے لیے ذمہ دار ہیں۔ 6

یا

میخائل گورباچیف کو سوویت یونین میں سدھار شروع کرنے کے لیے مجبور کرنے والی تین وجوہات کی وضاحت کیجیے۔

28۔ عالمی ریاست میں اہمیت کے حامل کنہیں چار ماحولیاتی پروگرام پر روشنی ڈالیے۔ 6

یا

عالمگریت کے کنہیں چار معاشی نتائج پر روشنی ڈالیے۔

29۔ ہندوستان میں ایک پارٹی کی بالادستی دوسرے ممالک کی ایک پاٹری کی بالادستی نظام سے کس طرح مختلف ہے مثالوں سے وضاحت کیجیے 6

یا

1969 کے صدر کے چناؤ کے ان پہلوؤں کو اجاگر کیجیے۔جن کی وجہ سے کانگریس کی تقسیم ہوئی۔

30۔ انجمن اقوام متحدہ کی سلامتی کاؤنسل کے نئے ممبروں کے لیے سمجھائے گئے چار معیاروں کی جانچ کیجیے۔ 6

یا

بدلتے حالات کے تناظر میں انجمن اقوام متحدہ کو اور زیادہ موثر بنانے کے لیے ممبر ممالک کے سربراہوں کے ذریعے 2005 میں سمجھائے گئے کنہیں چار قدموں کا تجزیہ کیجیے۔

# مارکنگ اسکیم

## C.B.S.E پیپر 2022-23

نوٹ : یہ آخری جواب نہیں ہیں۔ دوسرے موزوں جواب کو بھی اس طرز پر دیا جاسکتا ہے۔

## سیکشن۔A

1۔ D۔ کرناٹک اور تامل ناڈو

2۔ D۔ غیر تنازعاتی، دوستانہ اور باہمی تعاون کے طریقوں سے تنازعات کو حال کرنا

(A) i، ii، iii اور iv

(C) ii، iii، i اور iv　　(D) i، iv، iii اور ii

3۔ (A) راجیو گاندھی

4۔ (B) ii، i، iv اور iii

5۔ (D) دعویٰ (A) صحیح ہے لیکن وجہ (R) غلط ہے۔

6۔ دعویٰ (A) اور وجہ (R) دونوں صحیح ہیں۔

7۔ A۔ وجہ (R) دعویٰ کی صحیح وضاحت ہے۔

8۔ B۔ بھارتیہ کمیونسٹ پارٹی

9۔ B۔ ہندوستان

10۔ A۔ صرف ii اور iv

11۔ D۔ صرف ii اور iv

12۔ B حیدرآباد

3۔ B ممبروں کے بیچ ایک غیر رسمی

# سیکشن۔B

13۔ گٹھ بندھن حکومتیں کئی معنوں میں زیادہ جمہوری ہوتی ہیں۔

i۔ وہ ایک پارٹی کی بالادستی کے ڈر کو ختم کرتی ہیں۔

ii۔ مختلف گروہوں اور علاقوں کو حکومت میں اچھی نمائندگی ملتی ہے۔

iii۔ کئی پارٹیاں الگ الگ مدّوں پر ایک ساتھ آتی ہیں۔

iv۔ یہ علاقائی امنگوں اور مفادات کو دھیان میں رکھتی تھی۔(کوئی دو یا اور)

14۔ ہندوستان کی جمہوری سیاست میں یہ ایک مشکل وقت تھا کیوں کہ

i۔ 1973 کے عرب اسرائیل جنگ کی وجہ سے قیمتیں بڑھ رہی تھیں۔

ii۔ تیل کی قیمتوں میں اضافہ ہوا تھا۔

iii۔ ہندوستان معاشی موڑ پر مشکلات کا سامنا کر رہا تھا۔

iv۔ ملک میں کئی تحریکیں چل رہی تھیں

v۔ ملک میں مئی 1974 میں ریل ہڑتال بھی ہوئی تھی۔

15۔ منصوبہ کمیشن کے کام

i۔ یہ پالیسی بنانے کے سلسلے میں مرکزی حکومت کو ضروری اور تکنیکی صلاح مہیا کرتا ہے۔

ii۔ یہ قومی تحفظ اور معاشی پالیسی کے مفاد میں تالمیل قائم کرتا ہے۔

iii۔ یہ مرکزی حکومت کے تھینک ٹینک کی شکلمیں کام کرتا ہے۔

iv۔ پروگراموں کا دیرپا ڈھانچہ تیار کرتا ہے۔

16۔ مقنّنہ اور عاملہ کے بیچ آئینی بحران مندرجہ ذیل پر مرکوز تھا۔

i۔ کیا پارلیمنٹ بنیادی حقوق کم کر سکتی ہے

ii۔ کیا پارلیمنٹ جائداد کے حق کو کم کرسکتی ہے۔

iii۔ پارلیمنٹ نے یہ کہتے ہوئے آئین میں ترمیم کی وہ رہنما اصول کو لاگو کرنے کے لیے بنیادی حقوق کو کم کرسکتی ہے لیکن سپریم کورٹ نے اسے خارج کردیا۔

iv۔ جون 1975 میں اندرا گاندھی کے پارلیمنٹ کے چناؤ کو الہٰ آباد ہائی کورٹ نے غیر قانونی قرار دے دیا تھا لیکن سپریم کورٹ میں اس کی اپیل کے بعد وہ پارلیمنٹ کی ممبر بنی رہ سکتی ہیں لیکن لوک سبھا کی کارروائی میں حصہ نہیں لے سکتیں۔

ii۔ مقنّنہ عاملہ اور عدلیہ کے بیچ کوئی تال میل نہیں تھا۔

17۔ سابق سوویت یونین کی ریاستیں

آرمینیا، آزربائجان، بیلا روس، اسٹونیا، جارجیا، کزخستان، کرغستان، لتاویہ، ہتھونیا، مالدووا، روس، تاجکستان، ترکمانستان، یوکرین۔ازبکستان

18۔ 1969 کے عام چناؤ کے بعد ہندوستانی سیاست میں دکھائی دینے والے دو بدلاؤ

i۔ دل بدل کی سیاست جسے آیا رام گیا رام بھی کہا جاتا ہے۔

ii۔ گٹھ بندھن حکومت

iii۔ قومی سطح پر علاقائی سیاسی پاٹیوں کی بڑھتا ہوا رول

19۔ سلامتی کے روایتی اور غیر روایتی تصور میں فرق:

سلامتی کا روایتی تصور:

i۔ ملک کے لیے سب سے بڑا خطرہ سرحد کے باہر سے ہے

ii۔ یہ اقتدار اعلیٰ اور علاقائی یکجہتی کی مرکزی قدروں کو خطرے میں ڈال سکتا ہے۔

iii۔ فوجی کارروائیاں عام شہریوں کی زندگی کو بھی خطرے میں ڈالتی ہیں۔

iv۔ یہ اندرونی سلامتی سے بھی متعلق ہے اسے خانہ جنگی اور بیرونی علاحدگی پسند تحریکوں سے خطرہ ہوسکتا ہے۔

سلامتی کا غیر روایتی تصور:

i۔ اس میں انسانی وجود پر چوٹ کرنے والے خطروں اور خدشات کو شامل کیا جاتا ہے۔

ii۔ غیر روایتی تصور سلامتی کا پس منظر نہ صرف راجا ہوتا ہے۔ بلکہ فرد کمیونٹی یا مکمل انسانیت کو مانا جاتا ہے۔

iii۔ اس تصور میں خطرے دہشت گردی عالمی غریبی اور مہاجرین وغیرہ جیسے ہو سکتے ہیں۔

iv۔ اس میں عالمی سلامتی یا انسانی سلامتی بھی کہا جاتا ہے۔

یا

روایتی تصور کے چار اجزا

i۔ فوجی خطروں اور اقتدار اعلیٰ آزادی۔ علاقائی یک جہتی کی بنیادی قدروں کا خطرے

ii۔ جنگ کی دھمکی

iii۔ طاقت کا توازن

iv۔ گٹھ بندھن بنانا

یا

20۔ میزورم میں علاحدگی پسند تحریک کی جوہات

i۔ میزو لوگوں کا ماننا تھا کہ کہ وہ کبھی بھی برطانوی ہندوستان کا حصہ نہیں رہے

ii۔ آسام حکومت 1959 کے میزو پہاڑی علاقے کے قحط کا مکمل بندو بست کرنے میں ناکام رہی۔ اس لیے میزو لوگوں نے ٹھنے میں آکر میزو نیشنل فرنٹ بنایا۔

iii۔ لال ڈینگا کی قیادت میزو نیشنل فرنٹ نے 1966 میں ایک الگ ریاست کی مانگ کے لیے ایک اسلحہ مہم شروع کی۔

21۔ جنوبی ایشیا کے چھوٹے ممالک اور ہندوستان کے آپسی تعلقات ہیں:

i۔ جنوبی ایشیا میں ہندوستان کے سائز اور طاقت کی وجہ سے چھوٹے ممالک کو ہندوستان کے اداروں پر شک ہونا

طے ہے۔ دوسری طرف ہندوستانی حکومت اکثر اپنے پڑوسیوں کے ذریعے استحصال محسوس کرتی ہے۔

ii۔ چھوٹے ممالک مانتے ہیں کہ ہندوستان سافٹا کی آڑ میں ان کے بازار پر سینگ مارنا چاہتا ہے۔

iii۔ ہندوستان نہیں چاہتا کہ ان ممالک میں سیاسی عدمِ استحکام پیدا ہو کیوں کہ اُسے ڈر ہے کہ اس باہری طاقتوں کے علاقے میں اثر ڈالنے میں مدد مدد ملے گی۔

iv۔ کئی بار ہندوستان نے چھوٹے ممالک کو ان کے مسائل کو حل کرنے میں مدد کی ہے۔

v۔ ان ممالک کے بیچ معاشی تعلقات بھی سدھر رہے ہیں۔

vi۔ دونوں کے بیچ تعاون بھی دیکھا جا سکتا ہے۔ جیسے ہندوستان اور نیپال کو ویزا اور پاسپورٹ کے بنا ایک دوسرے کے ملک میں دورہ کرنے اور کام کرنے کی اجازت ہے۔

vii۔ ترقی اور آپسی تعاون کے لیے جنوبی ایشیائی ممالک نے سارک کے نام سے ایک علاقائی تنظیم کا قیام کیا ہے۔

یا

جنوبی ایشیائی ممالک میں چین اور امریکہ اہم کھلاڑی بنے ہوئے ہیں۔ اس کی وجوہات ہیں

- چین ہندوستان کے تعلقات میں پچھلے 20 سالوں میں کافی سدھار آیا ہے، لیکن پاکستان کے ساتھ چین کی حکمت عملی تعلقات میں ایک بڑی روکاوٹ بنے ہوئے ہیں۔
- سرد جنگ کے خاتمہ کے بعد سے امریکہ کے ہندوستان اور پاکستان دونوں کے ساتھ اچھے تعلقات ہیں اور یہ دونوں کے بیچ ایک بچولیہ کی شکل میں تیزی سے کام کر رہا ہے۔
- اس وجہ سے معاشی سدھار اور لبرل پالیسیوں نے امریکہ کی لبرل پالیسیوں اور معاشی شرکت کی گہرائی کو بہت زیادہ کر دیا ہے۔
- امریکہ میں بڑے جنوبی ایشیائی مہاجرین اور آبادی کے بڑے سائز اور بازاروں نے سبھی نے ہندوستان کو بہت کچھ دیا ہے۔

22۔ 2014 کے بعد ہندوستانی سیاست میں بدلاؤ

i۔ کانگریس پارٹی کی قیادت، گٹھ بندھن حکومت UPA کا خاتمہ

ii۔ لوک سبھا میں مکمل اکثریت کے ساتھ بھارتیہ پارٹی کا عروج

iii۔ مکمل اکثریت کے باوجود علاقائی پارٹیوں کے ساتھ گٹھ بندھن کو جاری رکھنا۔

iv۔ اکثریت کا احترام کرنے کے لیے علاقائی پارٹیوں کو منظّم کیا جا رہا ہے۔

v۔ انتخاب سے پہلے گٹھ بندھن ہندوستان سیاست میں ایک چلن ہے۔

vi۔ ترقی اور حکومت پر مبنی سیاست بڑھ رہی ہے۔

23۔ عالمگر یت کا ہندوستان کی ثقافت پر اثر:

i۔ ویلنٹائن ڈے کرسمس اور ہیلووین جیسے تیوہار ہندوستان کی ثقافت میں شامل ہوئے ہیں۔

ii۔ نئی ڈریسنگ سینس اور اسٹائل جیسے جینس، ٹاپ، ٹی سرٹ وغیرہ ہماری روایتی ڈریس میں شامل ہوتی ہیں۔

iii۔ عالمگر یت سے سنیما۔ سنگیت اور ناٹک بھی متاثر ہوئے ہیں۔

iv۔ ہندوستان میں کھانے کی پسند اور چیزیں بدل بدل گئی۔ پیزا، برگر نوڈلس اب دلعزیز میں۔

v۔ مول ثقافت/آن لائن شاپنگ نے بازاروں میں آمد کی ہے اور یہ بہت دلعزیز ہیں۔

## سیکشن۔D

24۔ i۔ (C) جواہر لال نہرو

ii۔ (A) اپنی مفاد کا حفاظت کرنا

iii۔ (C) کسی طاقتور گروپ میں شامل نہ ہونا

25۔ i۔ یوروپین یونین

ii۔ مشترکہ آئین بنانے کی کوشش میں ناکامی

3۔ i۔ اس کی کرنسی یورو کی قیمت امریکی ڈالر سے زیادہ ہے

ii۔ امریکہ کے بعد اس کی فوج دوسرے نمبر پر ہے۔

iii۔ اس کا ممبر ملک فرانس انجمن اقوام متحدہ کی سلامتی کاؤنسل کا مستقل ممبر ہے۔

26۔ نقشہ پر مبنی سوال

i۔ B تامل ناڈو

ii۔ A چھتیس گڑھ

iii۔ D پنجاب

iv۔ C آندھرا پردیش

27۔ اسباب

i۔ سوویت نظام لوگوں کی امنگوں کو پورا کرنے میں ناکام رہا۔

ii۔ کئی سالوں تک معیشت غیر متحرک رہی۔

iii۔ سوویت یونین نے اپنے زیادہ تر وسائل کا استعمال ہتھیاروں اور فوجی ساز و سامان بنائے رکھنے میں کیا۔

iv۔ یہ سرکاری اور سیاسی محور پر غیر متحرک ہو چکا تھا۔

v۔ مختلف ریاستوں میں قوم پرستی اور اقتدار اعلیٰ کی خواہش کا عروج

vi۔ سوویت یونین کی پوری تاریخ میں قوم پرستی کا جذبہ اس وقت بہت زیادہ تھا۔

vii۔ وسطی ایشیائی ریاستوں کے اندر معاشی پچھڑے پن کے ساتھ اور مذہبی فرق

یا

وجوہات:

i۔ سوویت یونین کو مغرب میں ہونے والے مواصلاتی اور تکنیکی انقلاب کی وجہ سے ان کے برابر لانے کے لیے معیشت میں اصلاحات کو گاربا چیف نے ضروری سمجھا۔

ii۔ میخائل گاربا چیف نے بھی امریکہ کے ساتھ تعلقات بنانے کی ضرورت کو محسوس کیا۔

iii۔ سوویت یونین کو سخت سرکاری نظام سے آزاد کرنے کے لیے اصلاحات کو ضروری مانا گیا۔

iv۔ گاربا چیف نے محسوس کیا کہ سوویت معیشت غیر متحرک ہو گئی تھی۔

v۔ مشرقی یوروپی ممالک کے جو ملک سوویت بلاک کا حصہ تھے ان کی عوام نے اپنی ہی حکومتوں اور سوویت کنٹرول کی مخالفت شروع کر دی۔

یا

i۔ دنیا کے مختلف ممالک کے بیچ زیادہ سے زیادہ لین دین یہ لین دین کئی طرح کے ہو سکتے ہیں جیسے چیزوں۔ سرمایہ خیالات اور لوگوں کا

ii۔ چیزوں کی تجارت میں کمی

iii۔ ملک بھر میں سرمایہ کی آمد پر پابندی کم ہو گئی ہے۔

iv۔ صارفین کی پسند کئی گنا بڑھ گئی ہے۔

v۔ نوکری کے مواقع بڑھے ہیں۔

vi۔ ترقی یافتہ ممالک نے ویزا پالیسی کے ذریعے سے اپنی سرحدوں کا احتیاطاً تحفظ کیا ہے۔ تاکہ ترقی یافتہ ممالک میں آ کر ان کے شہریوں کی نوکری نہ چھین لیں۔

vii۔ اس نے ترقی یافتہ اور ترقی پذیر ممالک کے بیچ کی کھائی کو بڑھا دیا ہے۔

viii۔ اس نے ایک ملک کے اندر امیر اور غریب ہنرمند اور غیر ہنرمند کے بیچ کی کھائی کو بھی بڑھا دیا ہے۔

(یا کوئی اور موزوں نکات)

29۔ ہندوستان اکیلا ملک نہیں ہے جس نے ایک پارٹی کی بالادستی کا تجربہ کیا ہے۔ ایک پارٹی کی بالادستی کی کئی دوسری مثالیں ہیں لیکن ان میں اور ہندوستانی تجربہ کے بیچ ایک اہم فرق ہے دوسرے ممالک میں ایک پارٹی کا غلبہ جمہوریت کی قیمت پر قائم ہوا۔

i۔ چین، کیوبا، سیریا جیسے کچھ ممالک کے آئین میں صرف ایک ہی پارٹی کو ملک کی حکومت کی اجازت دی گئی لیکن ہندوستان کے آئین میں ایک پارٹی نظام کے بارے میں کوئی بھی بندوبست نہیں ہے۔

ii۔ میانمار۔ بیلاروس، مصر جیسے کچھ ممالک میں قانونی اور فوجی طریقوں کی وجہ سے با اثر طور پر ایک پارٹی کی بالادستی ہے، لیکن ہندوستان ایک جمہوری ملک ہے اور یہاں کثیر پارٹی نظام ہے۔

iii۔ کچھ سال پہلے تک میکسیکو، جنوبی کوریا اور تائیوان بھی ایک پارٹی کی بالادستی والے ممالک تھے لیکن ہندوستان میں

جمہوری حالات میں ایک پارٹی کی بالادستی ہے، ہندوستان میں کئی پارٹیوں نے آزاد اور غیر جانبدار انتخاب کی حالت میں انتخاب لڑا ہے اور تب بھی کانگریس ایک کے بعد ایک انتخاب جیتنے میں کامیاب رہی ہے۔

صدارتی الیکشن 1969:

i۔ اندرا گاندھی کے اختلاف کے باوجود سنڈیکیٹ نے لوک سبھا کے اسپیکر این سنجیوریڈی کو کانگریس کا باضابطہ امیدوار نامزد کیا۔

ii۔ اندرا گاندھی نے اس وقت کے نائب صدر وی وی گری کو ایک آزاد امیدوار کی حیثیت سے صدر کے عہدے کے لیے نامزد کرنے کے لیے حمایت کی۔

iii۔ الیکشن کے دوران اس وقت کے کانگریس صدر ایس نجالن گپتا نے کانگریس کے ممبران پارلیمنٹ اور اسمبلی کو ایک حکم نامہ جای کیا کہ وہ کانگریس کے سرکاری امیدوار نیلم سنجیوریڈی کو ووٹ دیں۔ دوسری طرف وزیر اعظم اندرا گاندھی نے کھلے طور پر ضمیر کی آواز پر ووٹ ڈالنے کو کہا جس میں کانگریس کے سبھی ممبر پارلیمنٹ اور اسمبلی کے کانگریسی ممبر جس کو مناسب سمجھیں ووٹ دیں۔

v۔ الیکشن کا نتیجہ وی وی گری کے حق میں گیا اور نیلم سنجیوریڈی کے ہارنے کانگریس پارٹی کو دو حصوں میں تقسیم کر دیا۔ کانگریس (O) اور کانگریس (R)

30۔ نئے ممبر ممالک کو ہونا چاہیے۔

i۔ ایک بڑی فوجی طاقت۔

ii۔ ایک بڑی معاشی طاقت۔

iii۔ انجمن اقوام متحدہ کے بجٹ میں قابل ذکر حصہ داری۔

iv۔ آبادی کے لحاظ سے ایک بڑا ملک۔

v۔ ایک قوم جو انسانی حقوق اور جمہوریت کا احترام کرتی ہو۔

vi۔ ایک ملک جو جغرافیہ۔ معاشی نظام اور تہذیب کی رنگارنگی کے اعتبار سے سلامتی کاؤنسل میں دنیا کی زیادہ سے زیادہ نمائندگی کرتا ہو۔

یا

سمجھاؤ

i۔ امن کو پروان چڑھانے والے کمیشن کی تشکیل۔

ii۔ اگر قومی حکومتیں اپنے شہریوں کے جبر و تشدد سے محفوظ نہ رکھ سکیں تو پھر یہ ذمہ داری بین الاقوامی تنظیم کو نبھانی ہوگی۔

iii۔ کاؤنسل برائے حقوق انسانی کا قیام۔

iv۔ معاشی ترقی کے مقاصد کے حصول پر اتفاق رائے۔

v۔ دہشت گردی کی ہر صورت میں مذمت۔

vi۔ ایک ڈیموکریٹک فنڈ کی تشکیل۔

# Sample Paper— 2 2023-24

## سیکشن–A

ایک نمبر کے سوالات

1۔ دیگر پسماندہ طبقہ کے لیے ریزرویشن کی پالیسی کو سب سے پہلے مندرجہ ذیل میں سے کس نے لاگوں کیا تھا۔

(A) کرپوری ٹھاکر (B) بی پی منڈل

(C) اندرا گاندھی (D) مایاوتی

2۔ مندرجہ ذیل واقعات کو تاریخی اعتبار سے ترتیب دیجیے۔

(i) منڈل کمیشن کی سفارش کو لاگو کیا۔ (ii) منموہن سنگھ کا پہلی بار وزیراعظم بننا

(iii) لونگووال کے ساتھ پنجاب سمجھوتہ پر دستخط (iv) راجیو گاندھی کا وزیراعظم بننا

صحیح متبادل چنئے:

(A) i، iii، iv اور ii (B) iv، iii، i اور ii

(C) iii، iv، i اور ii (D) iv، i، ii اور iii

3۔ 25 جون 1975 کو مندرجہ ذیل میں کس لیڈر نے وزیراعظم اندرا گاندھی کے استعفیٰ کے لیے ملک گیر ستیہ گرہ کا اعلان کیا تھا۔

(A) مرارجی دیسائی (B) جے پرکاش نارائن

(C) جارج فرنانڈیز (D) اٹل بہاری باجپئی

4۔ مندرجہ ذیل سوالات میں دو بیانات دعویٰ اور وجہ دیئے گئے ہیں۔ان کو پڑھیے اور دیئے گئے متبادل میں سے ایک کا انتخاب کیجیے۔

(a) A اور R دونوں صحیح ہیں اور R، A کی صحیح وضاحت ہے۔

(b) A اور R دونوں صحیح ہیں لیکن R، A کی صحیح وضاحت نہیں ہے۔

(c) A صحیح ہے لیکن R غلط ہے۔

(d) A غلط ہے لیکن R صحیح ہے۔

دعویٰ (A) 1969 میں کانگریس پارٹی کی تقسیم ہوگئی۔

وجہ (R) کانگریس سنڈیکیٹ اور اندرا گاندھی کے بیچ گٹ بازی تھی۔

5۔ منصوبہ کمیشن کا قیام مندرجہ ذیل میں سے کس کے ذریعے ہوا؟

(a) ہندوستان کے آئین کے ذریعے

(b) ہندوستان کے صدر کے ذریعے

(c) ہندوستانی حکومت کی ایک تجویز کے ذریعے

(d) آئین ساز اسمبلی کے ذریعے

6۔ ''دوقومی نظریہ'' کا اصول کس کس نے پیش کیا؟ جس کی وجہ سے برطانوی ہندوستان کی تقسیم ہوئی؟

(a) عبدالغفار خان (b) مسلم لیگ

(c) برطانوی حکومت (d) کانگریس پارٹی

7۔ مندرجہ ذیل میں سے کون سا بیان عالمگریت کے بارے میں صحیح ہے۔

(A) عالمگریت مغربیت ہے (B) عالمگریت صنعتکاری ہے

(C) عالمگریت معاشی اضافہ ہے (D) عالمگریت ایک کثیر جہتی ہے

8۔ ان میں سے کون سی مشترکہ وراثت نہیں ہے؟

(a) انٹارکٹکا (b) سمندری سطح (c) اندرونی خلا (d) جنگلات

9۔ ان سب میں کون سا روایتی سلامتی سے متعلق ہے؟

(A) پڑوسی ممالک کے ذریعے حملہ (B) کسی مہلک امراض کا پھیلنا

(C) گلوبل وارمنگ (D) دہشت گردی کا بڑھنا

10۔ انجمن اقوام متحدہ کا مقصد

(A) تباہ کن ہتھیاروں کے بننے کو روکنا (B) بین الاقوامی جھگڑوں کو روکنا

(C) صنعتکاری کو روکنا (D) پناہ گزینوں کی آمد کو روکنا

11۔ 19 مارچ 2003 کو امریکہ نے عراق پر کس ڈپلومیٹک نام سے حملہ کیا؟

(A) طوفان دشت کی مہم (B) پائیدار آزادی کی مہم

(C) لامحدود تحقیق کی مہم (D) عراق کی آزادی کی مہم

12۔ مندرجہ ذیل میں سے کون سا ملک سوویت یونین کا حصہ نہیں تھا۔

(A) یوکرین (B) جارجیا (C) اٹلی (D) ایسٹونیا

## سیکشن۔B

13۔ سلامتی کے کیا معنی ہیں اس کے دو تصورات کے نام لکھیے۔ 2

14۔ بین الاقوامی مزدور تنظیم کے کوئی دو کام بتائیے۔ 2

15۔ ہندوستان کے ایسے دو وزیر اعظم کے نام لکھیے جو ایک سال سے کم وقت کے لیے اقتدار میں رہے۔ 2

16۔ ہندوستان کی دو ایسی ریاستیں بتائیے جنہیں مرکزی حکومت علاحدگی پسند تحریکوں کا سامنا کرنا پڑا ان تحریکو کی رہنمائی کرنے والے لیڈروں کے نام بھی لکھیے۔ 2

17۔ ہندوستان اور نیپال کے بیچ تعلقات کی خصوصیات کو اجاگر کیجیے۔ 2

18۔ کون سے دو معاملات پر ہندوستان کی سبھی سیاسی پارٹیوں عام اتفاق رائے ہے؟ 2

## سیکشن۔C

19۔ دہشت گردی کے کوئی دو مقصد واضح کیجیے اور ان کے کوئی دو معاملات کو اجاگر کیجیے۔ 4

20۔ ترقی کی کارروائی عام طور سے ماحول کو نقصان پہنچاتی ہے کنہیں دو ماحولیاتی تحریکوں کے نام بتائیے۔ 4

21۔ ہندوستان اور پاکستان کے بیچ تعلقات کی جانچ کیجیے۔مثالیں بھی دیجیے۔ 4

یا

جنوبی ایشیا میں تنازعات اور کشیدگی کے لیے ذمہ دار اسباب کا تجزیہ کیجیے۔

22۔ عالمگریت بہتر تکنیک کا ہی ایک نتیجہ ہے دو مثالوں کی مدد سے وضاحت کیجیے۔ 4

یا

عالمگریت کے کوئی دو ثقافتی نتائج کی وضاحت کیجیے۔

23۔ اندرا گاندھی کے ذریعے غریبی کو ہٹانے کے لیے اٹھائے گئے کنہیں چار قدموں کی وضاحت کیجیے۔ 4

## سیکشن۔D

24۔ نیچے دیئے گئے اقتباس کو دھیان سے پڑھیے اور دیئے گئے سوالات کے جواب دیجیے۔ 1+1+1+1 = 4

''ہندوستان نے کئی نیوکلیائی تجربے کیے اور یہ اظہار کیا کہ اس کے پاس فوجی مقاصد کے نیوکلیائی طاقت استعمال کرنے کی صلاحیت ہے اس کے فوراً بعد پاکستان نے بھی نیوکلیائی تجربے کئے بین الاقوامی برادری دونوں پر کچھ پابندیاں لگائیں جنھیں بعد میں ہٹا لیا گیا ہندوستان نے NPT کی غیر معینہ مدت کی توسیع کی مخالفت کی اور تجربات پر مکمل معاہدے یعنی CTBT پر دستخط کرنے سے انکار کر دیا۔

1۔ ہندوستان نے کس سال نیوکلیائی تجربے کیے؟

(A) 1971 (B) 1985 (C) 1992 (D) 1998

2۔ مندرجہ ذیل میں سے اُس معاہدے کو چنئے جس پر ہندوستان نے دستخط کرنے سے انکار کر دیا۔

(A) CTBT (B) شملہ سمجھوتہ

(C) پنچ شیل سمجھوتہ (D) سندھ ندی پانی معاہدہ

3۔ شروع میں ہندوستان نیوکلیائی توانائی کو بنانا چاہتا تھا۔

(A) پُر امن مقاصد کے لیے (B) نیوکلیائی بم بنانے کے لیے

(C) عظیم طاقتوں سے مقابلہ کرنے کے لیے (D) اپنے تحفظ کے لیے

iv۔ ہندوستان نے کس کی نگرانی میں اپنے نیوکلیائی پروگرام کو شروع کیا تھا؟

(A) سی وی رمن (B) ہوی جہانگیر بھابھا

(C) اے۔ پی۔ جے عبدالکلام (D) کے کستوری رنگن

25۔ ہندوستان کے دیئے گئے سیاسی نقشے پر چار ریاستوں کو ABCD کے ذریعے دکھایا گیا ہے۔ 1+1+1+1 = 4

نیچے دی گئی معلومات کی بنا پر ان ریاستوں کو پہچانئے اور ان کے صحیح نام استعمال کی گئی معلومات کے سیریل نمبر اور متعلق حروف کو اپنی جوابی کاپی نیچے دی جدول میں لکھیے۔

| استعمال کی گئی معلومات کا سیریل نمبر | متعلق حروف | ریاست کا نام |
|---|---|---|
| (i) | | |
| (ii) | | |
| (iii) | | |
| (iv) | | |

(i) وہ ریاست جسے اب دو مرکزی صوبے میں تقسیم کیا گیا ہے۔

(ii) وہ ریاست جہاں راجیو گاندھی لونگووال سمجھوتے پر دستخط ہوئے تھے۔

(iii) وہ ریاست جس سے لاڈینگا کا تعلق تھا۔

(iv) وہ ریاست جہاں سے دراویڈین تحریک شروع ہوئی تھی۔




نیچے دیئے گئے کارٹون کا مطالعہ کیجیے اور دیئے گئے سوالوں کے جواب دیجیے۔




(1) ان دونوں کارٹونوں کا تعلق کس ملک سے ہے؟ 1

(2) کتاب کا تعلق کس نظریے سے ہے؟ 1

(3) Capitalist ٹائی کا کیا مطلب ہے؟ اور کس ملک میں کمیونزم ابھی بھی جاری ہے؟ 2

## سیکشن۔E

27۔ سوویت یونین کے انتشار کے لیے ذمہ داری کنہیں تین وجوہات کی وضاحت کیجیے۔ 6

یا

شاک تھیریپی سے کیا مراد ہے؟ اور اس کا اثر سوویت یونین پر کیا پڑا؟

28۔ چینی قیادت کے ذریعہ چین معاشی ترقی کے لیے اٹھائے گئے تین قدموں کی جانچ کیجیے۔ 6

یا

بنگلہ دیش میں لوگوں کی جمہوریت کے تئیں حمایت کرنے والے کنہیں تین اہم واقعات کا تجزیہ کیجیے۔

29۔ یوروپین یونین کس طرح سے دنیا میں ایک بڑی طاقت کی شکل میں اُبھر کر آ رہا ہے مناسب دلیل کے ساتھ واضح کیجیے۔ 6

یا

1971 کے لوک سبھا الیکشن کے کنہیں نتائج کی جانچ کیجیے۔

30۔ پہلے پنچ سالہ منصوبے کی کنہیں تین خصوصیات کو اجاگر کیجیے۔ 6

یا

آزادی کے بعد ہندوستانی حکومت کے سامنے مہاجرین لوگوں سے متعلق آنے والی کنہیں تین مسائل کو اجاگر کیجیے۔

نوٹ: